بسم اللہ الرحمن الرحیم

منظر ایلیاء Shia Books PDF



MANZAR AELIYA
9391287881
HYDERABAD INDIA

www.shiabookspdf.com

سلسلۂ مطبوعات ادارۂ ادبیات اردو شمارہ (۳۲)

میر محمد مومن

یعنی

پیشوائے سلطنتِ قطب شاہیہ، سلطان محمد قلی قطب شاہ کے وزیر اعظم
حیدرآباد کے مشہور تعمیر کار اور مصلح، اور بانئ "دائرہ میر مومن" کے
حالاتِ زندگی اور علمی و رفاہی و سیاسی کارناموں کا مفصل تذکرہ

مولفۂ

سید محی الدین قادری زور

حیدرآباد سنہ ۱۹۴۱ء

www.shiabookspdf.com

بار اول
تعداد صفحات (۳۱۲)
تعداد تصاویر (۳۴)
قیمت دو روپے آٹھ آنے
ملنے کا پتہ :- سب رس، کتاب گھر۔ خیرت آباد حیدرآباد دکن

مطبوعہ اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد

www.shiabookspdf.com

فہرست مندرجات

دیباچہ

(صفحات ۱۱ تا ۱۴)

پہلا حصہ

ابتدائی حالات

(صفحات ۱۵ تا ۳۰)

نام اور لقب (۱۷)۔ خاندان اور والدین (۲۰)۔ ولادت (۲۱)۔ تعلیم وتربیت (۲۱)۔ شاہِ ایران کے دربار میں (۲۲)۔ ایران سے ہجرت (۲۳)۔ دکن میں آمد (۲۴)۔ گولکنڈہ میں ابتدائی چند سال (۲۶)۔

دوسرا حصہ

پیشوائی محمد قلی قطب شاہ

(صفحات ۳۱ تا ۶۲)

محمد قلی کی بارگاہ میں میر صاحب کے اقتدار کا آغاز (۳۱)۔ خدمتِ پیشوائی (۳۳)۔مشاہرہ واعزاز پیشوائی (۳۹)۔مذہب کی ترویج (۴۲)۔ شہر حیدر آباد کی تعمیر (۴۶)۔ میر صاحب کی حویلی اور دائرے کی تعمیر (۵۰)۔ میر صاحب کی حویلی (۵۱)۔ سلطان محمد قطب شاہ کی پیدائش اور تعلیم کی نگرانی (۵۴)۔میر جملہ کا تقرر (۵۷)۔حیات بخشی بیگم کی شادی (۵۹)۔

www.shiabookspdf.com

تیسرا حصہ

دیہات اور جاگیرات

(۶۳ تا ۱۰۶)

دیہات کی آبادی اور مسجدوں کی تعمیر (۶۳)۔ **سیدآباد** (۶۵)۔ سیدآباد کی مسجد اور سرائے (۶۵)۔ میر صاحب کا کتبہ (۷۰)۔ مولنا حسین شیرازی (۷۲)۔ سیدآباد کی مسجد کی وضع قطع (۸۱)۔ عاشور خانہ (۸۴)۔ سرائے (۸۴)۔

میر پیٹھ قریب ظل اللہ گوڑہ (۸۵)۔ ظل اللہ گوڑہ (۸۷)۔ ظل اللہ گوڑہ کا مندر (۸۸)۔ میر پیٹھ کی مسجد (۸۹)۔ میر پیٹھ کی مسجد کی وضع قطع (۹۱)۔ کتبہ (۹۱)۔

میر پیٹھ قریب شکر اللہ گوڑہ (۹۳)۔ مسجد (۹۳)۔ تالاب (۹۴)۔ میر صاحب کا کتبہ (۹۵)۔ اپل (۹۷)۔ مسجد (۹۸)۔

راوریال عرف مومن پور (۹۹)۔ بنڈہ راوریال (۱۰۱)۔ کنگرہ راوریال (۱۰۱)۔ کنگرہ (۱۰۳)۔ مامڑپلی (۱۰۳)۔ مسجد (۱۰۴)۔

جرلہ پلی (۱۰۵)۔ جرلہ پلی قریب کوہ مولا علی (۱۰۵)۔ جرلہ پلی قریب نارکٹ پلی (۱۰۶)

مومن پیٹھ (دیکھو ضمیمہ صفحہ ۲۹۸)۔

www.shiabookspdf.com

چوتھا حصہ

پیشوائی سلطان محمد قطب شاہ

(۱۰۷ تا ۱۵۸)

سلطان محمد قطب شاہ کی تخت نشینی (۱۰۹)۔ جلوس (۱۱۱)۔ قصیدۂ تہنیت (۱۱۱)۔
مرحوم بادشاہ کی یاد (۱۱۲)۔ ایرانیت کی تبلیغ (۱۱۳)۔ ذاتی تعلقات (۱۱۵)۔ دوسرا قصیدہ (۱۱۶)۔

شاہ ایران سے تعلقات (۱۱۷)۔ میر صاحب کے نام شاہ ایران کا فرمان (۱۱۸)۔
خدمات کا اعتراف (۱۲۰)۔ فرمان شاہ عباس صفوی (۱۲۲)۔ میر صاحب کا اخلاص (۱۲۳)۔
جواب فرمان (۱۲۴)۔ سفیر ایران کی مہمان داری (۱۲۶)۔ سفیر ایران کی واپسی (۱۲۷)۔ علامہ ابن خاتون
کو ایران بھیجنا (۱۲۸)۔

شہزادوں کی ولادت (۱۲۹)۔ شہزادہ عبداللہ مرزا کی پیدائش (۱۲۹)۔ پیشین گوئی (۱۳۰)
شہزادہ علی مرزا کی پیدائش (۱۳۰)۔ قطعۂ تاریخ (۱۳۱)۔ سفیر ایران کا قطعۂ تاریخ (۱۳۲)۔

اراکین سلطنت کا انتخاب (۱۳۳)۔ خواجہ مظفر علی منشی الممالک (۱۳۴)۔ میر محمد رضا استرآبادی
منشی الممالک و پیشوا (۱۳۶)۔ مرزا حمزہ استرآبادی مجلسی و سرخیل (۱۳۸)۔ خواجہ افضل ترکہ سرخیل (۱۳۸)
یولچی بیگ (۱۴۲)۔ دیگر عہدہ دار (۱۴۵)۔

علمی ذوق کی اشاعت (۱۴۷)۔ سلطان محمد کا علمی شغف (۱۴۷)۔ بادشاہ کی فرمائش پر
رسالۂ مقداریہ کی تالیف (۱۴۹)۔ نفیس و نایاب کتب کی فراہمی (۱۵۰)۔ کتاب کثیر المیامن کی پیش کشی
اور اُس کا ترجمہ (۱۵۱)۔ میر صاحب کا دیباچہ (۱۵۱)۔ شاگرد کی عقیدت مندی (۱۵۳)۔
کاتب عرب شیرازی (۱۵۴)۔ ایک اور شاگرد (۱۵۵)۔ مذہبی اصلاح (۱۵۷)۔

www.shiabookspdf.com

نواں حصہ

دائرہ

(۲۶۷ تا ۲۹۲)

مقصد (۲۶۹) - محل وقوع (۲۷۰) - مقام کی موزونیت (۲۷۰) - کربلائے معلیٰ کی خاک (۲۷۲)

دیگر ضروریات (۲۷۳) - وقف نامہ (۲۷۴) - غسالوں کی تعلیم و تربیت (۲۷۴) -

دائرے کے مشہور مقابر (۲۷۶) - شاہ چراغ (۲۷۶) - شاہ نور الہدیٰ (۲۷۸) -

دائرہ میر صاحب کی زندگی میں (۲۷۸) - عہد محمد قلی کی قبریں (۲۷۸) صفی شیرازی (۲۷۹) - دیگر اصحاب (۲۷۹) -

عہد سلطان محمد قطب شاہ کی قبریں (۲۷۹) - بی بی خدیجہ (۲۷۹) - علی گل استر آبادی (۲۸۰) - کوکبی گرجی (۲۸۰) - دیگر اصحاب (۲۸۱)

دائرہ میر صاحب کے بعد (۲۸۱) - عہد عبداللہ قطب شاہ میں (۲۸۱) - نکری اصفہانی (۲۸۲) - فطرت شہیدی (۲۸۲)

خداویردی سلطان (۲۸۲) - میر میراں (۲۸۴) - میر زین العابدین (۲۸۴) - میر محمد جعفر (۲۸۵) - دیگر اصحاب (۲۸۶)

عہد ابوالحسن قطب شاہ میں (۲۸۶) - الفتی یزدی (۲۸۶) - اوحدی (۲۸۷) - دوسری قبریں (۲۸۸) -

قطب شاہی عہد کے بعد (۲۸۸) - نعمت خان عالی (۲۸۸) - عہد آصفی میں (۲۸۸) - عبدالولی عزلت (۲۸۸)

شاہ تجلی علی (۲۸۹) - میر عالم (۲۸۹) - میر دوراں (۲۹۰) - مختار الملک کا خاندان (۲۹۰) - عماد السلطنۃ (۲۹۰)

حسام الملک خانخاناں (۲۹۰) - شہاب جنگ (۲۹۰) - دیگر مشاہیر (۲۹۱) - موجودہ حالت (۲۹۱) -

دسواں حصہ

ضمیمے

(۲۹۳ تا ۳۱۲)

(۱) کتاب رجعت (۲۹۵) - آغاز (۲۹۵) - موضوع و طرز ترتیب (۲۹۵) - خاتمہ کی عبارت (۲۹۶) -

(۲) میر محمد مومن کے دست گرفتہ اصحاب (۲۹۶) - عشرتی یزدی (۲۹۶) - علی گل (۲۹۷) - ادائی یزدی (۲۹۷) -

(۳) میر مومن کی شخصیت (۲۹۷) - مسیح کاشی (۲۹۸) -

(۴) قصبہ مومن پیٹھ (۲۹۸) -

(۵) اشاریہ (۳۰۱)

www.shiabookspdf.com

تصویروں اور نقشوں کی فہرست

نشان سلسلہ	تصویر یا نقشہ	صفحات
۱	درگاہ میر محمد مومن	سرورق
۲	حضرت میر محمد مومن	مقابل صفحہ ۱۲
۳	محمد قلی قطب شاہ (معتقد میر مومن)	۳۲
۴	مرزا محمد امین میر جملہ (دست گرفتہ میر مومن)	۳۲
۵	میر صاحب کی حویلی اور دائرے کا محل وقوع	۵۰
۶	سید آباد کی مسجد	۶۴
۷	سید آباد کی سرائے	۶۴
۸	میر صاحب کی مسجدوں کا کتبہ	۷۲
۹	" " "	"
۱۰	" " "	"
۱۱	مسجد میر پیٹھ کا اگلا رُخ	۸۸
۱۲	" " پچھلا رخ	"
۱۳	میر پیٹھ کی مسجد کا نقشہ	۹۰
۱۴	سید آباد اور میر پیٹھ کی مسجدوں کے رواق	۹۲
۱۵	میر صاحب کی مسجدوں کا کتبہ	"
۱۶	" " "	"
۱۷	مسجد ماڑپلی کا اگلا رُخ	۱۰۴

www.shiabookspdf.com

۱۸	مسجد ماڑپلی کا پچھلا رُخ	۱۰۴
۱۹	سلطان محمد قطب شاہ (معتقد میر مومن)	۱۰۸
۲۰	علّامہ ابن خاتون (شاگرد میر مومن)	"
۲۱	سلطان محمد قطب شاہ کی تحریر کا عکس	۱۴۹
۲۲	مزار میر مجدالدین محمد	۱۷۰
۲۳	مزار میر محمد مومن	۱۸۰
۲۴	میر صاحب کا صندل کا چبوتر	"
۲۵	میر صاحب کی تحریر کا عکس	۱۸۸
۲۶	عبداللہ قطب شاہ کے فرمان کا عکس	۲۵۲
۲۷	میر صاحب کے علم	۲۶۰
۲۸	" " " نبیرے میر عباس علی	"
۲۹	" " " دائرے کا ایک منظر	۲۷۰
۳۰	" " " " دوسرا منظر	"
۳۱	مزار شاہ چراغ	۲۷۸
۳۲	مزار شاہ نوارالہدیٰ	"
۳۳	" میر عالم	۲۹۰
۳۴	" مختار الملک	"

www.shiabookspdf.com

دیباچہ

میر محمد مومن کی زندگی کے حالات ان لوگوں کے لئے ہمیشہ دلیل راہ ثابت ہوں گے جو دنیوی جاہ واقتدار کے ساتھ ساتھ حقوق العباد اور حقوق اللہ دونوں کا پورا لحاظ رکھنا چاہتے ہیں۔ دولت، عزت اور اعلیٰ اقتدار یہ تینوں نعمتیں شاید ہی ایک جگہ جمع ہوتی ہوں! اور بخت و اتفاق سے جب کبھی کسی کو حاصل ہوجاتی ہیں تو اس کے قلب و دماغ کی قوتیں اکثر و بیشتر گمراہی کی طرف راغب ہونے لگتی ہیں۔ لیکن میر مومن ایک ایسے خوش بخت انسان تھے جو اپنا کردار آخر تک پاک وصاف رکھ سکے۔ اور ثابت کر دکھایا کہ مردانِ باصفا دولت واقتدار کی فراوانیوں کے باوجود بھی مست نہیں ہوتے۔

"حیاتِ محمد قلی قطب شاہ" کی ترتیب کے وقت جب دکن کے اس رفیع المرتبت حکمران کے وزراء و امراء کے حالات قلمبند کرنے پڑے تو معلوم ہوا کہ اس بادشاہ کی زندگی اور دورِ حکومت کی تعمیر میں اس کے وزیر اعظم اور پیشوا میر محمد مومن کے مساعی جمیلہ کو بہت بڑا دخل ہے۔ اور یہ موضوع اس قابل ہے کہ اس پر ایک علیحدہ کتاب لکھی جائے۔ اس لئے حیات محمد قلی میں اس پیشوائے اعظم کے حالات پر ایک مختصر سا نوٹ لکھ کر یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ آئندہ اس موضوع پر ایک مبسوط کتاب شائع کی جائے گی۔

www.shiabookspdf.com

خدا کا شکر ہے کہ تقریباً دو سال کی کدو کاوش کے بعد آج اس وعدہ کے ایفاء کا موقع ملا اور میر محمد مومن کے حالات زندگی ہر ممکنہ ذریعے سے حاصل کر کے ان صفحات میں یکجا کر دئے گئے۔ فراہمی مواد کے لئے کتب خانوں کی چھان بین کے علاوہ شہر کے اطراف واکناف کے دیہات میں سیکڑوں میل کا سفر کیا گیا۔ اور میر صاحب کے بنائے ہوئے تالابوں، مسجدوں اور آبادیوں کے معاینہ کی خاطر ایسے ایسے مقامات تک بھی پہنچنا پڑا، جہاں شاید ہی اس سے پہلے موٹر کی رسائی ہوئی ہو۔ اور بعض جگہ تو سواری چھوڑکر دور دور تک پیدل جانا پڑا۔ بہرحال خوشی اس کی ہے کہ توقع سے زیادہ معلومات فراہم ہوگئیں اور میر مومن کی حیات اور کارناموں کی نسبت ایک ایسی کتاب تیار ہوسکی جس کی تکمیل بجائے خود ایک بہت بڑا انعام ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے ایک رفیع المرتبت شخصیت کی پاک اور کامیاب زندگی کی نسبت سبق آموز معلومات کی فراہمی کے علاوہ اس امر کا بھی علم ہوگا کہ تاریخ ہند کے کتنے پہلو ابھی منظر عام پر آنے ہیں۔ جب تک مملکت دکن کا پس منظر اور وہ مساعی پیش نظر نہ ہوں گے جنہوں نے اس ملک کو تہذیب و شائستگی اور بین قومی اتحاد و رواداری کا مرکز بنا دیا تھا اُس وقت تک موجودہ نسلیں سیاسی گتھیوں میں الجھی رہیں گی۔ ہر ملک کی ایک تاریخ ہوتی ہے اور اگرچہ اب بعض لوگ اس مقولہ کے قائل نہیں رہے کہ "تاریخ اپنے حالات و واقعات کو دہراتی رہتی ہے"، تاہم نت نئے مسائل کو سلجھانے کے لئے گذشتہ کے تجربے اور مختلف افراد اور طبقوں کی نسلی اور عمرانی معلومات ممد و معاون ثابت ہوتی ہیں۔

www.shiabookspdf.com

حضرت میر محمد مومن

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

عہد حاضر میں حیدرآباد اور ہندوستان تو کجا سارا عالم ایک سیاسی ہیجان میں مبتلا ہے اور انقلابی دور سے گذر رہا ہے اور ظاہر ہے کہ ملکوں اور قوموں کی تاریخ میں ایسے انقلابی دور بارہا آتے اور گذر جاتے ہیں۔ اور ہر وقت اپنے پیچھے نئے اثرات چھوڑ جاتے ہیں لیکن آندھیوں میں باعظمت اسلاف کے کارنامے فنا نہیں ہوتے۔ ممکن ہے کہ نئے محرکات اور رجحانات کچھ دنوں کے لئے ان کی اہمیت بدل دیں۔ تاہم یقین ہے کہ نئی نسلیں اُن کے زیر اثر امن و اطمنان اور شائستگی کی ایک نئی کروٹ لیتی ہیں۔

جو قوم اپنے بزرگوں کے سرمایے اور تجربے سے فائدہ اٹھانا نہیں جانتی وہ زندگی کی دوڑ میں اپنے حریفوں سے پیچھے رہ جاتی ہے اور میر محمد مومن جیسے بزرگوں کے کارنامے تو تاریک سے تاریک ماحول میں بھی ایسے بلند مناروں کا کام دے جاتے ہیں جن کی روشنی سے بھٹکے ہوئے قافلوں کی منزلِ مقصود کی طرف رہبری ہوتی ہے۔

میر محمد مومن کی زندگی عہد حاضر میں بھی ان لوگوں کے لئے ایک نمونے کا کام دے سکتی ہے جو اپنی قدیم عظمت اور گم شدہ فوقیت کے حصول میں کوشاں ہیں۔

گولکنڈہ اور حیدرآباد کی چارسو سالہ تاریخ میں میر محمد مومن جیسے اور بھی بیسیوں ارباب فضل و کمال کے کارنامے پوشیدہ ہیں۔ ان کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے اور اس کتاب اور اس کے علاوہ "حیات محمد قلی قطب شاہ" اور نیم تاریخی افسانوں کے مجموعوں "گولکنڈے کے ہیرے" اور "سیر گولکنڈہ" کی ترتیب سے مولف کا مقصد ہی یہ ہے کہ اس قسم کے ضروری موضوعوں کی طرف لوگ متوجہ ہوں۔ اور ملک کی شائستگی اور رواداری کے قدیم ترین اسباق کا اعادہ کریں

www.shiabookspdf.com

موجودہ سیاسی اور فرقہ واری کشمکشوں کے تصفیے میں اس آموختے سے یقیناً مدد ملے گی !

آخر میں ان اصحاب (اور خاص کر نواب سالار جنگ بہادر، مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی مولوی سید محمد صاحب، مولوی سید محمد تقی صاحب، مولوی میر عباس علی صاحب، مولوی صدیق علی صاحب، مولوی عبدالرشید صاحب اور مولوی میر سعادت علی صاحب رضوی) کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے، جن سے اس کتاب کی ترتیب میں مولف کو کسی نہ کسی طرح کی مدد ملی۔

رفعت منزل

یکم جمادی الثانی ۱۳۶۰ھ ہجری

سید محی الدین قادری زور

www.shiabookspdf.com

پہلا حصہ

ابتدائی حالات

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام اور لقب

اصل نام میر محمد مومن تھا۔ اور عام طور پر میر صاحب یا میر مومن صاحب کے نام سے مشہور ہوئے۔ شاہ عباس صفوی نے جب محمد قلی قطب شاہ کے انتقال کی تعزیت اور سلطان محمد کی تخت نشینی (۱۰۲۰ھ) کی تہنیت کیلئے اپنے سفیر حسین بیگ قبچاقی کو حیدرآباد روانہ کیا تو ایک فرمان میر صاحب کے نام بھی علیحدہ ارسال کیا تھا اور اس میں ان کا نام امیر محمد مومنا، استرآبادی لکھا ہے[1]۔

میر صاحب نے قطب شاہی سلطنت میں اگرچہ انتہائی عروج و اقتدار حاصل کیا تھا اور دو بادشاہوں کے عہد میں پیشوائے سلطنت اور مختار کل رہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ کوئی خطاب قبول نہیں کیا۔ قطب شاہی تاریخوں میں ان کو حسب ذیل القاب سے یاد کیا گیا ہے:۔

۱۔ نواب علامی فہامی پیشوائے عالمیان میر محمد مومن[2]۔

۲۔ نواب علامی فہامی مرتضائے ممالک اسلام میر محمد مومن[3]۔

۳۔ نواب مرتضائے ممالک اسلام میر محمد مومن[4]

---

[1] دیکھو حدائق السلاطین ورق ۱۹۲ ب۔ [2] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۷۔ [3] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۹۔ [4] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۹ و جلد دوم قلمی در ضمن حالات ۱۰۵۳ھ۔

www.shiabookspdf.com

۴۔ نواب علامی فہامی میر محمد مومن[1]

۵۔ جناب نقابت مآب[2]

۶۔ جناب سیادت ونقابت پناہ علامی فہامی میر محمد مومن استرآبادی[3]

۷۔ جناب سیادت منزلت، مہر سپہر فضل وعزت، پیشوائے عالیان، المؤید بتائید المہیمن میر محمد مومن[4]

۸۔ نواب علامی فہامی پیشوائے اہل ایمان میر محمد مومن[5]

۹۔ حضرت سیادت ونقابت پناہ علامی میر محمد مومن[6]

۱۰۔ عالی حضرت سیادت مرتبت، مشتری منزلت، خورشید اوج فضل وکمال، مہر سپہر عزت واقبال، مرتضائے ممالک اسلام، مقتدائے طوایف انام، الواثق بتائید المہیمن میر محمد مومن، رکن السلطنت وپیشوائے این دولت خانہ[7]۔

۱۱۔ زبدہ وپیشوائے حضرت رسالت میر محمد مومن[8]

۱۲۔ حضرت سیادت ونقابت دستگاہ مرتضائے ممالک اسلام[9]

شاہ ایران نے اپنے مذکورہ فرمان میں ان کے لئے حسب ذیل القاب لکھے ہیں :۔

سیادت ونقابت پناہ، افادت وافاضت دستگاہ، مستجمع الفضائل والکمالات، شمساً للسیادۃ

---

[1] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۲۸ وجلد دوم قلمی درضمن حالات ۱۰۵۳ھ۔ [2] حدایق ورق ۱۹۱ ا۔ [3] حدیقۃ العالم صفحہ ۲۶۴
[4] حدیقۃ العالم صفحہ ۲۶۶۔ [5] حدیقۃ العالم صفحہ ۲۷۴۔ [6] تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۲۸۵ ب۔ [7] تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۲۸۰ ا۔ [8] تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۲۸۹ ا۔ [9] تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۳۰۱ ا۔

www.shiabookspdf.com

والنقابتہ والدین[1]

عبداللہ قطب شاہ نے ان کی وفات کے پندرہ سال بعدان کی جاگیرات وغیرہ کی بحالی کے سلسلہ میں جو فرمان ۱۰۵۰ھ میں نافذ کیا اس میں ان کے یہ القاب درج کئے ہیں :۔

"سیادت و نجابت پناہ، افادت و افاضت دستگاہ، قدوۃ المحققین اسوۃ المدققین، مرتضیٰ ممالک اسلام، مقتدائے طوایف انام، خلاصۂ اولادِ رسول، زبدۂ احفادِ بتول[2]"

میر صاحب نے ایک رسالہ مقداریہ لکھا تھا جس کے دو تین نسخوں کا اِس وقت تک پتہ چلا ہے لیکن نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں اس کا ایک ایسا اہم نسخہ ہے جو خود میر مومن صاحب کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس کے سرورق پر محمد قطب شاہ کی مہر کے ساتھ میر صاحب کا نام اِس طرح لکھا ہے :۔

"تصنیف میر مومن پیشوا[3]"

اسی طرح میر مومن صاحب کے نبیرہ سید محمد نے اپنے ایک محضر مورخہ ۱۱۶۰ھ میں ان کا نام اِس طرح لکھا ہے :۔

جنت مکانی فردوس آشیانی میر محمد مومن پیشوائے قطب الملک[4]۔

ان تمام تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ میر محمد مومن اپنے نام کے علاوہ نواب علامی فہامی اور مرتضائے ممالک اسلام اور پیشوا کے القاب سے عام طور پر یاد کئے جاتے تھے۔ اور دونوں بادشا ہوں کے

---

[1] حدایق ۱۹۲ ب ۔ [2] مرقع ادارۂ ادبیات اُردو نمبر ۹ ورق ۵ ۔ [3] مرقع ادارۂ ادبیات اُردو نمبر ۸ ورق ۲ ۔ [4] اس محضر کا تفصیلی ذکر آئندہ صفحات میں درج ہے۔

www.shiabookspdf.com

زمانے یعنے تقریباً چالیس سال کی طویل عزت و عظمت اور پیشوائی و وکالت مطلق کے باوجود اپنے لئے کوئی خطاب قبول نہیں کیا تھا۔

خاندان اور والدین

میر صاحب کے خاندان کا تعلق استر آباد کے مشاہیر سادات سے تھا سلاطین و امرائے ایران ان کے آبا و اجداد کی بڑی عزت کرتے تھے۔

تاریخ عالم آرائے عباسی میں (جو میر صاحب ہی کی زندگی میں لکھی گئی تھی) لکھا ہے:۔

"از سادات عظام استر آباد" (مطبوعہ ایران صفحہ ۱۵۹)

فرشتہ لکھتا ہے:۔

"آباء و اجدادش نزد سلاطین ایران معزز و مکرم بودند" ص۱۰۳

گلزار آصفی میں لکھا ہے:۔

"بزرگانِ آں جناب ہم در دیار ایران مخدوم پادشاہان عالی تبار بودہ اند۔ و بخدمات شائستۂ جلیل القدر مدار المہامی و وزارت معمور ماندند۔"

میر صاحب کے والد کا نام سید علی شرف الدین سماکی تھا۔ لیکن خود ان کے قلم سے لکھا ہوا جو رسالہ مقداریہ اسوقت موجود ہے اس میں انھوں نے اپنا اور اپنے والد کا نام اس طرح لکھا ہے:۔

"عبد ماموم محمد مومن بن علی الحسینی عفی عنہما"[1]

دوسری قدیم کتابوں میں ان کے والد کا نام کہیں درج نہیں البتہ محبوب الزمن میں لکھا ہے:۔

---

[1] مرتب ادارہ نمبر ۵ ورق ۳ ۔

www.shiabookspdf.com

"میر مومن نام سید شرف الدین سماکی کے فرزند"[1]۔

تعجب ہے کہ خود میر صاحب نے اپنے والد کے نام کے ساتھ شرف الدین نہیں لکھا۔ لیکن اتنا ضرور ہے کہ یہ صحیح ہوگا کیونکہ اس زمانہ کے ایسے نام اکثر نظر سے گذرتے ہیں۔ چنانچہ میر صاحب کے استاد کا نام سید علی نورالدین الموسوی تھا۔[2] ممکن ہے کہ میر صاحب نے اختصار کی خاطر اپنی کتاب میں جہاں اپنے نام کے آگے میر نہیں لکھا اپنے والد کا نام بھی مختصر کر کے لکھا ہو۔

میر صاحب کی والدہ مشہور عالم و فاضل امیر فخر الدین سماکی کی بہن تھیں۔[3] یہ امیر اپنے علم اور شرافت کی وجہ سے بہت قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اور مشہور فاضل میر غیاث الدین منصور کے خاص شاگردوں میں شمار ہوتا تھا۔

ولادت

میر صاحب کی تاریخ ولادت ٹھیک طور پر معلوم نہ ہو سکی البتہ اتنا کہا جا سکتا ہے کہ وہ دسویں صدی ہجری کے وسط میں یعنی سنہ ۹۶۰ھ سے قبل پیدا ہوئے۔ کیونکہ وہ ۹۸۶ھ سے کئی سال پیشتر ہی اتنے متبحر اور عدیم المثال عالم اور صاحب تقویٰ بزرگ مشہور ہو چکے تھے کہ شاہ طہماسپ نے ان کو شہزادہ کا اتالیق مقرر کیا اور اس خدمت کو وہ ایک مدت تک انجام دیتے رہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ جب وہ محرم ۹۸۹ھ میں ایران چھوڑ کر حیدرآباد پہنچے تو اس وقت ان کی عمر کسی طرح تیس۳۰ سال سے کم نہ تھی۔

تعلیم و تربیت

میر محمد مومن کی تعلیم و تربیت نہایت اعلیٰ پیمانہ پر ہوئی چنانچہ ابتدا میں خود ان کے ماموں نے ان کو علوم معقول و منقول کی تعلیم دی اور بچپن ہی سے تواضع، فروتنی، کسر نفسی اور خوش خوئی کی کچھ ایسی عادت ڈال دی کہ یہ ہونہار تمام عمر اس پر عمل پیرا رہا اور ہمیشہ اپنے

---

[1] محبوب الزمن جلد ۲ صفحہ ۹۹۰ [2] تذکرہ علما مولفہ محمد بن سلیمان صفحہ ۵

www.shiabookspdf.com

اخلاق حسنہ کی داد حاصل کی۔ علی ابن طیفور بسطامی نے لکھا ہے:۔

"در ایام جوانی کہ بہارِ زندگانی است تحصیل کمالاتِ نفسانی از خدمت خال بزرگوارِ خود نمودہ در علوم معقول و منقول نقش مہارت بر صفحۂ ضمیر طلبۂ علوم می کاشت۔ بصفت تواضع و فروتنی وکسر نفسی و خوش خوئی انصاف داشتہ دراں باب مبالغہ می نمود[1]"

ماموں کی تعلیم کے علاوہ میر صاحب نے کتب حدیث و ادب میں مولانا سید علی نورالدین الموسوی شستری سے استفادہ کیا اور سند حاصل کی تھی۔[2]

حدیث کے سوا علم جفر، نجوم، فتح عزیمت اور تسخیر جنات میں انتہائی کمال حاصل کیا تھا جس کا تذکرہ آئندہ صفحات میں درج رہے گا۔

شاہ ایران کے دربار میں

تحصیل علم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد میر صاحب اپنے ماموں کے ساتھ شاہ طہماسپ صفوی کے اردوئے معلےٰ میں پہنچے۔ بادشاہ نے ان کے علم و فضل اور اخلاق و شائستگی کو دیکھ کر اپنے دربار میں باریاب اور نوازش شاہانہ سے سرفراز کیا ساتھ ہی شاہزادہ حیدر مرزا کی تعلیم و تربیت کے لئے بطور اتالیق کام کرنے کا فرمان جاری کیا۔ تاریخوں میں لکھا ہے

"حسب الفرمان حضرت خاقان بر تعلیم شاہزادہ مغفور[3]"

"باردوئے معلائے شاہ جنت مکان، شاہ طہماسپ آمدند۔ و بہ نوازش پادشاہانہ سرفراز گشتند۔

---

[1] حدائق ورق ۱۰۷ ا ۔ [2] تذکرہ علما ۹۹ و محبوب الزمن جلد دوم صفحہ ۹۹۵ ۔

[3] عالم آرائے عباسی صفحہ ۱۵۹ ۔

www.shiabookspdf.com

حسب الفرمان قضا جریان جناب میر تجسنہ بر تعلیم شاہزادۂ عالمیان سلطان حیدر مرزا قیام نمودند۔[1]"

"در عہد شاہ طہماسپ بمنصب معلمی شہزادہ سلطان حیدر سرفرازی داشتہ"[2]

غرض میر مومن صاحب نے ابتدا ہی سے اپنی شرافت نسبی، محاسن اخلاق، اور علم و فضل کی وجہ سے انتہائی عزت و وقعت کی زندگی بسر کی شاہ طہماسپ جیسے بادشاہ کا کسی نوجوان کو اپنے شاہزادہ کی تعلیم کے علاوہ اتالیقی اور ادب آموزی کا کام بھی سپرد کرنا ظاہر کرتا ہے کہ میر صاحب کی پیشانی پر شروع ہی سے عظمت کا ستارہ چمک رہا تھا۔

ایران سے ہجرت

میر صاحب کا نیر اقبال متقاضی تھا کہ وہ ایران میں محض ایک شاہی اتالیق کی حیثیت سے قیام پذیر نہ رہیں۔ ان کی قسمت میں تو ایک بڑی سلطنت کی پیشوائی اور ایک بہت بڑے بادشاہ کا مختار کل بننا لکھا تھا۔ اور اس کے لئے ضروری تھا کہ ایران میں ایسے اسباب پیدا ہوتے کہ ان کے دل میں وہاں سے ہجرت کر جانے کا خیال پختہ ہو جاتا۔ چنانچہ سب سے پہلے تو انکا شاگرد سلطان حیدر مرزا عنفوان شباب میں انتقال کر گیا۔ پھر شاہ اسمٰعیل کے عہد میں وہ ایران میں توقف کرنے کی تاب نہ لا سکے۔[3] اور تیسری اور سب سے اہم وجہ یہ ہوی کہ ان کے ہم چشم ان کے تبحر علمی اور زہد و تقویٰ کی وجہ سے ان سے حسد کرنے لگے۔

---

[1] حدائق السلاطین ورق ۱۸۰ ا۔ [2] ید بیضا صفحہ ۲۷۶۔ [3] (ا) در زمان استیلائے اسمٰعیل مرزا تاب توقف ایران نیاورده۔ عالم آرائے عباسی صفحہ ۱۵۹۔ (ب) "بعد از وقوع قضیۂ ناگزیر آں شاہزادۂ مغفور در زماں اسمٰعیل مرزا تاب توقف ایران نیاورده۔ حدائق صفحہ ۱۸۰ ا

www.shiabookspdf.com

ہم حیثیتوں میں ممتاز رہنے کی وجہ سے یوں تو ابتدا ہی سے وہ محسود ہو گئے تھے لیکن جب شاہزادہ کا انتقال ہو گیا تو ان کے مخالفین کی بن آئی۔ چونکہ یہ علم معقول میں عدیم المثال سمجھے جاتے تھے، اور علم جفر اور عملیات میں بھی دلچسپی لیتے تھے، اسکے علاوہ بڑے عقیل و فہیم تھے اس لئے حاسدین نے ان کے خیالات کو دہریت اور الحاد کی طرف منسوب کیا اور ان کے اخراج کے درپے ہوئے۔

آخرکار میر صاحب خود ان مخالفتوں کے باعث ایران سے دل برداشتہ ہو گئے اور ۹۸۶ھ میں قزوین سے تہیۂ سفر کیا اور عراق و عرب کی طرف نکل کھڑے ہوئے۔ جہاں حج اور زیارتوں سے فارغ ہونے کے بعد ہندوستان کا رُخ کیا

دکن میں آمد یہ عجیب بات ہے کہ اکثر مورخ میر صاحب کی گولکنڈہ میں آمد کی تاریخ اوائل محرم الحرام ۹۸۹ھ لکھتے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی کہ یہاں آکر سلطان ابراہیم قطب شاہ کی ملازمت اختیار کی مثلاً حدائق السلاطین میں لکھا ہے:۔

"در اوائل محرم الحرام سنہ نہصد و ہشتاد و نہہ داخل گولکنڈہ شدہ بجہت وفور تشیع ملازمت ابراہیم قطب شاہ اختیار نمودہ" (ورق ۱۸۰ ب)

ید بیضا میں لکھا ہے:۔

"در خدمت ابراہیم قطب شاہ مرتبۂ عالی یافتہ و بعد فوت او بملازمت پسرش محمد قلی" ص ۲۷۶

محبوب الزمن میں لکھا ہے:۔

اوائل محرم سنہ مذکورہ (۹۸۹) میں گولکنڈہ حیدرآباد دکن میں وارد ہوا اس وقت سلطان ابراہیم قطب شاہ تخت سلطنت پر جلوہ افروز تھا۔ میر موصوف بادشاہ کے دربار میں

www.shiabookspdf.com

باریاب ہوا۔ بادشاہ قدردان نے میر کی بڑی تعظیم و توقیر کی" (جلد دوم ص۱۹۹)

حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ ابراہیم قطب شاہ میر مومن صاحب کی آمد گولکنڈہ سے آٹھ ماہ قبل ہی بتاریخ ۲۱ ربیع الثانی ۹۸۸ھ کو انتقال کرچکا تھا۔ چنانچہ تاریخ قطب شاہی میں یہی تاریخ درج ہے[1]۔ اور اس کے فرزند محمد قلی نے بھی یہی تاریخ اس کے لوحِ مزار پر کندہ کرائی ہے یعنے "یوم الخمیس الحادی والعشرین من شہر ربیع الثانی سنہ ثمان وثمانین وتسع مائتہ الہجرۃ النبویہ"۔

معلوم ہوتا ہے کہ دیگر موّرخوں سے اس معاملہ میں اس لئے غلطی ہوگئی کہ اصل میں ابوالقاسم فرشتہ جیسے قدیم اور ہم عصر مورّخ نے سلطان ابراہیم قطب شاہ کی تاریخ وفات غلط لکھدی تھی یعنے وہ لکھتا ہے :۔

"در ۹۸۹ھ تسع وثمانین وتسعمائتہ ابراہیم قطب شاہ نیز بصوب آخرت رایت عزیمت بر افراشت"[2]

تاریخ عالم آرائے عباسی میں جو خود میر صاحب کی زندگی میں لکھی گئی تھی بالکل صحیح لکھا ہے کہ :۔

"بجانب ہند و دکن رفت۔ از ولایت عظام دکن بنابر وقوع تشیع سلسلۂ علیۂ قطب شاہیہ ملازمت محمد قلی قطب شاہ اختیار نمودہ" ص۱۵۹

غرض میر مومن صاحب جب گولکنڈہ پہنچے تو یہ وہ زمانہ تھا جب کہ سلطان ابراہیم قطب شاہ کو انتقال کئے ہوئے سات آٹھ ماہ کا عرصہ گذر چکا تھا اور پندرہ سالہ نوجوان بادشاہ محمد قلی قطب شاہ

---

[1] تاریخ قطب شاہی ورق ۱۰۸۔ [2] تاریخ فرشتہ مطبوعہ ۱۲۸۱ھ جلد دوم صفحہ ۱۷۲۔

www.shiabookspdf.com

تخت نشین ہوتے ہی نظام شاہیوں کی مدد اور عادل شاہیوں کے مقابلہ کے لئے پایہ تخت سے باہر گیا ہوا تھا۔ اور قلعہ نلدرگ کے سامنے معرکۂ کارگزار میں مصروف تھا۔ یہ بھی ایک عجیب اتفاق ہے کہ تقریباً اسی زمانہ میں ایک اور ایرانی ادیب علی ابن عزیز اللہ طباطبا (جس نے بعد کو برہان ماثر لکھی) دکن آکر محمد قلی کی بارگاہ میں باریاب ہوا تھا۔ لیکن وہ گولکنڈہ آنے کی جگہ راست میدان جنگ میں پہنچکر بادشاہ کا ملازم ہوگیا[1] چنانچہ وہ لکھتا ہے:۔

"حاوی این اوراق راہم دراں نزدیکی از ولایت عراق اتفاق ہندوستان افتادہ در سلک خدام عتبۂ علیائے قطب شاہی انتظام داشت۔ و دراں روز (جنگ) در ملازمت حضرت قطب شاہ...... استادہ ایں واقعہ ہایلہ را رائے العین مشاہدہ می نمود۔"

گولکنڈہ میں ابتدائی چند سال

جس طرح بعض مورخوں کا یہ خیال غلط ثابت ہوچکا ہے کہ میر مومن صاحب ابراہیم قطب شاہ کے عہد میں گولکنڈہ آئے یہ روایت بھی غلط ہے کہ محمد قلی نے تخت نشین ہوتے ہی ان کو اپنا وکیل مطلق بنا لیا۔ کیونکہ وہ اسوقت عربستان میں تھے۔ اور اس تخت نشینی کے آٹھ ماہ بعد دکن پہنچے تھے۔ دکن کی آمد کے بعد بھی وہ فوراً ہی وکیل السلطنت نہیں بنائے گئے بلکہ کچھ عرصہ خاموش طور پر درس و تدریس میں مصروف رہے۔ چونکہ بڑے عالم و فاضل اور مدبر و دانشمند تھے اور ایرانی دربار میں موقع شناسی اور آداب مجلس سے واقف ہوچکے تھے اس لئے رفتہ رفتہ ان کی صفات کی اتنی شہرت ہوگئی کہ

[1] برہان ماثر صفحہ ۵۳۴۔

www.shiabookspdf.com

محمد قلی قطب شاہ بھی اُن کی عزّت کرنے لگا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ دنیاداری اور انتظام سلطنت سے زیادہ زہد و تقویٰ اور درس و تلقین سے دلچسپی رکھتے تھے۔ اِس لئے عرصہ تک امورِ سلطنت میں دخیل ہونا پسند نہ کیا۔ وہ ایران کے تجربہ کی بنا پر جانتے تھے کہ دنیاداری کے ذریعہ سے جو عزّت حاصل کی جاتی ہے وہ دیرپا نہیں ہوتی۔ خود میر شاہ میر (جو اُن کے ورود دکن کے وقت گولکنڈہ میں برسرِ اقتدار اور وکیل مطلق تھا اور سلطان محمد قلی قطب شاہ نے اُن کی آمد کے کچھ روز بعد ہی اِس کی لڑکی سے دھوم دھام سے شادی بھی کی تھی) میر مومن صاحب کے سامنے ہی حاسدوں کی سازش میں گرفتار ہو کر سلطنت سے باہر بھیجوا دیا گیا۔[1]

اِن حالات کے تحت حضرت میر مومن درباری زندگی کو کیوں کر پسند کر سکتے تھے! اِس سبب کے علاوہ یہ خیال کہ محمد قلی نے فوراً ہی عہدۂ وزارت اور وکالت مطلق پر اُن کو مامور کر دیا تھا[2] اس لئے بھی غلط ہے کہ محمد قلی کے ابتدائی زمانہ میں میر شاہ میر

---

[1] (۱) دیکھو برہان ماثر صفحہ ۵۲۶ - (۲) فرشتہ جلد دوم صفحہ ۱۶۲ - (۳) حیات محمد قلی قطب شاہ صفحات ۳۶۸ تا ۳۷۱ -

[2] محبوب الزمن میں لکھا ہے :-

"سلطان جدید نے میر موصوف کو عہدۂ وزارت و وکالت مطلق پر مقرر فرمایا اور کل امورِ سلطنت کا مختارِ کل بنایا۔ اور آپ لہو و لعب میں مشغول ہوا" (حصّہ دوم ص ۹۹۱)

www.shiabookspdf.com

اس عہدۂ جلیلہ پر فائز تھا اور اس کے بعد ملک امین الملک الف خاں نے تقریباً پندرہ سال اپنی وفات تک جملتہ الملکی کی خدمت انجام دی۔

اس خیال کے غلط ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ محمد قلی قطب شاہ نے حضرت میر محمد مومن کو صرف وزارت مطلق پر سرفراز نہیں کیا بلکہ پیشوائے سلطنت بنایا تھا۔ اور یہ خدمت ایسی نہ تھی جس پر ایک نووارد شخص کا فوراً ہی تقرر کر دیا جا سکتا۔ اس کے متعلق دوسرے حصے میں تفصیل سے معلومات درج ہیں۔

www.shiabookspdf.com

دوسرا حصّہ

پیشوائی محمدّ قلی قطب شاہ

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

محمد قلی کی بارگاہ میں میر صاحب کے اقتدار کا آغاز

چار پانچ سال تک گولکنڈہ میں علمی و مذہبی زندگی گذارنے کے بعد میر مومن صاحب کو سیاست کے میدان میں قدم رکھنا ہی پڑا۔ سید تقی میر شاہ میر کے زوال کے بعد ہی سے جو اس سال بادشاہ اُن کی رائے اور مشورہ سے مستفید ہونے لگا تھا چنانچہ ۹۹۱ھ سے قبل ہی محمد قلی قطب شاہ ان کی اصابت رائے، علم و فضل، اور زہد و تقویٰ کا اتنا زیادہ معتقد ہو گیا تھا کہ وہ ان کو اپنی سرکار و دربار میں دخیل کئے بغیر نہ رہا۔ لیکن اس وقت بھی وہ میر جملہ یا دیوان نہیں بنائے گئے بلکہ پیشوائے سلطنت قرار دئے گئے تھے۔ میر جملگی کی خدمت پر تو ملک امین الملک ہی فائز رہا جس نے یہ عہدہ آخر تک (یعنی ۱۰۰۰ھ یا ۱۰۰۹ھ تک) سنبھالے رکھا۔ اور اس کے بعد بھی جب یہ خدمت خالی ہوی تو ایک دوسرے میر جملہ کا تقرر کیا گیا جس کا ذکر آئندہ تفصیل سے کیا جائیگا۔ کیونکہ حضرت میر مومن کی زندگی میں جتنے لوگ میر جملگی یا دیگر وزارتوں پر مقرر ہوئے وہ سب انہی کی سفارش اور رائے کی بنا پر منتخب ہوئے تھے۔

اِس واقعہ کا ثبوت کہ میر صاحب ۹۹۳ھ میں یا اس سے قبل پیشوائے سلطنت اور وکیل مطلق مقرر ہوئے دو طرح سے فراہم ہوتا ہے۔ ایک تو تاریخ فرشتہ کا یہ بیان کہ

"قریب بیست و پنج سال وکیل السلطنتِ آنحضرت" صفحہ ۱۷۳۔

یعنے ۲۵ سال سے میر مومن صاحب محمد قلی کے وکیل السلطنت ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ میر صاحب شروع سلطنت محمد قلی سے اِس خدمت پر فائز تھے [illegible]

www.shiabookspdf.com

اور جب اِس کا انتقال ہوا میر مومن صاحب ہی وکیل سلطنت اور پیشوا تھے۔ جس وقت تاریخ فرشتہ لکھی جا رہی تھی۔ محمد قلی کا آخری زمانہ تھا اور اس تاریخ میں عہد محمد قلی کے صرف ۱۰۱۰ھ (حیدرآباد میں غیر ملکیوں کے قتل و خون) تک کے واقعات درج ہیں۔ اور شہزادہ مرزا خدا بندہ کی جو بغاوت ۱۰۱۱ھ میں واقع ہوی تھی فرشتہ نے اس کا ذکر نہیں کیا بلکہ اِس امر کی تعریف کی ہے کہ بادشاہ اور اس کے بھائیوں کے تعلقات بڑے اچھے ہیں چنانچہ وہ لکھتا ہے:۔

"آں قطب کامگاری راچند چیز نصیب گشتہ کہ کمترے از پادشاہاں بآں فائز شدہ اند۔ یکے آں کہ برادران رابرمسند عزت متمکن ساختہ انیس و جلیس خود گردانیدہ با ایشان بے دغدغہ خاطر مصاحبانہ سلوک می نماید۔ و برادراں نیز اورا تو زے عظیم دانستہ درکمال اخلاص و یک جہتی با برادر بزرگ سامی باشند۔ و اصلا درین مدت سی سال از جانب ایشاں غبار بر آئینہ خاطر اشرف آں پادشاہ راہ نیافتہ بود و ایں عطیہ ایست کہ ہمہ کس بہ آں سرفراز نمی گردد"[1]

غرض اِس سے ثابت ہوا کہ تاریخ فرشتہ میں محمد قلی کے حالات خدا بندہ کی بغاوت سے قبل تک قلمبند کیے گئے ہیں۔ اور اِس وقت میر مومن صاحب کو پیشوائی کی خدمت کرتے ہوئے پچیس سال گذر چکے تھے اور بادشاہ کو ان پر پورا اعتماد تھا چنانچہ فرشتہ کے الفاظ ہیں:۔

"قدر و مرتبۂ آں سید بزرگوار شناختہ مریدانہ با او سلوک می نماید۔ و نوعے نمی کند کہ دقیقہ"

---

[1] فرشتہ جلد دوم صفحہ ۱۸۳۔

www.shiabookspdf.com

سلطان محمد قلی قطب شاہ
(میر محمد مومن کا معتقد)

مرزا محمد امین میر جملہ (میر صاحب کا دست گرفتہ)

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

از لوازم تعظیم و تواضع فروگذاشت شود۔ وازیں کہ اعتماد و وثوق تمام براصابت رائے آن ہوشمند روشن ضمیر دار د جمیع مہمات سلطنت خصوصًا کار ہائے بزرگ بوئے رجوع کردہ“[1]

ایک اور واقعہ جس سے محمد قلی قطب شاہ کی بارگاہ میں میر صاحب کے صاحب اقتدار ہونے کا زمانہ معلوم ہوسکتا ہے شہر حیدر آباد کی بنا اور تعمیر ہے۔ اس شہر کی تعمیر کا خیال ۹۹۰ھ سے قبل ہی محمد قلی کے ذہن میں سماچکا تھا۔ اور جس وقت اس فرخندہ بنیاد شہر کی داغ بیل ڈالی جارہی تھی میر مومن صاحب اتنے مقتدر اور ذی اثر تھے کہ انھوں نے شہر کا نقشہ بنانے اور دیگر امور میں بادشاہ کی بڑی مدد کی۔

چنانچہ جب دولت خانۂ عالی بنا ہے اور اس کے وسیع جلوخانہ کے چاروں طرف چار کمانیں تیار ہوئیں تو محل میں داخل ہونے کی کمان کے پاس میر صاحب نے ایک پتھر کا ستون نصب کیا جس پر طلسم اور تعویذ بنائے تھے تاکہ اگر کوئی بُرے ارادے سے بارگاہِ شاہی میں آئے تو اس کا سحر و عزیمت باطل ہوجائے[2] چنانچہ اسی وجہ سے یہ کمان اب تک کمان سحر باطل کہلاتی ہے۔

اس واقعہ کے علاوہ شہر کے نقشہ میں چار منار، دار الشفا اور خود دائرہ کے محل وقوع وغیرہ سے متعلق اُمور بھی حضرت میر مومن ہی کی رائے سے قرار پائے تھے جن کا ذکر آئندہ تفصیل سے درج رہے گا۔

خدمت پیشوائی

حضرت میر مومن کے عہدۂ پیشوائی کے حالات بیان کرنے سے قبل ضروری ہے کہ اس عہدہ جلیلہ کی اہمیت اور فرائض سے متعلق کچھ لکھا جائے۔

سب سے پہلے یہ امر قابل ذکر ہے کہ پیشوائی کا عہدہ، بڑی وزارت یعنے میر جملگی یا دیوانی سے بھی

---

[1] فرشتہ جلد دوم صفحہ ۱۷۴۔ [2] ماہنامہ ورق ۳۰۵ ب۔

www.shiabookspdf.com

اعلیٰ تھا۔ اتنا اعلیٰ کہ خود میر جملہ کا تقرر بغیر پیشو کی رائے و مشورہ کے نہیں کیا جاتا تھا[1]۔ پیشوا اصل میں نائب بادشاہ اور مشیر و رہبر سلطنت ہوا کرتا تھا۔ اور سلطنت کے جملہ امور خواہ دینی ہوں یا دنیوی اسی کے توسط سے انجام پاتے تھے۔ گویا وہ ایک ساتھ قاضی القضاۃ، صدر الصدور، شیخ الاسلام، وکیل السلطنت، اور مدار المہام غرض بادشاہ کے بعد سب کچھ ہوتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس خدمت کے لئے ایک ایسی ہستی کا انتخاب کیا جاتا تھا جو ملک میں سب سے بلند مرتبہ رکھتی تھی۔

ایک اور امر یہاں واضح ہو جانا چاہیئے کہ قطب شاہی سلطنت میں ملک نائبی کا بھی ایک عہدہ ہوا کرتا تھا۔ لیکن پیشوائی ملک نائبی سے بھی بہت اعلیٰ رتبہ تھا۔ اور ایک ہی وقت میں پیشوا اور ملک نائب دونوں موجود رہتے تھے۔

• ملک نائب اصل میں وہ عہدہ دار ہوا کرتا تھا جو ویسرائے کے طور پر کسی علاقہ کی حکومت یا تسخیر کے لئے مامور ہوتا یا جس کو کسی دشمن کے مقابلہ کے لئے بادشاہ اپنی جگہ روانہ کرتا تھا۔ اور اس طرح ایک پیشوا کے ماتحت کئی ملک نائب رہ سکتے تھے۔ لہٰذا پیشوا اور ملک نائب کو ایک ہی سمجھ لینا غلطی ہے۔

میر مومن صاحب سے قبل قطب شاہی سلطنت میں صرف ایک ہی شخص کا ایسا پتہ چلتا ہے

---

[1] مثال کے لئے محمد امین میر جملہ اور عہد محمد قطب شاہ و عبد اللہ قطب شاہ کے اکثر وزرا کے تقررات کی طرف اشارہ کر دینا کافی ہے۔ ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ عہد محمد قلی و عہد سلطان محمد امین تو میر مومن صاحب کی اور عہد عبد اللہ قطب شاہ میں علامہ ابن خاتون کی رائے اور مشورے سے تقررات کئے جاتے تھے۔

www.shiabookspdf.com

جس کو یہ عزّت و فضیلت حاصل ہو سکی تھی۔ اور وہ سیف خاں عین الملک فرزند فتحی خاں عمزادہ سلطان قلی قطب شاہ ہے جس کے متعلق ہم جانتے ہیں کہ جمشید قلی سے کسی بات میں ناراض ہو کر گولکنڈہ سے احمد نگر چلا گیا تھا لیکن جب جمشید کا انتقال ہو گیا اور اس کا کمسن لڑکا سبحان قلی تخت نشین ہوا تو جمشید کی بوڑھی ماں بلقیس زمان نے اپنے اس عزیز کو طلب کر کے پیشوائے سلطنت بنا دیا تاکہ شاہزادہ کے سن رشد کو پہنچنے تک سیف خاں کاروبار سلطنت کو انجام دے۔ چنانچہ اس نے سبحان قلی کے دشمنوں کو بڑی جرأت، تدبر، اور بہادری سے شکستیں دیں۔ اور اس شان و شوکت سے پیشوائی اور حکومت کرنے لگا کہ اگر شہزادہ ابراہیم قلی جیسے ہر دلعزیز اور صاحب تدبیر دعوہ دار سلطنت سے بہت جلد مقابلہ در پیش نہ ہو جاتا تو کیا تعجب کہ سیف خاں عین الملک عرصہ تک نہ صرف پیشوائی کر سکتا بلکہ شاید سلطنت پر بھی قابض ہو جاتا[1] لیکن ابراہیم قلی قطب شاہ کی آمد آمد کی خبر سن کر وہ گولکنڈہ سے پھر احمد نگر کی طرف چلا گیا۔

عہد ابراہیم قلی میں اگرچہ سید کمال الدین المعروف بہ مصطفیٰ خاں اردستانی اور اس کے بعد سید شاہ تقی المعروف بہ میر شاہ میر جیسے بلند پایہ وزرائے مختار اور وکیل السلطنت گذرے ہیں لیکن تاریخوں میں ان دونوں کے نام اور کام کے ساتھ کہیں بھی پیشوائی کا ذکر نہیں ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم قلی نے کسی کو پیشوا نہیں بنایا۔ بلکہ وکیل مطلق اور وزیر مختار سے بڑھ کر درجہ پر اپنے عہد میں کسی کو فائز ہی نہ ہونے دیا۔ حالانکہ مصطفیٰ خاں نے تو سلطنت کے حصول میں ابراہیم کی بڑی امداد کی تھی۔ اور ابراہیم قلی نے اس کی بزرگی اور وفاداری سے خوش ہو کر اس کو اپنی بہن بھی نکاح میں دی تھی۔[2]

---

[1] عین الملک پیشوا کے حالات کیلئے دیکھو برہان مآثر صفحات ۳۲۸، ۳۴۴، ۳۸۰، ۳۸۳، ۳۸۵، ۳۸۶، ۳۹۰ تا ۳۹۴۔ حدیقۃ العالم صفحات ۱۱۱ و ۱۶۸

[2] مصطفیٰ خاں وزیر کے تفصیلی حالات کیلئے دیکھو تاریخ قطب شاہی حالات ابراہیم قلی قطب شاہ۔ حدیقۃ العالم ۱۱۵ برہان مآثر صفحات ۳۰۵، ۳۲۸، ۳۹۵، ۴۱۳، ۴۲۷، ۴۴۰ وغیرہ۔

www.shiabookspdf.com

ابراہیم قلی کے بعد عہد محمد قلی میں میر مومن صاحب کے عہدۂ پیشوائی پر فائز کئے جانے کے دو ہی سبب ہوسکتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ میر شاہ میر کی دختر سے محمد قلی کی شادی ہونے کے بعد محمد قلی نے اعزاز کے طور پر اپنے خسر میر شاہ میر کو اپنا پیشوا بنادیا ہوگا کیونکہ ایک تو رشتہ اور دوسرے محمد قلی کی کم سنی کی وجہ سے خود شاہ میر کے لئے (جس کے حوصلے ہمیشہ بلند رہے) لازمی تھا کہ اس کی ضرورت محسوس کراتا اور جب زمانہ کی گردشوں نے میر شاہ میر کو زیادہ عرصہ تک اس مرتبہ سے لطف اندوز نہ ہونے دیا اور وہ بہت جلد بے آبرو کرکے نکال دیا گیا[1] تو محمد قلی نے پہلے تو اس منصب کو خالی رکھا لیکن جب حضرت میر مومن کا بہت معتقد ہوگیا تو اس خالی شدہ خدمت کو پر کرنے کی ضرورت شدت سے محسوس کرکے ان کی خدمت میں پیشوائی قبول کرنے کی استدعا کی۔

چونکہ شاہ میر ملکی امراء کی سازش سے بہت جلد معتوب ہوکر سلطنت سے نکال دیا گیا اس لئے اس کی چند روزہ پیشوائی کا تذکرہ تاریخوں میں درج نہیں۔ یوں بھی جب کوئی امیر یا وزیر بادشاہوں کے معتوب ہوجاتے ہیں تو مورخین ان کا تفصیل سے ذکر کرنا تو کجا خود اپنے ابتدا میں لکھے ہوئے القاب و آداب بھی آخر تک قائم نہیں رکھتے۔[2]

---

[1] میر شاہ میر کے تفصیلی حالات کے لئے دیکھو حیات محمد قلی قطب شاہ صفحات ۳۶۱ تا ۳۶۸۔

[2] مثال کے طور پر سیف خاں عین الملک کا تذکرہ برہان ماثر میں قابل مطالعہ ہے مثلاً سیف عین الملک کہ..... از امرائے نامدار ممالک دکن بسمت شجاعت و اقتدار منفرد و ممتاز بود ص ۳۲۸۔ سیف عین الملک کہ درمیاں امراء ممالک دکن بکمال تہور و شجاعت اشتہار داشت ص ۳۸۰۔ عین الملک نکوہیدہ مال..... سر دفتر ارباب عناد ص ۳۹۲۔ خاطر شقاوت ماثر عین الملک..... کینہ ور ص ۳۹۳۔ بنجہ نخوت و غرور عین الملک مقہور ص ۳۹۴۔

www.shiabookspdf.com

اس امر کا ثبوت کہ قطب شاہی سلطنت میں پیشوائی کی خدمت زیادہ تر اقربائے بادشاہ ہی کو دی گئی ہے اس واقعہ سے بھی ملتا ہے کہ خود حضرت میر مومن کے انتقال کے بعد جب یہ عہدہ خالی ہوا تو سلطان محمد قطب شاہ نے کسی کو اس کا اہل نہ سمجھ کر خود ہی یہ خدمت بھی انجام دی۔ اور اس کے انتقال کے بعد جب کمسن شہزادہ عبداللہ مرزا تخت نشین ہوا تو پھر کسی پیشوا کی ضرورت محسوس کی گئی اس وقت بھی ایک ایسے شخص کا انتخاب کیا گیا جو بادشاہ سے قریب ترین قرابت رکھتا تھا۔ یعنے شہزادہ عبداللہ کی دادی خدیجہ مرتبت خانم آغا نے اپنے داماد سید شاہ محمد حسینی بن شاہ علی عرب شاہ کو جو عبداللہ قطب شاہ کے حقیقی پھوپا تھے اس خدمت پر مامور کیا۔[1] یہ عجیب بات ہے کہ اس وقت شہزادہ عبداللہ قلی کی دادی نے بالکل وہی عمل کیا جو جمشید قلی کی وفات پر شہزادہ سبحان قلی کی دادی نے کیا تھا۔ گویا خاندان کی قدیمی سنت کی پیروی کی گئی۔

یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ سید شاہ محمد حسینی کے بعد جس ہستی (یعنے علامہ ابن خاتون) کو پیشوا مقرر کیا گیا وہ اگرچہ شاہی خاندان سے تعلق نہ رکھتی تھی لیکن حضرت میر محمد مومن کی صحیح معنوں میں جانشین تھی۔ علامہ شیخ محمد ابن خاتون کے لئے یہی شرف طرۂ امتیاز تھا۔ وہ حضرت میر مومن کے فیض یافتہ شاگرد، معتقد اور متوسل خاص تھے۔ یہی علامہ ابن خاتون[2] غالباً خاتم پیشوایان قطب شاہیہ ثابت ہوئے۔ کیونکہ ان کے بعد

---

[1] شاہ محمد پیشوا کے مزید حالات کے لئے دیکھو حدیقۃ السلاطین ص ۲۸ تا ۹۱۔ مآثر دکن ص ۳۴ و ۱۰۲

[2] علامہ ابن خاتون پیشوا کے حالات سے تاریخ حدیقۃ السلاطین معمور ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اس تاریخ کی ترتیب کا اہم ترین مقصد اسی پیشوائے سلطنت کے کارنمایاں کو محفوظ و مرتب کرنا نظر آتا ہے۔

www.shiabookspdf.com

قطب شاہی سلطنت میں پھر کسی کو یہ اعزاز نصیب نہ ہوا۔ حالانکہ ابو الحسن قطب شاہ نے حضرت سیّد شاہ راجو کی مدد سے سلطنت حاصل کی اور ان کو صحیح معنوں میں اپنا پیشوا اور ہادی و مرشد سمجھتا تھا لیکن اس بات کے ثبوت تاریخوں میں موجود نہیں ہیں کہ آیا شاہ راجو سرکاری طور پر خدمت پیشوائی پر مامور بھی کئے گئے تھے یا نہیں؟ البتہ اس زمانہ کے ادب کے مطالعہ سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ سید شاہ راجو عہد ابو الحسن قطب شاہ میں بہت بااثر تھے اور لوگ ان کے توسط سے شاہی دربار تک پہنچتے اور اپنی مرادیں حاصل کرتے تھے چنانچہ اس عہد کے ایک شاعر طبعی حیدرآبادی نے بہرام وگل اندام کا قصہ ایک طویل مثنوی[1] کی شکل میں لکھا تھا جس کے آغاز میں شاہ راجو کی مدح بھی درج ہے جس میں شاعر لکھتا ہے کہ میری قسمت کا بنانا تیرے ہاتھ میں ہے اس لئے میں نے تیرے قدم پکڑ لئے ہیں تو نے ابو الحسن کو دکن کا بادشاہ بنا دیا ہے اور سورج بھی تیری خدمت کے لئے ہاتھ میں کرنوں کی چنور لے کر کھڑا ہے۔

طبعی کے چند مختلف شعر ہیں ؎

ولی تو بڑا ہے گگر شاہ راجو (کہکر) — چل آیا ہے شہ تیرے گھر شاہ راجو

خبر تیری معلوم نہیں بے خبر کوں — خبردار جانے خبر شاہ راجو

تو مخدوم سیّد محمد کے کھن کا — بہت بے بدل ہے گہر شاہ راجو

کرامت ہوا سب کوں معلوم ظاہر (آسان) — توں باطن میں کر ایک نظر شاہ راجو

دکن کا کیا بادشہ ابو الحسن کوں — بڑا بخت دے کر چھتر شاہ راجو

---

[1] یہ مثنوی ایک ہزار تین سو چالیس ابیات پر مشتمل ہے اور بقول مصنف صرف چالیس دن میں تکمیل کو پہنچی ہے ۔ تفصیل کے لئے دیکھو اردو شہ پارے صفحات ۱۱۰ تا ۱۱۵

www.shiabookspdf.com

کھڑا ہو کو خدمت منیں تیری سورج | اڑا تا کرن کی چنور شاہ راجو
کسی کے نہیں عیب چننا توں ہرگز | بڑا تجھ میں ہے یو ہنر شاہ راجو
مرا دل ہے جیوں چھاؤں سنگات تیرے | جدہر توں چلیا تو ادہر شاہ راجو
قدم تیرے پکڑیا ہوں امید لے کر | مرے بخت، تیری نظر شاہ راجو

خدا پاس اچھا ہاتھ کرنا ہے قطبی
دعا تجھ کوں شام و سحر شاہ راجو

غرض ان تمام باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ پیشوائی جیسی خدمت جلیلہ یا تو اعزۂ شاہی کو مل سکتی تھی یا ایسے بزرگوں کو جن کا بادشاہ خاص معتقد ہوتا تھا۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ حضرت میر مومن جس وقت پیشوا بنائے گئے تو محمد قلی قطب شاہ ان کا بے حد معتقد تھا اور فرشتہ کا یہ بیان بالکل صحیح ہے کہ

"محمد قلی قطب شاہ بواجبی قدر و مرتبۂ آں سید بزرگوار شناختہ مریدانہ با او سلوک می نماید و نوع نمی کند کہ دقیقۂ از لوازم تعظیم و تواضع فروگذاشت شود"[1]

مشاہرہ و اعزازِ پیشوائی یہ تو ٹھیک طور پر معلوم نہ ہو سکا کہ محمد قلی قطب شاہ نے میر مومن صاحب کے لئے کیا مشاہرہ مقرر کیا تھا لیکن دوسرے واقعات کے ذریعہ سے پتہ چلتا ہے کہ میر صاحب کو ماہانہ ایک ہزار ہون یعنے ساڑھے چار ہزار روپے سے کم نہ ملتے تھے۔ اس کا ثبوت کئی طرح سے بہم پہنچتا ہے۔ پہلے تو یہ کہ میر مومن صاحب کے بعد جب عہد عبداللہ قطب شاہ میں

---

[1] فرشتہ جلد دوم مقالہ سوم روضۂ چہارم صفحہ ۱۷۴۔

www.shiabookspdf.com

سید شاہ محمد حسینی پیشوا مقرر ہوئے تو ان کو ایک ہزار ہون یعنے (موجودہ ساڑھے چار ہزار روپے) تنخواہ ماہانہ دی جاتی تھی۔ عہد عبداللہ کے مقابلہ میں محمد قلی قطب شاہ کا زمانہ تاریخ گولکنڈہ میں عہد زرین سمجھا جاتا ہے اور ظاہر ہے کہ محمد قلی اپنے پیشوا کو زیادہ مشاہرہ دیتا تھا۔

دوسری بات یہ ہے کہ جب ملک امین الملک کے بعد محمد قلی قطب شاہ کو کسی اچھے میر جملہ کی تلاش ہوی تو میر محمد مومن نے اس خدمت کے لئے اپنے دست گرفتہ مرزا محمد امین شہرستانی کو منتخب کیا۔ جس کو بادشاہ نے ۱۰۱۱ھ میں اپنا جملتہ الملک بنا کر دو لاکھ ہون سالانہ مشاہرہ مقرر کیا۔ یہ ظاہر ہے کہ جب میر جملہ کی تنخواہ دو لاکھ ہون (یعنے زمانۂ حال کے نو لاکھ روپے) مقرر کی گئی تھی تو پیشوائے کل کی تنخواہ تو اس سے کم نہ تھی۔

عہد عبداللہ قطب شاہ میں سید شاہ محمد حسینی کو منصب پیشوائی کے لئے جو سالانہ مشاہرہ بارہ ہزار ہون (یعنے چون ہزار روپے) مقرر کیا گیا تھا اس کا اس لئے بھی کم ہونا ضروری تھا کہ یہ شاہ محمدؒ کی ذاتی جاگیرات اور قدیمی مناصب کے سوا تھا۔ کیونکہ سلطان محمد قطب شاہ کے بہنوی ہونے کی وجہ سے شاہ محمدؒ ابن شاہ علی عرب شاہ ابتداہی سے قطب شاہی دربار کے عمائدین میں شریک تھے اور شاہی خاندان کے معزز افراد میں سے سمجھے جاتے تھے[1]۔ چنانچہ بادشاہ نے اپنی بہن کی خاطر ان کو بڑے بڑے مناصب اور جاگیرات سے سرفراز کیا تھا۔ اس لئے ان عطایا کے موجود ہوتے ہوئے ان کو پیشوائی کے

---

[1] چنانچہ قطب شاہی فرامین وغیرہ میں ان کا اور ان کے فرزند شاہ خوندکار کا ذکر ہمیشہ شاہی اعزاز کے ساتھ کیا گیا ہے ان کے لوح مزار کے کتبہ پر بھی اس شاہانہ اعزاز کا خاص کر خیال رکھا گیا ہے۔

www.shiabookspdf.com

سلسلہ میں زیادہ مشاہرہ دینے کی ضرورت نہ تھی۔

میر صاحب کا مشاہرہ زیادہ ہونے کا ثبوت اس واقعہ سے بھی ملتا ہے کہ اس حقیقت کے باوجود کہ وہ ایران سے آتے وقت اپنے ساتھ کوئی دولت نہیں لائے تھے اور اس زمانہ کے دوسرے وزرا مثلاً محمود گاوان اور مصطفےٰ خاں اردستانی کی طرح ان کی کوئی تجارت بھی نہ تھی لیکن شہر حیدرآباد میں انھوں نے کافی املاک خریدی تھیں اور شہر کے علاوہ قطب شاہی سلطنت میں کئی گاؤں زرکثیر صرف کرکے خریدے تھے اور کئی تالاب اور مسجدیں بھی بنوائی تھیں۔ یہ گاؤں وغیرہ ان کی جاگیرات کے سوا تھے اور ان کا تفصیلی ذکر آئندہ کیا جائے گا۔ خود "دائرہ" کی زمین بھی انھوں نے خاص طور پر خرید کر کے قبرستان کے لئے وقف کردی تھی۔ یہ سب باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ درویشانہ زندگی بسر کرنے اور اہل اللہ ہونے کے باوجود میر محمد مومن صاحب کی آمدنی کافی تھی اور چونکہ سرکاری مشاہرہ کے علاوہ کوئی اور ذریعہ آمدنی نہ تھا اس لئے یقینی ہے کہ ان کی تنخواہ ان کے دست گرفتہ مرزا محمد امین میر جملہ سے کسی طرح کم نہ تھی۔ یہ اور بات ہے کہ اہل اللہ ہونے کی وجہ سے انھوں نے اپنے لئے زیادہ مشاہرہ لینا قبول نہ کیا ہو۔

مشاہرہ کے بعد پیشوائی کے اعزاز کا ذکر ضروری ہے۔ چونکہ پیشوا میر جملہ سے ارفع و اعلیٰ ہوتا تھا اس لئے میر مومن صاحب کو محمد قلی نے ایک خاص اعزاز یہ عطا کیا تھا کہ وہ دولت خانہ شاہی میں پالکی میں سوار ہو کر آیا جایا کریں۔ حالانکہ دوسرے تمام امرا و عمائدین اور اعزائے شاہی بھی دروازہ دولت خانہ عالی (موجودہ کمان سحر باطل) کے عالی شان زربفتی پردہ کے باہر ہی سواری سے اتر جاتے تھے اور کوئی شخص سوائے بادشاہ کے اس دروازہ کے اندر پالکی میں بیٹھا ہوا داخل نہ ہو سکتا تھا۔ لیکن حضرت میر مومن کی پالکی کے لئے دو بادشاہوں کے عہد میں یعنے تقریباً چالیس سال تک یہ پردہ اٹھتا رہا۔

www.shiabookspdf.com

یہ عجیب بات ہے کہ میر مومن کے بعد سلطان محمد کے عہد میں کسی شخص کو یہ اعزاز نصیب نہ ہوا اور سلطان عبداللہ کے عہد میں بھی گیارہ سال تک کوئی شخص دولت خانۂ عالی میں پالکی میں سوار ہو کر داخل نہ ہو سکا۔ حالانکہ سید شاہ محمد حسینی پیشوائے سلطنت ہونے کے ساتھ ساتھ بادشاہ کے پھوپا بھی تھے لیکن ان کو بھی یہ اعزاز نہیں دیا گیا۔ میر مومن صاحب کے بارہ سال بعد ان کے صحیح جانشین اور شاگرد رشید علامہ شیخ محمد ابن خاتون پیشوا کی قسمت میں یہ اعزاز لکھا تھا۔ چنانچہ ۱۰۴۶ھ میں عبداللہ قطب شاہ نے اجازت دی کہ علامہ موصوف میر مومن صاحب کی طرح پالکی میں سوار ہو کر دولت خانۂ عالی میں آجا سکتے ہیں۔ حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے:-

"در رضائے اعلیٰ شد کہ نواب علامی فہامی (ابن خاتون) بر نسبت مغفرت پناہ میر محمد مومن سوار پالکی شدہ بہ دولت خانۂ گیتی نشانہ آمد و رفت نمایند"[1]

مذہب کی ترویج

حضرت میر مومن کے پیشوا مقرر ہونے کے بعد ہی قطب شاہی سلطنت میں دو اہم واقعات ظہور پذیر ہوئے۔ جن میں ایک شہر حیدرآباد کی بنا اور دوسرا مذہب جعفری کی عام ترویج اور شہدائے کربلا علیہم السلام کے نام سے علمہائے مبارک کی استادگی سے متعلق ہے۔ اور ان دونوں میں حضرت میر مومن کی ذاتی دلچسپی اور اثر کو خاص دخل تھا۔ اس میں تو کوئی شبہ نہیں کیا جا سکتا کہ محمد قلی نے اپنے عقائد میں جو پختگی پیدا کی اور خادم اہل بیت رسول کے لقب[2] سے شہرت

---

[1] دیکھو حدیقہ ذکر احوال ۱۰۴۶ھ۔

[2] محمد قلی کی معاصر تاریخوں میں اس کی اسی خصوصیت پر بہت زور دیا گیا ہے۔ خاصکر برہان مآثر میں جہاں کہیں اُس کا نام لکھا گیا ہے اس میں اس کی یہی خصوصیت نمایاں نظر آتی ہے۔ مثلاً ۱۔ "عالی حضرت اعظم ہمایون — بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۳ پر

www.shiabookspdf.com

حاصل کی تھی اس کا سہرا حضرت میر مومن ہی کے سر ہے۔

حیات محمد قلی قطب شاہ میں تفصیل سے ثابت کیا گیا ہے کہ محمد قلی خود کوئی عالم و فاضل نہ تھا اور نہ اس وقت اس کی عمر ہی کوئی ایسی زیادہ تھی کہ وہ علوم دینیہ میں اتنی اعلیٰ بصیرت حاصل کر سکتا۔ حیدرآباد میں مذہب جعفری کی عام طور پر ترویج اور عاشور خانوں اور علموں کے مقام اور دیگر مذہبی مراسم (مثلاً عید بعثت نبیؐ، عید مولود علیؑ، عید غدیر اور عید سوری وغیرہ) کا آغاز محمد قلی ہی نے ۱۰۰۱ھ کے لگ بھگ کیا تھا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تمام امور حضرت میر محمد مومن کے عہدۂ پیشوائی کے اولین ثمرات ہیں۔

جدید ترین تحقیقات کی رو سے سلطنت قطب شاہیہ کا پہلا علم وہی ہے جو محمد قلی نے ۱۰۰۱ھ میں بنایا اور گولکنڈہ کے شاہی عاشور خانہ میں استاد کیا یہ اب تک محفوظ ہے اور گولکنڈہ کے حسینی علم کے نام سے معروف۔ اور ہر محرم میں اپنی اس قدیم اصلی عمارت میں استاد کیا جاتا ہے جس کی کرسی اس وقت سڑک سے تقریباً ایک گز نیچے ہو گئی ہے۔ اس علم مبارک پر حسب ذیل عبارت بطور مشبک درج ہے:۔

"وبشر المومنین نصر من اللہ وفتح قریب۔ غلام علی محمد قلی قطب شاہ سنہ احدی والف"۔

اس درمیانی طغریٰ کے اطراف پندرہ مشبک تختیوں میں پنجتن اور دوازدہ ائمہ معصومین کے اسماء منقوش ہیں۔[1]

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ سلیمان ظل سبحانی المؤید بتائید اللہ خادم اہل بیت رسول اللہ"۔ ص۹۵

۲۔ "عالی حضرت سلطنت وحشمت پناہ نصفت ومعدلت دستگاہ خادم اہل بیت رسول اللہ محمد قلی قطب شاہ"۔ ص۶۲۵ وغیرہ

[1] اس علم مبارک اور محمد قلی قطب شاہ کے مذہب سے متعلق حیات محمد قلی قطب شاہ کے صفحات ۸۹ تا ۱۰۴ پر تفصیلی معلومات درج ہیں۔

www.shiabookspdf.com

اس اہم ثبوت کے علاوہ خود محمد قلی قطب شاہ کے دیوان سے بادشاہ کے مذہبی شغف اور حضرات ائمہ اثنا عشر کے ساتھ غیر معمولی ارادت کے بیسیوں ثبوت نظر سے گذرتے ہیں اور ساتھ ہی بعض ایسے اہم مذہبی مسائل کی طرف اشارے اور انکی نسبت معلومات بھی ملتی ہیں جو محمد قلی جیسے رنگیلے اور آزادہ رو بادشاہ کی افتادِ طبیعت سے کوئی مناسبت نہیں رکھتے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ محمد قلی کو کتابی علم سے زیادہ حضرت میر مومن کے باطنی فیضان نے بہت متاثر کیا تھا۔ یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچ چکا ہے کہ محمد قلی کی ابتدائی تعلیم اس کے بھائیوں کے مقابلہ میں ناقص تھی[1]۔ اور اس نے خود اپنے کلیات میں کئی دفعہ اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مجھ کو علم و فضل سے کوئی واسطہ نہیں۔ مثلاً وہ کہتا ہے

"میرے استاد مجھے علم و ہنر کی تعلیم دینا چاہتے ہیں حالانکہ میں تو ازل سے عشق کے لئے پیدا کیا گیا ہوں۔ اگر میں علم و ہنر سیکھنا بھی چاہوں تو علما مجھے کیا سکھائیں گے؟ لوگ مجھے اُمّی سمجھتے ہیں۔ میں اس حد تک خود کو امی کہہ سکتا ہوں کہ تیرے اوصاف منہ زبانی یاد نہیں رہے اور میرا قلم ان کی وضاحت میں عاجز آگیا۔

علما و فقہا خود حقیقی علم سے ناواقف ہیں۔ وہ خود ا کے معنے نہیں جانتے اور مجھ سے کہتے ہیں کہ ب پڑھو۔ علم عاشقی میں ا ہی کے معنی سمجھنا بہت مشکل ہے اور پھر ظاہری علم و فضل سے

---

[1] وجہی کے بیان سے ظاہر ہے کہ محمد قلی زیادہ عرصہ تک مکتب میں نہیں بیٹھا۔ حیات محمد قلی ص ۲۰۔ محمد قلی کے علم و فضل کی تعریف کسی مورخ نے نہیں کی حالانکہ اس کے بھائیوں کے تذکرہ میں ان کے علم و فضل کی طرف ضرور اشارہ کیا گیا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھو حیات محمد قلی صفحہ ۳۴ تا ۴۱۔

www.shiabookspdf.com

سوائے غرور و تمکنت کے حاصل ہی کیا ہوتا ہے عالم لوگ اپنی بغلوں میں کتابیں رکھکر ان کے بوتہ پر غرور کرتے ہیں" وغیرہ[1]

علم و فضل سے دلچسپی نہ ہونے کے علاوہ محمد قلی کی پوری زندگی شوق عاشقی اور رنگ رلیوں میں بسر ہوی اور خاصکر ابتدائی زمانہ تو بھاگ متی کے ساتھ اس کے شہرۂ آفاق معاشقہ کی وجہ سے تاریخ دکن میں زندہ جاوید بن گیا ہے[2]۔

ان حالات کے تحت محمد قلی کا مذہب کی طرف اس اہتمام سے متوجہ ہونا ایک معجزہ سے کم نہیں نظر آتا۔ اور یہ اصل میں میر مومن صاحب کی کرامت تھی کہ ایک ایسے رند شاہد باز کے دل میں مذہب کی اتنی لو لگا دی کہ اس نے اپنے عملی کارناموں کی وجہ سے سلاطین قطب شاہیہ میں ایک اجتہادی شان پیدا کرلی۔

اگرچہ ۱۰۰۰ھ کے بعد سے محمد قلی کے مذہبی شغف کے ثبوت دستیاب ہوتے ہیں لیکن یہ ظاہر ہے کہ میر مومن صاحب نے اس عظیم الشان کام کے لئے پہلے ہی سے میدان تیار کرلیا تھا اور ۹۹۵ھ ہی سے انھوں نے اپنے مقصد کے حصول کا آغاز کر دیا تھا یہ اور بات ہے کہ اس کی تکمیل میں چار پانچ سال لگ گئے۔ تاہم محمد قلی جیسے آزادہ رو اور مطلق العنان بادشاہ کو عین عنفوان شباب میں اس راستہ پر لگانا انہی کا کام تھا مذہبی تبلیغ اور اصلاح کے سلسلہ میں محمد قلی کو جن مخالفتوں اور بغاوتوں کا سامنا کرنا پڑا ان کا تفصیلی حال حیات محمد قلی میں درج ہے اس لئے یہاں ان کا بیان کرنا

---

[1] تفصیل اور اصل اشعار کیلئے دیکھو حیات محمد قلی صفحہ ۳۶ و ۳۷۔ [2] اس معاشقہ کا تذکرہ خود محمد قلی کے معاصرین میں فرشتہ کے علاوہ علامہ فیضی نے اپنے مکتوب (بنام شہنشاہ اکبر) میں بھی کیا ہے۔ دیکھو لطائف فیاضی، عرضداشت دوم

www.shiabookspdf.com

غیر ضروری ہے۔ اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ ان بغاوتوں کے بروقت فرو کرنے اور محمد قلی کی ہمہ جہتی کامیابیوں میں حضرت میر مومن کی صائب رائے اور شاید باطنی یا عملیاتی قوت کا بھی ضرور دخل تھا۔

عہد محمد قلی میں محرم اور ربیع الاول کی تقریبیں جس دھوم دھام سے منائی جاتی تھیں اور جس عالی شان پیمانہ پر جشن چراغاں کیا جاتا اور تصویروں وغیرہ کی نمایش ہوتی[1] اس میں خود محمد قلی کے طبعی رجحانِ مجلس آرائی کے علاوہ میر مومن صاحب کی اس مصلحت کو بھی دخل تھا کہ اس طرح خود بادشاہ بھی متوجہ اور اس کے علاوہ سلطنت کے غیر مسلم عوام کو اسلام اور اس کے مسائل سے دلچسپی پیدا ہو اور وہ رفتہ رفتہ اس مذہب سے واقف اور قریب تر ہو جائیں۔ ان پر تکلف تقریبوں نے یہاں کے باشندوں کے خیال سے یہ بات نکال دی کہ اسلام محض ایک خشک اور بے لطف مذہب ہے۔ اور دوسری بات یہ کہ جملہ غیر مسلم رعایا خود بھی ان تقریبوں میں خلوص اور اعتقاد سے حصہ لینے لگی اور حاکم و محکوم کے درمیان ثقافت اور معاشرت کا زیادہ فرق باقی نہ رہا

شہر حیدر آباد کی تعمیر

حضرت میر مومن کی پیشوائی سلطنت کا دوسرا اہم واقعہ جو پہلے کے ساتھ ساتھ یعنے تقریباً ایک ہی زمانہ میں وقوع پذیر ہوا۔ شہر حیدر آباد کی بنا تھا۔ اس شہر کی آبادی اور تزئین و آرائش سے متعلق حیات محمد قلی قطب شاہ میں تفصیلی معلومات درج ہیں[2]۔ اور اس موضوع پر اب ایک جداگانہ کتاب بھی زیر ترتیب ہے۔

---

[1] ان تمام امور کے تفصیلی مرقعے حیات محمد قلی قطب شاہ صفحات ۱۴۳ تا ۱۷۳ میں ملاحظہ ہوں۔

[2] دیکھو صفحات ۱۰۵ تا ۱۳۸۔

www.shiabookspdf.com

اس لئے یہاں اس بارے میں تفصیل سے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم اس امر کا اظہار مناسب ہے کہ محمد قلی قطب شاہ نے ایک متمدن اور بارونق شہر بسانے کا جو نقشہ ڈالا تھا اس کے بنانے میں پیشوائے سلطنت کی رائے بھی ضرور شامل تھی۔

چارمنار کی وجہ تعمیر میں تعزیہ کو دخل ہو یا نہ ہو، اس کا روضۂ حضرت امام رضا علیہ السلام کی طرح شہر کے وسط میں بنایا جانا اور اس کے چاروں طرف بڑی بڑی سڑکوں اور بازاروں کی تعمیر میں حضرت میر مومن ہی کے مشورہ کو دخل ہوگا[1]۔ کیونکہ میر صاحب جیسے متقی پیشوائے سلطنت کی

---

[1] یہ مربع عمارت شہر کے تقریباً وسط میں پتھر اور گچ سے بنائی گئی۔ اس کے چاروں رخ بھی تقریباً چاروں اسمات (شمال، جنوب، مشرق اور مغرب) کے موافق قائم کئے گئے ہیں۔ ہر سمت ۶۰ فٹ عریض ہے اور اسکے منار تقریباً ۱۹۰ فٹ بلند۔ وسطی عمارت تیس فٹ عریض اور چوبیس فٹ بلند چار محرابوں پر مشتمل ہے جن کے درمیان گنبد نما چھت ہے۔ اس چھت پر دو منزلہ عمارت بنائی گئی جس کی پہلی منزل پر مدرسہ اور خانقاہ اور دوسری پر مسجد اور حوض تعمیر کیا گیا۔ ان پر پہنچنے کے لئے چاروں مناروں میں زینے بنے ہوئے ہیں۔ لیکن یہ مسجد و مدرسہ و خانقاہ باہر سے نظر نہیں آتے کیونکہ ان کے اطراف خوش وضع کمانیں باہر کے رخ پر کچھ اس طرح بنائی گئی ہیں کہ اندر کی حالت ظاہر نہیں ہونے پاتی اور عمارت کے بیرونی پہلوؤں کا حسن اور تناسب بھی باقی رہتا ہے۔ بالائی منزل میں جو حوض ہے اس میں جل پلی کے تالاب سے پانی پہنچایا گیا تھا۔ یہ حوض ۱۱۸۵ھ تک موجود تھا چنانچہ تاریخ ظفرہ میں لکھا ہے:۔

"حوضے است در غایت لطافت و صفا۔ آب نہر تالاب جل پلی در آں می رسد" صفحہ ۱۱۔

چارمینار کی تعمیر میں ایک روایت کی رو سے تین لاکھ اور دوسری کے مطابق دو لاکھ باون ہزار ہون یعنے دس بارہ لاکھ روپے

www.shiabookspdf.com

موجودگی میں شہر کی بنیاد کے وقت کسی مذہبی تقدس یا مناسبت کا خیال پیدا ہونا ضروری تھا۔ کیونکہ چار منار کے تعزیہ نما ہونے (اور حضرت امام رضا کے مرقد منور کی طرح شہر کے وسط میں اس طرح بنائے جانے کہ اس کی چاروں طرف سے سڑکیں آکر ملتی ہوں) کے علاوہ اس کے بلند ترین حصہ میں ایک نہایت خوش نما وسیع مسجد کی تعمیر اس خیال کو ظاہر کرتی ہے کہ شہر میں سب سے پہلے اور سب سے زیادہ بلندی پر خانۂ خدا کا تعمیر کیا جانا ضروری ہے اور ایسا اعلیٰ اور پاکیزہ تخیل میر مومن جیسے پیشوائے کل ہی کے ذہن میں پیدا ہو سکتا تھا۔ چنانچہ اسی مسجد کی وجہ سے یہ عمارت زوال گولکنڈہ کے بعد منہدم کر دئے جانے سے بچ گئی۔[1]

واقعہ یہ ہے کہ نہ صرف چار منار بلکہ محلات شاہی اور دیگر خاص خاص عمارتوں کے محل وقوع کے تعین اور جگہ کے منحوس و مسعود ہونے کے بارے میں بھی میر صاحب کی روحانی اور عملیاتی قوتوں سے ضرور مدد لی گئی تھی۔ اس کا ایک ثبوت اس واقعہ سے ملتا ہے کہ جب دیوان خانہ عالی تیار ہونے لگا اور اس کی جانب شرق ایک ایک ہزار گز لانبا اور اتنا ہی چوڑا جلوخانہ بن گیا تو اس عظیم الشان جلوخانہ کے چاروں پہلوؤں کے وسط میں ایک ایک کمان بنائی گئی جس کی بلندی تیس گز رکھی گئی تاکہ بڑے سے بڑا ہاتھی اونچی سے اونچی عماری اور بلند سے بلند فوجی نشان کے ساتھ ان کمانوں میں سے گذر سکے۔ ان میں سے جو کمان دولت خانۂ عالی کی طرف تھی اس میں ۶۰ فیٹ بلند اور ۶ فیٹ چوڑے لشیب کی طرح سیاہ و مصفیٰ دو سنگ خارا کھڑے کر کے اور ان کے اوپر ایک اور پتھر رکھکر باب عالی کی

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ ۔ صرف ہوئے ۔ یا حافظ سے اس کی تاریخ نکلتی ہے (تفصیل کے لئے دیکھو مآثر دکن صفحہ ۶ تا ۱۰ اور حیات محمد قلی قطب شاہ صفحہ ۱۰۷ تا ۱۰۹ گلزار آصفیہ صفحہ ۲۱ ۔

[1] شفیق نے احوال حیدرآباد میں اورنگزیب کے حکم سے دادمحل کے ساتھ چار منار کے انہدام کے آغاز اور پھر ...

www.shiabookspdf.com

چوکھٹ بنائی گئی جس میں صندل، ہاتھی دانت اور سونے کا ایک دروازہ لگایا گیا۔ جس کسی شخص کو محل و دیوان خانۂ شاہی میں جانا ہوتا تو اس دروازہ میں سے ہو کر گذرنا ضروری تھا۔ اس لحاظ سے تمام شہر میں اس دروازہ کو بڑی اہمیت حاصل تھی۔ حضرت میر محمد مومن نے اسی اہمیت کے پیش نظر اس دروازہ کے سامنے ایک پتھر کا ستون گاڑ دیا تھا جس پر ایسے طلسم وغیرہ منقوش کر دئے تھے جنکی وجہ سے ہر اس شخص کا اثر زایل ہو جاتا تھا جو خراب ارادوں کے ساتھ بادشاہ کے یہاں جانا چاہتا۔ اسی وجہ سے اس کمان کا نام "کمان سحر باطل" مشہور ہو گیا اور اب تک یہ اسی نام سے مشہور ہے حالانکہ نہ اب وہ طلسمی پتھر باقی ہے اور نہ صندل اور سونے کا دروازہ۔ یہ طلسمی ستون جادو وغیرہ کے اثرات توڑنے کے علاوہ ایسا متبرک ثابت ہوا کہ شہر کے جو بیمار ایک دفعہ اس کو چھو جاتے وہ صحتمند ہو جاتے تھے۔ چنانچہ اسکی وجہ سے رفتہ رفتہ طبیبوں کا بازار سرد ہونے لگا۔ اور سب حکیم ملکر غالباً میر صاحب کی وفات کے بعد آدھی رات کے وقت اس کو وہاں سے نکالکر شہر کے باہر لے گئے اور موضع الوال کی ایک باؤلی میں ڈالدیا۔ ایک عرصہ کے بعد لوگوں کو اس کا بھی پتہ چل گیا کیونکہ جو شخص اس باؤلی میں غسل کرتا صحت مند ہو جاتا۔ اس طرح اس باؤلی پر مریضوں کا تانتا بندھ گیا تو طبیبوں نے وہاں سے بھی نکال کر کسی مخفی جگہ پوشیدہ کر دیا۔ یہ واقعہ ماہنامہ میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے[1] اور کوئی تعجب نہیں کہ صحیح ہو کیونکہ میر صاحب کی روحانی قوت اور عاملانہ تسخیر کے اور متعدد واقعات مختلف تاریخوں میں درج ہیں جن کا ذکر اس کتاب کی ایک علیحدہ فصل "تصرفات"

---

[1] تفصیل کیلئے دیکھو ماہنامہ نسخہ سالار جنگ بہادر ورق ۳۰۵ ب و ۳۰۶ ا ۔

www.shiabookspdf.com

میں شرح و بسط کے ساتھ پیش ہے۔

میر صاحب کی حویلی اور دائرے کی تعمیر

شہر حیدر آباد کی تعمیر کے سلسلہ میں میر صاحب کے دولت خانہ اور دائرہ کی تعمیر کی طرف اشارہ کر دینا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ یہ دونوں میر صاحب کے عہد پیشوائی کی ابتدائی یادگاریں ہیں۔ شہر کے بازاروں، محلوں، مسجدوں، عاشور خانوں اور حماموں کے لئے مناسب مقامات کا انتخاب اور ان کی تعمیر کے ساتھ ساتھ اہل شہر کے لئے آبادی کے ایک طرف ایک پاک و صاف قبرستان کی جگہ منتخب اور خرید کر کے میر صاحب نے محفوظ کر لی اور اس جگہ کو اپنے صرفہ سے ایک خوشنما باغ کی طور پر سجایا۔ دائرہ کے لئے یہ مقام کن وجوہ سے اور کب منتخب کیا گیا تھا ان کی تفصیل ایک علحدہ باب میں درج ہے جو دائرہ ہی پر لکھا گیا ہے۔ البتہ یہاں صرف اتنا لکھ دینا کافی ہے کہ میر صاحب نے اس کے لئے ایک نہایت متبرک اور موزوں مقام کا انتخاب کیا تھا اور یہ مقام شہر حیدر آباد کے اس کونے پر مشتمل تھا جہاں یہ شہر جانب جنوب ایک زاویہ کی شکل میں ختم ہوتا تھا۔ ذیل کے نقشے سے دائرہ کا محل وقوع صاف طور پر سمجھ میں آسکتا ہے۔

۱۔ چار منار

۲۔ جلو خانہ

۳۔ دولت خانہ عالی

۴۔ عاشور خانہ

۵۔ حویلی میر محمد مومن

۶۔ دائرہ میر محمد مومن



www.shiabookspdf.com

یہ امر ذہن نشین رہنا چاہیئے کہ حیدرآباد کا خاکہ ایک تکون کی شکل میں ڈالا گیا تھا جس کے تینوں پہلو تقریباً مساوی تھے۔ یہ مثلث موسیٰ ندی کے ساحلی خط سے شروع ہوتا تھا جو اس کا شمالی پہلو تھا۔ اس پہلو کے مقابل جو زاویہ بنتا ہے میر مومن صاحب نے اسی کو اپنے دائرہ کے لئے منتخب کیا کیونکہ وہ ہر لحاظ سے شہر کا آخری گوشہ تھا جو قبرستان کے لئے بہترین مقام سمجھا جاسکتا ہے۔

میر صاحب کی حویلی

میر صاحب نے حیدرآباد کی تعمیر کے وقت اپنے قیام کے لئے شہر کا کونسا حصّہ منتخب کیا تھا اس کے متعلق بھی حسن اتفاق سے صحیح معلومات حاصل ہوگئیں۔ یوں تو سوا تین سو سال گذر جانے کے بعد بھی انکے محلہ (محلہ میر مومن) اور چوک (میر چوک) کا نام اب تک باقی ہے لیکن یہ بھی ایک عجیب بات ہے کہ ان کے دولت خانہ کا محل وقوع اور اسکی عمارت کے کچھ آثار بھی اب تک محفوظ ہیں۔

میر صاحب کا دولت خانہ وہی تھا جو اب پرانی حویلی مبارک کہلاتا ہے اور جس میں حضرت افضل الدّولہ آصفجاہ خامس اور غفراں مکاں میر محبوب علی خاں آصفجاہ سادس رہا کرتے تھے اور اب بھی اعلیحضرت سلطان العلوم آصفجاہ سابع کی والدہ محترمہ قیام پذیر ہیں۔ یہ اصل میں میر صاحب کا سرکاری مکان تھا۔ اور یہاں سے ان کے دائرہ تک ایک سیدھی سڑک بنائی گئی تھی جو میر جملہ کے تالاب کے کٹے پر سے گذرتی تھی۔ میر صاحب کے دولت خانہ سے جو سڑک مغرب کی طرف جاتی ہے وہ ٹھیک بادشاہی عاشور خانہ تک پہنچتی تھی۔ میر صاحب کے دولت خانہ سے متعلق تاریخ گلزار آصفی میں لکھا ہے:۔

"مکان انحضرت کہ فی الحال دولت خانہ قدیم برہمون زمین جلوہ احداث یافتہ۔ و میر چوک موسومہ میر صاحب موصوف است۔ وتا حال دروازہ دویمی دیوان خانہ مرشدزادہ آفاق اکبر جاہ بہادر از محدثات آنجناب باقی ست ۶۱۳"

میر صاحب کی بنائی ہوئی یہ کمان حال تک موجود تھی اور اب اسکی جگہ وہ ملگی واقع ہے جہاں سے دفتر دیوانی بلدہ کی سڑک شروع ہوتی ہے

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کے مکانات سے متعلق دوسری معلومات یہ ہیں کہ انھوں نے شہر حیدر آباد کے مشہور دارالشفا (دواخانے) کے جانب جنوب کئی مکان بنائے تھے اور ان مکانات کے مختلف حصّے ان کے بعد ان کی اولاد میں تقسیم کر دئے گئے تھے جس کی بنا پر دارالشفا کی عمارت کے عقب کا علاقہ محلہ میر مومن کے نام سے مشہور ہو گیا۔ یہ محلہ چھوٹی چھوٹی اور تنگ گلیوں پر مشتمل تھا اور اب آرائش کی وجہ سے اس کے اکثر حصّے منہدم کر دئے گئے۔ اس وقت ہمارے پیش نظر دو سو گیارہ سال قبل کا ایک محضر موجود ہے جس میں ایک مکان کے دیوان خانہ اور محل سرا کی زمین کا رقبہ درج ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا دیوان خانہ دارالشفائے شاہی کے عقب میں ۱۳۵ فیٹ طویل اور ۱۲۶ فیٹ عریض زمین پر بنایا گیا تھا اور اس کی محل سرا ۱۶۲ فیٹ طویل اور ۱۰۰ فیٹ عریض قطعہ زمین پر مشتمل تھی۔ ان دونوں حصوں میں بڑی بڑی باؤلیاں بھی تعمیر کی گئی تھیں[1] اور ان کے علاوہ ایک اور حصہ زمین ۶۲ فیٹ طول اور ۳۲ فیٹ عریض بھی تھا جو غالباً ڈیوڑھی کے صحن اور راستہ کا کام دیتا تھا۔ اس ڈیوڑھی کے حدود بعد کے زمانہ میں (یعنے میر صاحب کی وفات سے ایک سو چودہ سال بعد) حسب ذیل تھے۔

۱۔ شرقی۔ منتصل خانۂ فرہاد خاں ۲۔ غربی۔ منتصل زمین مقبرہ ملا خیر الدین

۳۔ شمالی۔ کوچۂ نافذہ ۴۔ جنوبی منتصل زمین سبجی محل

یہ محضر ۲۹ ربیع الاول ۱۱۵۲ھ کو میر صاحب ہی کی اولاد میں سے ایک صاحب میر حسین بن میر عبد اللہ بن میر قربان علی بن میر شاہ علی نے لکھا تھا۔ اور اس پر حسب ذیل اصحاب کی

---

[1] ایک باؤلی راقم الحروف نے بھی دیکھی ہے اور اسکو گذشتہ ہفتہ میں مکانات گراتے وقت ان کے ملبے سے بند کر دیا گیا ہے۔

www.shiabookspdf.com

مہریں قابل ذکر ہیں[1]۔

(۱) مفتی شرع قطب عالم محمد قادری ۱۱۳۲ھ (۲) مفتی شرع محمد معزالدین (۳) حافظ خاں دعاگوئے آصف جاہ سلمہ اللہ تعالیٰ والبقاہ۔

واقعہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحب کے جو مکان دارالشفا کے قریب تھے وہ ان کے خانگی مکان تھے جو ان کے بعد بھی ان کی اولاد کے قبضہ و تصرف میں باقی رہے اور پرانی حویلی کی جگہ پر انھوں نے جو عالی شان دولت خانہ بنوایا تھا وہ پیشوائے سلطنت کا سرکاری مکان ہوگا اور میر صاحب کی

---

[1] اس محضر کی اصل عبارت کا اقتباس درج ذیل ہے :-

"........... میر حسین بن میر عبداللہ بن میر قربان علی بن میر شاہ علی از سکنۂ بلدہ فرخندہ بنیاد حیدرآباد بریں کہ یک قطعہ زمین سکنی مشتمل بر سہ دفعہ، دفعہ اول زمین دیوان خانہ طولاً چہل و پنج گز عرضاً چہل و دو گز بایک چاہ آب ۔ دفعہ دویم زمین محل سرا طولاً پنجاہ و چہار گز عرضاً سی و شش گز معہ ایک چاہ کلاں ۔ دفعہ سیوم زمین راہ مقبرہ میر شاہ علی مذکور طولاً بیست و یک گز عرضاً یازدہ گز کہ واقع است در محلہ میر محمد مومن قریب بدارالشفاء من محلات بلدۂ مذکور محدود الذیل حق و ملک موروثی ایں سایل است خالیاً عن حق الغیر ۔ واسناد آں در ہنگام تسخیر ملک و قلعہ محمد نگر گم شدہ ۔ والی الآن بسبب حصہ وراثت میر شاہ علی مذکور زمین موصوفہ در قبض و تصرف خود دارم ...."

یہ محضر اس وقت مولوی میر عباس علی صاحب نبیرہ و سجادہ نشین درگاہ حضرت میر محمد مومن کے یہاں موجود ہے۔

www.shiabookspdf.com

وفات کے بعد قدیم دستور کے مطابق کارپردازان شاہی کے قبضہ میں چلا گیا۔

سلطان محمد قطب شاہ کی پیدائش اور تعلیم کی نگرانی

حضرت میر محمد مومن کی پیشوائی کے ابتدائی دس سالوں کا تیسرا اہم واقعہ محمد قلی قطب شاہ کے بھتیجے اور جانشین شہزادہ مرزا محمد سلطان کی پیدائش ہے۔ کیونکہ اس شہزادہ کی پوری زندگی میر مومن صاحب قبلہ ہی کے زیر اثر گذری۔ اس کی تعلیم و تربیت، اخلاق و شائستگی، زہد و تقویٰ، شادی اور تخت نشینی غرض کہ جملہ امور میں میر صاحب نے ذاتی حصہ لیا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خدا نے ان کو ایران سے محض اس لئے ہندوستان بلوایا تھا کہ ان کی تعلیم و تلقین ایک قطب شاہی شاہزادہ کو شرافت و لیاقت کا مجسمہ بنا دے۔ واقعہ یہ ہے کہ میر صاحب کی گہری دلچسپی اور نگرانی کی وجہ سے سرزمین دکن کو ایک صاحب علم و فضل اور متقی و پرہیزگار بادشاہ نصیب ہوا۔ اور عجیب بات یہ ہے کہ سلطان محمد قطب شاہ اور میر محمد مومن صاحب کی زندگی میں چولی دامن کا سا تعلق معلوم ہوتا ہے کیونکہ وہ اپنے ضعیف استاد اور محسن کی زندگی کے چند ہی ماہ بعد خود بھی عین عالم جوانی میں انتقال کر گیا۔ اس طرح اس کی ساری زندگی صحیح معنوں میں میر محمد مومن پیشوا ہی کے سایۂ عاطفت میں گذری۔

شہزادہ مرزا محمد سلطان بتاریخ ۲۳ رجب ۱۰۰۱ھ چہارشنبہ کے دن بوقت صبح پیدا ہوا تھا۔ اور اس وقت تک اس کے چچا سلطان محمد قلی قطب شاہ کو کوئی اولاد نہ ہوئی تھی اس لئے بادشاہ اس شہزادہ کی ولادت سے بہت خوش ہوا۔ میر مومن صاحب پیشوائے سلطنت کو بھی اس ولادت سے بے حد مسرت ہوئی کیونکہ شاید انھوں نے علم نجوم و رمل و تسخیر کے ذریعہ سے معلوم کر لیا تھا کہ اس نومولود کو ان سے کتنا گہرا تعلق رہے گا۔ چنانچہ اسی روز انھوں نے یہ قطعۂ تاریخ لکھکر بادشاہ کی خدمت میں

www.shiabookspdf.com

پیش کر دیا۔

باز عالم ابتدائے کامرانی کردہ است　　صد بشیر کامرانی نی برد ہر سو خبر

دو دمان ترکماں راخوش چراغے برفروخت　　پر تو شہزادہ بر چرخ می تابد دگر

رونق عز و شرف سلطاں محمد زانکہ ہست　　ہر دو عالم یک صدف از بہر آں عالی گہر

خواستم تاریخ آں فرخندہ گوہر عقل گفت　　اول کام است و فیروزی و اقبال و ظفر

چوں دعا بہر زیں نمی دانم ازاں می گویمش　　سرور عالم شوی در ظل اقبال پدر

گویا ولادت کے روز ہی میر صاحب نے سلطان محمد کی بھی بادشاہت کی پیشین گوئی کر دی تھی۔ اور یہ ایک بہت بڑی جرأت کی بات تھی کیونکہ بادشاہِ وقت کی عمر اس وقت صرف اٹھائیس سال کی تھی اور خود اس کے یہاں اولاد پیدا ہونے کی توقع موجود تھی لیکن اس کے باوجود بادشاہ کے بھتیجے کے لئے یہ دعا دینا کہ تو اپنے باپ کے سایہ میں سرور عالم بنے ظاہر کرتا ہے کہ میر صاحب کو یقین ہو گیا تھا کہ محمد قلی کو اولاد نرینہ نہیں ہو گی اور انہوں نے یہ بھی معلوم کر لیا تھا کہ محمد قلی کا بھائی شہزادہ مرزا محمد امین بادشاہ نہیں بنے گا بلکہ اس کا فرزند سلطان محمد بادشاہ بنے گا جبھی تو انھوں نے کہا کہ ع

سرور عالم شوی در ظل اقبال پدر

اور اس دعا میں یہ کمال بھی کیا ہے کہ درظل پدر نہیں لکھا بلکہ درظل اقبال پدر لکھا ہے۔ یعنے جب بادشاہ ہو گا تو چچا کی طرح باپ بھی زندہ نہ ہو گا بلکہ باپ کے اقبال کی وجہ سے شہزادہ بادشاہ بنے گا۔ گویا باپ بھی چونکہ شہزادہ تھا اور سلطنت کا وارث بن سکتا تھا اس لئے اس استحقاق کی بنا پر بیٹا بادشاہ ہو گا۔

www.shiabookspdf.com

سلطان محمد کی پیدائش کے بعد سے خود سلطان محمد قلی بھی اس کا اتنا دلدادہ ہوگیا تھا کہ اس کو اپنی فرزندی میں لینے کے لئے اپنے چھوٹے بھائی مرزا محمد امین سے خواہش کی لیکن جب تک مرزا محمد امین زندہ رہا شہزادہ کو اپنی آنکھوں سے لگائے رکھا اور اس کے ۱۵ شعبان ۱۰۰۵ھ میں بروز پنجشنبہ صرف پچیس[۲۵] سال کی عمر میں وفات پا جانے کے بعد بادشاہ خود اپنے مرحوم بھائی کے مکان کو گیا اور شہزادے کو اپنے دولت خانۂ عالی میں لے آیا۔ اس وقت شہزادہ مرزا محمد سلطان کی عمر صرف تین سال ایک ماہ کی تھی۔ گویا اس نے چوتھے سال میں قدم ہی رکھا تھا کہ باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔

محمد قلی قطب شاہ نے شہزادہ کو راست اپنے پیشوا اور رہبر حضرت میر محمد مومن کی نگرانی میں دیدیا جن کے مشورہ سے قاضی محمد سمنانی قرآن شریف کی تعلیم کیلئے اور بعد کو حضرت یوسف صاحب[۱] شمشیر بازی اور تیر اندازی و دیگر علوم و فنون شاہانہ سکھانے کیلئے مقرر کئے گئے۔

غرض میر مومن صاحب نے اس نیک بخت شہزادے کی تربیت و نشو و نما میں شروع ہی سے

---

[۱] حضرت یوسف صاحب نے سلطان محمد ہی کے عہد حکومت میں وفات پائی اور ان کی درگاہ محلہ نام پلی میں اب تک مرجع خلائق ہے۔ لیکن حال میں اس پر محکمہ امور مذہبی کی طرف سے جو کتبہ لگایا گیا ہے اس میں تاریخ گلزار آصفی کے بیان کے مطابق تاریخی واقعات درج کئے گئے ہیں اور حضرت یوسف صاحب کو عہد اورنگ زیب کا بزرگ بتایا گیا ہے حالانکہ اس وقت ان کو انتقال کئے ہوئے سو برس سے زیادہ زمانہ گذر چکا تھا۔ حضرت یوسف صاحب کے متعلق دیکھو تاریخ قطب شاہی صفحہ ۲۶۔ حدیقۃ العالم صفحہ ۲۶۵۔ تاریخ گولکنڈہ صفحہ ۱۱۵۔

www.shiabookspdf.com

حصّہ لیا۔ اِن کو اس کی ذات سے ایک خاص دلبستگی پیدا ہوگئی تھی اور وہ اس کی بہبودی کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتے تھے۔ چنانچہ اس حقیقت حال کی طرف انھوں نے اپنے اُن قصائد میں بعض جگہ اشارے کئے ہیں جو سلطان محمد کی تخت نشینی کی تہنیت میں لکھے گئے تھے۔ وہ ایک جگہ لکھتے ہیں ؎

از دعا گوئے چو مؤمن ہم دعا بہتر کہ ہست — او کہن داعی و تو شاہ جہانبان نوی

یعنے (دوسرے دعاگویوں کے مقابلہ میں) مؤمن جیسے دعاگو کی دعا تیرے لئے بہتر ہے

کیونکہ وہ تیرا پرانا (بہی خواہ اور) دعا کرنے والا ہے اور تو اس کا نیا بادشاہ ہے۔

اس کے علاوہ میر صاحب نے اپنے قصیدوں میں سلطان محمد قطب شاہ کے لئے اس خلوص و محبّت سے دعائیں مانگی ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کوئی اپنی ہی عزیز اولاد کے لئے دعا کر رہا ہے نہ کہ کسی سَرپرست و محسن بادشاہ کے لئے۔

میر جملہ کا تقرر

اس سے قبل تاریخ فرشتہ وغیرہ کے بیان سے یہ ثابت کیا جاچکا ہے کہ محمد قلی قطب شاہ جملہ امور میں میر صاحب ہی کی رائے و مشورہ پر عمل پیرا تھا۔ لیکن اس حقیقت حال کا سب سے بڑا ثبوت مرزا محمد امین میر جملہ کے تقرر کا واقعہ[1] ہے۔ اس اہم واقعہ کی نسبت ہم اپنی کتاب حیات محمد قلی قطب شاہ سے حسب ذیل اقتباس کے اندراج ہی پر اکتفا کرتے ہیں۔

”جس وقت مرزا محمد امین حیدر آباد آیا ہے تو محمد قلی قطب شاہ کا عہد حکومت ہمہ جہتی ترقیوں کے لحاظ سے معراج کمال پر پہنچ چکا تھا۔ اور اس کے میر جملہ ملک امین الملک الف خاں کو بھی انتقال

---

[1] دیکھو تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۲۶۱۔

www.shiabookspdf.com

گئے ہوئے دو تین سال گذر چکے تھے۔ یہ عہدہ خالی تھا اور سوری راؤ شاید منصرمانہ طور پر یہ خدمت انجام دیرہا تھا۔ لیکن بقول تاریخ قطب شاہی جیسا کہ چاہیئے مملکت کا انتظام نہیں ہو رہا تھا۔ اور محمد قلی کسی قابل آدمی کی تلاش میں تھا۔

اس موقعہ پر جیسا کہ ہمیشہ ہوتا ہے جملہ اعیان دربار اپنے اپنے دوستوں اور محسنوں کے لئے کوشش کر رہے تھے لیکن میر مومن پیشوائے سلطنت نے مرزا محمد امین کو اس خدمت کے لئے منتخب کیا اور محمد قلی نے یہ سفارش قبول کر کے ۱۰۱۱ھ میں مرزا کو اپنا جملۃ الملک بنالیا۔ اور اس کے لئے ایک ایسا بیش بہا قلمدانِ وزارت روانہ کیا جو اعلیٰ درجہ کے جواہر سے مرصع تھا۔[1]

مرزا محمد امین کے عہد میر جملگی کی غیر معمولی کامیابی اور اس کے اعلیٰ ذوق و شائستگی اور عظیم الشان دعوت کے تفصیلی حالات حیات محمد قلی قطب شاہ میں درج ہیں۔ ایک ایسے عالی مرتبت شخص کو میر جملگی کی خدمت کیلئے منتخب کرنے سے پتہ چلتا ہے[2] کہ میر صاحب کیسے مردم شناس اور قدر دان اہل کمال تھے ان کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ہمیشہ اہل کمال کی تلاش میں رہتے تھے اور ایران سے اکثر علما و فضلا کو حیدرآباد آنے کی دعوت دیتے تھے۔ چنانچہ تاریخ عالم آرائے عباسی میں خود میر صاحب ہی کی زندگی میں لکھا گیا تھا کہ

"اکنوں کہ ایں صحیفہ تسوید می یابد و سنہ ہجری بخمس و عشرین والف رسیدہ در قید حیات است

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو حیات محمد قلی قطب شاہ صفحہ ۲۴۳ تا ۳۵۵۔

[2] تاریخ دربار آصف گلزار دوم صفحہ ۱۹۱۔

www.shiabookspdf.com

ومستحقین ہر دیار بوسیلۂ جناب میر سلسلۂ علیہ انتفاع می یابند[۱]"

مرزا محمد امین کی طرح میر صاحب نے ایک اور رفیع المرتبت شخصیت علامہ شیخ محمد ابن خاتون کی بھی دستگیری کی تھی جس کا تذکرہ اس کتاب کی تیسری فصل میں درج ہے۔

حیات بخشی بیگم کی شادی

مرزا محمد امین کے تقرر کی وجہ سے اگرچہ حضرت میر مومن کو امور سلطنت سے یک گونہ اطمینان اور فرصت حاصل ہوگئی تھی لیکن ہر اہم معاملہ میں ان کو ضرور دلچسپی لینی پڑتی تھی۔ چنانچہ اس واقعہ کے ایک سال بعد ہی جب شاہ عباس صفوی نے اغزلو سلطان کو اپنا سفیر بنا کر حیدرآباد روانہ کیا[۲] تو پھر میر مومن کو سیاست کے عملی میدان میں نکلنا پڑا۔ کیونکہ اس سفارت کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ محمد قلی قطب شاہ کی دختر حیات بخشی بیگم کو شاہ ایران کے فرزند کے عقد نکاح میں دینے کی بابت بات چیت کی جائے۔ چنانچہ تاریخ فرشتہ میں اس پیام کو قطب شاہی سلطنت کے لئے ایک غیر معمولی اعزاز قرار دیا گیا ہے اور چونکہ فرشتہ کی تصنیف کے وقت تک شاہ ایران کا ایلچی گولکنڈہ ہی میں موجود تھا اور حیات بخشی بیگم کی شادی نہیں ہوئی تھی اس لئے ابوالقاسم فرشتہ کو تو یقین تھا کہ اس شہزادی کی شادی ایران کے شہزادہ سے ضرور ہوگی اور اسی یقین کی بنا کر اس نے یہاں تک لکھدیا کہ محمد قلی قطب شاہ نے شاہ عباس صفوی کی خواہش منظور کر لی اور اپنی دختر کو ایران بھجوانے کی تیاری کر رہا ہے۔ اسکے الفاظ ہیں:۔

"از جملۂ توصیفات آسمانی و عنایات یزدانی در شامل روزگار آں شہریار محب اہل بیت

---

۱ تاریخ عالم آرائے عباسی صفحہ ۱۵۹ ۔ ۲ اس سفارت کے تفصیلی واقعات کے لئے دیکھو حیات محمد قلی قطب شاہ صفحات ۳۱۴ تا ۳۱۸ ۔

www.shiabookspdf.com

گئے ہوئے دو تین سال گذر چکے تھے۔ یہ عہدہ خالی تھا اور سوری راؤ شاید منصرمانہ طور پر یہ خدمت انجام دے رہا تھا۔ لیکن بقول تاریخ قطب شاہی جیسا کہ چاہئے مملکت کا انتظام نہیں ہو رہا تھا۔ اور محمد قلی کسی قابل آدمی کی تلاش میں تھا۔

اس موقعہ پر جیسا کہ ہمیشہ ہوتا ہے جملہ اعیان دربار اپنے اپنے دوستوں اور محسنوں کے لئے کوشش کر رہے تھے لیکن میر مومن پیشوائے سلطنت نے مرزا محمد امین کو اس خدمت کے لئے منتخب کیا اور اور محمد قلی نے یہ سفارش قبول کر کے ۱۰۰۱ھ میں مرزا کو اپنا جملۃ الملک بنالیا۔ اور اس کے لئے ایک ایسا بیش بہا قلمدانِ وزارت روانہ کیا جو اعلیٰ درجہ کے جواہر سے مرصع تھا[1]۔

مرزا محمد امین کے عہد میر جملگی کی غیر معمولی کامیابی اور اس کے اعلیٰ ذوق و شائستگی اور عظیم الشان دعوت کے تفصیلی حالات حیات محمد قلی قطب شاہ میں درج ہیں۔ ایک ایسے عالی مرتبت شخص کو میر جملگی کی خدمت کیلئے منتخب کرنے سے پتہ چلتا ہے[2] کہ میر صاحب کیسے مردم شناس اور قدردان اہل کمال تھے ان کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ہمیشہ اہل کمال کی تلاش میں رہتے تھے اور ایران سے اکثر علما و فضلا کو حیدرآباد آنے کی دعوت دیتے تھے۔ چنانچہ تاریخ عالم آرائے عباسی میں خود میر صاحب ہی کی زندگی میں لکھا گیا تھا کہ

"اکنوں کہ ایں صحیفہ تسوید می یابد و سنہ ہجری بخمس و عشرین والف رسیدہ در قید حیات است"

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو حیات محمد قلی قطب شاہ صفحہ ۳۴۳ تا ۳۵۵۔

[2] تاریخ دربار آصف گلزار دوم صفحہ ۱۹۱۔

www.shiabookspdf.com

ومستحقین ہر دیار بوسیلۂ جناب میر سلسلۂ علیہ انتفاع می یابند"[1]

مرزا محمد امین کی طرح میر صاحب نے ایک اور رفیع المرتبت شخصیت علامہ شیخ محمد ابن خاتون کی بھی دستگیری کی تھی جس کا تذکرہ اس کتاب کی تیسری فصل میں درج ہے۔

حیات بخشی بیگم کی شادی

مرزا محمد امین کے تقرر کی وجہ سے اگرچہ حضرت میر مومن کو امور سلطنت سے یک گونہ اطمینان اور فرصت حاصل ہو گئی تھی لیکن ہر اہم معاملہ میں ان کو ضرور دلچسپی لینی پڑتی تھی۔ چنانچہ اس واقعہ کے ایک سال بعد ہی جب شاہ عباس صفوی نے اغزلو سلطان کو اپنا سفیر بنا کر حیدر آباد روانہ کیا[2] تو پھر میر مومن کو سیاست کے عملی میدان میں نکلنا پڑا۔ کیونکہ اس سفارت کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ محمد قلی قطب شاہ کی دختر حیات بخشی بیگم کو شاہ ایران کے فرزند کے عقد نکاح میں دینے کی بابت بات چیت کی جائے۔ چنانچہ تاریخ فرشتہ میں اس پیام کو قطب شاہی سلطنت کے لئے ایک غیر معمولی اعزاز قرار دیا گیا ہے اور چونکہ فرشتہ کی تصنیف کے وقت تک شاہ ایران کا ایلچی گولکنڈہ ہی میں موجود تھا اور حیات بخشی بیگم کی شادی نہیں ہوئی تھی اس لئے ابوالقاسم فرشتہ کو تو یقین تھا کہ اس شہزادی کی شادی ایران کے شہزادہ سے ضرور ہوگی اور اسی یقین کی بنا کر اس نے یہاں تک لکھ دیا کہ محمد قلی قطب شاہ نے شاہ عباس صفوی کی خواہش منظور کر لی اور اپنی دختر کو ایران بھجوانے کی تیاری کر رہا ہے۔ اسکے الفاظ ہیں :-

"از جملۂ توصیفات آسمانی وعنایات یزدانی در شامل روزگار آں شہریار محب اہل بیت

---

[1] تاریخ عالم آرائے عباسی صفحہ ۱۵۹ ۔ [2] اس سفارت کے تفصیلی واقعات کے لئے دیکھو حیات محمد قلی قطب شاہ صفحات ۳۱۴ تا ۳۱۸ ۔

www.shiabookspdf.com

شدہ این است کہ ازاں زماں کہ آفتاب رایت اسلام از افق ہندوستان طالع گشتہ
ہیچ کس از سلاطین سابق و لاحق آں اویار را نسبت وصل و پیوند با پادشاہان عظیم الشان
ایران دست ندادہ ۔ وریں عصر میمنت اثر آں شہنشاہ قباد بخت جمشید تخت عباس پادشاہ
والی ایران یکے از معتمدان درگاہ عرش اشتباہِ خود را بدکن فرستادہ صبیہ فرماندہ تلنگ
راجہت ازدواج وہم بستری یکے از اولاد امجاد خود خواستگاری فرمود ۔ آں حضرت شرف دنیا
و آخرت در قبول آن دانستہ درسامان واستعداد آن ست کہ آں کریمہ سعادت مند را
بروش سلاطینِ کامگار روانہ ایران سازد[1] ۔

کوئی تعجب نہیں کہ ابتداء میں محمد قلی قطب شاہ بقول فرشتہ راضی ہوگیا ہو لیکن بعد کو حضرت میر مومن کے مشورے سے اس کو اپنی رائے بدل دینی پڑی ۔ کیونکہ حیات بخشی بیگم اس کی اکلوتی لڑکی تھی ۔ اور اس کو خود سے جدا کرنا محمد قلی جیسے باپ کے لئے گوارا نہ تھا اور اس شادی میں دوسری قباحت یہ تھی کہ چونکہ محمد قلی کے اولاد نرینہ نہ تھی اس لئے اس کے بعد اُس کی وراثت اور جانشینی کا مسئلہ بھی درپیش ہونے والا تھا ایک طرف تو محمد قلی کا حقیقی بھائی شہزادہ خدابندہ سلطنت کا سب سے پہلا حقدار تھا اور دوسری طرف محمد قلی کا بھتیجا شہزادہ محمد بھی اس کا مستحق تھا کیونکہ اس کو بادشاہ نے بچپن سے اپنی نگرانی میں خود اپنے بچہ کی طرح پرورش کیا تھا لیکن حقیقی بھائی خدابندہ کی موجودگی میں بھتیجے کی کامیابی کے مواقع کم تھے ۔ خاصکر جب یہ بھی معلوم تھا کہ خدابندہ حیدرآباد کے سنی امراو مشائخین میں بہت

---

[1] تاریخ فرشتہ صفحہ ۱۷۴ ۔

www.shiabookspdf.com

مقبول ہے اور ان سب کی یہ کوشش تھی کہ کسی طرح خدابندہ کو بادشاہ بنا کر ایرانیوں کے مقابلہ میں دکنیوں اور سنیوں کی حکومت قائم کریں۔ چنانچہ اس واقعہ سے متعلق خود تاریخ محمد قطب شاہی جیسی مستند و معتبر کتاب میں حسب ذیل عبارت درج ہے:۔

"اکثر اعیان دکنی را بکمند دعوت در آوردہ مواضعہ کردند کہ بوقت فرصت آسیبے بخاقان

زماں رسانیدہ جماعت غریباں را از پائے در آوردہ خدابندہ را بر سریر سلطنت

اجلاس فرمایند و مملکت را بقبضہ تصرف خود در آوردہ[1]...."

اس طرح سے خود میر مومن اور مرزا محمد امین اور ان کے طرف داروں کے لئے بڑا اندیشہ پیدا ہو گیا تھا۔ ان حالات کے تحت میر صاحب کا خاموش رہنا اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مار لینا تھا۔ یوں بھی وہ ابتدا ہی سے شہزادہ محمد کے طرفدار اور بہی خواہ تھے۔ اور اس کی پیدائش کے وقت ہی انہوں نے اس کی بادشاہت کی پیشین گوئی کر دی تھی۔ اور یہ بات ممکن نہ تھی جب تک شہزادہ محمد کو شہزادہ خدابندہ کے مقابلہ میں کوئی امتیاز نہ حاصل ہو جاتا اور یہ امتیاز صرف داماد بننے ہی سے پیدا ہو سکتا تھا۔ چنانچہ میر صاحب نے کوشش کر کے حیات بخشی بیگم کی شادی شہزادہ محمد سے کرادی اور ساتھ ہی جانشینی کا مسئلہ بھی طے ہو گیا۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ شہزادہ خدابندہ بھائی سے ناراض ہو گیا۔ اور اس کے خلاف بغاوت کی جس کے واقعات حیات محمد قلی قطب شاہ میں تفصیل سے درج ہیں[2]۔

---

[1] دیکھو ورق ۱۷۲ الف و ب ۔

[2] تفصیل کے لئے دیکھو حیات محمد قلی قطب شاہ صفحات ۲۹۳ تا ۲۹۸ و ۳۱۰ ۔

www.shiabookspdf.com

حضرت میر مومن نے سفیر ایران کو پانچ سال روکے رکھا تاکہ اس کی موجودگی ہی میں حیات بخشی بیگم کی شادی شہزادہ محمد سے ہو جائے۔ یہ تقریب بڑی عجلت اور خاص اہتمام سے ۱۰۱۶ھ میں منائی گئی۔ اور خود اغزلو سلطان سفیر ایران نے بھی اس میں شرکت کی۔ اس طرح شاہ عباس صفوی کے پیام کا جواب دینے کی ضرورت ہی باقی نہ رہی۔ اور کوئی بدنمائی بھی پیدا نہ ہو سکی۔ کیونکہ یہ بیان کیا گیا کہ شہزادی بچپن ہی سے شہزادہ سلطان محمد سے منسوب تھی اور اسی لئے بادشاہ نے اس کی تربیت خاص اپنی نگرانی میں کی اور ظل اللہ کا لقب عنایت کر کے اپنا جانشین نامزد کیا تھا۔ میر صاحب کی اس تدبیر سے اگرچہ شاہ ایران کے پیام کا خود بخود جواب مل گیا لیکن بادشاہ کے حقیقی بھائی خدا بندہ کی بڑی دلشکنی ہوئی اور جیسا کہ ابھی کہا گیا ہے یہ دلشکنی بغاوت کی شکل میں رونما ہوئی۔

غرض سفیر ایران حیات بخشی بیگم کی شادی کے بعد ہی ۱۰۱۶ھ میں حیدرآباد سے ایران کی طرف روانہ ہوا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ محض اس مقصد کے لئے اتنے عرصہ تک حیدرآباد میں ٹھہرایا گیا تھا۔ اور چونکہ بادشاہ ایران کو معلوم ہو چکا تھا کہ اس کام میں میر صاحب ہی کا ہاتھ تھا اس لئے جب دوسری بار بادشاہ ایران نے اپنا سفیر حیدرآباد کو روانہ کیا تھا تو میر صاحب کے نام خاص طور پر ایک علیحدہ فرمان لکھا جس میں اس امر کا بھی اظہار کیا ہے کہ اس سفیر کو جہاں تک ہو سکے جلد حیدرآباد سے روانگی کی اجازت دلا دیجئے۔ شاہ ایران کے الفاظ ہیں :-

"می باید .... کہ بخلاف سابق توقیف ایلچی را دراں دیار جائز نہ داشتہ در روانہ نمودن رفعت پناہ موی الیہ اہتمام لازم داند۔ و نوعے نماید کہ بہ زودی روانہ خدمت اشرف گردد[1]۔"

۱۔ چونکہ شاہ ایران کا یہ فرمان حضرت میر مومن کے نام سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں آیا تھا اسلئے اسکا تفصیلی تذکرہ آئندہ باب میں درج ہے۔

www.shiabookspdf.com

تیسرا حصّہ

دیہات و جاگیرات

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

دیہات کی آبادی اور مسجدوں کی تعمیر

میر صاحبؒ کے اُن مکانات اور دائرہ کی تعمیر کا تذکرہ تو گذشتہ صفحات میں گذر چکا ہے جو انھوں نے شہر حیدر آباد میں بنائے تھے۔ لیکن شہر کی اس تعمیر و تزئین سے ان کے ذوق تعمیر کی سیری نہ ہو سکی تھی۔ اس کے علاوہ وہ چاہتے تھے کہ ملک کے اندرونی حصّوں میں بھی ثقافتی ترقی ہو اور دیہات کے باشندے بھی اسلام سے روشناس ہو سکیں۔ اِس لئے انھوں نے شہر سے باہر کئی زمینات اور گاؤں خریدے اور ان میں تالاب، مسجدیں، عاشور خانے، سرائیں، اور دیگر عمارتیں بنوائیں جن کے اطراف ثمر دار[1] درختوں کے باغ لگائے اور طرح طرح کی ترغیب و تحریص سے[2] لوگوں کو آباد کیا۔

جیسا کہ ابھی کہا گیا دیہات بسانے اور ان میں عالی شان مسجدیں اور عاشور خانے بنانے میں میر صاحبؒ کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ سرزمین دکن میں دور دور تک اسلام کی روشنی پھیل جائے۔ اور شہر کے علاوہ چھوٹے چھوٹے گاؤں کے رہنے بسنے والے بھی اسلام کی شان و شوکت اور اسلامی رسوم و تمدن سے واقف ہو سکیں۔ چنانچہ ان کی مسجدیں اور عاشور خانے اندرون ملک کے پہاڑوں، چٹیل میدانوں، اور سنسان جنگلوں میں دیہاتی زندگی بسر کرنے والوں میں اب تک ایک خاص عظمت و عقیدت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ اور مسلمانوں سے زیادہ ہندو ان مسجدوں اور عاشور خانوں کا احترام کرتے ہیں جس کا تفصیلی حال میر صاحب کے تصرفات کے

---

[1] عبداللہ قطب شاہ نے بھی اپنے فرمان میں میر صاحب کے ناریل اور ثمر دار درختوں کے باغوں کا ذکر کیا ہے۔ یہ فرمان میر صاحب کی اولاد کے بیان میں نقل کیا جائے گا۔

[2] چنانچہ ملاتیمی کو پچیس بیگے زمین بطور انعام دیکر سید آباد میں آباد کرنے کا ذکر آئندہ صفحات میں ملاحظہ ہو۔

www.shiabookspdf.com

بیان میں درج ہے۔ غیر مسلموں کے علاوہ میر صاحب خود عام مسلمانوں کے دلوں میں بھی محب اہل بیت نبی اور آئمہ معصومین و سادات کے احترام و اہتمام کا خیال غیر ارادی طور پر پیدا کر دینا چاہتے تھے۔ چنانچہ اپنے اس مقصد کا ذکر انھوں نے اس خط میں کیا ہے جو شاہ عباس صفوی والی ایران کے فرمان کے جواب میں سلطان محمد قطب شاہ کے ابتدائی عہد حکومت میں حیدرآباد سے روانہ کیا گیا تھا۔ اس میں وہ لکھتے ہیں:۔

"وتسلی خاطر باین ست کہ درین حدود وکشور مساجد ومنبر بعد از تزئین بذکر اسامی مبارکۂ

حضرات عالیات چہار دہ معصوم مزین ومشرف بنام نامی والقاب گرامی آں شہنشاہ والا گہر

دین پناہ عدالت گستر وآباء کرام قدسی مقام آں نور بخش ہفت کشور است[1]"

اس حقیقت حال سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ علموں اور تعزیوں کے رائج کرنے میں مذہبی کے ساتھ ساتھ میر صاحب کا سیاسی مسلک بھی کام کر رہا تھا۔ وہ چاہتے تھے کہ دکن کے عام مسلمانوں کے علاوہ یہاں کی بت پرست اقوام کو علموں اور تعزیوں کے ذریعہ سے اسلام سے مانوس کریں تاکہ وہ رفتہ رفتہ اپنے بتوں اور رتھوں کو چھوڑ کر علموں اور تعزیوں اور تابوتوں کی طرف مائل ہو جائیں۔ اس میں شک نہیں کہ اس مقصد میں بہت بڑی کامیابی حاصل ہوئی۔ چنانچہ میر صاحب نے اپنے گاؤں میر پیٹھ میں جو عاشور خانہ بنایا تھا اس کے منہدمہ آثار میں اب بھی ہر سال ہندو ہی بڑے اعتقاد کے ساتھ علم بٹھاتے ہیں۔ اسی طرح اطراف واکناف کے اکثر دیہات میں بھی مسلمانوں سے زیادہ غیر مسلم لوگ ہی ایام عاشورہ کا احترام کرتے ہیں۔

---

[1] حدایق السلاطین ورق ۱۹۳۔

www.shiabookspdf.com



سعد آباد
کی
مسجد اور سرائے

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

سید آباد میر صاحب کی بسائی ہوئی آبادیوں میں سب سے پہلے موضع سید آباد کا ذکر ضروری ہے کیونکہ یہ شہر سے قریب تر واقع ہے۔ یہ گاؤں میر صاحب نے حیدر آباد کی جانب مشرق خود اپنے دولت خانہ سے صرف تین چار میل کے فاصلہ پر بسایا تھا۔ اس کا نام مرور ایام کی وجہ سے مسخ ہوتے ہوتے اب سعدا باغ پڑ گیا ہے۔ میر صاحب کے مکان سے اس آبادی تک سیدھی سڑک بنائی گئی تھی اور اس سڑک پر اور چند میل آگے بعد کو سلطان محمد قطب شاہ نے قلعہ سلطان نگر اور اسکی ملکہ حیات بخشی بیگم نے شہر حیات نگر بنایا تھا۔ اول الذکر تو نامکمل رہا لیکن موخر الذکر اب تک آباد ہے۔

سید آباد کی مسجد اور سرائے سید آباد میں میر صاحب نے ایک پختہ اور بلند مسجد اور اس کے اطراف ایک عالیشان سرائے بھی بنائی تھی۔ مسجد تو ایک حد تک اب بھی محفوظ ہے لیکن سرائے بہت شکستہ ہوگئی ہے اور اب صرف اس کا وہ حصّہ باقی ہے جو مسجد کے عقب میں واقع ہے۔ پہلوؤں کی طرف کی عمارتیں منہدم ہوگئیں۔ البتہ شمالی سمت کے چند کمرے بچ گئے ہیں۔ اگرچہ بعد کو قدیمی راستے وغیرہ باقی نہ رہے لیکن اب بھی مسجد تک موٹر جاسکتی ہے۔ یعنے نواب سر امین جنگ کے مکان کے مقابل جو راستہ جنوب کی طرف جاتا ہے اس پر تھوڑی دور جانے کے بعد اگر جانب مشرق مڑیں تو پہلے میر صاحب کی سرائے اور پھر مسجد نظر آجاتی ہے۔ یہ مسجد اب بھی آباد ہے اور اس میں متعدد نل ہیں جن سے دن بھر آبادی کی ہندو مسلم مستورات پانی لے جاتی رہتی ہیں۔

میر صاحب نے مسجد اور سرائے کی تعمیر کے ساتھ ساتھ اُن کی حفاظت اور خدمت وغیرہ کیلئے اخراجات کا بھی بندوبست کر دیا تھا۔ انھوں نے اس مسجد کی نگرانی کی خدمت ملا تمیمی کے سپرد کی تھی جو غالباً ایک بڑے عالم یا شاعر تھے کیونکہ قطب شاہی عہد میں صرف ممتاز لوگوں کے نام کے ساتھ ملا کا لفظ استعمال ہوتا تھا۔ مثلاً

www.shiabookspdf.com

ملا وجہی اور ملا غواصی وغیرہ۔ یہ دونوں بھی حضرت میر مومن کے ہمعصر اور بڑے شاعر تھے۔ غرض ملا تیمی کو مسجد سرائے کی خدمت سپرد کر کے اسی موضع سید آباد میں پچیس بیگھے زمین انعام میں دی گئی تھی تاکہ وہ اور ان کی اولاد اس معاش کی وجہ سے ہمیشہ وہاں قیام پذیر رہیں اور مسجد اور خانقاہ کی خدمت کرتے رہیں۔ چنانچہ میر صاحب کی وفات کے ڈیڑھ سو سال بعد کی ایک تحریر راقم کی نظر سے گذری جس سے پتہ چلتا ہے کہ ملا تیمی کی اولاد اُس وقت تک برابر یہ خدمت انجام دے رہی تھی۔ اس میں لکھا ہے:۔

"من کہ سید حسین ولد سید جلال داماد سید محمد بن سید لار محمد بن شاہ محمد بن ملا تیمی انعام دار تعلقہ سعدا باغ سیوار موضع انوارم[1] پرگنہ حویلی فرخندہ بنیاد سرکار محمد نگر اقرار معتبر می کنم و نوبن می دہم بریں وجہ کہ موازی بست و پنج بیگہ خارج جمع بہ شرط خدمت و صرف ضروریات مسجد پختہ و مکاکین بنا ساختۂ میر محمد مومن صاحب مغفور واقع تعلقہ سعدا باغ مذکور سیوار مذبور بموجب اسناد قدیم وجدید و پروانہ جات ناظمان و دیوانیان وصدور صوبہ مقرر بہ نام من و بزرگان من تا الی الآن از اراضی مذکور قابض و متصرف بودہ خدمت مسجد مذکور بجامی آرم ...." الی آخرہ[2]

یہ تحریر غرہ جمادی الاول ١١٨٥ھ کو لکھی گئی تھی اور اس پر حسب ذیل حضرات کے دستخط اور مہریں بھی ثبت ہیں۔

---

[1] اس کو اب گڈی انارم کہتے ہیں۔

[2] یہ اقرار نامہ مولوی میر عباس علی صاحب نبیرہ حضرت میر محمد مومن کے یہاں اب بھی محفوظ ہے۔

www.shiabookspdf.com

محمد علی | سید حسین ولد سید جلال | محمد شاکر بیگ | محمد باقر | سید مرتضیٰ
حاجت روا محمد مشکل کشا علی ۱۱۱۶ھ | ۱۱۰۰ھ | ۱۱۸۳ھ | ۱۱۶۲ھ | ۱۱۸۳ھ

معانی حسین | خواجہ محمد عظیم حسینی | سید یوسف علی خاں | میر ابوطالب

اور کاغذ کے سرلوح پر حکیم محمد معصوم خاں فدوی نظام الملک آصفجاہ ۱۱۴۵ھ کی مہر بھی ثبت ہے۔

اس اقرار نامہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت تک موضع سید آباد یا سعدا باغ خود میر محمد مومن کے ورثا کے قبضہ سے نکل چکا تھا۔ اور اب وہ (یعنے میر محمد حسین و میر کاظم علی ابنان میر سید محمد مرحوم و مساۃ خدیجہ بیگم ورثہ میر محمد مومن) کم از کم اس مسجد، سرائے اور اس سے متعلقہ مکانوں پر قبضہ حاصل کرنا چاہتے تھے۔

یہ گاؤں کس وقت اور کیوں حضرت میر مومن کی اولاد سے لے لیا گیا تھا ٹھیک طور پر معلوم نہ ہو سکا البتہ ۱۱۰۶ھ کے ایک محضر سے یہ پتہ چلتا ہے کہ خود قطب شاہی دور میں میر مومن صاحب کی جملہ جاگیرات اور زمینات ان کی اولاد سے چھین لی گئی تھیں اور یہ ابوالحسن تاناشاہ کے آخری زمانہ کا واقعہ ہے جب کہ مادنا اور اکنا کی عملداری تھی۔ چنانچہ ہمارے پیش نظر اس وقت ایک قدیم محضر ہے جس میں لکھا ہے:—

سوال می کند و استدعائے ادائے شہادت می نماید اقل العباد اللہ سید محمد و مساۃ شاہ بیگم و مساۃ زہرا شاہ و مساۃ فخر النسا بیگم و مساۃ خیر النسا وغیرہ نبیرہائے جنت مکانی فردوس آشیانی میر محمد مومن پیشوائے قطب الملک .... بعد از پدرم ماہائے مقررین طفلان و تیمیان بیوہائے بےکس و بےوسیلہ دیدہ مادھو زنار دار از راہ تعدی

www.shiabookspdf.com

ظلم صریح نمودہ ہمہ دیہات انعام را متعلق بت خانۂ خود کردہ و مساجد آں جد بزرگوار مطلق بے چراغ نمودہ .... جمع کثیر سادات بیوہائے ذریہ طیبہ طاہرۂ میر محمد مومن از قوت لایموت محتاج اند۔ حق ایں سادات مستحقین دستبند تالابہا و محصول اشجار از راہ تعدی کافراں می خورند چنانچہ اسناد قدیم و حال بدست داریم حق بحقدار نمی رسد۔ مساجداں جدم بزرگوار را بے چراغ کردند"۔

یہ محضرہ رمضان ۱۱۰۶ھ کو لکھا گیا تھا اور اس پر متعدد اصحاب کے دستخط اور مہریں ہیں جن میں سے چند کے نام یہ ہیں۔

سید احمد بن سید رحمت اللہ ۱۰۹۹ھ	بندہ درگاہ یوسف بن ایتوں ۱۰۹۷ھ	عبداللطیف بن محمود ۱۱۱۲ھ
صدر الدین سید محمد محمود ۱۱۱۰ھ	رفیع الدین منشی عالمگیر شاہ	علی بیگ ولد حسین بیگ
ہدایت اللہ ولد نعمت اللہ ۱۱۱۷ھ	خان زماں بندہ عالمگیر بادشاہ ۱۰۷۳ھ	

غرض اس محضہ نے ظاہر کر دیا کہ میر صاحب کی وفات کے صرف اٹھاون سال بعد ہی ان کے بسائے ہوئے گاؤں اور خریدی ہوئی زمینات دوسروں کے قبضہ میں چلی گئیں۔ یہ واقعہ ۱۰۹۲ھ کے بعد

---

[1] یہ محضر بھی مولوی میر عباس علی صاحب کے یہاں محفوظ ہے۔ اور اس میں مادھو زناردار سے مراد یقیناً دیوان مادنا ہے۔

www.shiabookspdf.com

وقوع پذیر ہوا ہے۔ اس لئے کہ اس سنہ میں ان کے پوتے میر محمد جعفر ابن میر مجد الدین محمد زندہ تھے جن کی نسبت علی ابن طیفور بسطامی نے اپنی تاریخ حدائق السلاطین (مولفہ ۱۰۹۲ھ) میں لکھا ہے:۔

"پسر او (یعنے مجد دین محمد) سید حمیدہ سیر فضیلت گستر سید جعفر"[1]

اور ان سید جعفر کے نام اس تاریخ کی ترتیب سے صرف ۴۲ سال قبل میر محمد مومن کی جملہ جاگیرات اور زمینات کی بحالی کا فرمان سلطان عبداللہ قطب شاہ نے ان الفاظ میں جاری کیا تھا:۔

"سال بسال در وجہ انعام باولاد و احفاد میر مرحوم الی ماتوالد و تناسل مرحمت فرمودیم۔ و باز مواضع مذبور را در وجہ انعام نبیرہائے میر مذکور مجری دانستہ و ملک و میراث و مواضع مسطور بتصرف میر محمد جعفر وغیرہ نبیرہائے میر مرحوم واگذارند۔ و از کل تکلیفات دیوانی و کل قانون قدیمی و جدیدی اسمی و رسمی معاف دانستہ متعرض و مزاحم حال نگردند۔ و کہ کس از راہ طمع بخلاف مضمون این فرمان عنایت عنوان تبدیل و تحریف جائز دانستہ بمواضع مذبورہ انعام میر سابق الذکر مزاحم شود بغضب و سخط آفریدگار گرفتار آید۔۔۔ الی آخرہ"[2]

سلطان عبداللہ قطب شاہ کے یہ آخری الفاظ بالکل صحیح ثابت ہوئے اور ماد نادیوان پر غضب الٰہی نازل ہوا کیونکہ اس نے اس صریح فرمان کے خلاف سید محمد جعفر کی وفات کے بعد ہی میر صاحب کی تمام جاگیرات اور زمینات چھین لیں۔

لیکن یہ عجیب بات ہے کہ ہر طرح کے انقلابات اور گردش ایام کے باوجود سید آباد میں

---

[1] ورق ۱۹۱ ا۔ [2] یہ فرمان بھی موجود ہے اور اس کا فوٹو اس کتاب میں شریک کیا گیا ہے۔

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کی بنائی ہوئی مسجد اب تک سر بلند ہے اور اپنے بنانے والے کی الوالعزمی کا ثبوت دے رہی ہے۔ اس کی شاندار محراب سنگ موسیٰ سے بنائی گئی ہے جس پر ایک اعلیٰ درجہ کا کتبہ بھی نصب ہے۔ یہ نفیس اور خوشنما خط ثلث میں لکھا گیا ہے اور سر زمین دکن کے بہترین کتبوں میں شمار پا سکتا ہے۔

میر صاحب کا کتبہ اس کتبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحب نے یہ مسجد اور سرائے ۱۰۰۱ھ میں بنائی تھی۔ یہ ان کے پہلے دور پیشوائی کے عروج کا زمانہ تھا۔ اس کی تعمیر سے دو تین سال قبل ہی انہوں نے مرزا محمد امین کو میر جملگی دلائی تھی جس کی دلچسپی اور مستعدی کی وجہ سے میر صاحب کو مہمات سلطنت سے کچھ فرصت مل گئی تھی۔ اور وہ اب شہر سے باہر اسلامی یادگاروں کی تعمیر کے لئے وقت نکال سکے تھے۔

اس مسجد کا مسقف حصہ ۳۰ فیٹ طویل اور ۲۱ فیٹ عریض ہے۔ اس میں تین کمانیں ہیں۔ اور اس کی محراب پر جو سنگ موسیٰ میں بنائی گئی ہے مولٰنا حسین ابن محمود شیرازی کا ایک نفیس کتبہ درج ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے[1]۔

محراب کی انتہائی بلندی پر قَالَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اور اس کے نیچے ایک سیدھی سطر میں قرآن شریف کے سترھویں سورہ الاسریٰ کی بیسویں آیۃ یعنے

وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَۃَ وَسَعٰی لَھَا سَعْیَھَا وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِکَ کَانَ سَعْیُھُمْ مَشْکُوْرًا کندہ کیا گیا ہے۔ اور اس کتبے کے درمیان میں اوپر کی طرف اٹھا کر وھو مومن لکھا گیا ہے جس سے شاید مسجد کے بانی کا نام ظاہر کرنا بھی مقصود تھا۔ میر مومن صاحب نے محراب میں اپنا نام ونشان صریحی طور پر کندہ کرانا مناسب خیال نہ کیا کیونکہ ایک تو وہ غالباً نام ونمود نہیں چاہتے تھے اور دوسرے

[1] اس کتبے کے صحیح پڑھنے میں مولوی سید محمد حسین صاحب ج

www.shiabookspdf.com

یہ کہ ایسی جگہ جس کی طرف تمام مصلیوں کو نماز کے وقت رُخ کرنا پڑتا تھا کسی شخص کا نام مندرج ہونا احترام مسجد اور آدابِ نماز کے خلاف بھی تھا۔

اس آیتہ کے نیچے محراب کے بالکل اوپری حصّہ کو تین حصوں یا تختیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلی تختی میں لکھا ہے۔ عجلوا بالصلوٰۃ قبل الفوت

درمیانی تختی میں لکھا ہے۔ ربنا تقبّل منا بآل النبی ۱۰۱ھ

تیسری تختی میں لکھا ہے۔ وعجلوا بالتوبۃ قبل الموت

محراب کے دونوں پہلوؤں میں درود شریف کندہ کیا گیا ہے۔ درمیانی کمان کی دائیں طرف نیچے سے اوپر لکھا ہے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰے المُصْطَفٰی مُحمّد وَالمُرتَضیٰ علی وَالبَتُول فَاطِمہ وَالسِبطَین الحسن والحسین وَصَلِّ عَلٰے زین العباد علی وَالباقر محمّد وَالصادق جعفر وَالکاظم موسیٰ والرضا علی وَالتقی محمد وَالنقی عَلی وَالزکی العسکری الحسن

کمان کی بائیں طرف اوپر سے نیچے :۔

وَصَلِّ عَلٰے الحجۃ القائمہ الخلف الصالح الامام الھمام والمنتظر المظفر محمّد المہدی الہادی صاحب العصر والزمان وخلیفۃ الرحمٰن الانس والجان والمظھر الایمان صلوات اللہ وسلامہ علیہ

www.shiabookspdf.com

وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ[1] نمقہ عبدہٗ حسین شیرازی

مولانا حسین شیرازی

ابھی یہ معلوم ہوا کہ میر محمد مومن صاحب کی مسجد میں جو کتبہ ہے وہ حسین شیرازی کا لکھا ہوا ہے۔ چونکہ میر صاحب کی دوسری مسجدوں کے کاتب بھی یہی ہیں اس لئے ضروری ہے کہ کتبہ کے سلسلہ میں ان کا کچھ حال درج کیا جائے۔ اس کی اس لئے بھی ضرورت ہے کہ ان کے لکھے ہوئے کتبے اور کہیں اب تک نظر سے نہیں گذرے اور دوسرے اس لئے کہ یہ میر صاحب کے خاص دست گرفتہ تھے اور انھوں نے اپنے اس محسن کی مہربانی اور سرپرستی کی وجہ سے حیدرآباد میں ایک بہت اچھا مرتبہ حاصل کیا تھا۔

سید آباد کی مسجد کے کتبے میں انھوں نے اپنا نام صرف حسین شیرازی لکھا ہے لیکن میر پیٹھ کے کتبہ میں

"عبدہ حسین بن محمود الشیرازی ۱۰۲۰ھ"

درج ہے۔ جس سے ظاہر ہوا کہ ان کے والد کا نام محمود شیرازی تھا۔ ان کے حالات اور کتبوں کی تلاش کے سلسلہ میں حدیقۃ السلاطین اور حدیقۃ العالم میں منتشر سی معلومات حاصل ہوئیں۔ جن کو تسلسل کے ساتھ یہاں درج کیا جاتا ہے۔

---

[1] اس درود اور سلطان قلی قطب شاہ والی سلطنت گولکنڈہ کی قبر کے مندرجہ درود کے الفاظ تقریباً ایک ہی ہیں لیکن سلطان محمد قلی قطب شاہ کے سنگ مزار پر جو درود کندہ کرایا گیا ہے اس کے آخری حصہ کے الفاظ میں کچھ تبدیلی کر دی گئی ہے یعنے اس پر لکھا ہے:۔

"الامام الہمام المنتظر المرتضیٰ محمد بن الحسن صاحب الزمان قاطع البرہان و مظہر الایمان و سید الانس والجان صلوات اللہ و سلامہ علیہ و علیہم اجمعین"

www.shiabookspdf.com

میر محمد مومن کی بنائی ہوئی مسجدوں کے محرابوں کے اوپر کے کتبے۔ درمیانی کتبہ میں سنہ تعمیر بھی درج ہے۔
یہ سب کتبے مولانا حسین شیرازی کے لکھے ہوئے ہیں۔

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

مولانا حسین تقریباً ۹۵۵ھ میں شیراز میں پیدا ہوئے تھے۔ کیونکہ ۱۰۳۵ھ کے اوائل میں جب ان کا انتقال ہوا تو ان کی عمر ۸۰ سال کی تھی۔ حدیقۃ العالم میں لکھا ہے:۔

"مشارالیہ کہ ہشتاد مرحلہ از مراحل زندگانی طے نمودہ بود رخت اقامت ازیں سرائے فانی بربست[1]"

یہ تقریباً پینتالیس سال کی عمر میں حیدرآباد آئے اور اُن ایرانیوں میں سے ہیں جو میر صاحب کے توسط سے محمد قلی قطب شاہ کے دربار میں باریاب ہوئے۔ ایسی ہی مثالوں کو پیش نظر رکھ کر مصنف عالم آرائے عباسی نے ۱۰۱۵ھ میں میر صاحب کے متعلق لکھا تھا:۔

"مستحقین ہر دیار بوسیلۂ جناب میر از سلسلۂ علیہ انتفاع می یابند[2]"

غرض میر محمد مومن بڑے جوہر شناس تھے۔ چنانچہ انھوں نے اس جوہر قابل کو بھی پرکھ لیا اور محمد قلی قطب شاہ کے دارالانشاء اور کتب خانہ میں مامور کرا دیا۔ حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے:۔

"در سلک کتاب ایں دولت خانۂ عالیہ منتظم بود[3]"

یہ خدمت اور میر صاحب کی مسجدوں کے خوبصورت کتبے ظاہر کرتے ہیں کہ مولانا حسین اعلیٰ درجہ کے خطاط اور خوشنویس تھے۔ لیکن تاریخوں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ محض خوشنویس ہی نہ تھے بلکہ نہایت

۱؎ دیکھو حدیقۃ العالم صفحہ ۲۷۷ ۲؎ دیکھو مطبوعہ صفحہ ۱۵۹۔ لیکن اس کے ایک قلمی نسخے میں جو مولوی ناصر علی بیگ صاحب اخگر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے اس عبارت میں کچھ اختلاف ہے۔ اس میں لکھا ہے:۔ "مستحقین ہر دیار بوسیلہ [illegible] قطب شاہیہ متمتع می یابند"۔ ۳؎ حدیقہ صفحہ ۱۰۔

www.shiabookspdf.com

متقی، پرہیزگار سلیم الطبع اور نیک خو بھی تھے۔ چنانچہ لکھا ہے:۔

"بصلاح جبلی وسلامت نفس اتصاف داشت"[1]

یہی وجہ تھی کہ اس عہد کے دوسرے مشہور خطاطوں مثلاً محمد اصفہانی، اسمٰعیل بن عرب شیرازی، تقی الدین محمد صالح البحرینی اور کلب علی بن محمد صادق وغیرہ کو چھوڑ کر میر صاحب نے اپنے کتبوں کے لئے ان کو منتخب کیا تھا۔

مولانا حسین عہد محمد قلی میں حیدر آباد ہی میں رہے اور اس کی وفات سے متاثر ہو کر نوجوان شہزادہ محمد قطب شاہ کی تخت نشینی کے بعد جیسے اور بہت سے ایرانی علما و امرا مثلاً شیخ محمد ابن خاتون اور مرزا محمد امین میر جملہ وغیرہ نے حج و زیارت کی رخصت لیکر یا کوئی اور ضرورت پیش کر کے یا ہمیشہ کے لئے حیدر آباد سے ایران وغیرہ کی طرف نکل کھڑے ہوئے۔ مولانا حسین نے بھی حج اور زیارتوں کی غرض سے سفر کی اجازت حاصل کی۔ اور سنہ ۱۰۳۰ھ کے قریب اس وقت حیدر آباد واپس ہوئے[2] جب میر مومن صاحب عبداللہ قطب شاہ کی تعلیم اور اتالیقی کے لئے کسی لائق اور بزرگ سیرت عالم کی تلاش میں تھے۔ چنانچہ انکے واپس ہوتے ہی میر صاحب نے ان کو سلطان محمد کی بارگاہ میں پیش کر کے شہزادہ کی تعلیم پر مامور کرا دیا۔ نظام الدین احمد شیرازی نے لکھا ہے:۔

"رخصت رفتن به مکه معظمه حاصل نموده بشرف طواف بیت الله الحرام وسعادت زیارت مرقد مطهر

---

[1] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۰ وحدیقۃ العالم صفحہ ۲۷۹ ۔ [2] حسین شیرازی کی واپسی کی تاریخ کا صحیح اندازہ اس واقعہ سے ہوتا ہے کہ شہزادہ عبداللہ مرزا کی تعلیم کے لئے اسی سنہ میں ایک قابل اتالیق کی تلاش کی گئی۔

www.shiabookspdf.com

خیر الانام و سایر عتبات طاہرات ائمہ کرام علیہم الصلوات اللہ الملک العلام مشرف و مستسعد و گردیدہ و درین وقت مراجعت نمودہ بود۔ بکبر سن و صلاح جبلی و سلامت نفس موصوف بود۔ نواب مرتضائے ممالک اسلام میر محمد مومن مولوی را بجہت این خدمت پسندیدہ مجدداً بشرف ملاقات خاقان زمان مشرف ساختہ خلعت ایں خدمت عالی بہ قامت قابلیت مولوی مرتب داشتند۔"[1]

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ میر صاحب حسین شیرازی پر کتنے مہربان تھے۔ جس وقت (یعنی ۱۰۱۴ھ میں) حسین نے میر صاحب کی مسجد کا کتبہ لکھا تھا اس وقت ان کے حاشیہ خیال میں بھی نہ ہو گا کہ ایک روز ان خدمات کے صلہ میں میر صاحب ان کو اتنا بڑا اعزاز دلوائیں گے۔ غرض حسین شیرازی نے مبارک ساعت دیکھ کر اس خدمت جلیلہ کے کام کا آغاز کیا۔ اور شاہزادہ عبداللہ مرزا کے یہاں حاضر ہونے لگے۔

مولانا حسین کی تعلیم کا طریقہ یہ تھا کہ جب کبھی شاہزادہ کو پڑھنے لکھنے کی طرف راغب دیکھتے تو قرآن مجید کی تلاوت کراتے اور مذہبی مسائل و احکام سے آگاہ کرتے رہتے[2]۔ اس طرح دو سال کے عرصہ میں مولانا نے عبداللہ قطب شاہ کو قرآن مجید اور مذہب اسلام کا کافی مطالعہ کرا دیا۔

جب یہ شہزادہ دس سال کی عمر کو پہنچا تو اس کے اتالیق خواجہ مظفر علی دبیر کا بھی انتقال ہو گیا۔ یہ تاریخ کا ایک عجیب واقعہ ہے کہ پیدائش سے بارہ سال کی عمر تک جو شخص بھی شہزادہ عبداللہ کی خدمت گزاری یعنے نگرانی و اتالیقی وغیرہ کے لئے مقرر کیا گیا وہ بہت جلد انتقال کر گیا۔ اس طرح کئی اچھے اچھے

---

[1] حدیقۃ صفحہ ۱۰۔ [2] ایضاً ص ۱۰

www.shiabookspdf.com

لوگ مثلاً میر قطب الدین نعمت اللہ شیرازی، مرزا شریف شہرستانی، اور میر محمد مومن اسی شہزادہ کی قربت، تعلق، اور خدمت میں راہی جادۂ فنا ہو گئے۔ اور جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا خواجہ مظفر علی کے بعد خود مولٰنا حسین شیرازی کا بھی یہی حال ہوا۔

غرض خواجہ مظفر علی کے انتقال کے بعد شہزادہ عبداللہ کو بالکلیہ طور پر مولٰنا حسین شیرازی کی نگرانی میں دیدیا گیا۔ یہ بہت بڑا اعزاز تھا۔ کیونکہ ماہرین نجوم کی پیشین گوئی کے مطابق ولی عہد سلطنت اپنے باپ سلطان محمد کی نظروں سے اوجھل غیروں کے گھروں میں پرورش پا رہا تھا۔ جو اس کی موت و زیست اور اچھی اور بری نشوونما کے بالکلیہ ذمہ دار تھے اسی لئے شروع ہی سے جن جن لوگوں کے یہاں شہزادہ کو رکھا گیا وہ بادشاہ کے خاص معتمد علیہ اور دربار کے معتبر اراکین میں سے تھے۔ اور چونکہ ان میں سے اکثر حضرت میر محمد مومن کی سفارش پر منتخب کئے گئے تھے اس لئے ان کا تذکرہ اور اس خدمت کی اہمیت کا حال آئندہ فصل میں جو عہد محمد قطب شاہ کے لئے وقف ہے درج رہے گا۔

خواجہ مظفر علی کی وفات کے بعد مولٰنا حسین اپنا مکان چھوڑ کر مظفر علی ہی کے مکان میں آرہے تاکہ رات اور دن ہمہ وقت شہزادہ کے قریب رہیں۔ خواجہ کے مکان میں شہزادہ کے لئے ایک رفیع الشان قصر بنایا گیا تھا جس کو تکلفات گوناگوں اور تصرفات موزوں سے سجایا گیا تھا[1]۔ اور خود خواجہ نے شہزادہ کی تشریف آوری کے وقت اس قصر میں زربفت اور ابریشم کو پائے انداز کر کے زروجواہر نثار کیا تھا۔ اور شہزادہ کو خوش رکھنے اور اس کا دل بہلانے کی خاطر اپنے محل کو نگارخانۂ چین بنا دیا تھا۔

---

[1] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۹۔

www.shiabookspdf.com

مولٰنا حسین شیرازی جیسے متقی بزرگ کے مکان میں یہ تکلفات کہاں۔ اس لئے وہ خود اس محفل میں آ رہے۔ اور شبانہ روز ایسی خدمت کی کہ سایہ کی طرح شہزادہ سے کبھی جُدا نہ ہوتے تھے۔ ان کی اس توجہ اور شفقت کی وجہ سے شہزادہ عبداللہ مرزا بھی انکا اتنا دلدادہ ہو گیا کہ ایک لمحہ کیلئے ان سے جدا نہ ہونا چاہتا تھا۔ تاریخ کے الفاظ ہیں :۔

"ازیں جہت شاہزادۂ عالم راکمال لطف و شفقت بحال مولوی بہم رسیدہ نمی خواستند کہ مولوی یک لحظہ از قدوم بہجت لزوم دوری نماید۔ و علی الدوام مولوی بمراسم بندگی و خدمت قیام داشت"[1]۔

اسی اثناء میں شہزادہ نے گیارہواں سال ختم کر کے بارہویں میں قدم رکھا اور غالباً ذیقعدہ یا ذالحجہ ۱۰۳۴ھ میں اس نے ایک خواب دیکھا کہ دروازوں میں سے گذر کر ایک عظیم الشان باغ میں داخل ہوا ہے جس کی سیر سے وہ محظوظ ہی ہو رہا تھا کہ یکایک تمام درخت اس کو سجدہ کرنے لگے۔ اس کے بعد جدہر وہ جاتا اس طرف کے درخت اس کے آگے سر بسجود ہو جاتے۔

جب صبح کو شاہزادہ بیدار ہوا اور حسین شیرازی نماز صبح کے فرایض و نوافل اور اوراد و وظائف سے فارغ ہوتے ہی حسب عادت اس کے بستر پر آ کر دعا و ثنا میں مشغول ہوا تو شہزادہ نے اپنے بوڑھے دوست سے رات کے خواب کا واقعہ بیان کیا۔ بوڑھا شفیق فوراً خواب کی تعبیر سمجھ گیا۔ تھوڑی دیر کے سکوت کے بعد اس نے عرض کیا کہ یہ خواب شہزادہ کی بادشاہت و سلطنت کی بشارت

---

[1] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۰ ۔

www.shiabookspdf.com

دے رہا ہے۔ ساتھ ہی اس نے یہ بھی تاکید کردی کہ یہ خواب اور اس کی تعبیر کسی سے بیان نہ کی جائے۔ مولنا حسین شیرازی نے جس پُرخلوص انداز میں شہزادہ کو نصیحت کی تھی ذیل کے جملوں سے اس کا کچھ اندازہ ہوسکتا ہے:—

"این پیر حقیر خدمت گار متوقع است کہ باحدے از ملازمان این خواب را اظہار نہ فرمایند۔
و این معنی را در ضمیر اقدس مستور دارند تا جمال حقیقت این رویا از نقاب حجاب نہان و ہیأت
این صورت زیبا در مرات شہود و عیاں جلوہ گر شدہ منظور انظار عالمیاں گردد۔"[1]

شہزادہ کو بھی اپنے اس مخلص استاد اور مشفق اتالیق کی بات کا اتنا خیال تھا، اس نے کسی سے بھی اس کا ذکر نہ کیا۔ یہاں تک کہ اس واقعہ کو چند ماہ گذر گئے اور خود مولنا حسین شیرازی کو بھی دنیا سے کوچ کرنا پڑا۔

حسین شیرازی کی صحیح تاریخ و روز وفات تو معلوم نہ ہوسکا لیکن اتنا یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ انھوں نے میر محمد مومن کے چند ہی ماہ بعد یعنے اوائل ۱۰۳۵ھ میں (قبل ماہ جمادی الاول) وفات پائی۔ کیونکہ ان کی وفات کے دو تین مہینوں کے بعد ہی ۱۳ / جمادی الاول ۱۰۳۵ھ میں سلطان محمد قطب شاہ کا بھی انتقال ہوا تھا۔

مولنا حسین کی وفات کا ان کے شاگرد اور معتقد شہزادہ عبد اللہ پر اتنا اثر ہوا کہ وہ تنہائی سے گھبرا گیا اور اپنے نادیدہ باپ سلطان محمد قطب شاہ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے بار بار کہلا بھیجا

---

[1] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۳۔ و حدیقۃ العالم صفحہ ۲۷۷۔

www.shiabookspdf.com

شروع کیا چنانچہ مورخین لکھتے ہیں۔

"بعد ازیں قضیہ (یعنے وفات حسین شیرازی) شہزادہ یوسف طلعت سکندر فطنت را تاب تنہائی نماند۔ ومترصد بودند کہ کلفت بعد وہجر بالفت قرب ووصل مبدل وجمال باکمال والد ماجد فرشتہ خصال را بزودی مشاہدہ فرمایند[1]......"

سلطان محمد قطب شاہ بھی بارہ سال سے اپنے فرزند کے دیدار کا مشتاق تھا۔ وہ نجومیوں کے کہنے پر محض اس لئے عمل پیرا تھا اور میر مومن صاحب نے بھی اپنے علم کے زور پر اس کی تصدیق کی تھی[2]۔ لیکن اب تو میر صاحب بھی باقی نہ رہے تھے۔ اس نے ہمت کر کے دن تاریخ مقرر کر لی اور بیٹے کو غالباً ماہ ربیع الاول میں اپنے یہاں بلا لیا۔ حالانکہ اس وقت تک پورے بارہ سال گذرنے نہ پائے تھے کیونکہ شہزدہ عبداللہ بروز دوشنبہ ۲۸ شوال ۱۰۲۳ھ کو پیدا ہوا تھا اور ۲۸ شوال ۱۰۳۵ھ کو قمری مہینوں کے حساب سے بارہ سال پورے ہوتے تھے[3]۔

اس ملاقات کا مہینہ ربیع الاول اس لئے قرار پاتا ہے کہ ملاقات کے چند ماہ بعد تک سلطان محمد

---

[1] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۳۔ [2] نجومیوں نے کہا تھا کہ:۔ "چون دوازدہ مرحلہ از مراحل عمر شہزادہ عالمیان طے شود بایدکہ شہنشاہ دوران دیدہ بدیدار جمال شاہزادہ جہانیاں منور سازند۔ واتفاق قران نمین بعد از انقضائے سنوات مذکور وقوع پذیرد"۔ حدیقۃ السلاطین صفحہ ۶۔

[3] عجیب بات یہ ہے کہ نظام الدین احمد شیرازی نے اس قبل از وقت کی ملاقات کی نسبت لکھا ہے کہ "بعد از انقضائے سنوات موعود ومرور شہور وایام معہود"۔ لیکن حساب کے لحاظ سے یہ بیان بالکل غلط ثابت ہوتا ہے۔

www.shiabookspdf.com

زندہ رہا کیونکہ مورخین لکھتے ہیں کہ باپ بیٹے چند مہینے ایک ساتھ رہے اور باپ نے اپنے ولی عہد سلطنت کو بہت سے امور سلطنت سکھائے۔ مورّخ کے الفاظ ہیں :۔

(۱) "چند ماہے از تاثیر قران نیرین آسمان سلطنت وشہریاری شادمانی در عالمیان عام و خوشحالی کہ جنس نایاب است فراواں گردید"[1]

(۲) ہمگی اوقات بترتیب شاہزادہ ہوشمند دانادل پرداختہ در تعلیم قواعد جہانداری و معدلت و آداب گیتی آرائی، و نصفت و قانون مجلس، و دیوان داری، و مراسم بادشاہی و شہریاری، و اہتمام عساکر، و رعایت رعایا، و مرحمت بر سائر خلائق و کافہ برایا، عمر عزیز را صرف می نمودند۔ و ہمیشہ گوش ہوش شاہزادہ عالمیاں را بہ دُررِ نصائح، و لالی مواعظ، مشتمل بر آداب سلطنت و رسوم خلافت بودہ زین ساختند۔ و خزانہ حافظہ اش را از جواہر و لالی تواریخ و اخبار و سیر سلاطین و وقائع روزگار، و تجارب خواقین عالی مقدار از منہ و اعصار، کہ ہر ایک بوقت خود در کار است مملو و مشمول می داشتند۔ و چند ماہے بایں نوع می گذرانیدند"[2]۔

یہ ہم جانتے ہیں کہ سلطان محمد ۱۳ جمادی الاول کو انتقال کر گیا تو اس سے چند ماہ پیشتر ماہ ربیع الاول ہی کا مہینہ ہو سکتا ہے۔ کیونکہ بادشاہ نے ملاقات کے لئے

"روز مبارک و ساعت مسعود اختیار فرمودہ"[3]

اور ربیع الاول کی ۱۲ ایا، اسے بہتر کونسا مبارک و مسعود دن ہو سکتا تھا۔

---

[1] حدیقۃ السلاطین ص۱۶ ۔ [2] حدیقۃ السلاطین ص۱۷ ۔ [3] دیکھو صفحہ ۱۴ ۔

www.shiabookspdf.com

یہ ملاقات ربیع الاوّل سے پہلے ممکن نہ تھی کیونکہ شہزادہ نے ذیقعدہ یا ذیحجہ ۱۰۳۴ھ میں (یعنے بارھویں سال میں قدم رکھنے کے بعد) خواب دیکھا تھا اور اپنے بوڑھے استاد کو سنایا تھا جس کے کچھ ماہ بعد یہ استاد فوت ہوا۔ کیونکہ لکھا ہے :۔

"وچوں چندما ہے براین بگذشت مولوی کہ نہایت سن را دریافتہ وضعف شیخوخیت کمال قوت بہم رسانیدہ بود مزاجش کاستہ وگداختہ بیش ازیں درساحت حیات وفضائے کائنات استقامت واستدامت نتوانست نمود بر فراش ناتوانی متقاعد گردیدہ، عزم ارتحال ازاین دار پر ملال جزم نمود۔ بالضرورۃ وداع ملازمان وبندگان شاہزادۂ دوران وقطع تعلقات ازحیات جسم وجاں فرمودہ بہ بیت السرور جاوداں رواں گردید" [1]

اس طرح مولانا حسین شیرازی کی وفات (۱۰۳۵ھ کے) صفر کے مہینے میں کسی تاریخ قرار پاتی ہے۔ یعنے میر محمد مومن کے نو ماہ بعد اور سلطان محمد قطب شاہ سے تین ماہ قبل حسین شیرازی نے وفات پائی۔ ان کی وفات کا عبداللہ قطب شاہ پر جو اثر ہوا اور اس کے دل میں اپنے اس بوڑھے استاد کی جو وقعت تھی اس کا اندازہ مورخ کے ان مندرجہ بالا الفاظ سے ہو سکتا ہے جو اس نے حسین شیرازی کی وفات کے متعلق استعمال کئے ہیں۔

سیّد آباد کی مسجد کی وضع قطع

سید آباد کی مسجد کے کتبے اور اس کے کاتب کا حال بیان کرنے کے بعد اس کی وضع قطع سے متعلق بھی کچھ لکھنا ضروری ہے۔ یہ کوئی بڑی مسجد نہیں ہے اور نہ اس کے منارہی بلند ہیں جیسا کہ اس کی تصویر سے ظاہر ہوگا۔ تاہم اسکی تعمیر میں تناسب اور نفاست کا

[1] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۳۔

www.shiabookspdf.com

خاص خیال رکھا گیا ہے۔ اس کی تینوں کمانیں خوش وضع ہیں اور چھجے کے اوپر جو منڈیر بنائی گئی ہے اس پر پہلے ایکیس[۲۱] چھوٹی چھوٹی کمانیں اور پھر علموں کی شکل کا حاشیہ دے کر عمارت کی رو کاریں دیدہ زیبی پیدا کی گئی ہے۔

درمیانی کمان کے آگے تھوڑے فاصلہ پر ایک لمبوترا حوض بنایا گیا تھا جس میں اب مٹی بھری ہوی ہے اور اسی پر سے گذر کر اس وقت دروازہ سے مسجد تک پہنچتے ہیں۔ مسجد کے چبوترے کے اطراف دیوار کھینچدی گئی ہے۔ لیکن یہ دیوار بعد کی ہے۔ اصل میں میر صاحب نے مسجد کے اطراف سرائے بنائی تھی۔ اور اس سرائے کے عین وسط میں ایک اونچے چبوترے پر مسجد قائم کی گئی تھی۔ سرائے کا عقبی حصّہ تو اب بھی باقی ہے۔ لیکن سامنے اور دونوں پہلوؤں کی عمارت بعد کو منہدم ہوگئی۔ اور اس جگہ مختلف چھوٹے چھوٹے بے ترتیت مکان بن گئے ہیں۔ اور انہی مکانوں کی وجہ سے مسجد کے چبوترے پر حصار کی دیوار اٹھادی گئی ہے۔ اور اب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہی مسجد کا اصلی صحن ہے۔ حالانکہ یہ درمیانی چبوترہ تھا۔ مسجد کا اصلی صحن چبوترے کے نیچے دور تک ہوگا اور مسجد اور سرائے کا باب الداخلہ اس مقام پر ہوگا جہاں اب ایک جاگیردار صاحب کا نئی وضع کا بنگلہ بن گیا ہے۔

مسجد کا مسقف حصّہ دس گز طویل اور ۷ گز عریض ہے۔ درمیانی محراب میں سنگ موسیٰ کا عالی شان کتبہ ہے جس کے حروف پر طلائی کام کیا گیا تھا لیکن مرور ایام اور آہک پاشی کی وجہ سے اب یہ باقی نہیں ہے البتہ لفظوں پر جگہ جگہ سنہرا رنگ اب بھی جھلکتا ہے۔

یہ مسجد اور سرائے ۱۱۸۷ھ تک ملا تمیمی کی اولاد کے قبضہ میں رہی۔ اُس وقت سیّد حسین ولد سید جلال داماد سید محمد بن سید لار محمد بن شاہ محمد بن ملا تمیمی اس پر اور اس سے متعلقہ معاش پر قابض تھے۔

www.shiabookspdf.com

اور اُن کے بیان سے پتہ چلتا ہے کہ اُن سے قبل ان کے مذکورۂ صدر اجداد جن کے نام انھوں نے اپنی ولدیت کے سلسلہ میں لکھے ہیں اس مسجد کی خدمت بجالاتے رہے اور اس سے متعلقہ معاش پر قابض تھے۔ جب مذکورہ سنہ میں حضرت میر محمد مومن کے ورثا، نے اس مسجد اور سرائے کو اپنے قبضہ میں کرلینا چاہا تو سید حسین نے اپنے قدیمی حقوق پیش کئے اور خدمت گذاری کا وعدہ کیا جس کی بنا پر میر مومن صاحب کے نبیرہ میر سید محمد کے فرزندوں (میر محمد حسین اور میر کاظم علی) نے اس معاش پر سید حسین ولد سید جلال کا قبضہ اس شرط کے ساتھ منظور کیا کہ وہ سال بسال ماہ شعبان میں پانچ روپیہ ماہانہ میر صاحب کے فاتحہ اور چراغاں کے لئے دیا کریں۔ چنانچہ سید حسین نے اپنے اقرار نامہ میں لکھا ہے کہ:—

"آنہا (یعنے ورثائے میر صاحب) نظر بر قدامت من و شرط خدمت مسجد نمودہ مبلغ پنج روپیہ برائے چراغانِ عرس دائرہ میر محمد مومن صاحب مغفور از من قبول کنانیدہ از تقاضا دست بر داشتند۔ و خود ہم بہ رضا و رغبت خود راضی شدم کہ سال بہ سال در ماہ شعبان پنج روپیہ برائے چراغان عرس و فاتحہ سالیانہ می دادہ باشم۔ بعد من قائم مقام من سال بسال می دادہ باشد احیاناً کسے ازیں قرار برگردد یا تفاوت و یا تجاوز کند مجرم شرع شریف خواہد بود۔ و کان ذالک تحریراً فی التاریخ غرہ جمادی الاول ۱۱۸۰ھ ہجری۔"

لیکن میر صاحب کے موجودہ وارث اور سجادہ مولوی میر عباس علی صاحب سے معلوم ہوا کہ یہ موعودہ رقم نہ اس وقت داخل ہوتی ہے اور نہ شاید ان کے والد میر حیدر علی مرحوم کے زمانہ میں داخل کی جاتی تھی۔ خود مسجد کی خدمت کے لئے بھی اب محکمۂ امور مذہبی کی طرف سے ایک موذن ملازم ہے جس کا بیان ہے کہ وہ تیس چالیس سال سے یہ کام انجام دیتا ہے اور مسجد کا کوئی متولی وغیرہ نہیں ہے اور نہ یہ معلوم کہ سید حسین ولد

www.shiabookspdf.com

سید جلال کی کوئی اولاد بھی اب باقی ہے یا نہیں۔ بہر حال مسجد تو آباد ہے اور اب تک اس میں پنج وقتہ نماز ادا کی جاتی ہے۔ موزن کا بیان ہے کہ چالیس پچاس سال قبل مسجد ہی میں ایام عاشورہ میں علم بٹھائے جاتے تھے لیکن اب عرصہ سے یہ طریقہ مسدود ہے اور خود علم بھی شاید بلدہ حیدرآباد کے کسی صاحب کے یہاں ہیں۔

عاشور خانہ یہ امر یقینی ہے کہ سید آباد میں میر صاحب نے مسجد کے ساتھ عاشور خانہ بھی بنایا ہوگا۔ لیکن اس کی عمارت اب ناپید ہے اور شاید اسی عاشور خانہ کے علم بعد کو مسجد میں استاد کئے جاتے تھے۔ اس سال یعنی سنہ ۱۳۶۰ھ کے محرم میں مولف کتاب ہذا اور پروفیسر سید محمد صاحب نے دوبار سید آباد (موجودہ سیدا باغ) کی بستی کا معائنہ کیا تو وہاں صرف ایک مکان کے دیوان خانہ میں علم نظر آئے جو بالکل جدید ہیں اور یہ عاشور خانہ بھی حال ہی میں کسی خاتون کا بنایا ہوا ہے۔

سید آباد کی سرائے مسجد کے بعد میر صاحب کی سرائے کا بھی کچھ تذکرہ ضروری ہے۔ یہ سرائے کسی زمانہ میں بڑی آباد ہوگی۔ کیونکہ یہ شاہی راستہ پر واقع تھی۔ اب بھی اس کے کچھ بچے کھچے کمرے غریبوں کے مکان بن گئے ہیں اور اس طرح سے یہ سرائے آباد ہے۔

مسجد کے عقبی حصے کی طرف اس سرائے کی پوری کمانیں اب تک محفوظ ہیں ان کی تعداد سترہ ہے جن میں سے محراب کے عین مقابل والی تین کمانیں چھوٹی ہیں اور باقی کی چودہ کمانیں ایک ہی وضع قطع اور وسعت کی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سرائے مسجد حیات بخشی بیگم (واقع حیات نگر) اور مسجد کاروان قدیم کی سراؤں کی طرح عالی شان بنائی گئی تھی۔ اس میں جملہ ۵۶ کمرے تھے۔ عقبی حصہ کو چھوڑ کر بقیہ تینوں پہلوؤں کے وسط میں دروازے تھے۔ اوران دروازوں کی دونوں طرف

www.shiabookspdf.com

سات سات کمانیں بنائی گئی تھیں۔ اِس سرائے کے شمالی گوشہ کی تصویر جو مسجد کی چھت پر سے لی گئی ہے اس کتاب میں شریک ہے۔

سرائے کے عقبی حصہ میں پتھر کی بڑی بڑی سلیں چھت سے باہر نکال کر جو خوبصورت چھجا بنایا گیا ہے اس کے اہتمام اور مضبوطی کو دیکھ کر اس بات کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ یہ سرائے کس عمدہ پیمانہ پر تیار کی گئی تھی۔

میر پیٹھ سلطان عبداللہ قطب شاہ کے فرمان مورخہ ۱۰۵۰ھ میں میر صاحب کے دوسرے گاؤں کے ساتھ میر پیٹھ کا ذکر ان الفاظ میں درج ہے:۔

"در مصطفےٰ آباد عرف میر پیٹھ دو قطعہ تالاب بستہ و باغ نارجیل و درختان مثمرہ نشانذہ[1] (کذا) دو مسجد کلاں احداث فرمودہ"

متن کے علاوہ فرمان کے نیچے تلنگی عبارت سے قبل جہاں میر صاحب کی جاگیرات کی فہرست لکھی گئی ہے وہاں بھی "موضع مصطفےٰ آباد عرف میر پیٹھ" کا نام دوسرے نمبر پر درج ہے۔

اس شاہی فرمان کے علاوہ میر پیٹھ کا ذکر ایک سو دس سال بعد کے ایک محضر میں ملتا ہے جو میر صاحب کے ورثا سید محمد، شاہ بیگم، زہرا شاہ، فخرالنساء بیگم اور خیرالنسا وغیرہ نے ۱۱۶۰ھ میں لکھا ہے۔ اس میں میر پیٹھ کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا ہے:۔

"در موضع مصطفےٰ آباد عرف میر پیٹھ پرگنہ حویلی حیدرآباد ساختہ دو مسجد کلاں احداث

---

[1] غالباً نشاندادہ ہوگا۔

www.shiabookspdf.com

فرمودہ و دو تالاب بستہ و چاہ ہا کندہ باغ نارجیل و اشجار مثمرہ جمیع اقسام کاشتہ"[1]

ان حوالوں کی بنا پر راقم الحروف نے شہر حیدر آباد کے اطراف و اکناف کے دیہات کی فہرستوں میں تلاش کرنا شروع کیا تو حسن اتفاق سے دو مختلف جگہوں پر میر پیٹھ نام کے دو دیہات کا پتہ چلا۔ جن میں سے ایک ضلع میدک کے متعلقہ باغات میں واقع ہے اور اب مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر کی جاگیر ہے۔ اس میں ۲۴۲ مکانات ہیں جن میں جملہ ۷۰۲ نفوس (۳۴۹ مرد اور ۳۵۳ عورتیں) آباد ہیں[2]۔

دوسرا میر پیٹھ ضلع اطراف بلدہ کے شمالی تعلقہ میں نواب قدیر جنگ بہادر کی جاگیر ہے اس میں کل ۳۱ مکان ہیں جن میں ۱۲۶ نفوس (۶۴ مرد اور ۶۲ عورتیں) بستے ہیں[3]۔

ان معلومات کے بعد مصنف کتاب نے ان دونوں مقامات تک پہنچنے کے راستے اور دیگر حالات کی تلاش کی۔ چنانچہ اس سلسلہ میں تین دفعہ تاریخی معائنہ کے انتظامات کئے گئے۔

پہلی بار ۲ر فروری ۱۹۴۱ء کو مولوی سید محمد صاحب ایم اے کی رہبری میں راستہ دیکھنے اور تیقین کے لئے کہ یہ میر مومن ہی کا بنایا ہوا میر پیٹھ ہے ظل اللہ گوڑہ اور میر پیٹھ کا سفر کیا گیا۔ اور جب تالاب، مسجد اور کتبہ وغیرہ دیکھنے کے بعد یقین ہو گیا کہ یہ میر محمد مومن ہی کا بنایا ہوا گاؤں اور مسجد ہے تو ۵ر فروری کو ادارہ کی طرف سے تاریخی معائنہ کا انتظام کیا گیا۔ چنانچہ پروفیسر مجید صدیقی

---

[1] اس محضر کی آئندہ صفحات میں نقل درج ہے۔

[2] دیکھو فہرست دیہات ضلع میدک (انگریزی) مطبوعہ دفتر اعداد و شمار حیدر آباد بابت ۱۹۳۱ء صفحہ ۱۰۔

[3] دیکھو فہرست دیہات ضلع اطراف بلدہ (انگریزی) مطبوعہ 〃 〃 〃 〃 صفحہ ۱۱۔

www.shiabookspdf.com

پروفیسر سید محمد، مولوی عبدالرحمن شریف، مولوی صدیق علی ماہر چربہ اور بھگوان صاحب فوٹو گرافر کی معیت میں اس روز کئی گھنٹے میر پیٹھ میں گذرے۔ اور مسجد کی تصویریں اور کتبوں کے چربے لئے گئے میر پیٹھ کے دونوں معائنوں میں مولوی عبدالرشید صاحب بی۔اے نے (جو حسن اتفاق سے اسی باغ میں رہتے ہیں جو میر صاحب کا لگایا ہوا ہے) بڑی زحمت اٹھاکر ہماری معلومات میں اضافہ کا انتظام کیا، اور ہر طرح کی سہولتیں بہم پہنچائیں۔ چنانچہ مسجد کو درختوں وغیرہ سے صاف کیا، دھلوایا، کتبوں میں سے چونا اور گرد و غبار نکلوایا اور ہماری پر تکلف ضیافت بھی کی۔

یہ میر پیٹھ شہر حیدرآباد سے تقریباً ۸ میل کے فاصلہ پر جنوب مشرق کی سمت میں واقع ہے۔ اور اس کا راستہ چمپا پیٹھ، کرمن گھٹ، اور ظل اللہ گوڑہ پر سے گزرتا ہے۔ لیکن چمپا پیٹھ کے بعد سے کچی سڑک ہے جس پر سے موٹر قدرے زحمت کے ساتھ میر پیٹھ تک پہنچتی ہے۔

ظل اللہ گوڑہ ظل اللہ گوڑہ بھی ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جو اب عام طور پر جلیلہ گوڑہ کہلاتا ہے لیکن اصل میں سلطان محمد قلی قطب شاہ کے بھتیجے سلطان محمد قطب شاہ کے لقب ظل اللہ سے منسوب ہے۔ اور یہ گاؤں بھی میر صاحب ہی کی تحریک پر میر پیٹھ کے ساتھ عہد محمد قلی ہی میں بسایا گیا ہوگا۔ کیونکہ بادشاہ اپنے بھتیجے کو بچپن سے ظل اللہ پکارا کرتا تھا اور چونکہ یہ شہزادہ میر مومن کا خاص منظور نظر تھا اس لئے کوئی تعجب نہیں کہ میر صاحب نے اپنے گاؤں کے قریب اس شہزادے کے نام سے بھی اسی وقت ایک دوسرا گاؤں بھی بسایا ہو۔ چنانچہ انھوں نے میر پیٹھ میں جو بڑی مسجد بنائی ہے وہ ظل اللہ گوڑہ اور میر پیٹھ دونوں کے درمیان واقع ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ دونوں گاؤں ایک ساتھ آباد کئے گئے تھے اور دونوں کے لئے ایک ہی مسجد بنائی گئی تھی۔

www.shiabookspdf.com

ظل اللہ گوڑہ کا مندر

ظل اللہ گوڑہ میں ایک بہت بڑا مندر بھی ہے جس کی جاترا ہر سال بڑی دھوم دھام سے منائی جاتی ہے۔ چنانچہ اس جاترا میں شرکت کے لئے مہاراجہ کشن پرشاد بہادر کی رانی صاحبہ یہاں آیا کرتیں اور اسی باغ میں کئی روز رہتیں جو میر صاحب کا لگایا ہوا ہے اور جو اب مولوی عبد الرشید صاحب کا مملوکہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسی آمد و رفت اور قیام کے پیش نظر بعد کو مہاراجہ بہادر نے اپنے عہد دیوانی میں موضع کرمن گھٹ کا عالیشان بنگلہ بنایا تھا۔ لیکن اس کے بنتے ہی ان کو مدار المہامی سے ہٹنا پڑا اور انھوں نے اس مکان کو منحوس سمجھ کر اس میں کبھی قیام نہیں کیا۔

اس مندر کی عالیشان عمارت اور رتھ اور اس کے وسیع و بلند حصار کو دیکھ کر اس محضر کا بیان صحیح معلوم ہوتا ہے، جس میں لکھا گیا ہے کہ میر صاحب کے دیہات کو مادھو نار دار نے اپنے بت خانہ سے متعلق کر دیا تھا۔ اور جس کی اصل عبارت اسی کتاب کے صفحہ ۶۸ پر نقل کی گئی ہے۔ اس مندر کے دیکھنے سے قبل مذکورہ محضر کی نسبت یہ خیال کر لینے میں کوئی امر مانع نہ تھا کہ شاید میر صاحب کے ورثا نے مغل فاتحین کی اس تبلیغ و تنبیہ سے فائدہ اٹھانا چاہا تھا کہ شہنشاہ اورنگ زیب نے قطب شاہی سلطنت کو اس لئے فتح کیا کہ اس میں مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس سلطنت کے خاتمہ کے بعد اس کے اکثر و بیشتر جاگیرداروں اور انعام داروں کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ اور لازمی طور پر میر محمد مومن کی جاگیرات بھی مغلیہ عملداری کے بعد ان کی اولاد کے قبضہ و تصرف میں نہیں رہ سکتی تھیں۔ چنانچہ جس وقت یہ محضر لکھا گیا تھا گولکنڈہ کی سلطنت کے زوال کو باسٹھ سال گذر چکے تھے۔ اور اس اثنا میں حیدرآباد میں کئی صوبہ داروں کا عمل دخل رہا۔ اس طرح اگر اورنگ زیب نے میر صاحب کی

www.shiabookspdf.com





میر محمد مومن کی مسجد واقع [illegible]

www.shiabookspdf.com

جاگیرات ضبط نہ کی ہوتیں تو اس طویل مدّت میں کسی نہ کسی کے ہاتھوں ضرور یہ بات ظہور میں آتی۔ ایسی صورت میں جاگیرات کی بحالی کے لئے درخواست دیتے وقت یہ لکھنا قرین مصلحت تو نہ تھا کہ یہ جاگیریں اورنگ زیب بادشاہ یا ان کے صوبہ داروں نے چھین لی ہیں۔

میر پیٹھ کی مسجد

ظل اللہ گوڑہ اور میر پیٹھ کے درمیان میر محمد مومن نے جو مسجد بنائی تھی اس کی وضع قطع قریب قریب وہی ہے جو سید آباد کی مسجد کی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ موخرالذکر مسجد کے اطراف سرائے بنائی گئی تھی اور میر پیٹھ کی مسجد کے اطراف ایک وسیع صحن چھوڑ کر احاطہ کی پختہ دیوار بنا دی گئی ہے۔ اور مسجد کے عین مقابل ایک عالی شان باب الداخلہ بنایا گیا ہے جس کے دونوں طرف دو دو وسیع کماندار کمرے ہیں جو اب تک شکستہ حالت میں موجود ہیں اور جب کبھی شہر حیدرآباد میں طاعون آتا ہے تو متعدد خاندان ان کمروں میں پناہ لیتے ہیں۔ یہ اصل میں ایک چھوٹی سی سرائے کے طور پر بنائے گئے تھے اور اب بھی گویا اسی کام میں لائے جاتے ہیں۔

مسجد کے وسیع احاطہ میں ایک باغ لگایا گیا تھا جس کی روشوں کے آثار آج تک موجود ہیں اس احاطہ میں جانب جنوب دیوار سے متصل ایک قبر ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ دوران تعمیر میں مسجد پر سے کوئی مزدور گر گیا تھا جس کو اسی احاطہ میں دفن کر دیا گیا۔

کہا جاتا ہے کہ کچھ عرصہ قبل تک مسجد کے اندر ایک بہت بڑی باولی تھی۔ لیکن اب اس کا پتہ نہیں۔ باغ کی ضرورت کے لحاظ سے باولی کا وجود یقینی ہوگا۔ البتہ باب الداخلہ سے قریب جانب شمال ایک چھوٹی سی باولی اب بھی موجود ہے۔ یہ غالباً غیر مسلم لوگوں یا راہگیروں کے لئے بنائی گئی تھی۔

www.shiabookspdf.com

میربیٹھ کی مسجد کا نقشہ

نوٹ ۔ یہ خاکہ مولوی عبد الرشید صاحب صابری نے اپنی مہربانی سے پیمائش وغیرہ کی زحمت اٹھا کر تیار کیا ہے ۔ ایک انچ برابر ہے ۵۰ فٹ کے



www.shiabookspdf.com

میر پیٹھ کی مسجد کی وضع قطع

میر پیٹھ کی مسجد سید آباد کی مسجد سے پانچ چھ سال بعد یعنے ۱۰۱۹ھ و ۱۰۲۰ھ میں بنائی گئی ہے۔ اس لئے لازمی طور پر اس میں بعض چیزوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ مثلاً مسجد کے روکار میں کمانوں اور منڈیر کی خوبصورتی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ اور رواق کے اوپر کتبہ میں بھی اضافہ ہے۔

سید آباد کی مسجد میں ہر کمان کے اوپر منڈیر میں سات سات چھوٹی کمانیں بنائی گئی ہیں۔ لیکن میر پیٹھ کی مسجد کی کمانوں پر پانچ پانچ اس طرح جملہ پندرہ کمانیں ہیں۔ اسی طرح کمانوں کے اوپر علموں کی وضع کا جو نقش و نگار بنایا گیا ہے اس میں بھی تبدیلی کی گئی ہے۔ سید آباد کی مسجد میں کمانوں یا طاقچوں کی مناسبت سے چھوٹے چھوٹے علم بنائے گئے ہیں اور میر پیٹھ کی مسجد میں یہ کافی چوڑے اور بڑے ہیں۔ ان سب کی وضاحت مسجدوں کی ان تصویروں سے ہوسکتی ہے جو اس کتاب میں شامل ہیں۔

مسجد میر پیٹھ کا کتبہ

جیسا کہ ابھی کہا گیا اس مسجد اور سید آباد کی مسجد کے کتبہ میں تھوڑا سا فرق ہے۔

سب سے پہلا اور نمایاں فرق یہ ہے کہ سید آباد کی مسجد میں محراب کے دونوں طرف کے گوشوں کو بالکل سادہ چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس کے برخلاف میر پیٹھ کی مسجد میں ان پر حلقے بنا کر دائیں طرف لکھا ہے۔

قال محمد نبی الکونین

اور بائیں طرف کے گوشہ میں

www.shiabookspdf.com

المومن حی فی الدارین ۱۰۱۹ھ

درج ہے۔ ذیل کے نقشوں سے واضح ہوگا کہ ان گوشوں سے کیا مراد ہے۔





اس طرح نچلی کمان کے دونوں گوشے سید آباد کی مسجد میں خالی چھوڑ دئے گئے تھے اور بعد کو میر پیٹھ کے کتبے میں اس خالی جگہ کو پر کرلینے کے لئے ایک ایسی اچھی حدیث کا انتخاب کرلیا گیا جس میں خودبخود بانیٔ مسجد محمد مومن کا نام بھی بطور سجع نکل آتا ہے یعنے دائیں حلقے میں محمد نمایاں ہے اور بائیں میں مومن۔

کتبے میں دوسرا فرق محراب کے عین اوپر کی یعنی درمیانی تختی میں بجائے ربنا وتقبل منا بآلہ النبی کے وربنا وتقبل منا بآلہ النبی کندہ کرایا ہے۔ یعنے ایک حرف واؤ کا اضافہ کردیا گیا جس کی وجہ سے بجائے ۱۰۱۴ھ کے سنہ ۱۰۲۰ھ تاریخ مسجد نکل آتی ہے۔

سید آباد اور میر پیٹھ کی مسجدوں کے کتبوں کا تیسرا فرق محراب کی دائیں طرف درود کے آخری حصہ میں ہے۔ یعنے سید آباد کی مسجد میں صرف خلیفۃ الرحمٰن الانس والجان لکھا ہے اور

www.shiabookspdf.com



پیر محمد مومن کی بنائی ہوئی مسجدوں کے محرابوں کے گوشوں میں جو کتبے درج ہیں ان کے عکس ان میں
پیر صاحب کا نام اور بنائے مسجد کی تاریخ بھی ہے ۔

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

اور میر پیٹھ کی مسجد میں خلیفۃ الرحمان سید الانس والجان۔

اسی طرح درود کے ختم پر سید آباد کی مسجد میں الیٰ یوم الدین ہے اور میر پیٹھ کی مسجد میں نہیں ہے۔ اس کی جگہ کاتب نے اپنے نام میں اضافہ کیا ہے۔ یعنے

سید آباد کی مسجد میں لکھا ہے:۔ نمقہ عبدہ حسین شیرازی

میر پیٹھ کی مسجد میں لکھا ہے:۔ عبدہ حسین بن محمود الشیرازی ۱۰۲۰

میر پیٹھ قریب شکر اللہ گوڑہ کوہ مولا علی کے جانب جنوب مشرق کوئی ایک میل کے فاصلہ پر میر صاحب کا ۱۰۱۹ھ میں بسایا ہوا ایک اور گاؤں میر پیٹھ اب بھی موجود ہے۔

اس کا راستہ باغ ابن صاحب کی دیوار کے ساتھ ساتھ جاتا ہے اور باغ کے عقب میں پہنچنے کے بعد تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر پہلے میر صاحب کا بنایا ہوا تالاب اور پھر مسجد نظر آتی ہے۔ راستہ اچھا ہے۔ ظل اللہ گوڑہ کے قریب جو میر پیٹھ واقع ہے اس کے راستہ کی طرح موٹر نشینوں کے لئے تکلیف دہ نہیں ہے۔[۱]

مسجد اس میر پیٹھ میں بھی میر محمد مومن نے اپنے دوسرے دیہات کی طرح مسجد اور تالاب وغیرہ بنوائے تھے۔ مسجد کی وضع بالکل وہی ہے جو میر صاحب کی بنائی ہوئی دوسری مساجد واقع

۱؎ اس میر پیٹھ کا پتہ مولوی میر عباس علی صاحب مہتمم مغلائی کتب خانہ نواب سالار جنگ بہادر سے اتفاقاً اثنائے گفتگو میں معلوم ہوا۔ اگر وہ اس کی طرف توجہ نہ دلاتے تو راقم نہ وہاں پہنچ سکتا اور نہ اس کتاب میں اس کا بیان درج ہونے پاتا۔ راقم نے پروفیسر مجید صدیقی صاحب اور مولوی میر عباس علی صاحب کی معیت میں اسکا معائنہ ۱۲ فروری ۱۹۴۱ء کی صبح میں کیا۔

www.shiabookspdf.com

سید آباد و میر پیٹھ وغیرہ کی ہے۔ یہ ایک ایسے وسطی مقام پر بنائی گئی تھی جس کے چاروں طرف چار گاؤں (یعنے میر پیٹھ، ملاپور، ینگن کنٹہ، اور شکر اللہ گوڑہ) آباد ہیں۔ وہاں کے پٹیل شمس الدین کا بیان ہے کہ پہلے میر پیٹھ کی آبادی مسجد کے بالکل قریب ہی جانب جنوب واقع تھی۔ لیکن بعد کو چوریوں اور ڈاکوں کی وجہ سے پوری آبادی جنوب کی طرف ذرا دور منتقل ہوگئی اور یہ مسجد اب آبادی سے کافی فاصلہ پر واقع ہے اور بالکل ویران و بے چراغ پڑی ہوی ہے۔ اگر اب بھی اس کو محفوظ نہ کرلیا جائے تو اندیشہ ہے کہ کوہ شریف کے قریب میر محمد مومن کے یہ آثار باقی نہ رہیں گے۔

یہ مسجد اور میر پیٹھ کی بستی اب نواب قدیر جنگ کی جاگیر ہے۔ اس کی آبادی صرف ۱۲۶ نفوس پر مشتمل ہے جن میں ۶۴ مرد اور ۶۲ عورتیں ہیں[۱]۔

تالاب میر پیٹھ کا تالاب میر صاحب کے دوسرے دیہات کے تالابوں کے مقابلہ میں مسجد سے قریب تر واقع ہے۔ لیکن یہ اب بالکل خشک ہوگیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دس بارہ سال سے اس میں پانی نہیں آیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ نگہداشت نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی سوتیں بند ہوگئی ہیں۔ لیکن تالاب کا سنگ بستہ اونچا بند مسجد کی جانب شمال مشرق اب تک محفوظ ہے۔ یہاں سے اور میر صاحب کی مسجد کی چھت اور صحن میں سے بھی کوہ شریف کا منظر بڑا سہانا نظر آتا ہے۔

---

[۱] دیکھو فہرست دیہات ضلع اطراف بلدہ (انگریزی) مطبوعہ دفتر اعداد و شمار حیدرآباد بابت ۱۹۳۱ء صفحہ ۱۱۔

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کا کتبہ اس مسجد کا کتبہ بھی مولانا حسین شیرازی کا لکھا ہوا ہے۔ اور اُس کتبہ کی بعینہٖ نقل ہے جو ظل اللہ گوڑہ کے متصل میر پیٹھ کی مسجد میں لگا ہوا ہے۔ لیکن یہ اب اپنی اصلی جگہ پر نہیں ہے بلکہ محراب کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے مسجد کی چھت پر رکھ دیا گیا تھا۔ اور وہاں سے کسانوں اور دھنگروں کے شریر لڑکوں نے اس کو توڑ توڑ کر مسجد کے اطراف دور دور تک پھینک دیا ہے۔ چنانچہ ہم نے ایک مزدور کے ذریعہ سے اس کے مختلف ٹکڑے پھر مسجد کی چھت پر جمع کئے[1] جس کی وجہ سے ایک حد تک مکمل کتبہ پڑھ لیا جا سکا۔ اس میں اور سابق الذکر میر پیٹھ کی مسجد کے کتبہ میں صرف ایک جگہ فرق نظر آیا اور وہ یہ کہ پہلے کتبہ میں المومن حی فی الدارین کے نیچے صرف ۱۰۱۹ھ لکھا گیا ہے اور اس کتبہ میں لکھا ہے۔

المومن حی فی الدارین تاریخ بنا مسجد ۱۰۱۹ھ

اس کتبہ کا ذکر مولوی سید علی اصغر صاحب بلگرامی نے مآثر دکن میں صفحات ۱۹ و ۲۰ پر درج کیا ہے۔ لیکن انھوں نے اس مسجد کو مسجد شکر اللہ گوڑہ کے نام سے یاد کیا ہے۔ اور ساتھ ہی نیچے یہ بھی لکھدیا ہے کہ

---

[1] ہم نے شمس الدین پٹیل سے کہا ہے کہ سیڑھیوں کا راستہ دیوار اٹھا کر بند کر دیا جائے تاکہ پھر کوئی اوپر چڑھ کر ان پتھروں کو منتشر نہ کر سکے۔ اس کے علاوہ نواب سالار جنگ بہادر نے فرمایا ہے کہ اس مجروح کتبے کو سمنٹ سے اپنی جگہ پر پھر سے لگوا دیا جائے گا۔

www.shiabookspdf.com

"واقع امیر پیٹھ[1] سواد کوہ مولا علی"

اس کے بعد کتبہ نقل کیا ہے اور اس کی نسبت یہ رائے ظاہر کی ہے :۔

"کتبہ اکثر مقامات سے ٹوٹ جانے کی وجہ سے اس کے کئی ٹکڑے مفقود ہوگئے ہیں۔

سنہ - مسجد مرمت طلب ہے ۔

ح - کتبہ قابل تحفظ ہے ۔

ط - سواد کوہ شریف میں ابن صاحب کے باغ کے عقب میں ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر موضع شکر اللہ گوڑہ کے قریب ایک غیر آباد مسجد واقع ہے جو وسیع احاطہ میں ایک بلند چبوترہ پر بنی ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ کتبہ صحن مسجد کے رواق میں نصب تھا۔ لیکن رواق ٹوٹ جانے کے بعد اس کو بعض اصحاب نے بہ نظر حفاظت مسجد کی چھت پر رکھوا دیا۔ کتبہ کا طول تین گز اور عرض دو گز محراب دار وضع کا ہے ۔ اور خط نہایت پاکیزہ ثلث ہے۔ اس کے سنہ تعمیر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسجد سلطان محمد قلی قطب شاہ کی وفات سے ایک سال قبل اور جامع مسجد کی تعمیر سے ۱۳ سال بعد بنی تھی۔ مسجد اگرچہ مختصر ہے لیکن کتبہ کی شان سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہی اہتمام سے بنوائی گئی تھی۔ اور ممکن ہے کہ کوہ شریف کی زیارت کو بادشاہ کی آمد کے مواقع پر اس حصۂ زمین پر کیمپ شاہی ہوتا ہو۔

---

[1] تعجب ہے کہ مولوی علی اصغر صاحب بلگرامی نے اس کا نام امیر پیٹھ لکھا ہے حالانکہ فہرست دیہات ضلع اطراف بلدہ میں اسکا نام میر پیٹھ درج ہے اور شمس الدین ٹیبل سے بھی یہی معلوم ہوا کہ عوام میں میر پیٹھ مشہور ہے۔

www.shiabookspdf.com

اس لئے کہ اس مسجد کے قرب وجوار میں کوئی مقبرہ یا اور کسی قدیم آبادی کے آثار ایسے
موجود نہیں ہیں جس سے اس مسجد کا تعلق ظاہر ہو"۔[1]

غرض آج سے تقریباً اٹھارہ سال قبل مولوی سید علی اصغر صاحب کو اس واقعہ کا علم نہ ہو سکا تھا کہ یہ مسجد میر پیٹھ سے متعلق تھی اور اس کے بانی حضرت میر محمد مومن تھے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ انھوں نے یہ مسجد، تالاب اور گاؤں محض کوہ شریف کی قربت کی وجہ سے اور عرس وغیرہ کے زمانہ میں قیام کے لئے بنوایا تھا۔

اس مسجد کے تذکرہ کو ختم کرنے سے قبل اس امر کا اظہار بھی ضروری ہے کہ چھت پر جانے کے لئے اس میں جو سیڑھیاں بنائی گئی ہیں وہ مسجد کی شمالی دیوار کے اندر ہی بنائی گئی ہیں اس کے برخلاف سید آباد اور سابق الذکر میر پیٹھ کی سیڑھیاں شمالی دیوار سے ملحق باہر کی طرف نکلی ہوئی ہیں نہ ان پر چھت ہے اور نہ وہ یہاں کی سیڑھیوں کی طرح محفوظ ہیں۔

اُپل سلطان عبداللہ قطب شاہ کے فرمان کے آخر میں میر صاحب کی جن جاگیروں کے نام لکھے ہیں ان میں پانچویں نمبر پر "موضع اوپل حویلی حیدرآباد" کا نام بھی درج ہے۔ یہ موضع اس شاہراہ پر واقع ہے جو شہر حیدرآباد سے عنبر پیٹھ ہوتی ہوئی بھونگیر کو جاتی ہے۔ شہر سے اس کا فاصلہ آٹھ نو میل ہے۔ جامعہ عثمانیہ کی جدید عمارتیں اسی موضع کے جانب شمال مشرق بن رہی ہیں۔ اور ان کی وجہ سے مستقبل قریب میں اس مقام کی آبادی اور اہمیت میں کافی اضافہ ہو جائے گا۔

---

[1] دیکھو مآثر دکن صفحات ۱۹ و ۲۰۔

www.shiabookspdf.com

مسجد اپل کے معائنہ سے پتہ چلا کہ وہاں میر مومن صاحب کے کوئی آثار اِس وقت محفوظ نہیں ہیں۔ ایک عالی شان سنگ بستہ مسجد سرِ راہ واقع ہے جس کے منار بہت بلند ہیں اور جو صاف تراشیدہ پتھروں سے اونچی جگہ پر خاص اہتمام کے ساتھ بنائی گئی ہے لیکن افسوس ہے کہ اِس تزک واحتشام کے باوجود اس میں کوئی کتبہ موجود نہیں۔ لیکن طرزِ تعمیر سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سلطان محمد کے آخری دور یا عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں بنائی گئی ہوگی۔ کیونکہ محمد قلی کی بیشتر عمارتوں کے روکار گچ اور چونے سے تیار کئے گئے تھے اور حیدرآباد میں مصفا پتھر کی عمارتوں کا رواج عہد سلطان محمد قطب شاہ سے عام طور پر شروع ہوا تھا۔ چنانچہ کہ مسجد' ٹولی مسجد' اور حیات نگر کی مسجد وغیرہ جو صاف پتھر سے بنائی گئی ہیں عہد محمد قلی کے بعد کے آثار ہیں۔

اپل میں میر صاحب کی بنائی ہوئی مسجد نہ ملنے کی ایک وجہ یہ بھی سمجھ میں آتی ہے کہ یہ اصل میں انکا بسایا ہوا گاؤں نہیں تھا بلکہ یہ ان چھ دیہات میں سے ایک تھا جو سلطان محمد قطب شاہ نے میر صاحب کو بطور انعام و جاگیر عطا کئے تھے۔ اور جن کی نسبت عبداللہ قطب شاہ نے اپنے فرمان مورخہ ۲۳ جمادی الاول ۱۰۵۰ھ میں لکھا ہے :۔

"سوائے ملک و میراث تالاب ہائے ایشاں شش دیہات بدل انعام بنام میر معز الیہ و باولاد و احفاد او مرحمت کردہ دادہ بودند"۔

معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحب کے انتقال کے چھ سال بعد عہد عبداللہ قطب شاہ میں ان کی دوسری جاگیرات کی طرح موضع اپل بھی کسی اور کے قبضہ میں چلا گیا اور اس واقعہ کے نو سال بعد تک یہ دوسروں ہی کے قبضہ و تصرف میں رہا اور اسی زمانہ میں (یعنی ۱۰۴۱ھ سے ۱۰۵۰ھ) کے درمیان وہ مسجد بنائی گئی

www.shiabookspdf.com

جس کا ذکر ابھی کیا گیا لیکن جب میر جعفر وغیرہ نبیرہائے میر مومن نے عریضہ پیش کرکے بادشاہ کو توجہ دلائی تو سلطان عبداللہ قطب شاہ نے ۱۰۵۰ھ میں حکم صادر کیا کہ میر مومن صاحب کی جاگیرات ان کے نبیروں کے نام غرہ جمادی الثانی ۱۰۴۱ھ ہی سے بحال سمجھی جائیں چنانچہ فرمان کے الفاظ ہیں:۔

"حکم عالی متعالی صادر گشتہ در دیسند تالابہا، محصول باغ و دیہات وغیرہ از استقبال غرہ
جمادی الثانی سنہ احدی و اربعین الف سال بسال در وجہ انعام باولاد و احفاد میر
مرحوم الی ماتوالدو او تناسل مرحمت فرمودیم و بازمواضع مذبور را در وجہ انعام نبیرہائے
میر مذبور مجری داشتہ جاری و ممضی و مستمر دارند۔" وغیرہ۔

غرض اُپل میں اگرچہ میر صاحب کے کوئی آثار اس وقت محفوظ نہیں ہیں لیکن اس کے لیے یہی شرف کیا کم ہے کہ وہ کسی زمانہ میں میر صاحب کی جاگیر رہ چکا تھا۔

راوریال عرف مومن پور

میر صاحب کے آباد کئے ہوئے دیہات میں سے ایک راوریال بھی ہے جس کا ذکر سلطان عبداللہ قطب شاہ نے اپنے مذکورہ فرمان میں اس طرح کیا ہے:۔

"میر محمد مومن مبلغے خطیر مال خود خرچ کردہ در موضع راوریال عرف مومن پور پرگنہ مذکور
یک تالاب بست۔"

اسی طرح ۱۱۶۰ھ کے اُس محضر میں جو میر صاحب کی اولاد (یعنے سید محمد، شاہ بیگم، زہرا شاہ، فخر النسا اور خیر النسا وغیرہ) نے لکھا تھا اس گاؤں کا ذکر اس طرح کیا گیا ہے:۔

"در موضع مومن پور عرف راوریال پرگنہ ابراہیم ٹپن مبلغ کثیر از مال خود خرچ کردہ یک

www.shiabookspdf.com

تالاب بستہ "۔

موضع راوریال کے پرگنہ ابراہیم پٹن میں واقع ہونے کا تذکرہ عبداللہ قطب شاہ کے مذکورہ فرمان میں بھی درج ہے۔ کیونکہ فرمان کے آخر میں اکثر دیہات کے نام کے ساتھ پرگنہ یا حویلی کا بھی اندراج کردیا گیا ہے۔

ان حوالوں کی بنا پر راقم الحروف نے میربیٹھ کے پہلے سفر میں راوریال کی نسبت بھی معلومات دریافت کیں تو پتہ چلا کہ وہاں سے آٹھ دس میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں اس نام کا موجود ہے۔ اس بنا پر اس کے معائنہ کا تہیہ کیا گیا لیکن چار پانچ میل تک بیل گاڑی کا راستہ دقت سے طے کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ موٹر آگے نہیں بڑھ سکتی کیونکہ راستہ بالکل تنگ اور چٹانوں سے معمور تھا۔ چنانچہ ایک جگہ موٹر اس طرح پھنس گئی کہ بڑی دقت سے اس کو وہاں سے پیچھے ہٹانا پڑا۔ غرض اس طرح ناکام واپسی کے بعد مولوی عبدالرشید صاحب نے مہربانی فرماکر خود کسی طرح راوریال جاکر معلومات حاصل کرنے کا ذمہ لیا۔ چنانچہ وہ دوسرے روز زحمت اٹھاکر وہاں پہنچے اور اس کی نسبت معلومات حاصل کرکے جو خط روانہ کیا اس کا اقتباس درج ذیل ہے:۔

> میں خود موٹر کا راستہ دیکھنے کے خیال سے راؤریال گیا تھا۔ یہ کنگرہ راوریال ہے۔ اس میں جو مسجد ہے وہ ننھے خاں اور رحمان صاحب کی بنائی ہوئی ہے۔ ایک بڑھیا مزدورنی بلوائی گئی اور پولس پٹیل نے اس کا بیان سنا کہ اس نے خود اس کی تعمیر کے وقت مزدوری کی ہے۔ یہ پچپن سال کی عمارت ہے۔ عاشور خانہ میں ایک پنجہ کچھ پرانا ہے۔ لیکن وہاں یہ معلوم ہوا کہ راؤریال دراصل قطب شاہی زمانہ بنڈہ راؤریال قریب حیات نگر ہے۔ یہ بھی تقریباً دس یا ۱۲ میل ہے" وغیرہ۔

www.shiabookspdf.com

بنڈہ راؤریال ان معلومات کی بنا پر ۵ فروری ۱۹۴۱ء کی صبح میں حیات نگر کا سفر کیا گیا لیکن وہاں کے باشندوں سے معلوم ہوا کہ بنڈہ راؤریال کا راستہ بہت خراب ہے اور وہاں تک موٹر نہیں جاسکتی۔ نیز وہاں کوئی مسجد بھی نہیں ہے۔ اس لئے اس کے معائنہ کا خیال ترک کر دینا پڑا۔ دیہات کی سرکاری فہرست دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس راؤریال میں ۲۳۰ مکان ہیں جن میں کل ۹۲۹ آدمی (۴۵۵ مرد اور ۴۷۴ عورتیں) بستے ہیں[1]۔

کنگرہ راؤریال میر مومن صاحب کا آباد کیا ہوا راؤریال اصل میں کنگرہ راؤریال ہی ہے کیونکہ میرپیٹھ، حیات نگر، اور راٹیل کے دیہاتی باشندوں سے تبادلہ خیال میں پتہ چلا کہ راؤریال اور کنگرہ دو جدا جدا دیہات ہیں جو ایک دوسرے کے مقابل راستہ کے دو طرف واقع ہیں۔ یعنے راستہ کی ایک طرف کی آبادی راؤریال کہلاتی ہے اور دوسری طرف کی کنگرہ جب میر صاحب نے راؤریال بسایا تو محمد قلی قطب شاہ نے اس کے مقابل کا گاؤں کنگرہ بھی میر صاحب کو بطور جاگیر عطا کر دیا۔ چنانچہ عبداللہ قطب شاہ کے مذکورہ فرمان میں میر صاحب کی جاگیرات کی فہرست میں آخری نام "موضع کنگرہ حویلی حیدر آباد" درج ہے۔

اس راؤریال کو دیکھنے کی کوشش جاری رہی چنانچہ اسی سلسلہ میں مولوی مصلح الدین صاحب انصاری بی۔اے تحصیلدار ضلع باغات کو راقم نے توجہ دلائی تھی کہ اس کی نسبت اپنے علاقہ کے پٹیلوں اور پٹواریوں سے معلومات حاصل کریں انھوں نے اس کی نسبت لکھا کہ :-

---

[1] دیکھو فہرست دیہات اطراف بلدہ (مطبوعہ انگریزی ۱۹۳۱ء) صفحہ ۳ ۔

www.shiabookspdf.com

"راؤ ریال کا تعلق علاقہ صرف خاص مبارک سے ہے اور یہ مقام پہاڑی شریف سے آگے پانچ میل پر واقع ہے۔ اُپا گوڑہ جو پہاڑی شریف سے تین میل کے فاصلہ پر تعمیرات کی سڑک پر واقع ہے وہاں سے وہی راستہ ملتا ہے۔ جہاں سے موضع زیر بحث دو میل رہ جاتا ہے۔"

فہرست دیہات اطراف بلدہ کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس راؤ ریال میں ۱۵۵ امکان ہیں جن میں ۸۱۳ نفوس (۴۰۲ مرد اور ۴۱۱ عورتیں) آباد ہیں۔[۱]

آخر کار ۹ مارچ ۱۹۴۱ء کو راقم نے مولوی سید محمد تقی صاحب معتمد مجلس انتظامی دائرہ میر محمد مومن اور راجہ دین دیال (فوٹوگرافر) کی معیت میں اس راؤ ریال کا سفر کیا۔ اُپا گوڑہ سے جانب مشرق تھوڑی دور وہی راستہ طے کرنے کے بعد راؤ ریال کے عظیم الشان تالاب کا بند اور توم نظر آنے لگتے ہیں۔ یہ تالاب دکن کے بڑے تالابوں میں سے ہے اور ابراہیم پٹن کے تالاب سے بھی بڑا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ یہ بھی اس وقت خشک نظر آیا۔ معلوم ہوا کہ چند روز قبل تک اس میں پانی تھا اور دو چار ماہ قبل شہزادہ اعظم جاہ بہادر ولیعہد سلطنت آصفیہ نے اس تالاب میں بطوں کا شکار کیا۔

راؤ ریال کی بستی بہت اچھی ہے اور زیادہ تر مسلمان آباد ہیں اس میں ایک مسجد بھی ہے لیکن جیسا کہ مولوی عبدالرشید صاحب بی۔اے نے لکھا تھا یہ مسجد بعد کی تعمیر معلوم ہوتی ہے۔ تعجب ہے کہ میر صاحب نے یہاں کوئی مسجد نہیں بنائی حالانکہ تالاب کی تعمیر میں ان کو خاص اہتمام کرنا پڑا ہوگا۔

---

[۱] دیکھو فہرست مطبوعہ صفحہ ۱۴۔

www.shiabookspdf.com

کنگرہ جیسا کہ ابھی لکھا گیا یہ موضع میر محمد مومن کو بطور جاگیر ملا تھا اور اُس زمانہ میں حویلی حیدرآباد میں شامل تھا۔ اب اطراف بلدہ کے جنوبی تعلقہ میں واقع ہے۔ اسکی نسبت مولوی مصلح الدین صاحب بی۔اے نے جو معلومات فراہم کیں وہ حسب ذیل ہیں:—

"کنگرہ، راؤ ریال سے قریب جانب جنوب مشرق واقع ہے۔ اور دونوں کو جانے کا ایک ہی راستہ ہے۔"

راؤ ریال کے ساتھ ہی اس کا بھی معائنہ کیا گیا۔ یہ دونوں گاؤں اب ایک دوسرے سے اتنے مل گئے ہیں کہ نئے آدمی کے لئے یہ معلوم کرنا دشوار ہے کہ کونسا حصّہ راؤ ریال سے متعلق ہے اور کونسا کنگرہ سے۔ اسی قربت کی وجہ سے شاید سلطان محمد قلی قطب شاہ نے میر صاحب کو موضع کنگرہ بطور جاگیر عنایت کر دیا تھا۔

کنگرہ میں بھی ایک مسجد ہے جو راؤ ریال کی مسجد سے بڑی ہے۔ لیکن وہ بھی قطب شاہی عہد کی تعمیر نہیں معلوم ہوتی۔

مامڑپلی میر صاحب کی جاگیرات کی فہرست میں تیسرے نمبر پر "موضع مامڑپلی حویلی حیدرآباد" کا نام درج ہے۔ یہ موضع اس وقت مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر کی جاگیر ہے۔ فہرست دیہات کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے لحاظ سے اس میں ۱۲۵ مکان ہیں جن میں ۴۵۳ لوگ (۲۳۵ مرد اور ۲۱۸ عورتیں) آباد ہیں[۱]۔

---

[۱] دیکھو فہرست دیہات ضلع میدک مطبوعہ محکمہ اعداد و شمار سرکار عالی صفحہ ۱۰۔

www.shiabookspdf.com

"راؤ ریال کا تعلق علاقہ صرف خاص مبارک سے ہے اور یہ مقام پہاڑی شریف سے آگے پانچ میل پر واقع ہے۔ اُپّا کوڑہ جو پہاڑی شریف سے تین میل کے فاصلہ پر تعمیرات کی سڑک پر واقع ہے وہاں سے دیہی راستہ ملتا ہے۔ جہاں سے موضع زیر بحث دو میل رہ جاتا ہے۔"

فہرست دیہات اطراف بلدہ کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس راؤ ریال میں ۵۵ امکان ہیں جن میں ۳۱۸ نفوس (۲۰۴ مرد اور ۱۱۴ عورتیں) آباد ہیں[1]۔

آخر کار ۹ مارچ ۱۹۴۱ء کو راقم نے مولوی سید محمد تقی صاحب معتمد مجلس انتظامی دائرہ میر محمد مومن اور راجہ دین دیال (فوٹوگرافر) کی معیت میں اس راؤ ریال کا سفر کیا۔ اُپّا کوڑہ سے جانب مشرق تھوڑی دور دیہی راستہ طے کرنے کے بعد راؤ ریال کے عظیم الشان تالاب کا بند اور تومب نظر آنے لگتے ہیں۔ یہ تالاب دکن کے بڑے تالابوں میں سے ہے اور ابراہیم پٹن کے تالاب سے بھی بڑا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ یہ بھی اس وقت خشک نظر آیا۔ معلوم ہوا کہ چند روز قبل تک اس میں پانی تھا اور دو چار ماہ قبل شہزادہ اعظم جاہ بہادر ولیعہد سلطنت آصفیہ نے اس تالاب میں بطوں کا شکار کیا۔

راؤ ریال کی بستی بہت اچھی ہے ار زیادہ تر مسلمان آباد ہیں اس میں ایک مسجد بھی ہے لیکن جیسا کہ مولوی عبد الرشید صاحب بی۔اے نے لکھا تھا یہ مسجد بعد کی تعمیر معلوم ہوتی ہے۔ تعجب ہے کہ میر صاحب نے یہاں کوئی مسجد نہیں بنائی حالانکہ تالاب کی تعمیر میں ان کو خاص اہتمام کرنا پڑا ہوگا۔

---

[1] دیکھو فہرست مطبوعہ صفحہ ۱۴۔

www.shiabookspdf.com

کنگرہ جیسا کہ ابھی لکھا گیا یہ موضع میر محمد مومن کو بطور جاگیر ملا تھا اور اُس زمانہ میں حویلی حیدرآباد میں شامل تھا۔ اب اطراف بلدہ کے جنوبی تعلقہ میں واقع ہے۔ اسکی نسبت مولوی مصلح الدین صاحب بی۔اے نے جو معلومات فراہم کیں وہ حسب ذیل ہیں:—

"کنگرہ، راؤریال سے قریب جانب جنوب مشرق واقع ہے۔ اور دونوں کو جانے کا ایک ہی راستہ ہے۔"

راؤریال کے ساتھ ہی اس کا بھی معائنہ کیا گیا۔ یہ دونوں گاؤں اب ایک دوسرے سے اتنے مل گئے ہیں کہ نئے آدمی کے لئے یہ معلوم کرنا دشوار ہے کہ کونسا حصّہ راؤریال سے متعلق ہے اور کونسا کنگرہ سے۔ اسی قربت کی وجہ سے شاید سلطان محمد قلی قطب شاہ نے میر صاحب کو موضع کنگرہ بطور جاگیر عنایت کر دیا تھا۔

کنگرہ میں بھی ایک مسجد ہے جو راؤریال کی مسجد سے بڑی ہے۔ لیکن وہ بھی قطب شاہی عہد کی تعمیر نہیں معلوم ہوتی۔

مامڑپلی میر صاحب کی جاگیرات کی فہرست میں تیسرے نمبر پر "موضع مامڑپلی حویلی حیدرآباد" کا نام درج ہے۔ یہ موضع اس وقت مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر کی جاگیر ہے۔ فہرست دیہات کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے لحاظ سے اس میں ۱۲۵ مکان ہیں جن میں ۴۵۳ لوگ (۲۳۵ مرد اور ۲۱۸ عورتیں) آباد ہیں[1]۔

---

[1] دیکھو فہرست دیہات ضلع میدک مطبوعہ محکمہ اعداد و شمار سرکار عالی صفحہ ۱۰۔

www.shiabookspdf.com

اس موضع کے معائنہ کے سلسلہ میں مولوی مصلح الدین صاحب انصاری تحصیلدار نے مہربانی سے حسب ذیل معلومات فراہم کردیں۔

"مامڑپلی جاگیر مہاراجہ بہادر ہے۔ اور پہاڑی شریف (بابا شرف الدینؒ) سے دو میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس موضع کو جانے کے لئے دیہی راستہ ہے۔ یہ مقام پہاڑی شریف سے جانب مغرب واقع ہے۔ موڑ پر ایک تختی آویزاں ہے جس پر موضع کے نام کی صراحت ہے۔"

چنانچہ راقم نے مولوی سید محمد تقی صاحب اور راجہ دین دیال کے ہمراہ اس موضع کا معائنہ کیا۔ پہاڑی شریف سے تھوڑی دور دیہی راستہ ہے جس پر گذرنے کے بعد موٹر کا سفر منقطع کرکے پیدل چلنا پڑا۔

مسجد چند فرلانگ کے فاصلہ پر ایک بڑی مسجد نظر آئی جو یقیناً میر صاحب ہی کی بنوائی ہوئی ہوگی۔ لیکن اس پر کتبہ موجود نہیں ہے چونکہ رواق میں جگہ جگہ شکستگی کے آثار نمایاں ہیں اس لئے یہ نہ معلوم ہوسکا کہ کتبہ لگایا بھی گیا تھا یا نہیں۔ ممکن ہے کہ لگایا گیا ہو اور گذشتہ ساڑھے تین سو سال کے عرصہ میں کسی وقت لوگوں نے اس کتبہ کو تلف کردیا۔ جس طرح میر پیٹھ واقع کوہ مولا علی کا کتبہ بعد کو مجروح کردیا گیا۔

مامڑپلی کی مسجد کے اطراف بھی میر صاحب نے اپنی دوسری مسجدوں کی طرح وسیع صحن چھوڑ کر دیوار اٹھادی تھی جس کے آثار اب تک نظر آتے ہیں۔ اس مسجد کے مقابل جانب مشرق پہاڑوں کا ایک ایسا سلسلہ چلا گیا ہے کہ منظر کے لحاظ سے یہ جگہ ایک خاص سنجیدہ اثر پیدا کرتی ہے۔ ممکن ہے کہ میر صاحب نے چلہ کشی اور عزلت گزینی کی خاطر بابا شرف الدین علیہ الرحمتہ کی درگاہ سے قریب

www.shiabookspdf.com



میر محمد مومن
کی مسجد مامڑپلی
کے دو رخ



www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

پہاڑوں کی اوٹ میں یہ مسجد بنائی ہو۔

میر صاحب کی دوسری مسجدوں کے مقابل اس مسجد کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کے منار بہت اونچے ہیں۔ کتبہ کی عدم موجوگی میں اس مسجد کی تاریخ کے متعلق کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

موضع مامڑپلی میں اس وقت زیادہ تر ہندو آباد ہیں۔ اور مسلمانوں کے دو تین ہی مکان ہیں اور چونکہ گاؤں مسجد سے فاصلہ پر واقع ہے اس لئے یہ جنگل میں ویران و سنسان کھڑی ہے۔ اس کے قریب ہی جانب شمال مشرق ذرا نشیب کی طرف ایک بہت بڑا مندر بنا ہوا ہے اور وہ بھی جاترا کے دنوں کو چھوڑ کر ہمیشہ ویران پڑا رہتا ہے اس مندر کی جانب شمال ایک تالاب ہے جو غالباً میر صاحب ہی کا بنایا ہوا ہوگا۔ مگر یہ تالاب راوریال کے تالاب کے اتنا بڑا نہیں ہے بلکہ میر پیٹھ واقع کوہ مولا علی کے جیسا ہے۔

جرلہ پلی

میر صاحب کی جاگیرات کی فہرست میں چوتھا نام جرلہ پلی کا درج ہے۔ لیکن فارسی رسم الخط کی وجہ سے یہ نہ معلوم ہوسکا کہ یہ لفظ چرلہ پلی ہے یا جرلہ پلی۔ بہرحال ان دونوں ناموں کے مقامات کی تلاش کی گئی تو معلوم ہوا ہے کہ کوہ شریف سے قریب ایک گاؤں چرلہ پلی واقع ہے جو اس وقت مجاوران کوہ شریف کی جاگیر ہے اس میں ۱۴۱ مکان ہیں جن پر ۴۲۸ نفوس (۲۱۰ مرد اور ۲۱۸ عورتیں) آباد ہیں۔[۱]

چرلہ پلی قریب کوہ مولا علی

اس موضع سے متعلق مولوی میر عباس علی صاحب (جو کوہ مولا

---

[۱] دیکھو فہرست دیہات ضلع اطراف بلدہ مطبوعہ سرکار عالی صفحہ ۱۳۔

www.shiabookspdf.com

مجاوروں اور جاگیرداروں سے ہیں) سے معلوم ہوا کہ اس میں کوئی قدیم قطب شاہی مسجد نہیں ہے۔ اور نہ وہاں جانے کے لئے کوئی سڑک ہے۔ صرف وہی راستہ ہے جس پر سے موٹر کا جانا ممکن نہیں۔ اس لئے اس کے معائنہ کا خیال ترک کر دینا پڑا۔

جرلہ پلی قریب نارکٹ پلی دوسرا مقام جو جرلہ پلی کے نام سے مشہور ہے بلدہ حیدرآباد سے ۵۶ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اس کی نسبت مولوی مصلح الدین صاحب انصاری تحصیلدار ضلع باغات نے جو معلومات فراہم کیں وہ یہ ہیں:—

"جرلہ پلی بلدہ حیدرآباد سے ۵۶ میل کے فاصلہ پر سڑک نلگنڈہ پر واقع ہے۔ راستہ میں نارکٹ پلی موٹر جنکشن پڑتا ہے۔ یہاں دریافت سے صحیح راستہ معلوم ہو جائے گا اس لئے کہ اس مقام سے دو راستے جاتے ہیں جن میں سے ایک موضع زیر بحث کو جاتا ہے۔"

لیکن یہ جرلہ پلی شہر حیدرآباد سے اتنی دور واقع ہے کہ شبہ ہوتا ہے کہ یہ شاید ہی میر صاحب کا گاؤں ہو۔ کیونکہ ان کے جملہ گاؤں حیدرآباد کے قرب و جوار میں واقع ہیں۔ اس مقام کے معائنہ کی کوشش جاری ہے۔

www.shiabookspdf.com

چوتھا حصّہ

پیشوائی سلطان محمد قطب شاہ

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

علامہ ابن خاتون (میر صاحب کے شاگرد)

سلطان محمد قطب شاہ (میر صاحب کا معتقد)

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

سلطان محمد قطب شاہ کی تخت نشینی

شہزادہ سلطان محمد کے ساتھ محمد قلی قطب شاہ کی اکلوتی دختر حیات بخشی بیگم کی شادی دراصل سلطان محمد کی ولیعہدی کا اعلان تھا۔ اور جیسا کہ اس کتاب کے دوسرے حصہ میں لکھا گیا ہے میر مومن صاحب نے شاہ ایران کے پیام کو مسترد کر کے اس شاہزادی کا نکاح سلطان محمد سے محض جانشینی کے مسئلہ کو طے کرنے کے لئے کرادیا تھا۔ اور اس کے بعد وہ امن و اطمینان سے زہد و ریاضت میں اپنی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اور مسجدوں اور نالابوں کی تعمیر میں مصروف تھے۔ اگرچہ بادشاہ کی عیاشانہ طرز زندگی سے وہ سمجھتے ہوں گے کہ یہ عمر طبعی تک نہیں پہنچ سکے گا لیکن شاید ہی کسی کو اس امر کا علم ہو کہ محمد قلی اس شادی کے صرف دو ڈھائی سال کے اندر ہی دنیا سے کوچ کر جائے گا۔

چنانچہ وہ ماہ رمضان ۱۰۲۰ھ میں بیمار پڑا اور ڈھائی مہینہ تک بخار کا سلسلہ نہ صرف جاری رہا بلکہ اس میں روز بروز شدت ہوتی گئی۔ اور آخری دو دنوں میں تو اس مرض نے ایسی صورت اختیار کر لی کہ بادشاہ حد درجہ ضعیف ہو گیا اور سنبھلنے کی امید باقی نہ رہی۔ آخر کار ہفتہ کی صبح میں بتاریخ ۱۷ ذیقعدہ ۱۰۲۰ھ اس کی آنکھیں ہمیشہ کے لئے بند ہو گئیں۔

جب سلطان محمد قلی قطب شاہ کے انتقال کی خبر حضرت میر مومن کو ملی وہ فوراً اپنی حویلی سے "دولت خانۂ عالی" میں آئے اور بادشاہ کی وصیت کے مطابق اس کے بھتیجے اور داماد سلطان محمد قطب شاہ کی تخت نشینی کا اعلان کر دیا۔ اگر اس موقع پر میر صاحب مستعدی اور عجلت سے

www.shiabookspdf.com

کام نہ لیتے تو شہر میں ہنگامہ پیدا ہو جاتا[1] اور سلطنت کے کئی دعویدار اُٹھ کھڑے ہوتے چنانچہ تاریخ کے الفاظ ہیں :۔

''اوباشان ستمگار جفاکیش واقعہ طلب کہ ہوائے قتل و غارتِ غریباں در سر داشتند خواستند کہ دریائے فتنہ را بطلاطم در آورند' دریں اثنا آوازۂ جلوس پادشاہ دین پناہ سلطان محمد قطب شاہ بلند گشت و مصیبت زدگاں کہ سراسیمہ شدہ بودند از شر و شور اوباشان محفوظ ماندہ مطمئن خاطر گردیدند''[2]۔

اِس سے ظاہر ہے کہ خدا بندہ یا اس کے سنی اور دکنی طرفداروں کی طرف سے غیر ملکیوں کو بڑا اندیشہ لگا ہوا تھا۔ اس لئے خود محمد قلی قطب شاہ نے سلطان محمد کو اپنا جانشین بنانے کے لئے میر محمد مومن کو کئی بار (یعنے بیماری سے قبل اور اثنائے علالت میں بھی) وصیت کر دی تھی۔ اس وصیت اور میر صاحب کی مستعدی کا تذکرہ خود میر صاحب کی زندگی ہی میں ان الفاظ میں درج تاریخ کیا گیا تھا :۔

''چوں خبر انتقال خاقان فردوس مکان بہ عالی حضرت سیادت مرتبت' مشتری منزلت' خورشید اوج فضل و کمال' مہر سپہر عزت و اقبال' مرتضائے ممالک اسلام' مقتدائے طوائف انام' الواثق بتائید المہیمن' میر محمد مومن کہ رکن السلطنۃ' و پیشوائے این دولت خانہ بود' رسید فی الفور متوجہ بارگاہ عرش اشتباہ گردیدہ' حسب الوصیت

---

[1] تاریخ قطب شاہی (قادر خاں) صفحہ ۲۴ ۔

[2] تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۲۸۷ وحدیقۃ السلاطین صفحہ ۲۶۰ ۔

www.shiabookspdf.com

خاقان جنت آشیاں کہ ہم درمیان صحبت وہم در وقت اشتداد مرض فرمودہ بود
...... سلطان محمد قطب شاہ را ...... بر سریر دارائی نشانید، و بعز مبایعت
و متابعت آں شاہ دین پناہ عزت اندوز گردید۔[1]

آخری جملہ سے پتہ چلتا ہے کہ میر صاحب نے سلطان محمد کی تخت نشینی کو مستند بنانے کیلئے سب سے پہلے خود بیعت کی اور اطاعت و فرماں برداری کا اقرار کیا۔

جلوس تخت نشینی اگرچہ میر صاحب نے رفع فساد کے لئے اعلیٰ تدبر سے کام لیکر سلطان محمد کو ۱۷ ذیقعدہ ۱۰۲۰ھ کی صبح ہی میں تخت نشین کر دیا اور شہر میں اس کی بادشاہت کا اعلان ہو چکنے کے بعد اپنے قدیم آقا کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا لیکن نئے بادشاہ کے جلوس شاہی کیلئے انھوں نے یوم عید قرباں کا تعین کیا۔ چنانچہ بائیس دن کے بعد ۱۰ ذیحجہ ۱۰۲۰ھ کو سلطان محمد قطب شاہ نے بڑے اہتمام سے تخت شاہی پر جلوس کیا اور اس تقریب میں سب سے پہلے خود میر محمد مومن نے قصیدۂ تہنیت پیش کیا۔

قصیدہ تہنیت میر مومن صاحب کا یہ قصیدہ تاریخی حیثیت رکھنے کے علاوہ شاعرانہ کمال اور معانی و مطالب کی لطافتوں کے لحاظ سے بھی خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اس کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں صرف عام شاعروں اور مداحوں کی طرح خوشامد اور تعریف نہیں

---

[1] دیکھو تاریخ محمد قطب شاہی ورق ۲۸۰ ا اور حدیقۃ السلاطین ص۲۶۶ ۔ موخر الذکر تاریخ میں تاریخ قطب شاہی کی اکثر عبارتیں بعینہ درج ہیں

www.shiabookspdf.com

کی گئی بلکہ ایک مربی اور مشفق بزرگ کی طرح بادشاہ کو دعا اور مشورے دئے گئے ہیں۔ پورا قصیدہ تکلف اور تصنع سے پاک ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہر مصرعہ دل سے نکلا ہے۔ اور ہر لفظ صداقت و اخلاص میں ڈوبا ہوا ہے۔

مرحوم بادشاہ کی یاد اس قصیدے کی ایک دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اس میں مرحوم بادشاہ کا ذکر بھی بڑے اچھے الفاظ میں دردمندی کے ساتھ کیا گیا ہے حالانکہ عام طور پر شاعر صرف بادشاہ وقت ہی کی مدح و ستایش کرتے ہیں اور مرحوم بادشاہ کا ذکر تک نہیں کرنا چاہتے بلکہ اس کو معیوب و منحوس سمجھتے ہیں۔ لیکن میر محمد مومن صرف شاعر ہی نہیں تھے۔ وہ محض پیشوائے سلطنت بھی نہ تھے۔ بلکہ وہ گذشتہ اور موجودہ دونوں بادشاہوں کے مشفق اور مخلص مشیر اور ہادی و رہبر بھی تھے۔ اس لئے ان کو بے جا خوشامد اور ابن الوقتی کی ضرورت نہ تھی۔ تاہم یہ مسئلہ ایسا نازک تھا کہ میر صاحب جیسے دانشمند اور پاکباز ہی اس کو چھیڑ سکتے تھے چنانچہ وہ اپنے قصیدے میں کہتے ہیں:۔

میں نے پھر محبت کرنے کا ایک نیا پیمان کیا ہے اور نئے محبوب کے آگے اپنی پرانی جان قربان کر رہا ہوں۔

اگرچہ میں ضعیف و خستہ جاں ہوں لیکن میری جانفشانی یعنے جذبۂ خدمت تازہ ہے کیونکہ نئے بادشاہ کا عہد ہے اور اس میں نئی نئی عید قرباں آئی ہے۔

اگرچہ آسمان نے عالم میں یکایک آگ لگا دی تھی لیکن نئی بارش کے فیض سے دنیا پھر سے جنت بن گئی۔

www.shiabookspdf.com

اگرچہ قضا کے حکم سے (سلطان محمد قلی کی وفات کیا ہوئی گویا) دنیا والوں
کی جان برباد ہو گئی لیکن (سلطان محمد کی تخت نشینی سے) ایک نئے مسیحا کی وجہ سے
پھر دنیا کو نئی زندگی مل گئی[1]۔

ایرانیت کی تبلیغ میر مومن صاحب نے یہ قصیدہ اگرچہ صرف دس پندرہ روز کے اندر ہی لکھا تھا لیکن یہ اُن کی پوری زندگی کا نچوڑ معلوم ہوتا ہے۔ اس سے انکی شاعرانہ قابلیت، طبیعت کی دردمندی اور احسان شناسی، عالی دماغی اور تدبر، خلوص اور صداقت غرض ان کی طبیعت اور مسلک نمایاں طور پر جھلکنے لگتا ہے۔

ہم نے اس امر کا پہلے بھی ذکر کیا ہے کہ میر صاحب کی سب سے بڑی حکمت عملی یہ تھی کہ سلطنت قطب شاہیہ کو ایران کا نمونہ یا ایک جزو بنادیں۔ اسی لئے انھوں نے سیکڑوں ایرانیوں کو عہد محمد قلی میں حیدرآباد میں سرخرو اور شاہی دربار میں باریاب کیا۔ اور اسی مسلک کی خاطر انھوں نے حیات بخشی بیگم کی شادی شاہزادۂ ایران کے بالمقابل سلطان محمد سے کرادی تاکہ محمد قلی کے بعد خدابندہ اور اس کے دکنی طرفدار سلطنت پر قابض نہ ہوجائیں۔

سلطان محمد قلی اگرچہ فطرتاً ہندوستانیت اور دکنیت کی طرف مائل تھا لیکن میر محمد مومن اس کو ہمیشہ ایرانیت کی طرف راغب کرتے رہے ورنہ کیا تعجب کہ وہ بھی اپنے معاصرین جلال الدین اکبر بادشاہ اور ابراہیم عادل شاہ نورس کی طرح مذہب سے بیگانہ اور ہندو ثقافت کا دیوانہ بن جاتا۔

---

[1] اصل اشعار قصیدہ میں ملاحظہ ہوں جو اس کتاب کے چھٹے حصہ میں درج ہے۔

www.shiabookspdf.com

سلطان محمد قلی کے بعد سلطان محمد تخت نشین ہونے والا تھا اس لئے میر صاحب نے شروع ہی سے اس کو ایران کا گرویدہ بنا دیا تھا اور چونکہ وہ چچا کی طرح عیش و عشرت کا دلدادہ نہ تھا بلکہ ایک متقی و پرہیزگار جوانِ صالح تھا اس لئے میر مومن صاحب کو محمد قلی کے مقابلہ میں اس کو متاثر کرنے میں زیادہ کامیابی ہوئی۔ چنانچہ سلطان محمد بالکل ایرانی رنگ میں رنگا ہوا تھا۔ اس کے دور میں اُردو کے مقابل فارسی کی طرف زیادہ توجہ کی گئی۔ عمارتوں اور باغوں کی تعمیر میں بھی ایرانی وضع قطع کا زیادہ لحاظ رکھا گیا غرض حیدرآباد ایران کا ایک شہر بن گیا۔

میر مومن صاحب بادشاہ کو جن طریقوں سے ایرانیت کی طرف مائل کرتے تھے ان میں سے ایک اس قصیدہ میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔ یعنے بار بار ایران کا تذکرہ اور سلطنت قطب شاہی کی ایران سے تشبیہ۔ وہ قصیدے کے گریز پر کہتے ہیں:۔

یادگار جد و عم سلطان محمد قطب شاہ　　آں کہ ہندوستاں زفیضش گشتہ ایران نوی

وہ چہ ایراں، آنچناں ایراں کہ آید درنظر　　رو بہر جانب در آری باغ رضوان نوی

گریز کے بعد مدح کے آخری حصہ میں لکھتے ہیں:۔

سرمہ شد خاکِ تلنگانہ زفرخ پائے تو　　اے فدائے خاک پاکت ہر زماں جان نوی

گو صفاہاں نوشد از شاہ جہاں عباس شاہ　　حیدرآباد از نوشد شاہا صفاہان نوی

یعنے تلنگانہ کی خاک میں تیرے مبارک قدموں کی وجہ سے سرمہ کی سی تاثیر پیدا ہو گئی ہے۔ اگر شاہجہاں عباس شاہ کی وجہ سے صفاہاں بالکل نیا بن گیا تو اے بادشاہ تیری وجہ سے حیدرآباد صفاہانِ نو نظر آتا ہے۔

www.shiabookspdf.com

اور یہ سب باتیں محض اس لئے لکھی گئیں کہ محمد قطب شاہ کے دل میں خیال پیدا ہو اور وہ بھی اپنے شہر کو ایرانی طرز کا بنادے۔ چنانچہ مورخوں کے بیان سے اس کا ثبوت ملتا ہے جب کہ انھوں نے باغ اور باغ محمد شاہی وغیرہ کی عمارتوں کی تعمیر کے بیان میں صاف طور پر لکھا ہے کہ بادشاہ نے یہ سب عمارتیں ایرانی طرز کی بنائیں[1]۔

اسی لئے میر محمد مومن کے وہ اشعار صحیح معنوں میں پیشین گوئی ثابت ہوئے جن میں انھوں نے لکھا ہے کہ

اے بادشاہ تیری وجہ سے ہندستان ایران نظر آنے لگا اور ایران بھی کیسا ایران جس میں ہر طرف ایک نئے باغ رضواں کی شان جھلکتی ہو[2]۔

یہ سب خیالات میر صاحب نے اس وقت منظوم کئے تھے جب کہ محمد قطب شاہ کو تخت نشین ہوئے صرف آٹھ دس روز ہی گذرے تھے اور تعمیر وغیرہ کا ابھی خیال بھی پیدا نہ ہوا تھا اسطرح گویا ابتدا ہی سے انھوں نے سوچ رکھا تھا کہ نئے بادشاہ کے ذریعہ سے کیا کیا کام کرانے ہیں۔

ذاتی تعلقات

میر صاحب کے اس قصیدے سے ان کے ذاتی تعلقات اور طبیعت کا بھی بڑا اچھا اندازہ ہوتا ہے۔ سب سے پہلے یہ کہ وہ وزارت عظمیٰ یا منصب پیشوائی کو صرف ایک ملازمت نہیں سمجھتے تھے۔ اور روپے پیسے کی خاطر اس عہدہ پر فائز نہیں تھے بلکہ ضعیف

---

[1] حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے "بطرز عمارات عراق" دیکھو صفحہ ۲۲۔

[2] یہ اشعار پہلے پیش کئے گئے ہیں دیکھو صفحہ ۱۱۴۔

www.shiabookspdf.com

اور خستہ جاں ہونے کے باوجود محض بادشاہ کی عقیدت اور دوستی کی وجہ سے یہ کام انجام دیر ہے تھے۔ چنانچہ ان کا خیال ہے کہ ـــ

> محمد قلی قطب شاہ کی جدائی سے مہر و محبت کا جو رشتہ ٹوٹ گیا تھا اب اس کی وجہ سے دوسرے محبوب کے ساتھ نیا عہد و پیمان باندھ رہا ہوں۔ اس وقت اگرچہ بوڑھا (کہنہ جاں) ہو گیا ہوں لیکن اس ضعیفی میں بھی نئے محبوب کیلئے جانفشانی کرنے تیار ہوں۔ اگرچہ محمد قلی قطب شاہ کے پیشوا کی حیثیت سے بیس[۲۰] سال تک کام کرتے کرتے تھک گیا ہوں (خستہ جانم کہنہ) لیکن جانفشانی کے جذبات تازہ ہیں۔

سلطان محمد قطب شاہ سے میر صاحب کو جو دلبستگی تھی اس کا اندازہ ذیل کے اشعار سے ہوگا :ـــ

بہر دفع چشم بد در پیش چشمانِ خوشش — اے دریغا کاش بودے ہر دمم جانِ نوی
دل براہِ دوست ہر دم وادئی طے می کند — کو فضا افگن پے شہ طرح ایوانِ نوی
تو دکان کہنہ بر چیں عقل از فرزانگی — دوستدارے بہر ما بکشود دوکانِ نوی
از دعا گوئے چو مومن ہم دعا بہتر کہ ہست — او کہن داعی و تو شاہ جہانبانِ نوی
بادیا رب جاوداں ایں شاہی و اقبال و تخت — ہر دمت فتح نوی ہر لحظہ فرمانِ نوی

دوسرا قصیدہ

سلطان محمد کی تخت نشینی کی تقریب میں میر محمد مومن نے اور ایک قصیدہ بھی لکھا تھا جس میں کئی مصرعوں میں سال تاریخ نکالا تھا مثلاً

www.shiabookspdf.com

بہر تاریخ جلوس او مسیح عقل گفت — پادشاہ بے بدل سلطان محمد قطب شاہ

نام و وصفش دانی و سال جلوسش گر کنی — جمع با صاحب کرم سلطان محمد قطب شاہ

یہ قصیدہ بھی تخت نشینی کے بعد ہی دس بارہ روز کے اندر لکھا گیا ہو گا اور اسی کا مصرع

بندۂ شاہِ نجف سلطان محمد قطب شاہ

بادشاہ نے اپنی شاہی مہر میں کندہ کرا لیا تھا۔ لیکن میر صاحب کے اس قصیدہ کے جو اشعار تاریخوں میں نقل کئے جاتے ہیں ان میں وہ شعر درج نہیں ہے جس کا مصرع ثانی بادشاہ نے اپنی مہر کے لئے منتخب کیا تھا۔

یہ قصیدہ بھی مہر و محبت کے جذبات سے مملو ہے۔ اگرچہ پہلے قصیدہ کے مقابلہ میں شاعرانہ نکات کے لحاظ سے کم درجہ کا ہے لیکن اس میں مدحیہ و دعائیہ اشعار زیادہ ہیں۔ اس میں بھی دردمندانہ لہجہ میں محمد قلی کے انتقال کا تذکرہ کیا ہے۔

یہ دونوں قصیدے میر صاحب کی تصنیفات و تالیفات کے بیان میں درج کئے جائیں گے۔

شاہ ایران سے تعلقات

شاہ طہماسپ صفوی کے انتقال کے بعد اگر اسمٰعیل مرزا کی جگہ میر محمد مومن کا شاگرد شاہزادہ حیدر مرزا تخت نشین ہو جاتا تو میر صاحب کو ایران سے ہجرت کرنے کی ضرورت ہی نہ پیش آتی۔ لیکن اس جواں سال شہزادہ کی شہادت نے میر صاحب کو بڑا صدمہ پہنچایا اور خاصکر اسمٰعیل کی بدعنوانیوں نے تو ان کو بالکل برخواستہ خاطر کر دیا اور وہ ہندوستان چلے آئے۔

www.shiabookspdf.com

لیکن میر صاحب کو اپنے وطن سے بے حد محبت تھی۔ وہ اگرچہ دکن میں رہتے تھے لیکن اُن کا دل ایران میں تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جب کبھی کوئی شخص ایران سے آتا وہ اس کو سر آنکھوں پر جگہ دیتے اور ان کی اسی قدر دانی سے سیکڑوں ایرانی حیدرآباد میں شاد کام رہے ہیں۔ نہ صرف عام ایرانیوں بلکہ وہاں کے شاہی خاندان کے ساتھ بھی میر محمد مومن کو ایک والہانہ محبت تھی۔ چنانچہ شاہ عباس صفوی نے اپنے فرمان میں جو ان کے نام روانہ کیا تھا اس کا اعتراف کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے:۔

طریقۂ اخلاص و دعاگوئی آں سیادت و نقابت پناہ بدیں دودمان ولایت نشان

بواجبی بر ضمیر منیر اشرف ظاہر است"

میر صاحب کے نام شاہِ ایران کا فرمان

سلطان محمد قلی قطب شاہ کے آخر عہد میں جب اغزلو سلطان سفیر ایران کے ساتھ قنبر علی گولکنڈہ سے ایران روانہ کیا گیا تھا تو اس کی اور خود اغزلو سلطان کی زبانی شاہ عباس کو میر صاحب کے حالات اور اقتدار کا پورا علم ہو چکا تھا۔ اور وہ قنبر علی کو گولکنڈہ واپس بھی نہ کرنے پایا تھا کہ محمد قلی کا انتقال ہو گیا اور نیا بادشاہ تخت نشین ہوا۔ اس نئے حکمران کی نسبت بھی شاہ عباس کو معلوم تھا کہ یہ میر محمد مومن کا شاگرد اور تربیت یافتہ ہے اس لئے اس نے جب سلطان محمد قطب شاہ کے نام تعزیت و تہنیت کا فرمان بھیجا تو پیشوائے سلطنت میر محمد مومن کے نام بھی علیحدہ ایک فرمان روانہ کرنا ضروری خیال کیا۔ چنانچہ یہ فرمان ماہ رمضان ۱۰۲۲ھ میں لکھا اور حسین بیگ قبچاقی کے ذریعہ سے حیدرآباد روانہ کیا گیا۔ جب حسین بیگ ہرمز کے راستہ سے بندر دابل کو پہنچا تو حیدرآباد میں سلطان محمد قطب شاہ کو اس کی خبر ہوئی۔ اس نے غالباً میر صاحب کے مشورے سے سادات پناہ مرزا زین العابدین

www.shiabookspdf.com

مازندرانی کو سفیرِ ایران کے استقبال کے لئے روانہ کیا۔ یہ شخص شائستگی، فضل و کمال اور حفظِ مراتب اور تعظیم و تکریم میں اس وقت حیدر آباد میں فردِ فرید سمجھا جاتا تھا۔ اس کے ساتھ حیدر آباد سے سفیر کے لئے تشریفاتِ خسروانہ کے علاوہ خرچ سفر اور مہمانداری کے لئے خاطر خواہ رقم اور دیگر اشیاء روانہ کی گئیں۔ چنانچہ زین العابدین نے وہاں پہنچکر بڑی دھوم دھام اور اعزاز و اکرام سے حسین بیگ اور اس کے اسّی ساتھیوں کا خیر مقدم کیا۔ اور دونوں ملکر حیدر آباد کی طرف روانہ ہوئے۔ راستہ میں ہر جگہ اور ہر منزل میں حیدر آباد کی طرف سے مراسم ضیافت ادا کئے جاتے تھے۔ جب یہ سب لوگ قطب شاہی سلطنت کی سرحد پر پہنچے تو حیدر آباد سے انبیا قلی خاں کو دیگر امرائے سلطنت کے ساتھ سرحد پر استقبال کرنے کے لئے روانہ کیا گیا۔ ان لوگوں نے حسین بیگ اور اسکے ساتھیوں کی ایسی دعوت اور خاطر مدارات کی کہ سفیرِ ایران پر اہل حیدر آباد کی شائستگی اور شان و شوکت کا بڑا اثر پڑا۔

آخرکار اس تزک و احتشام کے ساتھ سفر کرتے ہوئے دس رجب ۱۰۲۳ھ کو حسین بیگ قبچاقی شہر حیدر آباد کے حدود میں داخل ہوا تو بادشاہ اور اعیانِ دربار نے آگے بڑھ کر "کالا چبوترہ" کے پاس اس کا استقبال کیا۔ اس وقت سفیر نے فرمان کے علاوہ وہ تحف و تحایف[1] سلطان محمد قطب شاہ کی خدمت میں پیش کئے جو شاہ ایران نے روانہ کئے تھے۔ اسی کے ساتھ میر محمد مومن کو بھی شاہ عباس کا فرمان حاصل کرنے کی عزت حاصل ہوئی۔ یہ ایک ایسا اعزاز تھا کہ جس پر میر صاحب

---

[1] ان تحایف کی تفصیل تاریخوں میں درج ہے اور اس کتاب میں بھی آئندہ ذکر کیا جائے گا۔

www.shiabookspdf.com

جتنا بھی فخر کرتے کم تھا۔

غرض رمضان ۱۰۲۲ھ میں میر صاحب کے نام جو فرمان لکھا گیا تھا وہ دس ماہ بعد میر صاحب کو وصول ہو گیا۔ حسنِ اتفاق سے اس فرمان کو مصنف حدایق السلاطین نے اپنی تاریخ میں درج کر کے ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے کئی باتوں کا علم حاصل ہوتا ہے۔ مثلاً سب سے پہلے تو یہ کہ شاہِ ایران کی نظر میں میر صاحب کی بڑی وقعت تھی۔ چنانچہ اس نے ان کو ایسے عالی شان القاب کے ساتھ یاد کیا ہے جو بادشاہوں کے بعد کسی اور کے لئے شاید ہی فرامین میں استعمال کئے جا سکتے تھے۔ وہ لکھتا ہے۔

"سیادت و نقابت پناہ، افادت و افاضت دستگاہ، مستجمع الفضائل و الکمالات، شمساً للسیادۃ والنقابۃ والدین، امیر محمد مومنا، استر آبادی"۔

ان القاب کے بعد اس امر کا یقین دلایا گیا ہے کہ شاہ ایران کے الطاف و عنایات میر صاحب کے شامل حال ہیں اور رہیں گے اور یہ کہ ان کی ہر آرزو اور امید پوری ہو سکتی ہے۔ پھر اعتراف کیا ہے کہ میر صاحب خاندان شاہی ایران کے ساتھ جو خلوص و اعتقاد رکھتے ہیں اس سے شاہ ایران بخوبی واقف ہے۔ ذاتی تعلقات کے بعد سلطنت قطب شاہی کا ذکر کیا گیا ہے کہ قدیم الایام سے گولکنڈہ کے سلاطین محب اہل بیت اور صفوی خاندان کے ہوا خواہ رہے ہیں۔ اس لئے ہم بھی اس سلسلۂ رفیعہ کو اپنے سے متعلق اور منسوب سمجھتے ہیں۔

میر صاحب کی خدمات کا اعتراف

اس کے بعد پھر میر صاحب کا ذکر ہے کہ ان عقیدت مند بادشاہوں کے ساتھ میر صاحب کا رہنا اتفاقات حسنہ میں سے ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ

www.shiabookspdf.com

شاہِ ایران میر صاحب کی ایران دوستی کو سیاسی نقطۂ نظر سے کتنی اہمیت دیتا ہے۔ یعنے سلاطین گولکنڈہ کی قدیمی دوستی کے باوجود میر صاحب کا قیامِ حیدر آباد بادشاہ کی نظر میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ وہ کہتا ہے۔

"وہر آئینہ بودن آں حقایق آگاہ درمیان آں طبقۂ عقیدت گزیں از اتفاقات حسنہ است۔"

اس کے بعد محمد قلی قطب شاہ کی وفات اور سلطان محمد کی تخت نشینی کا تذکرہ کر کے لکھا ہے کہ اس واقعہ کی وجہ سے ضروری ہوا کہ ہم اپنے کسی معتمد درگاہ کو نئے بادشاہ کی دلجوئی کے لئے روانہ کریں۔ چنانچہ حسین بیگ قبچاقی کو بھیج رہے ہیں۔ اس کے بعد پھر شاہ ایران نے ایک ایسا جملہ لکھا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دربار گولکنڈہ میں میر صاحب کے اثر و اقتدار سے فائدہ اٹھانا چاہتا تھا۔ یعنے وہ کہتا ہے کہ آپ بدستور اخلاص و ہوا خواہی کے ازدیاد کی کوشش کرتے رہیں اور دونوں خاندانوں کے باہمی مراسم کے احیا کی کوشش کریں۔ یہ مطلب ایسے الفاظ میں ادا کیا گیا ہے کہ یہ ایک طرح کی استدعا معلوم ہوتی ہے۔ شاہ ایران کے الفاظ ہیں:-

"می باید کہ آں سیادت و نقابت پناہ بدستور در ازدیاد مواد اخلاص و دعاگوئی کوشیدہ
در احیائے مراسم خدمتگاری قدیم ایں دودمان قدسی نشان مساعی باشد"

ساتھ ہی یہ بھی خواہش کی ہے کہ ایلچی کو سابق کی طرح حیدر آباد میں زیادہ دن تک نہ ٹھہرائیں بلکہ ایسی تدبیر کریں کہ وہ بہت جلد ایران کو واپس ہو سکے۔

آخر میں اس امر کی بھی تاکید ہے کہ ہمیشہ ہم سے مراسلت کر کے اپنی خواہشات اور ارادوں سے مطلع کرتے رہو اور بے دریغ شاہی نوازشات کی امید رکھو۔

www.shiabookspdf.com

اِس مشفقانہ فرمان کے ایک ایک لفظ سے محبت و اخلاص کی بو آتی ہے ۔ اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاہ عباس صفوی جیسا شہنشاہ ایران میر صاحب کی کتنی قدر و منزلت کرتا تھا اور ان کے اثر و اقتدار کا کتنا قائل تھا ۔ چونکہ اس فرمان کو تاریخی حیثیت حاصل ہے اور یہ صرف حدائق السلاطین میں منقول ہے جس کے ایک ہی نسخہ کا اس وقت تک پتہ چلا ہے اس لئے اس کو من وعن ذیل میں نقل کیا جاتا ہے تاکہ محفوظ ہو جائے ۔

فرمانِ شاہِ عباس صفوی

فرمان ہمیوں شرف نفاذ یافت آں لہ سیادت و نقابت پناہ، افادہ و افاضت دستگاہ، مستجمع الفضایل والکمالات شمساً للسیادۃ والنقابۃ والدین امیر محمد مومناً استرابادی بوفور عواطف و الطاف شاملہ شاہانہ وصنوف مکارم و اعطاف کاملہ پادشاہانہ عز اختصاص و شرف امتیاز یافتہ، توجہ خاطر اقدس بانتظام احوال و انجاح امانی و آمال خود باعلیٰ درجہ تصور نمودہ بداندلہ طریقۂ اخلاص و دعاگوئی آں سیادت و نقابت پناہ بدیں دودمانِ ولایت نشان، بواجبی بر ضمیر منیر اشرف ظاہر ست، و شفقت و مرحمت خسروانہ دربارہ آں نقابت منقبت درجہ کمال دارد ۔ وچوں از قدیم الایام سلاطین نصفت آئین گلکنڈہ کہ بمحبت وولائے خاندان طیبین وطاہرین شرف امتیاز دارند، بایں خاندان خلافت مکان طریقۂ اخلاص و ہواخواہی مسلوک داشتہ و دارند ۔ لہٰذا ما نیز آں سلسلۂ رفیعہ را بخود متعلق و منسوب می دانیم ۔ و بہ آئینہ بودن آں حقایق آگاہ درمیان آں طبقۂ عقیدت گزین از اتفاقات حسنہ است ۔ و دریں وقت [illegible]

www.shiabookspdf.com

حق را اجابت نمودہ سریر دولت آں خانوادہ علیہ بوجود گرامی عالی جناب سلطنت وشوکت پناہ والاجاہ المخصوص بعواطف الملک الالہ شمساً للسلطنۃ سلطان محمد قطب شاہ آرایش یافتہ بنا بر عطوفت واشفاق جبلی لازم گشت کہ یکے از معتمدانِ درگاہ را بتفقد و دلجوئی سلطنت وجلالت پناہ والا دستگاہ فرستادہ شود، لاجرم رفعت پناہ مقرب الحضرت العلیۃ العالیہ حسین بیگ قبچاقی را بہ محل اعتماد ہمایون ماست روانہ فرمودیم۔ می باید کہ آں سیادت ونقابت پناہ بدستور در ازدیاد مواد اخلاص ودعاگوئی کوشیدہ در احیائے مراسم خدمتگاری قدیم این دودمان قدسی نشان ساعی باشد، وبخلاف سابق توقیف ایلچی را دراں دیار جائز نداشتہ در روانہ نمودن رفعت پناہ موم الیہ اہتمام لازم داند۔ ونوعے نماید کہ بزودی روانہ خدمت اشرف گردد۔ وہموارہ عرایض اخلاص آئین بپایہ سریر والا فرستادہ مطالب ومدعیات کہ داشتہ باشد عرض نماید کہ بعز الحاح اسعاف مقرون است۔ وبہمہ جہتے بنوازشات بے دریغ شاہی واثق وامیدوار باشد۔ تحریراً فی شہر رمضان المبارک سنہ اثنی وعشرین والف من الہجرۃ۔

میر صاحب کا اخلاص اس شفقت آمیز فرمان کے جواب میں میر محمد مومن نے جو عرضداشت شاہ ایران کی بارگاہ میں روانہ کی اس کی نقل بھی اتفاق سے حدائق السلاطین میں درج ہے۔ اس میں میر صاحب نے خود کو شاہ ایران کا موروثی دعاگو ظاہر کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ اگرچہ میں نصیب اور تقدیر کے اقتضا سے آپ کی بارگاہ سے دور رہوں لیکن اس انتہائی خلوص کے باعث

www.shiabookspdf.com

جو مجھے دربارِ ایران سے ہے خود کو آپ سے قریب ہی سمجھتا ہوں اور نزدیک رہنے والوں سے زیادہ آپ کی خدمت انجام دیتا رہتا ہوں۔ اگرچہ مجھے قربت سے محروم رہنے کا افسوس ہے لیکن ایسا بھی نہیں ہوں کہ وہاں کے حالات سے اجنبی ہو گیا ہوں۔

اس کے بعد قطب شاہی خاندان کا ذکر کیا ہے کہ اس کے افراد شاہان ایران کے معتقد و مرید ہیں اور ان کی خدمت میں رہنے کو خود شاہ ایران کی خدمت میں رہنے کے برابر قرار دیا ہے۔ ساتھ ہی اِس امر کا بھی ذکر کر دیا ہے کہ دکن میں مقیم رہنے کی وجہ سے اس سرزمین کی مسجدوں میں اور منبروں پر ائمہ معصومین اور شاہ ایران کا خطبہ پڑھا جا رہا ہے۔

اسی سلسلہ میں اس امر کی معذرت بھی چاہی ہے کہ اگر میری طرف سے آپ کی خدمت میں کم عریضے پہنچتے ہوں تو برا نہ مانئے اس کی وجہ سوائے اس کے اور کوئی نہیں ہے کہ میں خود کو اس مرتبہ عظیم کے قابل نہیں سمجھتا اور غائبانہ دعا کیا کرتا ہوں اور چونکہ اس وقت بعضے دوستوں سے معلوم ہوا کہ آپ میرا عریضہ چاہتے ہیں اس لئے لکھنے کی گستاخی کر رہا ہوں۔

آخر میں دعا دی ہے اور غالباً اپنے علم کی قوت سے پیشین گوئی کی ہے کہ قریبی زمانہ میں آپ کو تازہ فتوحات کی خوشخبری ملے گی۔

اب ہم میر صاحب کے اصل خط کو یہاں نقل کرتے ہیں۔

جواب فرمان

شاہا ز تو عالمند در امن و حضور ایں دولت راز لطف حق نیست فتور
گر ہم چو توی یافت شدی پیش از تو دولت نشدے بہ بے وفائی مشہور

عرضداشت احقر بندگان و اخلص [illegible]

آستان ہما آشیان کہ قبلہ گاہ آمال ومحطّ دولت واقبال است بعرض ایستادگان بارگاہ آسمان جاہ عالمیان پناہ کاسمان درعرض حال خود بایشان ملتجی است می رساند که این بندۂ داعی موروثی اگرچہ بمقتضائے نصیب وتقدیر ازان درگاہ عالی بظاہر دور ازخدمت مہجورست اما ازغایت خلوص بندگی کہ بآن درگاہ دارد در باطن خود را از نزدیکان می داند وبیش از اکثر نزدیکان بلوازم بندگی ودعاگوئی قیام واقدام می نماید اگرچہ بواسطۂ این محرومی غایت تاسف وکلفت خاطر دارد اما بکرمہ سبحانہ درحالے واقع نشدہ کہ اجنبی ازاں آستان باشد بلکہ در ظل ولی النعمتی واقعست کہ بر عالمیان ظاہرست کہ صاحبان آں دولت بدل وجان از مریدان موروثی آں دودمان ولایت نشان بودہ اند ونسلی ظاہر باین ست کہ دریں حدود وکشور مساجد ومنبر بعد از تزئین بذکر اسامی مبارکۂ حضرات عالیات چہاردہ معصوم مزین ومشرف بنام نامی والقاب گرامی آں شہنشاہ والاگہر دین پناہ عدالت گستر وآباد کرام قدسی مقام آں نوربخش ہفت کشورست۔

سزد گر جبرئیل آید بریں فیروزہ گوں منظر　　کند آفاق راخطبہ بنام شاہ دیں پرور

جہاں پناہا از روئے گستاخی بمسامع اقبال می رساند اگر ازین بندہ داعی کمتر عرضہ داشت بدرگاہ جہاں پناہ رسیدہ سبب آں بغیر ازیں نیست کہ خود را از غایت حقارت قابل ایں مرتبۂ عظمیٰ ندانستہ وبدعاہائے غائبانہ سرّے کہ بانتجابت اقرب وازشائبہ ریا ابعد است اشتغال نمودہ چوں دریں ولا از بعضے برادران دینی

www.shiabookspdf.com

و دوستان یقینی بقدر اعلامی واقع شد کہ ازاں قبلہ عالمیان اشارہ باشارت درباب
فرستادن عریضہ از غایت عنایت عز صدور یافتہ بدین گستاخی جرات و اقدام نمود
و باین چند کلمہ فاتح ابواب ظاہری گردید وخود را مذکور مجلس بہشت آئین گردانید
امید کہ تا قیام قائم آل محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین این دولت عظمےٰ و سلطنت
کبرےٰ یوماً فیوماً در تزاید و تضاعف و تضاعد باشد وچنانکہ در اکثر اوقات ماضیہ
واقع شدہ در اغلب ازمان مستقبلہ نیز نوید فتوحات تازہ و نصرتہائے بے اندازہ
ازاں دولت روز افزوں بساکنان ربع مسکوں می رسیدہ باشد زیادہ ترک
ادب نہ نمود۔

تا ہست جہاں شاہ شاہجہاں باد ہر نوع کہ خواہد دلش ایام چناں باد

بحق محمد وآلہ الامجاد۔

سفیر ایران کی مہمان داری

یہ اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ حسین بیگ قبچاقی ۱۰ رجب ۱۰۲۳ھ کو حیدر آباد پہنچا تھا۔ وہ اپنے ساتھ جہاں سلطان محمد قطب شاہ کے لئے "تاج مرصع، کمر شمشیر، کمر خنجر مکلل بجواہر آبدار، پچاس باد سیر سبک رفتار گھوڑے (جن کی زین اور لگام مرصع اور باگ زرکش تھی) اور دیگر تحف و نفائس شاہانہ"[۱] شاہ ایران کی طرف سے لے آیا تھا یقین ہے کہ میر محمد مومن پیشوائے سلطنت کے لئے بھی کوئی تحفہ ضرور لایا ہو مگر افسوس ہے کہ تاریخوں میں

---

[۱] حدیقۃ العالم ص ۲۷۰

www.shiabookspdf.com

ان کی تفصیل درج نہیں۔

سلطان محمد قطب شاہ نے سفیر ایران اور اس کے اسیؔ ساتھیوں کو "تشریفات شاہانہ اور عنایات خسروانہ" سے سرفراز کیا۔ ان سب کے قیام کے لئے وسیع اور اعلیٰ مکانات کا انتظام کیا۔ اور سالانہ بیس ہزار ہون اخراجات قیام کے لئے دیتا رہا۔ یہ مقررہ رقم اُن تشریفات، گھوڑوں اور ہاتھیوں کے سواہے جو موقع بموقع اس سفیر اور اس کے ساتھیوں کو عطا کئے گئے۔

اس شاہی ضیافت و اہتمام کے علاوہ یہ امر یقینی ہے کہ میر محمد مومن نے بھی بحیثیت پیشوائے سلطنت سفیر ایران کی ضیافت اور مہانداری کی ہوگی۔ انھوں نے اس امر کا بھی التزام کیا کہ جہاں تک ہو سکے بہت جلد سفیر ایران شاہ عباس کی خواہش کے مطابق ایران کو واپس جاسکے۔

سفیر ایران کی واپسی

چنانچہ میر صاحب کی سعی و کوشش سے یہ ایلچی صرف دو سال چار مہینے کے قیام حیدرآباد کے بعد وسط ذیقعدہ ۱۰۲۵ھ میں برہان پور کی راہ سے ایران کی طرف روانہ ہوا۔ سفیر ایران کو جلد واپس کرنے میں میر صاحب کی غیر معمولی سعی اور کامیابی کا اندازہ اس واقعہ سے ہوتا ہے کہ اس سے قبل جو سفیر (یعنی اغزلو سلطان) حیدرآباد آیا تھا اس کو چھ سال تک یہاں قیام کرنا پڑا اور اس سے قبل رخصت عطا نہیں کی گئی۔ اس کے برخلاف میر صاحب نے حسین بیگ کو ڈھائی سال کے اندر ہی حیدرآباد سے روانہ کرادیا۔ اس وقت بھی شاہ ایران کے لئے اعلیٰ تحفے مثلاً

"تحف فراوان و مرصع آلات مشحون بجواہر قیمتی و اقمشۂ نفیسہ کہ مدتہا عاملان درگا در اتمام آن حتی موفور بظہور رسانیدہ بودند"[1]

---

[1] حدیقۃ العالم ص۲۔۲

www.shiabookspdf.com

حسین بیگ قبچاقی کے ذریعہ سے بھیجے گئے اور اس کو چار ہزار ہون خرچ راہ کے لئے بھی عطا کئے گئے۔

علامہ ابن خاتون کو ایران بھیجنا

جس طرح گذشتہ موقع پر سفیر ایران کے ساتھ حاجی قنبر علی کو بھیجا گیا تھا اسی طرح اب کے میر محمد مومن کے شاگرد اور دست گرفتہ شیخ محمد ابن خاتون کو ایران روانہ کیا گیا۔ یہ واقعہ ظاہر کرتا ہے کہ سفیر ایران کے قیام دکن اور واپسی اور جواب کے طور پر حیدرآباد کی سفارت کی روانگی میں میر محمد مومن کو کتنا زیادہ دخل تھا۔ انہوں نے اپنی مصلحت عملی کے تحت اپنے ہی آدمی کو ایران روانہ کیا اور غالباً اپنا جواب بھی علامہ شیخ محمد ابن خاتون ہی کے توسط سے شاہ ایران کی خدمت تک پہنچایا۔ شاہ ایران نے ابن خاتون کی بڑی قدر و منزلت کی۔ نظام الدین احمد نے لکھا ہے:۔

"بخدمت بادشاہ گیتی پناہ مشرف شد و چند سال دراں مملکت جنت مثال بودہ مورد توجہات پادشاہی و مشمول عنایات نامتناہی گردیدہ"[1]

ایران سے واپسی کے بعد علامہ ابن خاتون کسی عہدہ پر مامور نہ ہونے پائے تھے کہ سلطان محمد کا انتقال ہو گیا۔ حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے:۔

"عالی جناب علامی شیخ محمد الشہیر با بن خاتون را کہ از حجابت سفر و ممالک ایران مراجعت نمودہ بود و خاقان علیین مکان مغفور ارادہ داشتند کہ منصب بزرگے کہ مناسب رتبہ و منزلتش باشد تفویض فرمایند کہ قضیۂ ہائلہ روئے داد"[2]

---

[1] حدیقۃ العالم صفحہ ۲۰۰ — [2] حدیقۃ السلاطین ...

www.shiabookspdf.com

شہزادہ عبداللہ مرزا کی پیدائش

سفیر ایران کو حیدر آباد آئے ہوئے ابھی چار مہینے بھی نہیں گذرے تھے کہ سلطان محمد قطب شاہ کے محل میں ۲۸ شوال ۱۰۲۳ھ کو ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام عبداللہ مرزا رکھا گیا اور چونکہ یہ پہلی اولاد تھی اس لئے بادشاہ نے بڑی خوشی منائی اور میر محمد مومن نے بھی ایک قطعہ تاریخ پیدائش لکھا۔

حدیقۃ العالم میں لکھا ہے :۔

"از جملہ آں تواریخ تاریخیست کہ نواب علامی فہامی پیشوائے اہل ایمان میر محمد مومن طاب ثراہ در قطعۂ درج فرمودہ۔ و مادہ اش اینست۔

کام بخش جہاں آمد[1]"

میر صاحب کے لئے یہ موقع خاص خوشی کا ہوگا کیونکہ انھوں نے تقریباً بائیس سال قبل خود سلطان محمد کی پیدائش کا قطعۂ تاریخ لکھا تھا اور اب انھیں اس کے فرزند کی تاریخ پیدائش منظوم کرنے کا موقع ملا۔

میر صاحب کے فرزند میر مجد الدین محمد نے بھی اس خوشی میں حصہ لیا اور دو قطعے (ایک عربی اور ایک فارسی) لکھے۔ جن میں یہ مادہائے تاریخ درج کئے۔

(۱) قرۃ العین الانسان

(۲) اول فتح و ظفر آخر رنج والم

---

[1] حدیقۃ العالم صفحہ ۲۷۴۔

www.shiabookspdf.com

پیشین گوئی

شہزادہ عبد اللہ مرزا کی پیدائش کے ذکر کے ساتھ ہی اِس واقعہ کا اظہار بھی ضروری ہے کہ جب منجموں نے اس کا زائچہ دیکھ کر یہ بتایا کہ بادشاہ شہزادے کو بارہ سال تک نہ دیکھے تو اس پیشین گوئی کی تصدیق میر صاحب نے بھی اپنے علم و عملیات سے کی ہوگی ورنہ سلطان محمد جیسا پابند شرع اور متقی بادشاہ اس پر ہرگز عمل نہ کرتا۔ اس کا ثبوت اِس طرح بھی ملتا ہے کہ اس شاہزادہ کی پرورش اور اتالیقوں کے انتخاب میں میر صاحب کو آخر تک دخل رہا ہے۔ اگر وہ عام نجومیوں کے اس بیان کو صحیح نہ پاتے تو ہرگز ان توہمات پر بادشاہ کو عمل پیرا نہ ہونے دیتے۔

یہ بھی ایک عجیب بات ہے کہ جب تک میر صاحب زندہ رہے سلطان محمد نے اس بندش پر سختی سے عمل کیا اور ان کے انتقال کے بعد ہی مدت معینہ کے اختتام سے قبل شہزادہ عبد اللہ کو اپنی بارگاہ میں بلا بھیجا۔ اور چونکہ بارہ سال کے ختم سے پہلے ہی اس نے اپنے فرزند کو دیکھ لیا تھا اس لئے نجومیوں کے قول کے مطابق یہ ملاقات بادشاہ کی جان پر بھاری ثابت ہوی اور وہ اس واقعہ کے چند روز کے اندر ہی انتقال کر گیا۔

شہزادہ علی مرزا کی ولادت

سفیر ایران اور علامہ شیخ محمد ابن خاتون کی حیدر آباد سے روانگی سے دو تین ہفتہ قبل ۲۸ شوال ۱۰۲۵ھ بروز دوشنبہ سلطان محمد قطب شاہ کے محل میں ایک اور شہزادہ پیدا ہوا جس کا نام علی مرزا رکھا گیا۔ اس دوسرے فرزند کی ولادت سے بادشاہ زیادہ خوش ہوا۔ اور اس تقریب میں شاعروں نے بڑے بڑے قصیدے اور تہنیتی نظمیں لکھکر اس کی خدمت میں پیش کیں اور انعام و اکرام سے سرفراز ہوئے۔

www.shiabookspdf.com

اِس موقعہ پر غیر معمولی اظہار مسرت کے دو ہی اسباب ہو سکتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ پیشرو بادشاہ سلطان محمد قلی اولادِ نرینہ سے محروم رہا تھا اور بادشاہِ وقت کو ٹھیک دو سال میں دو فرزند ہو گئے اور دوسری وجہ یہ کہ شہزادہ عبداللہ مرزا کی پیدائش سے جو خوشی ہوئی تھی وہ اُس پیشین گوئی اور قید و بند کی وجہ سے غم و تشویش میں مبدل ہو گئی تھی کہ بادشاہ بارہ سال تک اپنے فرزند کی صورت نہ دیکھے۔ چنانچہ اس واقعہ سے بھی اس فکر و تشویش کا ثبوت ملتا ہے کہ میر محمد مومن پیشوائے سلطنت نے شہزادہ عبداللہ مرزا کی پیدائش کے وقت جو قطعہ تاریخ لکھا تھا وہ کسی تاریخ میں درج نہیں ہے۔ صرف مادۂ تاریخ لکھ دیا گیا ہے۔ اس کے برخلاف علی مرزا کی پیدائش کی مسرت میں جو قطعہ لکھا گیا تھا وہ تاریخوں میں محفوظ ہے۔

قطعۂ تاریخ میر محمد مومن نے اِس قطعہ تاریخ میں پہلے اس امر کا ذکر کیا ہے کہ "خدا نے سلطان محمد کو دو فرزند عطا کئے ہیں جو رشکِ شمس و قمر ہیں۔ چونکہ دونوں کے درمیان صرف دو سال کا فرق ہے[1] اِس لئے میں ایک کی تاریخ کام بخش جان ہا اور دوسرے کی کام بخش بجا نہا سے نکالتا ہوں" یعنے حرف ب بڑھا کر دو کے عدد کا اضافہ کر دیا ہے اس کے بعد بادشاہ کو بڑے خلوص سے دعا دی ہے۔ ان کا قطعہ ہے:۔

خدائے داد بقطب شہاں محمد شاہ — دو شاہزادہ کہ ہستند رشکِ شمس و قمر

---

[1] یہ عجیب بات ہے کہ عبداللہ مرزا اور علی مرزا دونوں کی پیدائش کا دن اور تاریخ ایک ہی ہے یعنے دوشنبہ ۲۰ شوال۔ اور صرف سنہ میں فرق ہے۔ ایک کا ۱۰۲۳ھ اور دوسرے کا ۱۰۲۵ھ۔

www.shiabookspdf.com

دو نور بخش بعالم کہ چوں پدر ہستند — ز رحمت ازلی نیک بخت و نیک اختر
میان ہر دو چو آمد تفاوت دو سال — چو خواہی از پے تاریخ شاں شدی رہبر
حساب سال یک از "کام بخش جہانہا" جو — ز "کام بخش بجانہا" حساب آں دیگر
دعائے ہر دو مرا خوش رسیدہ است ز غیب — عجب خجستہ دعائے ز ہر دعا خوشتر
کہ باد دولت و اقبال شاں بعمر خضر — بظل چتر ہمایون جاں فزائے پدر
کدام شاہ بود آں کہ در کمال آمد — بہ فہم و فضل ارسطو بہ دولت اسکندر
چو ذات اقدس او راز مدح استغناست — مراد عائے دگر بہ پے سخن زیور
ز حادثات زمانہ پناہ ذاتش باد — خدائے جل جلالہ بحق پیغمبر

آخری اشعار میں سلطان محمد کی منفعی طبیعت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ وہ خوشامد اور مدح وستائش کو پسند نہیں کرتا اس لئے اپنے سخن کی آرائش کے لئے صرف دعا ہی سے کام لیتا ہوں۔

اس قطعہ کے ابتدائی اشعار سے یہ بھی گمان ہونے لگتا ہے کہ شاید میر صاحب نے سلطان عبداللہ قطب شاہ کی پیدائش کے وقت کوئی قطعہ تاریخ نہیں لکھا کیونکہ وہ اپنے علم و عملیات کے ذریعہ سے سمجھ گئے ہوں گے کہ یہ شہزادہ اپنے باپ سلطان محمد قطب شاہ اور خود سلطنت قطب شاہیہ کے لئے منحوس ہے۔ اسی لئے اس وقت خاموشی اختیار کی اور دوسرے شہزادہ کی پیدائش کے وقت شہزادہ عبداللہ مرزا کی تاریخ پیدائش کا مادہ بھی لکھ دیا ورنہ ضرور تھا کہ تاریخوں میں وہ قطعہ بھی درج کیا جاتا۔[1]

---

[1] اگر نظام الدین احمد مولف حدیقۃ السلاطین نے صاف طور پر لکھ دیا ہے کہ

www.shiabookspdf.com

اِس امر کی وضاحت اس واقعہ سے بھی ہوتی ہے کہ ایرانی سفیر حسین بیگ قبچاقی سلطان عبداللہ کی پیدائش کے وقت بھی حیدر آباد میں موجود تھا لیکن اس وقت اس نے بھی شاید کوئی قطعۂ تاریخ نہیں لکھا اس کے برخلاف شہزادہ علی مرزا کی پیدائش کی مسرت میں اس نے حسب ذیل قطعہ لکھا تھا

سفیر ایران کا قطعۂ تاریخ

شکر ایزد لہ از مکارم غیب — شد جہاں را حیات نو در تن
از قدوم منیر پادشہی — شد تلنگانہ تازہ رشک ختن
گوہرے این چنیں چو روئے نمو — خواستم زینتے دہم بسخن
پے تاریخ مولدش رفتم — تا برم توشہ ازیں خرمن
بختم آمد بہ نزد عقل بگفت — کیں سخن را بگوش دار ز من
سال تاریخ اوست دیدہ بخت — دیدۂ بخت باد ازو روشن

۱۰۲۵

ارکین سلطنت کا انتخاب

سلطان محمد قطب شاہ اگرچہ اپنے چچا محمد قلی سے زیادہ لائق اور متقی

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ اول تاریخ کہ نواب علامی فہامی پیشوائے عالمیان میر محمد مومن طاب ثراہ یافتہ اند و در قطعہ درج فرمودہ اند "کام بخش جہاں" ۔

تو حالات کے تحت یہی نتیجہ نکالا جاسکتا تھا کہ میر صاحب نے اس موقعہ پر کوئی اظہار مسرت نہیں کیا تھا۔

www.shiabookspdf.com

اور امور سلطنت میں دخیل تھا لیکن اس کے عہد میں بھی سلطنت کے عہدوں پر میر محمد مومن کی رائے و مشورے کے بغیر کسی کا تقرر نہیں کیا جاتا تھا۔ اس کے ثبوت کے طور پر تاریخ حدیقۃ السلاطین کے حسب ذیل چند جملے کافی ہیں:۔

۱ میر محمد رضائے استرآبادی را کہ بعد از خواجہ مظفر علی منصب دبیری بتوجہ نواب علامی مرتضائے ممالک اسلام مرحمت کردہ بودند۔ (صفحہ ۲۸)

۲ نواب مرتضائے ممالک اسلام میر محمد مومن، مولوی را بجہت ایں خدمت پسندیدہ مجدداً بشرف ملاقات خاقان زماں مشرف ساختہ خلعت ایں خدمت عالی را بر قامت قابلیت مولوی مرتب داشتند (صفحہ ۱۰)

۳ اعلیٰ حضرت خاقان سلیمان منزلت بصلاح وصوابدید نواب علامی فہامی مرتضائے ممالک اسلام میر محمد مومن قرار دادند کہ خدمت للکی شاہزادۂ عالم بہ منشی الممالک خواجہ مظفر علی مقرر دارند" (صفحہ ۹)

ان اقتباسات سے ثابت ہوتا ہے کہ جب کبھی کوئی اہم عہدہ خالی ہوتا تو میر صاحب کی صلاح وصوابدید اور پسندیدگی و توجہ کے بغیر کوئی شخص اس پر مامور نہیں ہو سکتا تھا۔ مثال کے طور پر ذیل میں چند ایسے لوگوں کے حالات لکھے جاتے ہیں جن کی نسبت تاریخوں سے علم حاصل ہو سکتا ہے۔

خواجہ مظفر علی منشی الممالک یہ اُن خوش بخت صاحبان فضل و کمال میں سے تھا جن کو حیدرآباد میں میر محمد مومن کی مدد سے خاص عزت اور شہرت نصیب ہوئی۔

یہ سلطان محمد قطب شاہ کا دبیر تھا یعنے منشی الممالک کے عہدہ پر سرفراز کیا گیا تھا اور بعد کو حت

www.shiabookspdf.com

۱۰۳۱ھ میں شہزادہ عبداللہ مرزا کے للہ میرزا شریف شہرستانی (داماد میر قطب الدین نعمت اللہ شیرازی[1]) کا انتقال ہوا تو میر صاحب نے مظفر علی کو دبیری کے ساتھ ساتھ اس اعزاز للگی پر بھی سرفراز کیا۔ لیکن وہ ایک لائق آدمی تھا کوئی بڑا امیر تو نہ تھا اِس لئے اس کے مکان میں شہزادہ عبداللہ مرزا کے قیام کے لئے ایک قصر رفیع بنایا گیا۔ جس کو طرح طرح کے تکلفات اور تصرفات سے آراستہ کیا گیا۔ غرض ایک ادیب اور عالم کے مکان نے بہت جلد شاہی محل کی صورت اختیار کرلی۔ خود خواجہ مظفر علی کو اس غیر معمولی عزّت و امتیاز کا احساس تھا۔ اس نے قصر کو نگارخانہ چین کی طرح آراستہ کیا اور قسم قسم کے ابریشمی اور زربافت کپڑے پائے انداز کے طور پر بچھائے اور بہت سا زر و جواہر شہزادہ کی آمد کے وقت بطور صدقہ نچھاور کیا۔ اس طرح سلطنت کے اعیان و اکابر میں خاص رتبہ و امتیاز حاصل کیا۔ تاریخ کے الفاظ ہیں:-

"باین منصب رفیع بر اکابر و اعیانِ عالم افتخار و مباہات نمود[2]"

لیکن افسوس ہے کہ مظفر علی اس اعزاز سے زیادہ دن محظوظ نہ ہوسکا وہ تقریباً ڈیڑھ سال اس شان و شکوہ کی زندگی بسر کرنے کے بعد اپنے محسن میر محمد مومن کی وفات سے چند ماہ قبل ہی انتقال کرگیا۔ اور اس کے بعد میر صاحب نے مولنا حسین شیرازی کو شہزادہ کا للہ مقرر کیا۔ ان کا تفصیلی

---

[1] ان دونوں (یعنے خسر اور داماد) کے گنبد حیدرآباد کے محلہ مغلپورہ میں اب تک موجود ہیں اور ان پر نہایت عمدہ کتبے کندہ ہیں۔

[2] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ

www.shiabookspdf.com

تذکرہ اس کتاب کے صفحات ۲، تا ۱۸ میں درج ہے۔

میر محمد رضا استرآبادی منشی الممالک و پیشوا

یہ میر صاحب کا ہم وطن اور بہت بڑا فاضل تھا۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ آیا اس کو میر محمد مومن سے کوئی رشتہ بھی تھا یا نہیں۔ البتہ نام کی وضع سے ظاہر ہوتا ہے کہ غالباً ان کے رشتہ داروں میں ہوگا۔

میر صاحب کے نبیرے مولوی میر عباس علی صاحب کے خاندانی کاغذات میں ۱۵ محرم ۱۰۹۵ھ کا لکھا ہوا ایک کاغذ بھی نظر سے گذرا جس میں ایک میر محمد رضا استرآبادی کے ورثہ کی تقسیم کا حال درج ہے۔ اس کاغذ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر محمد رضا کے والد میر سید علی کی ولد میر سید ابراہیم استرآبادی بڑے پایہ کے بزرگ تھے[1]۔ میر محمد رضا کے انتقال کے وقت ان کی ایک لونڈی ریحانہ نامی تھی جس کو ان کے بعد ایک لڑکی تولد ہو کر فوت ہوگئی اور ریحانہ کو ورثہ میں چار ہزار چھ سو روپے ملے تھے۔ اس تاریخی کاغذ کی تفصیل آئندہ میر صاحب کی اولاد و اعزہ کے تذکرہ میں درج کیجائے گی۔ یہاں اس کا ذکر صرف اس لئے کیا گیا کہ میر صاحب کی اولاد کے قبضہ میں اس کاغذ کا ہونا ظاہر کرتا ہے کہ میر صاحب کو یا تو ان میر محمد رضا سے کوئی تعلق تھا یا پھر خود ان کی اولاد میں کوئی اور صاحب اس نام کے گذرے ہیں۔

---

[1] اس کاغذ میں میر محمد رضا کا نام اس طرح لکھا ہے:۔

"مرحمت و مغفرت پناہ میر محمد رضا ولد سیادت ہدایت نقابت دستگاہ عمدۃ النجباء العظام میر سید علی کی ولد میر سید ابراہیم استرآبادی"۔

www.shiabookspdf.com

بہرحال میر محمد رضا کو میر صاحب نے مظفر علی دبیر کے انتقال کے بعد منصب دبیری پر سرفراز کیا تھا۔ اور اس شخص نے سلطان محمد قطب شاہ کو اپنی لیاقت و اہلیت سے اتنا متاثر کیا تھا کہ خود میر صاحب کے انتقال کے بعد بادشاہ نے کسی کو پیشوائے سلطنت نہیں بنایا بلکہ میر محمد رضا ہی سے اس عہدہ سے متعلقہ کام بھی لیتا رہا۔ یہانتک کہ خود بادشاہ کا انتقال ہوگیا۔ حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے:۔

"میر محمد مومن کہ برحمت ایزدی پیوست خاقان گیتی پناہ منصب جلیل القدر پیشوائی را بہیچ یک از مقربان سریر خلافت تفویض نہ فرمودہ......جناب سیادت پناہ میر محمد رضائے استرآبادی راکہ بعد از خواجہ مظفر علی منصب دبیری بتوجہ نواز علامی مرتضائے ممالک اسلام مرحمت کردہ بودند بوساطت مشارالیہ نیز بعض مہات سرانجام می یافت"۔ صفحہ ۲۸۔

سلطان محمد کی وفات کے ساتھ ہی اوائل عہد عبداللہ قطب شاہ میں میر محمد رضا استرآبادی کا ستارہ گہن میں آگیا اور خدمت دبیری بھی اس سے چھین کر علامہ شیخ محمد ابن خاتون کو دیدی گئی۔[1]

معلوم ہوتا ہے کہ عہد عبداللہ قطب شاہ میں شیخ محمد ابن خاتون اور میر محمد رضا ایک دوسرے کے رقیب تھے ان میں سے ہر ایک کی یہ کوشش تھی کہ خود امور سلطنت پر چھا جائے۔ غرض

---

[1] حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے:۔ "منصب دبیری را از محمد رضائے استرآبادی گرفتہ بعالی جناب علامی (شیخ محمد ابن خاتون) عنایت کردند" صفحہ ۲۹۔

www.shiabookspdf.com

آٹھ سال کے بعد ۱۰۴۳ھ میں پھر میر محمد رضا کا نیر اقبال طلوع ہوا۔ چنانچہ ۱۳ جمادی الآخر کو علامہ شیخ محمد ابن خاتون پر شاہی عتاب ہوا اور ان کی جگہ میر محمد رضائے استر آبادی کو پیشوائے سلطنت بنایا گیا۔ تاریخ کے الفاظ ہیں:۔

درشب سیزدہم جمادی الآخر سیادت پناہ میر محمد رضائے استر آبادی را تشریف منصب پیشوائی مرحمت فرمودند و نواب علامی فہامی شیخ محمد را بنا بر سعایتیکہ از بعضے نسبت بایشان بہ ظہور رسید چند روز برنشستن درمنزل خود وترک آمدن چاکری مامور ساختند"[1]

لیکن مورخ چونکہ شیخ کا طرفدار تھا اس لئے اس نے اس واقع کو صرف چند روزہ بتایا ہے حالانکہ شیخ کو عرصہ تک معطل رہنا پڑا اور اس کے بعد بھی ان کو پہلے پیشوائی نہیں دی گئی بلکہ میر محمد رضا کے تحت میر جملہ بنایا گیا۔

غرض میر محمد رضا کے عروج اور علامہ شیخ محمد ابن خاتون کے مقابلہ میں کامیابی حاصل کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی کوئی معمولی شخصیت نہ تھی۔ یہی وجہ تھی کہ میر صاحب نے منشی الممالک کے عہدہ کے لئے اس کا انتخاب کیا تھا۔

میرزا حمزہ استر آبادی مجلسی نویس و سرخیل

مرزا بیگ فندرسکی کا بھتیجا اور میر محمد مومن کے فرزند میر مجد الدین محمد کا داماد تھا۔ میر صاحب ہی کی وجہ سے سلطان محمد قطب شاہ کے دربار میں باریاب ہوا اور ساٹھ ہزار ہون کی جاگیرات سے سرفراز

---

[1] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۲۲۔

www.shiabookspdf.com

کیا گیا۔ بعد کو عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہوا تھا۔ میرزا حمزہ کا تفصیلی تذکرہ میر صاحب کی اولاد کے بیان میں کیا جائے گا۔

خواجہ افضل ترکہ سرخیل

بڑا بہادر اور جری سپہ سالار تھا۔ تقریباً ۱۰۲۴ھ میں سرخیل بنایا گیا اور ایک لاکھ ہون تنخواہ کی جاگیرات عطا ہوئیں۔ اور جب تک میر محمد مومن زندہ رہے خواجہ افضل کا ستارہ چمکتا رہا ان کے انتقال کے بعد ہی سلطان محمد نے عہدۂ سرخیلی سے معزول کر دیا اور خواجہ ایک لاکھ ہون کی تنخواہی جاگیرات سے بھی محروم ہو گیا۔

سلطان محمد کے انتقال کے بعد جب منصور خاں حبشی میر جملہ ہوا تھا تو اس نے پھر ۱۰۳۵ھ میں خواجہ افضل کو سرخیل بنا دیا اور خواجہ دو تین ماہ کی نکبت و ذلت کے بعد از سر نو امرائے عظام میں داخل ہوا۔ تاریخ کے الفاظ ہیں :۔

"مجدداً از جملہ امرائے عظام گردید"[1]

خواجہ افضل سپاہی ہونے کے علاوہ مدبر اور تیز فہم بھی تھا۔ وہ علامہ شیخ محمد ابن خاتون کے بڑھتے ہوئے اثرات دیکھ کر اس کے طرفداروں میں شامل ہو گیا اور شاہ محمد ابن عرب شاہ پیشوا کی عرضیوں کو جو عادل شاہ کے نام لکھی گئی تھیں راستہ سے پکڑوا کر بادشاہ کی خدمت میں پیش کرا دیا اس طرح شاہ محمد کو معزول کرا کے شیخ محمد ابن خاتون کے لئے خواجہ افضل نے پیشوائی کا راستہ صاف کیا۔[2]

---

[1] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۳۰ — [2] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۶۶

www.shiabookspdf.com

۱۰۳۲ھ میں جب مرتضیٰ نگر کے علاقہ میں بغاوت ہوئی تو بادشاہ نے خواجہ افضل ترکہ کو وہاں کا حاکم بنا کر سرکشوں کی تادیب وتنبیہ کے لئے روانہ کیا۔ خواجہ نے بڑے تزک واحتشام کے ساتھ مرتضیٰ نگر کا رُخ کیا۔ اور راستہ میں جو بھی شریر اور بدمعاش لوگ ملتے گئے ان کو سرِ راہ سولی پر چڑھاتا گیا تاکہ دوسروں کو عبرت حاصل ہو۔ اس طرح مرتضیٰ نگر کو شر وفساد سے پاک کرکے امن و اطمینان کے ساتھ حکومت کرنے لگا۔ اسی اثنا میں اس علاقہ کو قحط کی مصیبت سے بھی دوچار ہونا پڑا لیکن خواجہ افضل نے ایسے اچھے انتظامات کئے کہ مخلوق خدا زیادہ پریشان نہ ہونے پائی۔

مرتضیٰ نگر کی حکومت کرتے ہوئے دو سال گذر چکے تھے کہ ۱۰۴۰ھ میں صوبہ دار بنگالہ باقر خاں نے قطب شاہی علاقہ کیسکوٹ پر حملہ کردیا اور وہاں کے حاکم سید عبداللہ خاں نے حیدرآباد کو عریضہ روانہ کرکے عبداللہ قطب شاہ سے امداد طلب کی۔ بادشاہ نے اس کام کے لئے خواجہ افضل کا انتخاب کیا اور فوراً مرتضیٰ نگر کو آدمی دوڑائے کہ لشکر وحشم کو چھوڑ کر بجلی کی طرح حیدرآباد آئے۔ جب خواجہ کو یہ خبر ملی تو سلطنت کی مدد کے لئے دوڑا اور اسی فرسخ کے راستہ کو صرف تین دن میں طے کرکے بادشاہ کی خدمت میں پہنچ گیا۔ تاریخ کے الفاظ ہیں:۔

"چوں ایں خبر بہ خواجہ رسید مصراع

ہماں ساعت ہماں لحظہ ہماں دم

براسپ بادپا سوار شدہ ہشتاد فرسخ راہ را در سہ روز طے نمودہ آستان رفیع الشان خسرو سکندر اقبال را مسجد عبودیت ساخت[۱]"

---

[۱] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۸۱ —

www.shiabookspdf.com

اِس اطاعت و وفاداری سے بادشاہ بہت خوش ہوا اور ۱۰ رجب ۱۰۴۰ھ کو

"تشریف و خلعتِ خاص با اسپ و زین و لجام سیمیں"

مرحمت کیا۔ اور باقر خاں کی مدافعت کے لئے رَوانہ ہونے کا حکم دیا۔ خواجہ افضل کی سپہ سالاری میں پایۂ تخت سے شجاع الملک، شیر محمد خاں اور چند دکنی سردار، چند حوالہ دار، اور جمعیت خاصہ خیل کے ہزار سوار بھی روانہ کئے گئے۔ نیز کسیکوٹ کے جملہ منیواروں، رؤسا اور زمینداروں کو حکم دیا گیا کہ خواجہ افضل کے مطیع و منقاد رہیں اور اس کے حکم کے مطابق عمل پیرا ہوں۔

غرض خواجہ افضل بڑے تزک و احتشام کے ساتھ کسیکوٹ کی پہلی ولایت قلعہ راجمندری کی طرف متوجہ ہوا۔ خود خواجہ کا لشکر بھی جو قلعہ مرتضیٰ نگر میں تھا دریائے کرشنا پار کرکے مصطفےٰ نگر میں اردوئے خواجہ سے آملا۔ اس طرح خواجہ ایک بہت بڑے لشکر کے ساتھ راجمندری پہنچا۔ لیکن باقر خاں اس کی آمد آمد کی خبر سنکر پہلے ہی وہاں سے ہٹ گیا اور سلطان عبداللہ قطب شاہ کے یہاں معذرت رَوانہ کی۔ تاریخ حدیقۃ السلاطین میں لکھا ہے:۔

"حاجبے بہ پایۂ سریر سکندر رتبہ فرستادہ درمقام اعتذار شد و دیگر جرات پیش آمدن نہ نمود" صفحہ ۸۲ ۔

یہ حال دیکھ کر خواجہ افضل نے بادشاہ کی خدمت میں عریضہ بھیجا کہ اِس کے لئے کیا حکم ہوتا ہے۔ بادشاہ نے جواب دیا کہ چند روز قلعہ راجمندری میں ٹھہر کر حیدرآباد کو واپس آجانا۔

۱۰۴۱ھ میں جب عادل شاہی سپہ سالار مرہری نے بے اعتدالی شروع کی اور قطب شاہی سلطنت پر دست درازی کا ارادہ کیا تو عبداللہ قطب شاہ نے پھر "شجاعت و وزارت دستگاہ

www.shiabookspdf.com

اعظم الامرا خواجہ افضل ترکہ" کی ضرورت محسوس کی اور اُس کو راجمندری سے حیدرآباد چلے آنے کا حکم دیا۔

اگرچہ راجمندری کے قیام کے زمانہ میں خواجہ افضل علیل ہوگیا تھا تاہم بادشاہ کا حکم پاکر وہ اس خراب حالت میں بھی وہاں سے نکل کھڑا ہوا اور حیدرآباد پہنچ کر بادشاہ کی قدمبوسی حاصل کی۔ لیکن اس کی بیماری روز بروز شدت پکڑتی گئی یہانتک کہ میدانِ جنگ کو جانے کی جگہ اس نے ۱۸ جمادی الآخر ۱۰۲۱ھ کو دار الملکِ عقبیٰ کی راہ لی۔

اس کے یہاں ایک ہزار ترک، عرب اور عجمی سوار ملازم تھے۔ جو اس کے بعد یولچی بیگ کو مرحمت کردئے گئے۔ اور مرتضیٰ نگر کی حکومت پر اس کی جگہ میر فصیح الدین محمد تفرشی کا تقرر کیا گیا۔ غرض خواجہ افضل دیانت، وفاداری، اور اطاعت کے علاوہ تجمل، ثروت، اور امارت میں بھی اپنے امثال و اقران میں ممتاز تھا۔ نظام الدین احمد نے لکھا ہے :۔

"بامارت و وزارت اشتغال داشت و بہ تجمل و ثروت از امثال و اقران بغایت ممتاز بود" صفحہ ۹۹۔

یولچی بیگ

میر محمد مومن کے سمدھی یعنے اُن کے فرزند میر مجد الدین محمد کے خسر تھے۔ ان کا مکان میر صاحبؒ کی حویلی سے متصل تھا اور یولچی بیگ کی کمان اب تک حیدرآباد میں مشہور ہے۔

یہ سپاہی مشرب تھے اور سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں اپنی شجاعت و تدبر کی وجہ سے بڑی شہرت حاصل کی۔ مورخین ان کو " اعظم الامرا شجاعت و وزارت دستگاہ" کے القاب کے ساتھ

www.shiabookspdf.com

یاد کرتے ہیں۔ رشتہ کی وجہ سے میر صاحب کے ساتھ ان کو جو تقرب حاصل تھا وہ ظاہر کرتا ہے کہ میر صاحب نے ان کے عروج میں کافی حصہ لیا تھا۔ لیکن سلطان محمد کے عہد اور میر صاحب کی زندگی میں انھوں نے کیا کام انجام دئے معلوم نہ ہوسکا۔ البتہ عہد عبداللہ قطب شاہ میں یولچی بیگ نے حیدرآباد میں اپنی شجاعت و سپہ سالاری کا ڈنکہ بجا دیا تھا۔

جمادی الاول ۱۰۴۰ھ میں شریف الملک ملا محمد تقی تفرشی کی رائے سے بادشاہ نے ان کو کلبگور کے چودھری المیا ولد پدا ریڈی کی سرکشی کو فرو کرنے کے لئے روانہ کیا۔ یولچی بیگ اپنے جملہ لشکر و حشم میں سے صرف بارہ[۱] کماندار چابک سواروں کو ساتھ لیکر سرشام گولکنڈہ سے نکلا اور اس رات اور دوسرے دن اور دوسری رات کو مسلسل سفر کرتا ہوا دور دراز کی مسافت کو بسرعت تمام طے کیا اور دوسرے روز علی الصباح اتنا سویرے کلبگور پہنچ گیا کہ المیا اور اس کے بہادر ساتھی نیند سے بیدار بھی نہ ہونے پائے تھے۔ غرض "اشجع الامرا یولچی بیگ" اس کے دربانوں کو قتل کر کے گھر میں گھس گیا۔ المیا ان کی آوازوں سے چونک پڑا اور تلوار سنبھال کر مقابلہ کرنا ہی چاہتا تھا کہ اس کو اور اس کے ساتھیوں کو قتل کر ڈالا۔ اور فی الفور گولکنڈہ کو واپس ہوا۔ کلبگور کے غوغائیوں نے اس کا تعاقب کیا لیکن وہ اتنا تیز رفتار تھا کہ وہ اس کی ہوا کو بھی نہ پہنچ سکے۔ جب باغیوں کے سروں کو نیزوں پر چڑھائے ہوئے یولچی بیگ اور اس کے ساتھی دروازہ قلعہ گولکنڈہ میں سے حیدرآباد میں داخل ہوئے تو بادشاہ اس بہادر کی شجاعت اور سرعتِ کار پر حیران رہگیا۔ اور اس مہم سے خوش ہوکر "اسپ تازی با یراق زریں و تشریف ملوکانہ" عطا کرنے کے علاوہ المیا کا اثاث البیت بھی جو بہت کافی تھا یولچی بیگ ہی کے سپرد کر دیا۔[۱]

---

[۱] حدیقۃ السلاطین صفحہ ،، ۔

www.shiabookspdf.com

۱۰۴۱ھ میں جب مرہری عادل شاہی سپہ سالار نے قطب شاہی حدود میں دست درازی کرنی چاہی تو بادشاہ نے پھر "اعظم الوزرا واشجع الامرا یولچی بیگ" کو اس کے مقابلہ کے لئے نامزد کیا۔ لیکن آخرکار یہ لڑائی صلح پرختم ہوی۔ اور یولچی بیگ کو اپنی شجاعت دکھانے کا موقع نہ ملا[1]۔

۱۸ر جمادی الآخر ۱۰۴۱ھ کو جب قدیم سپہ سالار خواجہ افضل ترکہ کا انتقال ہوا تو بادشاہ نے اسکی خدمت اور منصب پر یولچی بیگ کو سرفراز کیا۔ تاریخ کے الفاظ ہیں:۔

"وبعدازاو دنیائے معمور حوالہ اوراکہ قریب یک ہزار سوار ترک وعرب وعجم وغیرہ داشت بشجاعت وسخاوت دستگاہ یولچی بیگ مرحمت فرمودند"[2]

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ خواجہ افضل کے ماتحت ایک ہزار ترک وعرب وعجمی سوار یولچی بیگ کے تفویض کئے گئے۔ اور دوسری بات یہ کہ یولچی بیگ اپنے بذل وسخا کی وجہ سے بھی مشہور تھا۔

اس اثنا میں معلوم ہوا کہ شاہجہاں نے آصف خاں کو بیجاپور کی تسخیر کے لئے روانہ کیا ہے تو اہل حیدرآباد نے بھی اپنی سرحدوں کی حفاظت ونگرانی کا انتظام کیا چنانچہ یولچی بیگ بھی دوسرے سرداروں مثلاً خداویردی سلطان' قزلباش خاں' اور رویتوجی کانتیا کے ساتھ سرحد کی حفاظت کے لئے روانہ ہوا[3]۔ لیکن اس دفعہ بھی بلاٹل گئی اور مقابلہ کی نوبت نہیں آئی۔ آخرکار یہ تمام سردار ماہ ذیقعدہ ۱۰۴۱ھ میں حیدرآباد واپس آئے۔ اور میدان وسیع الفضائے داد محل میں

---

[1] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۹۲ تا ۹۴ — [2] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۹۹ —

[3] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۰۱ تا ۱۱۰ —

www.shiabookspdf.com

بادشاہ کے سلام کے لئے حاضر ہوئے بادشاہ نے امرائے عالی شان کو تشریفات پادشاہی سے سرفراز کیا۔

۱۰۴۴ھ میں جب شاہ ایران نے امام قلی بیگ شاملو کو سفیر بنا کر خیرات خاں کے ساتھ حیدرآباد روانہ کیا اور یہ لوگ غرۂ ذیقعدہ ۱۰۴۴ھ کو حیدرآباد کی سرحد پر پہنچے تو سلطان عبداللہ قطب شاہ نے پہلے تو میر معزالدین محمد مشرف الممالک کو پھر شیخ محمد طاہر سرخیل کو اور ان کے بعد یولچی بیگ کو استقبال کے لئے روانہ کیا جس نے زرق برق فوج اور تزک واحتشام کے ساتھ آگے بڑھ کر امام قلی بیگ کا استقبال کیا اور خیریت آباد تک پہنچایا۔

یکم رجب ۱۰۴۶ھ کو یولچی بیگ نے اپنے لڑکے کی ختنہ کی تو خود بادشاہ نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔ یولچی بیگ نے محل شاہی سے اپنے مکان تک جو تین ہزار قدم کے فاصلہ پر تھا تمام راستہ میں قیمتی پائے انداز بچھائے اور دو ہاتھی ۱۲ گھوڑے، ۵ اونٹ اور بڑا لعل نذر دیا۔ بادشاہ نے بھی اسکو خلعت سے سرفراز کیا۔ بادشاہ کی والدہ اور دیگر محلاتی سو پالکیاں بھی اسکے یہاں مدعو ہوئیں غرض اس تقریب نے یولچی بیگ کے رتبہ کو چار چاند لگا دیئے۔

اس اثنا میں بادشاہ نے یولچی بیگ کو مرتضیٰ نگر کی طرف روانہ کیا جہاں سے وہ ۲۶ ربیع الاول ۱۰۴۷ھ کو واپس ہوا۔ اسکے بعد ہی قلعہ کولاس کی حفاظت کے لئے روانہ کیا گیا جہاں سے ۱۰۴۹ھ میں بادشاہ نے بلا کر اپنے زمرۂ امرا میں شامل کر لیا۔ (مزید حالات کے لئے دیکھو حدیقۃ السلاطین حصہ دوم)۔

دیگر عہدہ دار

یہ تو ان خاص امرا و اراکین سلطنت کا ذکر تھا جو میر صاحب کی ابتدائی دستگیری اور توجہ کی وجہ سے حیدرآباد میں پورے عروج پر پہنچے اور جن کے متعلق تاریخوں سے بھی مواد حاصل ہو سکتا ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سے ایسے اصحاب ہو گئے

www.shiabookspdf.com

جن کی میر صاحب نے سرپرستی کی تھی لیکن ان کی نسبت ہم اپنے محدود علم کی وجہ سے اس وقت کچھ نہیں لکھ سکتے۔

چونکہ سلطان محمد کے پورے دور میں میر محمد مومن کی رائے و مشورہ کے بغیر کوئی شخص برسرِ اقتدار نہیں آیا اس لئے ہم اس دور کی چند خاص شخصیتوں کے نام یہاں لکھ دیتے ہیں۔ تاکہ یہ معلوم ہو کہ میر صاحب کو اپنی زندگی کے آخری دور میں کن کن لوگوں سے سابقہ پڑا تھا۔

۱۔ قاسم بیگ ولد مرشد قلی بیگ ترکمان	کوتوال شہر حیدرآباد
۲۔ حسن بیگ شیرازی	نائب کوتوال " "
۳۔ میر یزدی	ناظر الممالک (یعنے صدر المہام تعمیرات)
۴۔ میر قاسم اردستانی	" " " " " "
۵۔ اعتماد راؤ برہمن	دبیر فرامین ہندوی
۶۔ ملک آدم ۷۔ ملک یوسف }	سر نوبت و حوالہ دار خاصہ خیل
۸۔ ملک الماس	حوالہ دار کارخانہ جات (مثل عمارات سرکاری و زرگرخانہ و زرادخانہ و توپ خانہ)
۹۔ ملک عنبر	حوالہ دار جامدار خانہ عامرہ و فیل خانہ و طویلہ وغیرہ حوالہ دار دیدبانان
۱۰۔ مرزا روزبہان اصفہانی	سرخیل
۱۱۔ نارائن راؤ برہمن	مجموعدار (استیفائے ممالک)
۱۲۔ سرو رائے برہمن	

www.shiabookspdf.com

علمی ذوق کی اشاعت

سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں میر محمد مومن نے پیشوائی اور وکالت مطلق کا جو کام انجام دیا اُس کا کوئی تذکرہ ان کی علمی خدمات کے اعتراف واظہار کے بغیر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ اس زمانہ میں ان کی ذاتی دلچسپی اور شوق نے حیدر آباد میں علم وفضل کی ایک صحت مند فضا پیدا کر دی تھی۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اپنی زندگی کے اس آخری دور میں میر صاحب مہمات مملکت اور دنیوی امور سے زیادہ دینی معاملات اور علمی کاموں میں مصروف رہے۔ خود بھی کتابیں لکھیں اور لوگوں سے بھی کئی کتابیں لکھوائیں۔ اس کے علاوہ متعدد عالموں اور فاضلوں کو اپنے غیر معمولی تبحر علمی سے فیض بھی پہنچایا۔ میر صاحب نے خود جو علمی کام انجام دیا اس کا تفصیلی بیان ایک علیحدہ باب "تصنیف وتالیف" کے تحت کیا جائے گا۔ البتہ یہاں اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ ان کے زیر اثر خود بادشاہ کا مطالعہ کتنا وسیع ہو گیا تھا اور دوسرے صاحبان کمال کس طرح تصنیف وتالیف میں مشغول رہے۔

سلطان محمد کا علمی شغف

یہ امر تو تاریخ کے ہر طالب علم پر واضح ہے کہ سلطان محمد قطب شاہ کتابوں کا کیڑا تھا۔ وہ ہر کتاب کو شوق سے پڑھتا اس پر اپنے دستخط ثبت کرتا اور بعض اوقات اس کے متعلق اپنی یادداشت اور رائے بھی قلمبند کرتا تھا۔ چنانچہ اس وقت تک کئی ایسی کتابیں دستیاب ہو چکی ہیں جو سلطان محمد کے زیر مطالعہ رہ چکی تھیں اور جن پر خود بادشاہ نے اپنے قلم سے کچھ نہ کچھ تحریر کر دیا ہے۔ اس قسم کی بعض تحریروں کے عکس "حیات سلطان محمد قلی قطب شاہ" میں شائع کئے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر یہاں اس کی اس قسم کی بعض تحریریں درج کی جاتی ہیں۔

www.shiabookspdf.com

اپنے مرتب کئے ہوئے "کلیات محمد قلی قطب شاہ" پر اس نے حسب ذیل تحریر لکھی ہے :۔

"کلیاتِ اشعارِ فصاحت آثارِ جنت مکانی فردوس آشیانی مغفرت پناہ عمی عالی حضرت محمد قلی قطب شاہ نور مرقدہٗ تمام شد در کتابخانہ مبارکہ بخط محی الدین کاتب بتاریخ اوایل شہر رجب المرجب سنہ خمس عشرین اعنی بعد الف من الہجریہ فی دارالسلطنۃ حیدرآباد حرس اللہ عن الاضداد۔ کتبہٗ العبد الخالص لمولاہ سلطان محمد قطب شاہ بلغہٗ اللہ تعالیٰ فیما یتمناہ"

نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں بھی چند شاہی کتابیں ایسی ہیں جن پر سلطان محمد کے دستخط موجود ہیں۔ ان میں سے صرف دو کتابوں کی عبارتیں درج ذیل ہیں۔

"کیمیائے سعادت" کے سرورق پر رجب ۱۰۲۴ھ میں سلطان محمد نے لکھا ہے :۔

" زمشرق تا بمغرب گر امامست علی و آلِ او مارا تمامست

کتبہ العبد الخالص لمولاہ سلطان محمد قطب شاہ وزاد توفیقہٗ فیما یتمناہ بتاریخ اوایل شہر رجب المرجب سنہ اربع وعشرین اعنی بعد الف من الہجریۃ النبویہ فی دارالسلطنۃ حیدآباد حرس اللہ عن الاضداد"

میرزا بیگ سلحدار[۱] نے بادشاہ کو "شرح گلشن راز" کا ایک نسخہ بطور تحفہ عنایت کیا تھا اور اس کے سرورق پر سلطان محمد نے ایک تحریر لکھی تھی جس کا چربہ دوسرے صفحہ پر درج ہے۔

۱؎ یہ وہی مرزا بیگ فندرسکی ہے جس کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۱۳۰ پر گذر چکا ہے اور جس کا بھتیجا مرزا حمزہ میر صاحب کے فرزند مجد الدین کا داماد تھا۔

www.shiabookspdf.com

بادشاہ کی فرمائش پر رسالہ مقداریہ کی تالیف

بادشاہ کے علمی شغف کے ثبوت کئی اور طرح سے بھی دستیاب ہوتے ہیں مثلاً خود میر صاحب کے علم و فضل سے استفادہ کرنے کے لئے اس نے ان سے خواہش کی کہ اوزان اور پیمانوں کے متعلق شرع شریف کے مطابق معلومات فراہم کریں چنانچہ میر صاحب نے اس کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے :-

"چنیں گوید راقم ایں حروف عبد مامور محمد مومن بن علی الحسینی عفی عنہما کہ چوں قدر و مقدار وزنہا و پیمانہا دانستنی است وجہت رعایت بعضے از امور شرعیہ و بعضی

www.shiabookspdf.com

اعمالِ طبیہ دانستن آنہا ضرور است بنا براں دریں باب چند کلمہ کہ مناسب حال و مقتضی ضیق مجال بودہ باشد مرقوم می گردد بحکم واشارۃ واجب الاطاعۃ اعلیٰحضرت اشرف اقدس ارفع شاہی خلایق پناہی سکندر سپاہی سلیمان جاہی موردِ فیوضاتِ نامتناہی مشمولِ عنایتِ بے غایتِ الٰہی ؎

محمد قطب شاہ آن شہریارِ عادلِ کامل — کہ منت از وجودش بر ہمہ خلق است یزداں را
فلک بر گرد قطب خویش می گردد بصد نازش — باین نسبت کہ ہم نام است ایں قطب جہانباں را
زہے قطبِ فلک قدرے کہ گردوں با ہمہ دیدہ — گرانمایہ ذرے چوں آں نہ دیدہ سحر امکاں را
جمالِ باکمالش باد زیب و زینتِ دوراں — نشانے زیں دو گوہر تا بود نہ چرخ گرداں را

چنانچہ اس کتاب کا اصل نسخہ جو خود میر صاحب کا لکھا ہوا ہے نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں موجود ہے اور سلطان محمد قطب شاہ نے اس پر اپنی جو مہریں اور دستخط ثبت کئے ہیں ان کے عکس اس کتاب میں شریک ہیں۔ ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ بادشاہ میر صاحب کے علم و فضل کی کتنی قدر اور احترام کرتا اور ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے نسخہ کو "نسخہ متبرکہ" خیال کرتا تھا۔

نفیس و نایاب کتابوں کی فراہمی

خود کتابیں لکھ کر دینے کے علاوہ میر صاحب نے بادشاہ کے ذوق علم و فضل کی ترقی اور وسعت مطالعہ کی خاطر اور بھی ذرائع اختیار کئے تھے۔ وہ سلطان محمد کے لئے دور دور سے اچھی کتابوں کی نقلیں منگواتے تھے۔ میرزا بیگ کے تحفہ گلشن راز کا ذکر تو گذر چکا ہے مثال کے طور پر یہاں "کتاب کثیر المیامن" کا تذکرہ درج کیا جاتا ہے۔

www.shiabookspdf.com

کتاب کنیز المیامن کی پیشکشی اور اس کا ترجمہ

کنیز المیامن (عربی) کا ایک متبرک قدیم نسخہ مکہ معظمہ میں تھا جس کی نسبت کہا جاتا تھا کہ خود امام رضا علیہ السلام کا لکھا ہوا ہے اور اس کو انھوں نے زید شہید ابن امام زین العابدین علیہم السلام کے فرزند زادوں کو عنایت کیا تھا۔ اس نسخہ کو خود میر صاحب کے ایک ہموطن بزرگ مولانا مرزا محمد استر آبادی نے غالباً میر صاحب ہی کی فرمایش پر سلطان محمد قطب شاہ کے لئے نقل کرا کے مقابلہ اور تصحیح کی تھی۔ اور وہ چاہتے تھے کہ اپنی زندگی ہی میں اس کو سلطان محمد کی بارگاہ میں پیش کریں لیکن یہ شرف ان کے بعد محرم ۱۰۲۹ھ میں مرزا اسمٰعیل کو نصیب ہوا جو ان کی اولاد میں تھے اور جنھوں نے میر صاحب کے توسط سے یہ نسخہ سلطان محمد کی خدمت میں پیش کیا۔ خود میر صاحب نے بادشاہ کی اطلاع کے لئے اس نسخہ پر بطور کیفیت اپنے قلم سے ایک تحریر لکھی تھی جو درج ذیل ہے:۔

میر صاحب کا دیباچہ

"این مجلد مبارک مشتمل است بر کتاب مستطاب کہ نسخۂ آں کتاب بخط بسیار قدیم منسوب بخط مبارک حضرت امام الجن و الانس امام ثامن ضامن امام رضا علیہ افضل التحیہ والثنا در مکہ معظمہ زادہ اللہ شرفاً و تعظیماً یافت شدہ۔ و چوں آں نسخۂ شریفہ بعضے امارات صحت آیات داشتہ کہ موجب ظن صدق نسبت مذکورہ تواند بود حضرت مغفرت ایاب عمدۂ علمائے متورعین و زبدۂ کاملین متوطنین آں بلد امین مولانا میرزا محمد استر آبادی نور مرقدہٗ بعد از اطلاع بر آں نسخۂ مبارکہ در مقام انتساخ و استکتاب ازاں شدہ ایں نسخۂ جدید را ازاں نسخۂ قدیمہ نویسانیدہ خود متوجہ مقابلہ و تصحیح آں شدہ و آں چہ در آخر آں نسخۂ قدیمہ بودہ کہ دلالت

www.shiabookspdf.com

برنسبتِ آں خط با مام ہمام علیہ افضل السلام داشتہ کاتب ایں کتاب جدید آں را
نیز بہماں وجہ نوشتہ و بر پشتِ آں نسخۂ قدیمہ چند سطرے مرقوم بودہ کہ آنہا دلالت
بریں داشتہ کہ آں نسخہ را حضرت امام بعضی از فرزند زادہاے زید شہید کہ فرزند
حضرت امام ہمام زین العابدین علیہ افضل السلام باشند بخشیدہ نام مبارک خود
بجہت حجت بر آخر آں سطور نوشتہ اند حضرت مغفرت ایاب عمدۃ الفقہا مشار الیہ
رحمۃ اللہ تعالیٰ بجہتِ زیادتی اعتماد بخطِ شریف خود بر ظہر ہمیں نسخۂ جدید آں
مسطور را نوشتہ بعد از ملاحظۂ آں بعد از ورقے در ما بعدِ ایں صفحہ است
مضمونِ نوشتۂ حضرتِ امام موافق انچہ مذکور شد وضوح می یابد۔ و آں چند
سطرے در باب مذکور اشارہ شد کہ ما بعد ورق مقابل صفحہ مرقوم است خطِ
مغفرت ایاب مشار الیہ است۔ چوں نفاستِ نسخۂ مذکورہ بنا بر بعضے احوالِ
مسطورہ بر فاضل مرحوم ظہور یافتہ بود بنا بر نسبتِ اخلاص و دعاگوی قدیمہ خواستہ
بودند کہ تحفۂ کتابخانۂ مبارکۂ بندگانِ عالی حضرت آسماں رفعت مرکز دایرۂ جاہ و
جلال محیطِ بسیطِ فیض و کمال مہر سپہر بختیاری قطب فلکِ شہریاری ابو الفضایل
والمعالی سلطان محمد قطب شاہ ابدت ایام دولتہ الی یوم القیام گردانند چوں
اتفاق نیفتاد از نجل سعید مرحوم مشار الیہ میرزا اسمعیل بتاریخ محرم الحرام ۱۰۲۹ھ
بنظر مبارک اقدس مشرف شد و نمق ذالک اخلص الداعین لدولتہ القاہرہ
العبد الجانی محمد مومن الحسینی عفی عنہ "

www.shiabookspdf.com

جب یہ کتاب سلطان محمد قطب شاہ کی نظر سے گذری تو اس نے میر صاحب کے ایک شاگرد محمد الشہیر بہ شاہ قاضی کو غالباً میر صاحب ہی کی رائے سے حکم دیا کہ اس کا فارسی میں ترجمہ کریں چنانچہ شاہ قاضی نے اس کا ترجمہ کیا اور اصل کتاب سے قبل اپنے استاد میر محمد مومن کی اس تحریر کو جو اوپر نقل کی گئی ہے دیباچہ کے طور پر شریک کیا ہے۔

شاگرد کی عقیدت مندی

اس کتاب میں شاہ قاضی نے میر صاحب کا ذکر جن الفاظ میں کیا ان سے پتہ چلتا ہے کہ میر صاحب کے تلامذہ ان کو کس انتہائی عزت و احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔ شاہ قاضی لکھتے ہیں:۔

"حضرت سلطان المتالہین، و برہان المتفقہین، استاد البشر، العقل الحادی عشر من الیہ فی المعقول اسمائی و فی المنقول استاذی سید المحققین الامیر محمد مومن الاسترآبادی لازال سحاب افضالہ ماطرۃ علینا و وجوہ مراحمہ ناظرہ...... و بعد از تبرک و تیمن بنقلِ صورتِ خط شریف حضرت استادی خلد ظلالِ افضالہ در ظہر آں نسخہ مبارکہ نگاشتہ درسلک ساختہ اند در ترجمہ کتاب شروع می نماید"۔

میر صاحب کے یہ شاگرد کس پایہ کے بزرگ تھے اس کا اندازہ صرف اُن کے اس قطعہ کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے جو اس کتاب کے آغاز میں سلطان محمد قطب شاہ کے ترجمہ کرنے کے حکم کے ذکر میں لکھا گیا ہے۔ وہ قطعہ یہ ہے:۔

خدیوِ دہر محمد کہ از خدا است موید — ظہیرِ ملت احمد امیر ملک ستانی
شہِ سریر ایالت مہِ سپہرِ جلالت — بدست و تیغِ عدالت گرفتہ ملک کیانی

www.shiabookspdf.com

فلک کمینہ غلامش جہاں ہمیشہ بکامش   قضا نوشتہ بنامش ریاست دو جہانی

کاتب عرب شیرازی اس کتاب کا ایک نفیس نسخہ نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں موجود ہے جس کو مشہور قطب شاہی کاتب محمد مومن عرب بن شرف الدین حسن شیرازی نے ذالحجہ ۱۰۲۹ھ میں لکھا تھا۔ چنانچہ اس کے آخر میں عرب شیرازی نے لکھا ہے :۔

تمام شد ایں کتاب مبارک در تاریخ سلخ ذالحجہ الحرام ۱۰۲۹ھ در دار السلطنتہ حیدرآباد لازالت فی ظل دولت اعلیحضرت والیہا مصنوعتہ عن کل شروف و برسم خزانہ کتب اعلیحضرت اشام رتبت السلطان العادل الکامل افتخار السلاطین فی الزماں و اشرف الخواقین فی الدوراں السلطان ابن السلطان الخاقان ابن الخاقان خلیفتہ امن و امان ابو المظفر ابو المنصور سلطان محمد قطب شاہ ....

کتبہ العبد الداعی خدمہ باب العالی محمد مومن الشہیر بہ عرب بن شرف الدین حسن شیرازی"۔

اس تحریر سے دو باتیں معلوم ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ اس عہد میں پیشوائے سلطنت میر محمد مومن کے علاوہ شاہی کاتب عرب شیرازی کا نام بھی محمد مومن تھا۔ دوسری بات یہ کہ اصل عربی کتاب محرم ۱۰۲۹ھ میں بادشاہ کی خدمت میں پیش ہوی بادشاہ نے اس کا مطالعہ کیا اور مطالعہ کے بعد شاہ قاضی کو حکم دیا کہ فارسی میں ترجمہ کرے اور شاہ قاضی نے اتنی ضخیم کتاب کا اس قدر جلد ترجمہ کر دیا کہ ایک سال کے اندر ہی یعنے ذیحجہ ۱۰۲۹ھ تک کاتب نے اس کا نفیس نسخہ بھی تیار کر دیا۔ عہد حاضر میں بھی اس مستعدی اور توجہ سے شاید ہی کام ہو سکے۔ اس سے میر محمد مومن کی دلچسپی ان کے

www.shiabookspdf.com

شاگرد کی لیاقت اور کاتب کی محنت سب کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

ایک اور شاگرد

علمی فیض رسانی اور شاگردوں کے ذکر میں علامہ شیخ محمد ابن خاتون کا نام لینا بھی ضروری ہے۔ ان کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۱۲۸ پر بھی گذر چکا ہے۔ یہ بہت بڑے عالم و فاضل اور مجتہد وقت تھے اور صحیح معنوں میں میر صاحب کے جانشین سمجھے جاتے تھے۔ میر محمد مومن کے کسی شاگرد نے وہ رتبہ اور اعزاز نہیں حاصل کیا جو شیخ محمد ابن خاتون کو نصیب ہوا۔ وہ بھی میر صاحب ہی کی طرح آخر کار پیشوائے سلطنت بنائے گئے اور اپنے استاد اور محسن کی مانند دنیوی عروج کے ساتھ ساتھ ان کو بھی علمی اور روحانی عظمت حاصل ہوی۔

علامہ ابن خاتون کے کارہائے نمایاں اس قابل ہیں کہ ان پر بھی ان کے استاد میر محمد مومن کی حیات کی طرح ایک جداگانہ اور مبسوط کتاب لکھی جاسکتی ہے۔ اور اگر راقم الحروف کو موقع ملے تو انشاء اللہ کسی وقت اس کی بھی تکمیل ہو جائے گی۔ اس لئے یہاں ان کی نسبت تفصیل سے نہیں لکھا جاتا۔ صرف اس امر کا اظہار کافی ہے کہ چونکہ ابن خاتون کو محمد قلی اور سلطان محمد جیسے عظیم الشان بادشاہوں کا زمانہ نصیب نہ ہوا اس لئے وہ سلطان عبداللہ کے عہد حکومت میں سیاسی کشمکشوں اور سازشوں میں گرفتار رہے اور ان کا زیادہ وقت مغلوں کے ساتھ امن و صلح کی سلسلہ جنبانیوں میں بسر ہوا۔ باوجود سالہاسال کی پیشوائی، وکالت مطلق اور اثر و اقتدار کے ان کو وہ دماغی سکون اور روحانی کیف حاصل نہ ہوسکا جو ان کے پیشرو اور استاد میر محمد مومن کو نصیب ہوا تھا۔ دربار میں ہمیشہ ان کو مخالفوں سے سابقہ رہا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے قلب و دماغ میں میر صاحب سے زیادہ دنیوی خواہشیں موجزن تھیں۔

www.shiabookspdf.com

اور وہ فضا کی خرابی اور بادشاہ عبداللہ کی متلون مزاجی کے باعث تنازع للبقا کے لئے مجبور ہوجاتے تھے۔ تاریخ حدیقتہ السلاطین ان کی ان ہی ذہنی کاوشوں اور مدبرانہ مساعی کی آئینہ دار ہے۔ اور ان ہی کے حکم سے ان کے مسلک کی تائید میں لکھی گئی ہے۔

علامہ شیخ محمد ابن خاتون اصل میں بہا، الدین عاملی کے شاگرد تھے لیکن جب سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں حیدرآباد آئے تو میر محمد مومن کے تبحر علمی کو دیکھ کر ان سے بھی بعضے علوم میں تلمذ حاصل کیا۔ اور بقول صاحب "محبوب الزمن":۔

"خود ملا مدعی تھا کہ میں آپ کا شاگرد ہوں" صفحہ ۹۹۵۔

لیکن یہ نہ معلوم ہوسکا کہ ملا ابن خاتون نے میر صاحب کی شاگردی کا کس موقعہ پر اعتراف کیا تھا۔ البتہ حدایق السلاطین میں علی ابن طیفور بسطامی نے لکھا ہے کہ:۔

"شیخ ماہر در اکثر فنون شیخ محمد خاتون کہ در بعض مطالب علوم تلمذ جناب میر می نمود"[1]

میر صاحب کے شاگرد ہونے کے علاوہ شیخ محمد ان کے معتقد اور پیرو بھی تھے چنانچہ ان کی وفات پر انھوں نے جو مرثیے فارسی اور عربی میں لکھے ہیں ان سے ان کا اعتقاد ظاہر ہوتا ہے۔ ان کا ذکر میر صاحب کی وفات کے بیان میں کیا جائے گا۔

میر صاحب کی پیروی کرنے کے ثبوتوں سے تو تاریخ حدیقتہ السلاطین بھری پڑی ہے،

---

[1] حدایق ورق ۱۸۸ ا۔

www.shiabookspdf.com

شیخ محمد کی ہمیشہ یہ کوشش رہتی کہ حیدرآباد میں لوگ ان کو میر محمد مومن کا صحیح جانشین سمجھیں۔ اسی لئے خدمت و کالت مطلق کے ساتھ ساتھ علمی و مذہبی شغف برابر جاری رکھا۔ اور جو جو اعزاز میر صاحب کو نصیب تھے ان کو حاصل کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ صرف اس ایک واقعہ سے اس کا اچھا ثبوت مل جاتا ہے کہ علامہ ابن خاتون نے غالباً بڑی کوشش کے بعد اس امر کی اجازت حاصل کرلی کہ میر صاحب کی طرح پالکی میں سوار ہوکر دولت خانۂ شاہی میں داخل ہوسکیں۔ حالانکہ میر صاحب کے بعد کسی پیشوا کو یہ عزت نصیب نہ ہوی۔ شاہ محمد جو پیشوا ہونے کے علاوہ سلطان عبداللہ کا قریب ترین عزیز اور بزرگ تھا وہ بھی اس اعزاز سے محروم رکھا گیا تھا۔ لیکن علامہ ابن خاتون نے اپنے استاد کی اس سنت پر عمل پیرا ہونے میں کامیابی حاصل کرلی اور بادشاہ کو رضامند ہونا پڑا۔ چنانچہ ملا نظام الدین احمد نے لکھا ہے۔

”و رضائے اعلیٰ شدہ کہ نواب علامی فہامی (ابن خاتون) برنسبت مغفرت پناہ میر محمد مومن سوار پالکی شدہ بہ دولت خانۂ گیتی نشانہ آمد و رفت نمایند۔“

حدیقۃ السلاطین وقائع ۱۰۴۶ھ۔

مذہبی اصلاح جس طرح محمد قلی قطب شاہ کے زمانہ میں میر محمد مومن نے مذہب کی ترویج اور بادشاہ کو مذہبی امور کی طرف متوجہ کرنے کی خاص کوشش کی تھی اسی طرح سلطان محمد کے عہد میں بھی وہ مذہبی معاملات سے بے خبر نہیں رہے۔ جیسا کہ اس کتاب کے دوسرے حصہ (صفحات ۴۲ تا ۴۶) میں لکھا گیا ہے۔ محمد قلی کی تماشہ پسند طبیعت کو پیش نظر رکھ کر اس کے دور میں ماہ محرم اور ربیع الاول میں بعض ایسے مراسم جاری کئے گئے جن کی وجہ سے مذہب کی تبلیغ میں کافی کامیابی حاصل ہوی۔ لیکن عہد سلطان محمد میں ان مراسم کی ضرورت باقی نہ رہی تھی۔ کیونکہ سلطان محمد اپنے

www.shiabookspdf.com

یہ چچا کی طرح تماشہ پسند اور رنگیلا بادشاہ نہیں تھا۔ بلکہ وہ اس کے بالکل برخلاف ایک زاہد مرتاض اور عالم باعمل تھا۔ اسلئے میر محمد مومن کو موقع مل گیا کہ ان تمام بدعتوں اور خرافات کو دور کر دیا جائے جن کو مذہب سے کوئی تعلق نہ تھا۔ مثلاً ربیع الاول میں ایک ہزار کلاونت رقاص صفۂ شاہی کے آگے رقص کرنے پر مامور تھے۔ رنڈیوں کے طائفے ہنگامۂ عیش ونشاط گرم کرتے' بازیگر اور بھانڈ طرح طرح کی نقالی اور مسخرہ پن کرتے' غرض ہر قسم کی عیاشی اور بدنمائی مذہب کی آڑ میں جاری ہوگئی تھی جس کی تفصیل کے لئے حدیقۃ السلاطین کے صفحات ۵۲ تا ۵۴ کا مطالعہ کافی ہے۔ لیکن یہ سب چیزیں سلطان محمد کے عہد میں کیونکر جاری رہتیں۔ چنانچہ میر محمد مومن نے موقع کو غنیمت جان کر ان سب بدعتوں کو موقوف کرا دیا۔ اور جو رقم ان مراسم میں صرف ہوتی تھی وہ عالموں' اور بزرگوں میں تقسیم ہونے لگی البتہ چند بار عوام کو کھانا کھلایا جاتا جس کے لئے ایک ہزار ہون کا خرچ منظور کیا گیا تھا۔ اس واقعہ کو نظام الدین احمد نے حسب ذیل الفاظ میں درج کیا ہے:۔

"مستور نماند کہ در زمان سلطنت ...... سلطان محمد قطب شاہ .... بمیزبانی و سور مولود حضرت سید اولاد آدم ..... موقوف و متروک بود و خلائق ازیں عیش و عشرت مہجور و محروم بودند و وجہ اخراجات آں را بعلما و صلحا و اتقیا قسمت می نمودند۔ و بخوان سالار و چاشنی گراں امر مطاع عز صدور می یافت کہ در ماہ مبارک مولود چند نوبت سفرۂ عام بانواع اطعمہ و اشربہ و جمیع تکلفات ماکولات و اغذیہ گسترده سایر طبقات اسلام را ازاں مایدہ محفوظ و ملذ ذ دارند۔ مقرر بود کہ خرچ سفرہ ہزار ہون بشود" ف۵

www.shiabookspdf.com

پانچواں حصّہ

خانگی زندگی

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

تاہل میر محمد مومن کی خانگی زندگی سے متعلق باوجود تلاش و جستجو کے زیادہ معلومات حاصل نہ ہوسکیں کہا جاتا ہے کہ انھوں نے حیدرآباد ہی میں شادی کی تھی۔ محبوب الزمن میں لکھا ہے :۔

"آپ نے دکن میں شادی کرلی تھی"[1]

لیکن اس امر کا پتہ نہ چل سکا کہ کب اور کس کی دختر سے۔ افسوس ہے کہ صاحب محبوب الزمن نے اس بیان کا حوالہ نہیں دیا۔ لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ بیان صحیح ہوگا۔ کیونکہ محبوب الزمن میں میر صاحب کے جو حالات درج ہیں ان میں سے زیادہ تر واقعات کی تصدیق قدیم تاریخوں سے ہوتی ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ میر صاحب اوائل عمر میں مخالفین کے اندیشوں اور پریشانی کے عالم میں ایران سے ہجرت کر گئے تھے۔ اور مقامات مقدسہ میں دو تین سال قیام کر کے حیدرآباد کا رخ کیا تھا۔ ان حالات کے تحت وہ مجرد ہی حیدرآباد آئے ہوں گے۔ اور یہاں آنے کے تین چار سال بعد یعنے تقریباً ۱۰۹۵ھ میں انھوں نے شادی کی تھی۔ اس کا ثبوت اس طرح ہم پہنچتا ہے کہ ان کے اکلوتے فرزند میر مجدالدین محمد حیدرآباد ہی میں پیدا ہوئے۔ اور یہیں ۱۰۳۴ھ میں وفات پائی۔ وفات کے وقت ان کی عمر کم از کم چالیس سال کی تھی۔ کیونکہ ان کے انتقال سے کئی سال قبل ان کی دختر کی شادی مرزا حمزہ استرآبادی سے ہوچکی تھی۔ اور یہ ظاہر ہے کہ اگر شادی کے وقت میر مجدالدین محمد کی دختر کی عمر کم سے کم

---

[1] محبوب الزمن حصہ دوم صفحہ ۹۹۵۔

www.shiabookspdf.com

پندرہ سال کی بھی ہو تو مجدالدین کی پیدائش ۱۰۰۱ھ سے قبل ہی کسی تاریخ میں قرار پاتی ہے۔ اس طرح یہ یقینی ہے کہ مرزا حمزہ کے داد اخسر یعنے میر محمد مومن ۱۰۰۱ھ سے پہلے ہی غالباً ۹۹۵ھ کے قریب متاہل ہو گئے تھے۔

فرزند میر صاحب کے ایک ہی فرزند میر مجدالدین محمد تھے[1] جن کو انھوں نے اعلیٰ تعلیم اور محاسن اخلاق کا نمونہ بنا دیا تھا۔ اور جو بعض خوبیوں میں اپنے والد سے بھی زیادہ نیک نام تھے۔ علم و فضل کے لحاظ سے وہ اپنے معاصرین میں ایک ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ چنانچہ ان کے کلام اور قطعات تاریخی وغیرہ سے اس کا پتہ چلتا ہے۔ اور حدائق السلاطین میں تو لکھا ہے کہ:-

"در علوم شرعیہ و فنون ادبیہ از اقران و امثال گوے مسابقت می ربود"[2]

مجدالدین کو شفقت و سخاوت اور مروت و وفا کے جذبات اگرچہ اپنے والد سے ورثہ میں ملے ہوں گے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ خوبیاں ان میں اتنی کثرت سے جمع ہو گئی تھیں کہ وہ اس لحاظ سے اپنے والد سے زیادہ نیک نام تھے۔ دنیا کی بڑی سے بڑی چیز ان کی آنکھ میں نہ جچتی تھی۔ دنیوی اغراض اور حرص و ہوس کا ان میں شائبہ تک نہ تھا۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ انھوں نے کوئی منصب یا عہدہ قبول نہیں کیا۔ ان کی نسبت علی ابن طیفور لکھتا ہے:-

---

[1] حدائق السلاطین میں میر صاحب کی وفات کے سلسلہ میں لکھا ہے:- "جناب نقابت مآب را یک پسر والاگہر بود۔ میر مجدالدین محمد نام" ورق ۱۹۱ ا۔

[2] حدائق ورق ۱۹۱ ا۔

www.shiabookspdf.com

"دنیا و مافیہاش در نظر ہمتش بس حقیر می نمود"[1]

دنیا داری اور سرکاری منصب پر فائز ہونے کی جگہ مجدالدین محمد نے خود کو خلق اللہ کی خدمت کے لئے وقف کر دیا تھا۔ وہ اکثر درویشوں اور مسافروں کی صحبت میں گزارتے تھے۔ اور ان کے آرام و آسایش کے لیے انتہائی کوشش کرتے چنانچہ لکھا ہے:۔

واکثر بسر وقت درویشاں و مسافراں می رسید۔ و در رعایت ایشاں باقصی الغایت می کوشید[2]

اور یہ کام وہی شخص کر سکتا ہے کہ جس کی طبیعت میں ہمدردی اور بذل و عطا کا مادہ فطرت کی طرف سے ودیعت کیا گیا ہو۔ چنانچہ اسی مورخ نے ایک اور جگہ لکھا ہے کہ:۔

"بوفور جود و سخا و شفقت و وفا شہرۂ شہر دکن بود" (ورق ۱۹۱ ل)

ممکن ہے کہ جود و سخا کی اس رغبت میں مجدالدین پر اپنے خسر یولچی بیگ کا بھی کچھ اثر پڑا ہو۔ کیونکہ یولچی بیگ بھی اپنی سخاوت میں بہت مشہور تھے اور ملا نظام الدین احمد نے اپنی تاریخ حدیقۃ السلاطین میں ان کو اکثر "سخاوت پناہ" کے لقب سے یاد کیا ہے۔

میر صاحب کے سمدھی

اس واقعہ کا ثبوت کہ یولچی بیگ مجدالدین کے خسر اور میر صاحب کے سمدھی تھے ایک محضر سے ملتا ہے جو خود مجدالدین کے ایک پوتے سید محمد بن میر محمد شفیع نے ۱۱۴۰ھ میں لکھا تھا۔ اس میں لکھا ہے[3]:۔

[1، 2] حدائق ورق ۱۹۱ ل۔ [3] یہ محضر مولوی میر عباس علی صاحب نبیرہ میر محمد مومن کے یہاں اب بھی محفوظ ہے۔

www.shiabookspdf.com

"ایں سائل از اولاد قریبہ جناب نبیرہ زادہ حقائے اسعد الشرفا امجد النجبا مولانا میر محمد مومن مرحوم پیشوائے سلطان محمد قلی قطب الملک واز احفاد حقیقہ نواسہ زادۂ یولچی بیگ معروف سپہ سالار قطب الملک مغفور مذکور است .... تحریر فی التاریخ ہفتم شعبان ۱۱۴۰ھ

اس محضر پر حسب ذیل اصحاب کی گواہیاں اور مہریں بھی ثبت ہیں :-

حاجی منصور	محمد کاظم	مرزا مہدی خان صفوی
فدوی محمد فرخ سیر بادشاہ غازی	فدوی محمد فرخ سیر بادشاہ	مہر ۱۱۳۱ھ
مہر ۱۱۲۵ھ	مہر ۱۱۲۵ھ	

اس طرح سید محمد ابن میر محمد شفیع ابن میر مجد الدین محمد جب خود کو یولچی بیگ کا نواسہ زادہ کہتے ہیں تو ظاہر ہوا کہ میر محمد شفیع یولچی بیگ کے نواسے ہوئے اور مجد الدین محمد داماد۔

فرزند کی وفات

افسوس ہے کہ مجد الدین محمد بہت جلد انتقال کر گئے۔ غالباً چالیس سال کی عمر بھی نہیں پائی تھی۔ حدائق میں لکھا ہے کہ وہ دنیا کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور خود کہتے تھے ؎

دنیا بہ نظر مرا چو کاہیست کافتادہ خسے بہ روئے آہیست

اگر وہ اور زندہ رہتے تو یقین ہے کہ ان کے باعظمت والد کے بعد ان کو قطب شاہی سلطنت میں کوئی بڑا عہدہ دیا جاتا۔ لیکن وہ تو دنیا سے کوئی تعلق ہی پیدا نہ کرنا چاہتے تھے شاید اسی لئے اپنے بوڑھے والد کی زندگی ہی میں اس کو خیرباد کہدیا اور چھوٹے چھوٹے بچوں اور ضعیف باپ کو داغ مفارقت دے گئے۔ اُن کی بے وقت وفات کا میر محمد مومن پر اتنا اثر پڑا کہ ان کے جہلم تک

www.shiabookspdf.com

یہ بھی اُن سے جا ملے۔

سچ تو یہ ہے کہ اس جواں مرگ کے ساتھ میر محمد مومن کے گھر کی رونق اور اقبال بھی دفن ہو گیا۔ اگر وہ زندہ رہتے تو شاید اس بوڑھے پیشوائے سلطنت کی ذات سے سرزمین دکن ابھی اور فیضیاب ہوتی اور خود ان کا خاندان اس قدر جلد تاریخ کے صفحات سے محو نہ ہونے پاتا۔

علی ابن طیفور نے لکھا ہے کہ :—

"میر مجد الدین مذکور پیش از والد مغفور بچہل روز جہانِ فانی را وداع نمودہ"

(حدایق ورق ۱۹۱ ل)

اور جیسا کہ میر صاحب کی وفات کے ذکر میں معلوم ہو گا کہ میر محمد مومن نے بروز دوشنبہ دوسری جمادی الاول ۱۰۳۴ھ کو انتقال کیا۔ اس حساب سے میر مجد الدین محمد کی وفات کی تاریخ جمعرات ۲۲ ربیع الاول ۱۰۳۴ھ قرار پاتی ہے۔

قطعہ تاریخ

حدایق السلاطین میں میرزا حسن اسد خانی کا ایک قطعہ تاریخ نقل کیا ہے۔ لکھا ہے۔

"سالک مسالک سخندانی میرزا حسن اسد خانی ایں قطعۂ تاریخ وفات او فرمودہ"

مجد دیں آنکہ نزد اہل خرد | دو جہاں سایہ بود او خورشید
بہ گدائے اجل شب جمعہ | گوہر عمر جاوداں بخشید
بہر تاریخ او سپہر بریں | داغ بر دل نہاد و آہ کشید

فرزند کا کلام

مجد الدین کو اپنے والد کی طرح شعر و سخن کا بھی بڑا اچھا ذوق تھا۔ چنانچہ کبھی کبھی شعر کہہ لیا کرتے تھے لیکن دیوان مرتب نہیں ہونے پایا تھا۔

www.shiabookspdf.com

البتہ اُن کے بعد ان کے فرزند سید محمد جعفر نے ان کے متفرق اشعار کو جمع کیا اور اس پر ایک اعلیٰ پایہ دیباچہ لکھکر دیوان مرتب کر دیا تھا۔ علی ابن طیفور لکھتا ہے :۔

"پسر او سید حمیدہ سیر فضیلت گستر سید جعفر بعد از فوت والد عالی قدر اشعار متفرقہ او را جمع ساختہ و دیباچہ منشیانہ براں نگاشتہ"

غالباً اسی دیوان سے اس مورخ نے اپنی کتاب حدائق السلاطین میں مجد الدین محمد کے چند اشعار[1] نقل کیے ہیں جو یہاں درج کیے جاتے ہیں :۔

ندید آسودگی جان و نشد خرسند ہرگز دل | مرا تا بر جگر زاں غمزہ زخم کارے ماند
مجو بیہودہ اے دل یاری از یارے کہ در عہدش | مروت بے مروت شد زیاری یارے ماند

ہر جا کہ حکم غمزۂ قتالہ می رود | ایں جانِ خوں گرفتہ ز دنبالہ می رود
بے لعل نورِ چشم ترا شک فشردہ ام | الماس پارہاست کہ چوں ژالہ می رود
اے مجد دیں خموش کہ گر دم برآوری | ناموس عشق از اثر نالہ می رود
صرف شد عمر بناکامیم و شکر خدا | در بعیش و خوشی و لہو و لعب متہم
لم فعل فتنۃ من ہو بحد لاخیہ | داند آنکس کہ سخن سنج بود لم لم
با طلعتِ تو مہر زمن کردی اقتباس | دور از رخت چو دیدۂ بے نور بودہ ام

---

[1] علی ابن طیفور نے لکھا ہے کہ :۔ "آں سید عالی مقدار اشعار بلاغت شعار بسیار دارد از انجملہ انچہ حاضر بود بریں اوراق ثبت نمود" ورق ۱۹۱ ا۔

www.shiabookspdf.com

من آں بے اعتبارِ روزگارم — کہ باشد اعتبارِ دہرِ عارم
خداوندا اگر گردوں نداند — کہ من نورِ دو چشمِ اعتبارم
عیارِ مرد را ہم مرد داند — چہ داند دہرِ دوں پرو عیارم
ز بہرِ توتیائے چشمِ خورشید — بگردوں می برد عیسیٰ غبارم

یک نظر صورتِ خوبِ تو تماشا کردیم — عقلِ کل را بتماشائے تو شیدا کردیم
دل و دیں رونمائے خط و خالے دادیم — ہوش بے حوصلہ را محوِ تماشا کردیم

رخت گر ایں قدر زیبا نباشد — مرا حال ایں چنیں رسوا نباشد
مرا سودائی عشقِ تو گویند — نمی گویند چیزے تا نباشد

بدہر غیرِ تو شاہِ دگر نمی دانم — بجز درِ تو پناہ دگر نمی دانم
قسم بہ مصحفِ رویت کہ زیرِ نُہ طارم — چو ماہ روئے تو ماہ دگر نمی دانم
جز آں نگاہ کہ افگندم از ازل بہ رخت — بدیدنت کہ نگاہِ دگر نمی دانم

یکبار بسویم نگری گر گنہے نیست — ہر چند کسے راز تو تابِ نگہے نیست
زاں زلفِ سیہ کار و از آں طرہ طرار — کس نیست کہ آشفتہ سر روز و شبے نیست

www.shiabookspdf.com

خیالِ وصل تو باد احرامم — اگر یک لحظہ بے یادِ تو باشم

چو بکشائے تو سیم اندام اندام — نماند در دلِ آرام بارام
دو عالم گشتہ مفتون و حشیمت — ندیدستم چو آں بادام بادام
شدم رسوائے دہر از صحبتِ دل — بود ہم صحبتِ بدنام بدنام
زگردوں کام خود ہرگز نجویم — کرا دادہ است ایں خودکام خودکام
بگفتا از لب شیرینیم امجد (اے مجد) — چہ خواہی گفتمش دشنام دشنام

زبلبل در چمن گر نالہائے زار می زیبد — مرا مہرِ خموشی بر لبِ گفتار می زیبد
لب شوق از تکلم بستہ ام با ایں ہمہ مستی — کہ در بزم محبت خامشی بسیار می زیبد

دلِ عاشق فرح از غم نداند — نداند سوز از ماتم نداند
کسے را گفت شاید محرم عشق — کہ خود را ہم بجز محرم نداند

بجز غم در جہاں خویشے ندارم — انیسے جز دلِ ریشے ندارم
بدو کس می نیندیشم از آں رو — بعالم در بد اندیشے ندارم

---

www.shiabookspdf.com

بگفتارِ تو جاں را آشنائی | زرخسارت جہاں را روشنائی
خلائق در گمانِ دیگر افتند | بداں رخسارِ نیکو چوں برائی
تعالیٰ اللہ چہ حسنست ایں کہ خوباں | پرستندت بہ عنوانِ خدائی

ہیچ مردے در جہاں ہمدرد نیست | ہر کہ او را درد نبود مرد نیست
سرخ روئے می نبندد زرد گوں | آنکہ از درویش روئے زرد نیست
گر تو مردی نفس را گردن بزن | گو زنست و زن حریفِ مرد نیست
من چساں گویم کہ فردم در جہاں | جز خدا در ہر دو عالم فرد نیست
مجدِ دیں در گرم رفتارئ شوق | کمتر از خورشیدِ عالم گرد نیست

بلبل چو صبا گل بہ گریباں ہوس کرد | مرغِ دلِ ما بود کہ آہنگِ قفس کرد
اے رہروِ امید بیندیش کہ ما را | سرگشتۂ ایں بادیہ آوازِ جرس کرد
از داغ بود سوزِ دلِ اہلِ محبت | در کشورِ ما شعلۂ نگہبانئ خس کرد

عرصہ از بس بگلوئے نفسم می پیچد | عنقریبست نفس در قفسم می پیچد
ہمتم لب نکشاید بہ تمنائے مراد | کہ زباں در دہن ملتمسم می پیچد
ہوسم روئے ز مقصودِ جہاں پیچیدہ | ورنہ مقصود نہ رخ از ہوسم می پیچد

www.shiabookspdf.com

پر شدم بس کز خیال خوبروئے تازہ
می تراود از خیالم گفتگوئے تازہ
التفات خاص او نازم کہ از بس عاشقم
آرزو ہر لحظہ دارد آرزوئے تازہ

شب تیرگی از بخت بدم وام کند
روز سیہم کار دو صد شام کند
با صد الم زمانہ تہمت گر عیش
صد مرگ بہرزہ زندگی نام کند

از مجد خلاف راستی عیب بود
در راستیش نہ شک و نہ ریب بود
صد بار اگر منقلبش ساز د دہر
بے عیب چو بر گردد و بے عیب بود

امجد[1] کہ دلش میل نکوئی دارد
خواہد کہ ہمہ تخم نکوئی کارد
نسبت بہمہ ہمیں گمانست اورا
کافر ہمہ را بکیش خود پندارد

یہ سب اشعار صرف حدائق السلاطین سے نقل کئے گئے ہیں۔ اور ان کے لئے اس کتاب میں اتنی زیادہ جگہ صرف اس لئے دی گئی ہے کہ میر مجد الدین محمد کے حالات زندگی اور کلام کی اشاعت کا کوئی اور موقع نہیں۔ چونکہ وہ اپنے والد کی حیات ہی میں ختم ہو گئے اس لئے ان کا جو کچھ بھی تذکرہ لکھا جا سکتا ہے وہ دراصل حیات میر محمد مومن ہی کا ایک جزو ہے۔ اس کے علاوہ چونکہ یہ کلام ایک ایسی کتاب میں محفوظ ہے جس کا اس وقت صرف ایک ہی نسخہ موجود ہے اس لئے

---

[1] حدائق میں میر مجد الدین کا تخلص دو جگہ (دیکھو اسی کتاب کا صفحہ [illegible] امجد لکھا [illegible] خالہ اکاتہ [illegible] امجد لکھا [illegible]

www.shiabookspdf.com

افرق
ہے جو
کی
مطالعہ
رعے
ب کا
صنف



میر مجدالدین بن محمد کا مزار (واقع گنبد میر محمد مومن)

برصاحب
اپنے
ب

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

اس کا منظر عام پر آجانا ضروری ہے تاکہ دستبردِ ایام سے بچ جائے۔

خصوصیات کلام میر مومن اور ان کے فرزند میر مجد الدین محمد کے کلام میں سب سے بڑا فرق یہ ہے کہ موخر الذکر کے یہاں وہ پختگی اور ذوق کی پختہ کاری نہیں ہے جو میر مومن کے کلام میں نظر سے گذرتی ہے۔ اس کے برخلاف مجد الدین محمد کے یہاں طبیعتؑ کی بے باکی اور جوانی کی ترنگ زیادہ نمودار ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مجد الدین عربی کے بہت بڑے فاضل تھے اور عربی کتب کے مطالعہ کے علاوہ عربی میں شعر بھی کہا کرتے تھے۔ چنانچہ ان کے ان منتخبہ اشعار میں بھی عربی مصرعے اور الفاظ نظر سے گذرتے ہیں۔

اس کے علاوہ انھوں نے عربی میں قطعات تاریخی بھی لکھے تھے جن میں سے ایک کا ذکر حدیقۃ السلاطین میں سلطان عبداللہ قطب شاہ کی پیدائش کے سلسلہ میں ملتا ہے جب کہ مصنف نے لکھا ہے :-

> "جناب میر مجد الدین محمد ولد میر محمد مومن رحمۃ اللہ این دو تاریخ در قطعہ عربی و فارسی فرمودہ اند۔ "قرۃ اعین الانسان" اول فتح و ظفر آخر رنج و الم است۔ و تاریخ فارسی را بطریق تعمیہ ادا فرمودہ اند" (صـ)

مجد الدین کی قبر چونکہ فرزند نے اپنے والد کی زندگی ہی میں وفات پائی اس لئے میر صاحب نے ان کو اس مقبرہ کے وسط میں دفن کرادیا جو غالباً خود انھوں نے اپنے لئے ایران کی طرز پر تعمیر کیا تھا۔ اس طرح جواں مرگ فرزند کو باپ کی جگہ مل گئی۔ اور جب

www.shiabookspdf.com

چالیس دن کے فصل سے خود میر صاحب نے انتقال کیا تو ان کو اس مسقف مقبرہ کے ایک گوشہ میں دفن کیا گیا۔ لیکن افسوس ہے کہ ان دونوں کی قبروں کے سرہانے جو پتھر کھڑے کئے گئے ہیں ان پر نہ صاحب مزار کا نام درج ہے اور نہ تاریخیں۔ جس کی وجہ صرف یہی ہو سکتی ہے کہ میر صاحب کو اپنے فرزند کا کتبۂ مزار تیار کرانے کا موقعہ نہ ملا تھا کہ فوت ہو گئے۔ اور ان کے بعد تعجب ہے کہ کسی نے اس طرف توجہ نہ کی۔

دیگر مصروفیتیں

فرزند اور شاگردوں کی تدریس و تربیت اور ذاتی تصنیف و تالیف و مطالعہ کے علاوہ میر صاحب کے خانگی اوقات عبادت اور اوراد وظائف اور رفاہ خلق میں گذرتے تھے۔ اور جب کبھی انھیں سرکاری کاموں سے فرصت ملتی تھی وہ ان دیہات میں بھی جاکر قیام کرتے تھے جن میں انھوں نے مسجدیں اور تالاب بنوائے تھے اور جن کا ذکر تیسری فصل میں گذر چکا ہے۔ میر صاحب کے وسیع مطالعہ کا حال آئندہ باب "تصنیف و تالیف" میں درج ہے۔

رفاہ خلق کے کاموں میں میر صاحب کی اُن دلچسپیوں کو خاص دخل ہوگا جو تسخیر اجنّہ اور تعویذوں اور عملیات سے متعلق ان کو شروع سے حاصل تھیں۔ چنانچہ اس قسم کی متعدد روایتیں ملتی ہیں کہ کس طرح لوگ اس قسم کے امور میں میر صاحب کی باطنی قوتوں سے فائدہ اٹھاتے تھے۔ چونکہ یہ ایک بڑا موضوع ہے اس لئے اس کتاب میں "تصرفات" کے عنوان کے تحت ایک جداگانہ حصہ میں اس پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

درس و تدریس

میر صاحب کی خانگی مصروفیتوں میں سب سے اہم مصروفیت درس و تدریس ہی نظر آتی ہے۔ ان کے شاگردوں محمد شاہ قاضی اور محمد ابن خاتون کا ذکر

www.shiabookspdf.com

اس کتاب کے صفحات ۱۵۱ تا ۱۵۳ اور ۱۵۵ پر گزر چکا ہے۔ افسوس ہے کہ دوسرے شاگردوں اور فیض یافتوں کے نام معلوم نہ ہو سکے۔ البتہ حدائق السلاطین سے واضح طور پر یہ معلوم ہوا کہ اس زمانہ کے اکثر طلبا اور فضلا میر صاحب کی درسی مجلسوں میں حاضر رہ کر استفادہ کرتے تھے۔ اس تاریخ کے الفاظ ہیں:-

"جمعے از طلبا و فضلائے آں عصر در مجلس درس افادہ او حاضر شدہ مستفید می شدند"[1]

اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وفات تک ان کی یہ مصروفیتیں پابندی کے ساتھ جاری رہیں۔ لکھا ہے:-

"بہماں حال و منوال با وفور جاہ و جلال بود تا زمانے کہ متقاضی اجل در رسید"[2]

تاریخ گلزار آصفیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحب نے سلطان محمد قطب شاہ کی تخت نشینی کے بعد

گوشہ نشینی و عبادت

اپنا زیادہ تر وقت گوشۂ تنہائی اور عبادت میں گذارا۔ سلطان محمد کی تخت نشینی کے موقع پر میر صاحب نے جو قصائد لکھے اُن کے تذکرہ کے بعد لکھتا ہے:-

"در طہارت و تقدس و عبادت الٰہی معہ تہجد گذاری و نماز اشراق و دیگر عبادات و اوراد و ادعیات شاقہ شبانہ روز مشغول باوجود شواغل دنیا داری سر مو تکاہل و

---

[1] حدائق السلاطین صفحہ ۱۸۷ ب —

[2] حدائق السلاطین صفحہ ۱۸۸ ا —

www.shiabookspdf.com

تساہل نمی نمود ۔ ومشہور تر است کہ آنجناب بعد جلوس و انتظام امور سلطنت پادشاہ
ممدوح تا عہد سلطنت سلطان عبداللہ قطب شاہ در عالم انزوا بعبادت الٰہی
مصروف بودہ ایام موعود بپایان رسانید و متوجہ معاملات دنیوی نہ گردید[1]"

اس عبارت کا ابتدائی حصہ صحیح ہے اور یہ جو بعد میں لکھا ہے کہ میر صاحب کی نسبت مشہور ہے کہ وہ آخر زمانہ میں بالکل خانہ نشین ہو گئے تھے اور دنیوی معاملات کی طرف توجہ نہ کرتے تھے قرین قیاس نہیں معلوم ہوتا کیونکہ انھوں نے آخر تک پیشوائی کا کام انجام دیا چنانچہ حسین شیرازی کو اپنی وفات سے چند ماہ پیشتر ہی شہزادہ عبداللہ کا اتالیق مقرر کیا تھا۔ یہ اور بات ہے کہ اس دور میں وہ عمر کے تقاضہ سے دنیوی امور کے مقابلہ میں دینی معاملات کی طرف زیادہ متوجہ تھے ۔ لیکن یہ کہنا بالکل غلط ہوگا کہ انھوں نے دنیوی معاملات کی طرف بالکل توجہ ہی نہیں کی ۔

علالت میر صاحب کی علالت یا مرض الموت سے متعلق قدیم تاریخیں بالکل ساکت ہیں ۔ البتہ محبوب الزمن میں عبدالجبار خاں صوفی نے لکھا ہے کہ :۔

"میر صاحب موصوف بعارضۂ بخار سرسام ۱۰۳۴ھ میں اس عالم خاک سے عالم پاک کی طرف رحلت گزیں ہوئے" صفحہ ۹۹۵ ۔

یہ نہ معلوم ہو سکا کہ صاحب محبوب الزمن کو اس عارضہ کی اطلاع کس ماخذ سے ملی ۔ اس بیان میں انھوں نے سنہ وفات بھی دیدیا ہے لیکن ماہ و تاریخ درج نہیں کیا۔ اس بارے میں مولف کتاب ہذا نے

---

[1] گلزار آصفیہ صفحہ ۶۰۸

www.shiabookspdf.com

تاریخ وفات جب مزید تحقیق کرنی چاہی اور دوسری تاریخوں پر نظر ڈالی تو ہر جگہ ایک پریشان کن اختلاف نظر آیا۔

ماثر دکن میں مولوی سید علی اصغر صاحب بلگرامی نے دائرہ میر مومن کے تذکرہ میں میر صاحب کا سنہ وفات ۱۰۳۵ھ لکھا ہے اور مہینہ کا ذکر نہیں کیا[1]۔

عبدالجبار خاں صوفی نے محبوب الزمن حصہ دوم میں صفحہ ۹۹۵ پر ۱۰۳۴ھ اور صفحہ ۹۹۶ پر ۱۰۳۳ھ لکھا ہے۔

تاریخ گلزار آصفیہ میں میر صاحب کو عہد سلطان عبداللہ قطب شاہ تک زندہ دکھایا ہے[2]۔

تاریخ حدیقۃ العالم میں حدیقۃ السلاطین کا حوالہ دیدیا ہے کہ میر مومن صاحب نے سلطان محمد کے آخر عہد میں انتقال کیا[3]۔ اور خود حدیقۃ السلاطین کے الفاظ یہ ہیں:۔

در اواخر زمانہ خاقان علیئین مکان نواب علامی فہامی میر محمد مومن ...... بہ رحمت ایزدی پیوست[4] ......"

اس طرح یہ بات تو ہر طرح ثابت ہے کہ میر مومن نے سلطان محمد قطب شاہ سے پہلے (یعنی ۱۲ ماہ جمادی الاول ۱۰۳۵ھ سے قبل) انتقال کیا۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ تاریخوں میں ان کو

---

[1] دیکھو ماثر دکن صفحہ ۳۲ —   [2] دیکھو گلزار آصفیہ صفحات ۶۰۸ و ۶۱۵ —

[3] دیکھو حدیقۃ العالم مقالہ اول صفحہ ۳۰۳ —

[4] دیکھو صفحہ ۲۸ —

www.shiabookspdf.com

کس زمانہ تک بقید حیات دکھایا گیا ہے۔

تاریخ عالم آرائے عباسی میں لکھا ہے:۔

"واکنوں کہ ایں صحیفہ تسوید می یابد و سنہ ہجری بخمس عشرین والف رسیدہ

درقید حیات است"[1]

حدیقۃ السلاطین کا مصنف نظام الدین احمد میر صاحب کا خاص معتقد اور ان کے شاگرد علامہ شیخ محمد ابن خاتون کا دست گرفتہ تھا اور جیسا کہ اس کتاب کے صفحات ۵۵ او ۱۵۶ میں لکھا گیا ہے کہ اس نے اپنی تاریخ انہی کی فرمایش پر لکھی تھی اس لئے اس کا بیان سب سے زیادہ مستند ہو سکتا ہے۔ کیونکہ وہ خود میر مومن صاحب کی وفات کے وقت حیدر آباد میں موجود تھا اور اس کی تاریخ میر صاحب کے قریب ترین زمانہ میں لکھی گئی تھی۔ اس کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ جب عبداللہ قطب شاہ کی عمر آٹھ سال کی ہوی (یعنی ۱۰۳۱ھ) تو مرزا شریف کا انتقال ہو گیا اور بادشاہ نے میر صاحب کی سفارش پر مرزا شریف کی جگہ خواجہ مظفر علی کا تقرر کیا[2]

اس کے بعد حدیقۃ السلاطین ہی میں صفحہ ۱۰ او ۱۱ پر یہ لکھا ہے کہ خواجہ مظفر علی نے اس وقت انتقال کیا جب کہ شہزادہ عبداللہ دس سال کی عمر کو پہنچ چکا تھا۔ اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ مظفر علی نے ۱۰۳۳ھ کے بعد انتقال کیا اور اس کے انتقال کے بعد بھی حضرت میر مومن زندہ تھے۔ کیونکہ اس مصنف نے

---

[1] عالم آرائے عباسی مطبوعہ ایران صفحہ ۱۵۹۔

[2] دیکھو حدیقۃ السلاطین ص۹ اور اصل عبارت خود اس کتاب کے صفحہ ۱۳۴ پر بھی درج ہے۔

www.shiabookspdf.com

آگے چلکر سلطان عبداللہ کی تخت نشینی کے بیان میں لکھا ہے کہ :-

میر محمد رضائے استرآبادی را...... بعد از خواجہ مظفر علی منصب دبیری بتوجہ نواب علامی مرتضائے ممالک اسلام مرحمت کردہ بودند[1]"

گویا مظفر علی کے انتقال (شوال ۱۰۳۳ھ) کے بعد سلطان محمد نے دبیر مملکت کے عہدہ پر میر صاحب ہی کی رائے سے میر محمد رضا کا تقرر کیا تھا۔

میر صاحب کی تاریخ وفات کے تعین میں اس وجہ سے بھی دقت ہوتی ہے کہ ان کا عرس ماہ شعبان میں ہوتا ہے۔ اور اگر یہ سمجھ لیں کہ اس مہینے میں وہ فوت ہوئے تھے تو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ شوال ۱۰۳۳ھ (تاریخ وفات خواجہ مظفر علی) اور جمادی الاول ۱۰۳۵ھ (تاریخ وفات سلطان محمد قطب شاہ) کے درمیان میں ماہ شعبان ایک ہی بار آتا ہے۔ یعنے شعبان ۱۰۳۴ھ۔

۱۰۳۴ھ کا ثبوت ایک اور ذریعہ سے بھی ملتا ہے۔ وہ یہ کہ علامہ شیخ محمد ابن خاتون نے میر مومن صاحب کی وفات پر ایک مرثیہ لکھا تھا جس کا ایک عربی شعر عبدالجبار خاں صوفی نے محبوب الزمن میں نقل کیا ہے اور جس فارسی شعر میں اس نے تاریخ نکالی تھی وہ بھی۔ لیکن نہ معلوم کتابت کی وجہ سے یا خود مولف کے سہو سے تاریخ کے شعر کا دوسرا مصرعہ غلط نقل کر دیا گیا ہے اور اس کے نیچے ۱۰۳۳ھ بھی چھپا ہوا ہے۔ شعر یہ ہے :-

تاریخ رفتنش طلبیدم ز عاملی　　　　گفت بجواز رفتن عیسیٰ باسماں
۱۰۳۳

---

[1] حدیقۃ ص۲۱

www.shiabookspdf.com

لیکن رفتن عیسیٰ بآسماں سے تو سنہ ۱۰۳۴ھ ہی نکلتا ہے۔ اس شعر کا مصرع ثانی اصل میں یوں ہے ع

گفتا بجو ز رفتن عیسیٰ بآسماں

چنانچہ حدائق السلاطین میں[1] اسی طرح نقل کیا گیا ہے۔ اور اس میں عربی شعر کو نقل کرتے وقت یہ عبارت لکھی ہے:۔

"و زبانِ حال آں ماہ وسال بایں بیت ناطق گشتہ

مضٰی و اعظم مفقو دفجعت بہہ

من لانظیر لہ فی الناس یخلفہ"

ساتھ ہی اس امر کا اظہار بھی ضروری ہے کہ خود علی ابن طیفور نے میر صاحب کی تاریخ وفات ان الفاظ میں لکھی ہے:۔

"در آخر روز دوشنبہ دوم شہر جمادی الاول سنہ ہزار وسی وچہار دعوت حق را لبیک اجابت گفتہ متوجہ روضۂ رضواں گردید"[2]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحب نے پیر کے دن آخر وقت بتاریخ ۲ جمادی الاول ۱۰۳۴ھ سنہ انتقال کیا۔ اور غالباً یہی تاریخ صحیح ہے۔ بعد کو لوگ جب صحیح ماہ و تاریخ بھول گئے تو ماہ شعبان میں عرس کرنے لگے۔

---

[1] حدائق ورق ۱۸۸ ا۔

www.shiabookspdf.com

ید بیضا میں غلام علی آزاد بلگرامی نے لکھا ہے :-

"درسنہ اربع وثلثین والف راہ عدم پیمودہ"[1]

غرض ۱۰۳۴ھ کے متعلق تو مختلف شہادتوں کی بنا پر وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ میر صاحب نے اسی سنہ میں انتقال کیا۔ البتہ ماہ وتاریخ کی نسبت سوائے حدائق السلاطین کے کسی اور کتاب سے شہادت فراہم نہ ہو سکی۔

تجہیز و تدفین

میر صاحب کی تجہیز و تدفین کا ذکر سوائے محبوب الزمن کے کسی اور کتاب میں نظر سے نہیں گذرا۔ محبوب الزمن میں لکھا ہے :-

"حسب نصیحت میر مرحوم دائرہ میں مدفون کئے گئے۔ پس ماندوں کا ارادہ تھا کہ میر کی لاش کربلائے معلیٰ روانہ کریں۔ مگر نصیحت کی وجہ سے سب نے اس ارادہ کو فسخ کیا میر نے دائرہ کو کربلائے معلیٰ کا ایک قطعہ پرفضا بنا دیا تھا اسی وجہ سے یہیں دفن کرنے کی وصیت کی" صفحہ ۹۹۶ -

افسوس ہے کہ صاحب محبوب الزمن نے اپنے اس بیان کا بھی ماخذ نہیں لکھا۔ میر صاحب کی وصیت کہ ان کو دائرہ میں دفن کیا جائے بالکل صحیح اور حق بجانب معلوم ہوتی ہے لیکن ان کے پسماندوں کے خیالات کا جو اظہار کیا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ دائرہ کی موجودگی میں کسی شخص کے دل میں یہ خیال گذر بھی نہیں سکتا تھا کہ صاحب دائرہ یعنے میر صاحب کی لاش کو کربلائے معلےٰ

---

[1] قلمی نسخہ کتب خانہ نواب سالار جنگ بہادر صفحہ ۲۷۶ -

www.shiabookspdf.com

روانہ کیا جائے جب کہ خود دائرہ کو میر صاحب نے کربلا سے مٹی منگا کر اور وقف کر کے ایک بہترین جگہ بنا دیا تھا۔ دوسری بات یہ کہ میر صاحب کے پسماندوں میں (جیسا کہ آئندہ ایک عنوان کے تحت معلوم ہوگا کہ) سوائے کمسن بچوں کے اور کوئی تھا ہی نہیں۔ اور ان بچوں کے دماغ میں ایسا خیال کیونکر آسکتا تھا؟

قبر اور چوکھنڈی

حالانکہ واقعہ یہ تھا کہ خود میر صاحب نے اپنے لئے ایک محصورہ چوکھنڈی یا گنبد بنوالیا تھا اور اسی میں وہ اپنے اکلوتے فرزند میر مجدالدین محمد کو دفن کر چکے تھے۔ اس سلسلہ میں محبوب الزمن میں لکھا ہے :۔

> "میر کی قبر پر بادشاہ کی طرف سے مختصر گنبد پختہ بنایا گیا وہ اب تک موجود ہے۔ اس پر آیات قرآنی وادعیہ ماثورہ کے کتبے بھی موجود ہیں۔ قبر سنگ سیاہ صاف سے بنی ہوئی ہے۔" جلد دوم صفحہ ۹۹۶۔

اس بیان کا آخری جملہ بالکل صحیح ہے۔ لیکن یہ بات صحیح نہیں معلوم ہوتی کہ میر صاحب کا گنبد ان کے بعد بادشاہ نے بنوا دیا۔ کیونکہ میر صاحب نے خود اپنی زندگی میں اس کو بنوایا تھا اور اپنے فرزند کو اس کے وسط میں دفن بھی کر چکے تھے۔ اگر بادشاہ ان کے بعد چوکھنڈی بنواتا تو میر صاحب کی قبر اس کے وسط میں ہوتی۔

میر صاحب کے گنبد پر آیات قرآنی وادعیہ ماثورہ کے کتبے موجود نہیں ہیں اور نہ ایسے کوئی آثار ہی پائے جاتے ہیں جن کو دیکھ کر اندازہ ہو کہ کسی وقت وہاں کتبے ہوں گے۔ معلوم ہوتا ہے کہ صاحب محبوب الزمن نے میر صاحب کے مقبرہ کی زیارت ہی نہیں کی۔

www.shiabookspdf.com

اوپر۔ میر محمد مومن کا مزار

نیچے۔ میر محمد مومن کا صندل کا چنور جو ان کی اولاد کے یہاں محفوظ ہے

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

گنبد پر تو کجا خود میر صاحب کے سنگ مزار پر یا کسی اور پتھر پر کہیں کوئی کتبہ نہیں ہے۔ البتہ ایک چھوٹی سی قبر کے سرہانے ایک کتبہ موجود ہے جس کا ذکر آئندہ صفحہ پر کیا جائیگا۔

میر صاحب جس گنبد میں دفن ہیں اس میں سولہ قبریں ہیں جو سب کی سب مصفّیٰ سنگ سیاہ کی بنی ہوی ہیں۔ خود میر صاحب کی قبر اس مسقف مقبرے کے مغربی گوشہ میں واقع ہے جس کے اطراف لکڑی کا ایک کٹھرا لگا ہوا ہے اس پر غلاف بھی پڑا رہتا ہے اور زائرین ہمیشہ پھول چڑھاتے رہتے ہیں۔ اس قبر سے آگے دیوار کی طرف ایک اور قبر ہے جو اس سلسلہ کی آخری قبر ہے اور اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس میں میر صاحب کا کتب خانہ دفن ہے۔ لیکن یہ امر قرین قیاس نہیں معلوم ہوتا۔ ممکن ہے کہ اس میں خود میر صاحب کی بیوی دفن ہوں۔ کتب خانہ دفن کرنے کی شہرت نہ معلوم کیونکر ہوی۔ اگر یہ بات صحیح ہے تو اس کی وجہ صرف یہ ہوسکتی ہے کہ میر صاحب کے پس ماندوں میں چونکہ سب کم عمر بچے رہ گئے تھے اس لئے ممکن ہے کہ میر صاحب نے اپنی ان کتابوں کو جن میں عملیات اور اوراد و وظائف درج تھے دفن کرنے کی وصیت کی ہو۔ لیکن یہ محض ظنی بات ہے۔ یقین سے کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

میر صاحب کی اور مجد الدین محمد کی قبر کے درمیان ایک اور زنانی قبر ہے جس میں ممکن ہے کہ مجد الدین کی بیوی مدفون ہوں۔ مجد الدین کی قبر کے سرہانے دو قبریں ہیں جن میں سے ایک پر کتبہ بھی لگا ہوا ہے۔ لیکن شبہ ہے کہ شاید یہ کتبہ باہر کی کسی قبر سے متعلق ہوگا اور بعد کو

لہ اس سے متعلق مزید تفصیل میر صاحب کے تصرفات کے باب میں درج ہے۔

www.shiabookspdf.com

کسی نے اندر لا کر رکھدیا ہے۔ بہر حال اس کتبہ کی عبارت صاف طور پر پڑھی نہیں جاتی۔ صرف حسب ذیل الفاظ سمجھ میں آسکے۔

میر سید حسین علی از دہر　　چوں بخلد بریں اجل با (؟) شد
گفت تاریخ فوت او ہاتف　　سن قبرش میر صاحب شد (؟)

چونکہ میر صاحب کے گنبد میں یہ ایک ہی کتبہ موجود ہے۔ اس لئے اس کو یہاں لکھا گیا لیکن اس سے کوئی خاص معلومات حاصل نہیں ہوتیں۔

میر صاحب کی چوکھنڈی کی صفائی اور جاروب کشی وغیرہ کے لئے مولوی میر عباس علی صاحب (حال سجادہ نشین) نے خدمت گار متعین کر دئے ہیں اور خود بھی ہفتہ میں کم از کم دو تین بار وہاں حاضر رہتے ہیں۔

عرس میر صاحب کا عرس ہر سال ماہ شعبان میں منایا جاتا ہے۔ ۲۶ کو صندل اور ۲۷ کو چراغاں ہوتے ہیں۔ دونوں روز میر صاحب کے معتقد کثیر تعداد میں جمع ہوتے ہیں عرس محکمہ امور مذہبی صرف خاص کے اہتمام میں کیا جاتا ہے صندل نیچہ شاہ سے روانہ ہوتا ہے اسکے ساتھ سجادہ صاحب اور عقیدتمند رہتے ہیں اخراجات عرس کے لئے سرکار سے (۶۶۵) روپیہ سالانہ اور عود گل کے لئے ماہانہ (۵۰) روپیہ ار ۳ ہ مقرر ہیں معلوم ہوتا ہے کہ آج سے ساٹھ ستر سال قبل سرکار سے عرس کے لئے کوئی اخراجات مقرر نہ تھے چنانچہ خواجہ غلام حسین خاں نے ۱۲۶۰ھ یعنے آج سے تقریباً نوّے سال قبل لکھا تھا کہ:۔

"عرس شریف آں حضرت در آخر ماہ شعبان می شود ہیچ از معاش و یومیہ و زمین

www.shiabookspdf.com

وغیرہ بالکل نیست[1]"

اس تاریخ سے نصف صدی قبل کے ایک اقرار نامہ سے پتہ چلتا ہے کہ اُس زمانہ میں میر صاحب کا عرس اور چراغاں منانے کا خیال پیدا ہو گیا تھا۔ چنانچہ سید آباد کی مسجد اور سرائے کے متولی سید حسین ولد سید جلال نے میر صاحب کے پوتے میر محمد حسین ابن میر سید محمد ابن میر محمد شفیع سے وعدہ کیا تھا کہ ہر سال عرس کے اخراجات میں پانچ روپے دیا کرونگا۔ چنانچہ اس اقرار نامہ کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۸۲ پر گذر چکا ہے۔ اس میں سید حسین نے لکھا ہے:۔

"راضی شدم کہ سال بہ سال در ماہ شعبان پنج روپیہ برائے چراغان عرس وفاتحہ سالیانہ می دادہ باشم۔ بعد من قائم مقام من سال بہ سال می دادہ باشند۔"

یہ تحریر غرہ جمادی الاول ۱۲۵۸ھ کی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ بعد کو سید حسین کی اولاد یا جانشینوں نے اس اقرار نامہ کی پابندی نہیں کی۔ چنانچہ اس کے ۴۲ سال بعد غلام حسین خاں نے گلزار آصفیہ میں لکھا ہے کہ عرس شریف منانے کے لئے کوئی آمدنی نہیں ہے۔

اس اقرار نامہ سے ستائیس[2] سال قبل کے ایک محضر سے جو میر سید محمد ولد میر محمد شفیع کا لکھا ہوا ہے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس وقت میر صاحب کی اولاد اس قابل نہ رہی تھی کہ ان کا عرس کر سکے۔ یہ محضر ۵ رمضان ۱۲۳۱ھ کا مکتوبہ ہے اس میں لکھا ہے:۔

"وطعام سالیانہ بزرگان ممکن نمی شود کہ بکنم"

---

[1] گلزار آصفیہ صفحہ ۶۱۹ — [2] اس محضر کا ذکر اور کچھ اقتباسات اس کتاب کے صفحات ۶۶ و ۶۸ پر بھی درج ہیں۔

www.shiabookspdf.com

اِن واقعات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ میر صاحب کی اولاد ان کے بعد کتنی کس مپرسی اور تباہی کی حالت میں آگئی تھی در ان کا عرس اور سالانہ فاتحہ بھی نہیں کر سکتی تھی۔ زوال قطب شاہیہ یعنی سن ۱۱۰۰ھ کے بعد نصف صدی تک یہ لوگ ایسے پریشان حال رہے کہ شاید اس اثنا میں کسی کو میر صاحب کا عرس کرنے کا خیال بھی نہ آیا۔ اور یہی وجہ ہے کہ دو نسلوں کے بعد آصفی عہد میں جب کچھ حالت سنبھلی اور عرس کرنا چاہا تو نئی نسل کے لوگ میر صاحب کی اصل تاریخ وفات بھی بھول گئے تھے اِسی لئے شعبان میں عرس کرنے لگے کیونکہ یہاں اس کو عام طور پر مُردوں کا مہینہ کہا جاتا ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ نواب مختار الملک کے عہد میں عرس کے لئے ایک ہزار روپیے سالانہ منظور ہوئے تھے چنانچہ حال سجادہ صاحب کے دادا امیر عباس علیصاحب کے زمانہ میں اتنی رقم ملتی تھی لیکن بعد کو نہ معلوم کیوں اس میں تخفیف ہوئی۔

www.shiabookspdf.com

چھٹا حصّہ

تصنیف و تالیف

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کی تصنیف و تالیف کو دو حصّوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ (۱) نثر اور (۲) نظم۔ اور ہمیں تو کوئی شک نہیں کہ نثر و نظم دونوں قسم کے مساعی کے لحاظ سے میر صاحب کو علمی و ادبی دنیا میں ایک خاص وقعت حاصل ہے۔ لیکن یہ عجیب واقعہ ہے کہ دکن میں تقریباً تین چوتھائی عمر بسر کرنے اور پینتالیس سال سے زیادہ عرصہ تک مقیم رہنے کے باوجود انھوں نے اُردو میں غالباً کچھ نہیں لکھا۔ ان کی اُردو دانی کا ثبوت رسالہ مقداریہ کے بعض الفاظ سے ملتا ہے لیکن کسی تاریخ یا تذکرہ میں ان کی اُردو تصنیف و تالیف یا اُردو سے کسی قسم کے تعلق کا ذکر نہیں ملتا۔ حیرت اس کی ہے کہ محمد قلی قطب شاہ کا دورِ حکومت جو اُردو کا زرین عہد کہلاتا ہے میر محمد مومن کو متاثر نہ کر سکا! اس کی وجہ صرف یہی ہو سکتی ہے کہ ان کا رتبہ اتنا ارفع و اعلیٰ تھا کہ ان کے لئے بادشاہ کو خوش کرنے کی خاطر اُردو میں لکھنا ضروری نہ تھا۔ ان کا علم و فضل اور تقدس ہی ان کی سب سے اہم خصوصیت تھی۔ اس لئے کسی اور طریقہ سے سعی و سفارش فراہم کرنے کی انھوں نے کوشش نہ کی۔

فارسی نثر

وہ فارسی کے بہت اچھے انشا پرداز تھے۔ اس کا ثبوت ان کی ان تحریروں سے ملتا ہے جو اس کتاب کے صفحات (۱۲۴) اور (۱۵۱) پر درج ہیں۔ ان میں سے ایک تو شاہ عباس صفوی والی ایران کے نام خط ہے اور دوسرا کتاب کنز المیامن کا دیباچہ۔ افسوس ہے کہ ان کے دوسرے خطوط اور انشاء کے نمونے اب تک کہیں نظر سے نہ گذرے۔

www.shiabookspdf.com

البتہ ان کی دو تصنیفات کا ذکر ملتا ہے۔ رسالہ مقداریہ اور کتاب الرجعت۔ ان دونوں کی نسبت ذیل میں اختصار کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔

رسالہ مقداریہ یہ کتاب میر صاحب نے سلطان محمد قطب شاہ کی فرمائش پر لکھی تھی۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ بادشاہ نے قانونی ضرورت کے لئے شرعی وطبی اوزان وغیرہ کے معاملات میں مختلف ماہرین کے آپس میں اختلاف رائے دیکھ کر میر صاحب سے خواہش کی کہ وہ ایک ایسی محققانہ کتاب لکھ دیں جو قول فیصل کا کام دے۔ چنانچہ خود میر صاحب لکھتے ہیں:-

"چوں قدر و مقدار بعضے وزنہا و پیمانہا دانستنی است وبجہتہ رعایت بعضی امور
شرعیہ وبعضی اعمال طبیہ دانستن آنہا واجب وضروری است بنابریں دریں باب
چند کلمہ کہ مناسب حال ومقتضائے ضیق مجال باشد مرقوم ومعروض می گردد
بہ حکم اشارت واجب الاطاعت اعلیٰ حضرت اشرف اقدس[1]"

یعنے شرعی اور طبی امور کے لئے بعض وزنوں اور پیمانوں کا ٹھیک طور پر جاننا ضروری ہے اسلئے سلطان محمد قطب شاہ کے حکم کی بنا پر جو کچھ مجھ سے ہو سکا لکھ رہا ہوں۔

موضوع، سبب تالیف اور مدح بادشاہ کے بعد میر صاحب نے کتاب کی ترتیب کا ذکر کیا ہے کہ یہ کتاب مقدمہ، فصل اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔

مقدمہ مقدمہ میں موضوع سے متعلق عام باتیں لکھی ہیں اور یہ لکھا ہے کہ جن اوزان کی

---

[1] مزید عبارت اس کتاب کے صفحات ۱۴۹ و ۱۵۰ پر درج ہے۔

www.shiabookspdf.com


بسم الله الرحمن الرحیم وما توفیقی الا بالله

میر محمد مومن کی تحریر کا عکس

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

زیادہ ضرورت ہوتی ہے ان کو اصل قرار دیکر ان کے ضمن میں دوسرے اوزان کا بھی تذکرہ کردیا گیا ہے۔ اور پھر اپنے ماخذ بیان کئے ہیں کہ جو کچھ میں نے لکھا ہے وہ لغت، فقہ اور طب کی معتبر کتابوں سے ماخوذ ہے۔ وہ کہتے ہیں :-

ماخذ

"آنچہ مذکور می شود ہمہ از کتب معتبرۂ لغت و فقہ و طب مانند صحاح جوہری، و قاموس فیروز آبادی، و مہذب الاسما، و بعضے از تصانیف علامۂ زماں شیخ جمال الدین مطہر حلّی، و شیخ الفقہا المتاخرین شیخ شہید عاملی، و از قانون رئیس الحکما شیخ ابو علی، و ذخیرہ سید اسمٰعیل جرجانی، و جوامع الادویہ عمدۃ المطببین المتجبین بدر الدین الزنجانی وغیرذالک"

ماخذات کی اس طویل فہرست کے علاوہ رسالہ میں اور متعدد کتابوں کے نام بھی نظر سے گذرتے ہیں اس سے دو باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ میر صاحب کا مطالعہ کتنا وسیع تھا اور دوسری یہ کہ اُس زمانہ میں لغت، فقہ، اور طب کی کون کونسی کتابیں معتبر سمجھی جاتی تھیں۔ ایک خاص کتاب کی تالیف کے سلسلہ میں میر صاحب نے جب اتنی کتابوں سے مدد لی تھی تو ظاہر ہے کہ ان کا عام مطالعہ کتنا وسیع ہوگا۔

فصل

مقدمہ کے بعد میر صاحب نے فصل شروع کی ہے۔ اور اس فصل کو بارہ حصّوں میں تقسیم کیا ہے۔ ہر حصہ میں ایک ایک وزن کی نسبت نہایت تحقیق کے ساتھ معلومات درج کی ہیں اور ساتھ ہی اس سے قریب ترذیلی یا غیر اہم اوزان کا تذکرہ بھی کردیا ہے۔ میر محمد مومن نے جن بارہ اوزان کو معیاری قرار دیکر ان کی نسبت تحقیقی معلومات قلمبند کی ہیں

www.shiabookspdf.com

ان کی فہرست حسب ذیل ہے ۔

(۱)	حبّہ	وزن ایک جو	(۷)	استار	وزن ساڑھے چار مثقال
(۲)	طسوج یا تسو	〃 دو جو	(۸)	اوقیہ یا وقیہ	〃 〃 سات 〃
(۳)	قیراط	〃 چار جو	(۹)	رطل	〃 بارہ اوقیہ
(۴)	دانق یا دانگ	〃 آٹھ جو	(۱۰)	من	〃 دو رطل
(۵)	درہم یا درم	〃 اڑتالیس جو	(۱۱)	کیلجہ	〃 دو من
(۶)	مثقال	〃 اڑسٹھ جو	(۱۲)	کو یا کوک	〃 تین کیلجہ

ہر وزن کے سلسلہ میں میر صاحب نے کتابی معلومات کے علاوہ ذاتی تجربوں اور مشاہدوں کا بھی ذکر کیا ہے ۔ اور دکن کے متعلقہ اوزان یا ان کے ناموں کی وضاحت کردی ہے تاکہ یہ کتاب سلطان محمد قطب شاہ اور اہل دکن کے لئے بھی کارآمد ثابت ہو ۔

مثال کے طور پر ہم ذیل میں دو اوزان کی نسبت میر صاحب کی اصل عبارتیں نقل کرتے ہیں جن کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ انھوں نے کیسی تحقیق اور محنت سے یہ رسالہ لکھا تھا۔ پہلے ایک چھوٹے وزن سے متعلق عبارت نقل کی جاتی ہے ۔

قیراط — آں مقدار چہار جو است ۔ چنانچہ در قانون شیخ و ذخیرہ خوارزم شاہی ذکر شد ۔ و در صحاح و قاموس نیز مذکور است ۔ پس جو ربع قیراط یعنے چہار یک او باشد و تسو نصف او ۔ و بہ نسبت او بہ باقی اوزان از ملاحظہ باقی معلوم خواہد شد ۔ و

www.shiabookspdf.com

قیراط بست ویک مثقال است۔ یعنے یک حصہ از بست حصۂ مثقال نیز مذکور ساختہ اند۔ چنانچہ از قاموس ظاہر می شود۔ وفقہا در باب زکواۃ بایں معنی استعمال نمودہ اند۔ چنانچہ در خاتمہ انشاء اللہ تعالیٰ بتوضیح معنی او اشارہ شود۔ بنا بر ایں از چہار جو کمتر است بلکہ سہ جو۔ وسہ حصہ از ہفت حصّہ یک جو خواہد شد۔ چنانچہ بعضے از فقہائے معتبرین بیان نمودہ اند۔ واز کلام صاحب جوامع ادویہ چناں ظاہر است کہ نزد اطبا قیراط بہماں معنیٔ اول است پس چہار جو باشد۔ ودر کتب ایشاں بایں عبارت آوردہ اند کہ قیراط چہار جو است۔ ودر بعضے از کتب طب خرنوب نیز در اوزان بعضے از دارو ہا مذکور می گردد۔ وخرنوب شامی را در جوامع الادویہ ودر ذخیرہ وغیرہا یک قیراط گفتہ اند۔ وگنگچی کہ در بعضے بلاد دکن بلکہ در کل بلاد ہند نزد زرگراں و بعضے دیگر مستعمل است مقدار آں از تسو قدرے بیشتر واز قیراط کمتر ظاہر شدہ۔ تقریباً سہ جو ونیم میانہ نزدیک خواہد بود۔"

اب ایک مشہور وزن یعنے درہم سے متعلق میر صاحب کی تحقیقات پیش کیجاتی ہیں۔

درہم درہم نیز گویند۔ وآں مقدار چہل وہشت حبہ است کہ چہل وہشت جو میانہ باشد۔ چنانچہ در صحاح وقاموس ودیگر کتب معتبرہ مذکور است۔

حضرت شیخ جمال الدین مطہر در قواعد فرمودہ کہ درہم بچند وزن مختلف بودہ۔ در اسلام بریں وجہ قرار گرفتہ کہ ہر یک درہم شش دانگ باشد کہ ہر یک

www.shiabookspdf.com

دانگی هشت جو میانه است۔ و اختلاف و قرار داده که شیخ اشاره فرموده بیان آن در بعضے از کتب معتبره برین وجه ظاهر شده که زمان جاہلیت که زمان پیشتر از زمان حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ و متصل بآن بود' در آن زمان چند قسم درہم بوده۔ از انجملہ یک قسم درہم طبری می گفتہ اند بجہت نسبت او بہ طبریہ کہ بعضے از بلاد شام است۔ و این قسم درہم سبک بوده۔ چنانکہ ہر درہمے چہار دانگ بوده است کہ سی و دو جو باشد۔

و یک قسم دیگر درہم سنگین بوده چنانچہ درہمے از آں ہشت دانگ بوده است و این درہم را عبدی می گفتہ اند و بغلی نیز کہ در بعض احکام شرعیہ ذکر نموده اند۔ عبارت ازین درہم ہشت دانگ است۔ بعد ازاں درہم سبک و سنگین را باہم جمع نموده اند۔ و وزن ہر دو را برابر داشتہ اند کہ شش دانگ باشد۔

و نوعے دیگر بہ نظر رسیده اما چوں مقام مقتضی تفصیل زیاده نیست' ترک نمودیم۔ و از کتب ظاہر نہ شده کہ بعد از قرار درہم بوجہے کہ مذکور گردید و استعمال درہم درمیاں علمائے لغت و شرع و طب اختلافے باشد۔ پس درہم طبی و شرعی ہر دو در وزن موافق است۔ و از صحاح و قاموس نقل شده۔ پس حبہ یک بخش باشد از چہل و ہشت درہم۔ و تسوج یک بخش از جملہ بست و چہار بخش او و قیراط یک بخش باشد از جملہ دوازده بخش او۔ و دانگ یک بخش از جملہ شش بخش او۔ و نسبت درہم باوزان دیگر ہم مذکور می گردد انشاءاللہ تعالیٰ

www.shiabookspdf.com

معلوم خواہد شد۔

وباقلاے یونانی نیز درضمن بعضے از اوزان درکتب طب مذکور شدہ و درجوامع الادویہ و ذخیرہ وزن آں رابست وچہار جو بیان نمودہ اند کہ نصف درہم باشد۔

وباقلاے مصری را درجوامع چہل وہشت جو گفتہ کہ برابر درہم باشد۔

وباقلاے اسکندریہ رانہ قیراط گفتہ اند کہ سی وشش جو باشد۔

اسی طرح بارہ اوزان کے متعلق لکھا ہے۔ خاصکر من کی نسبت بہت اچھی معلومات قلمبند کی ہیں۔ اور مختلف مقامات پر من کے وزن میں جو فرق کیا جاتا ہے اس کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ افسوس ہے کہ طوالت کے خوف سے ہم میر صاحب کے اس بیان کو یہاں نقل نہیں کرسکتے۔

خاتمہ فصل کے بعد خاتمہ لکھا ہے۔ اور اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصہ میں بٹھر کے پانچ وزنوں کی تفصیل بیان کی ہے۔ اس کو پنجوزن کہتے تھے۔ جن میں سے پہلا ایک درم کے برابر ہوتا ہے اور بقیہ کے اوزان یہ ہیں:- (۲) تین درم (۳) ۹ درم (۴) ۲۷ درم (۵) ۶۰ درم۔

دوسرے حصہ میں میل، فرسخ اور برید کی تفصیل بیان کی ہے۔ اور تیسرے حصہ میں وزن و مساحت کی نسبت عام معلومات لکھی ہیں۔ چونکہ میل، فرسخ اور برید کا ذکر اکثر کتابوں میں ملتا ہے اس لئے اس بارے میں میر صاحب نے جو تحقیقات کی ہیں وہ یہاں درج کی جاتی ہیں۔

www.shiabookspdf.com

میل و فرسخ و برید

درمیان میل و فرسخ و برید که در بیان قدر مسافت راه یا مذکور میگردد و دانستن مذکورات از جملہ اموری است کہ بجہتہ احکام شرعیہ گاہے ضرور است۔

میل کمتر از فرسخ و برید است۔ پیش اہل لغتِ عرب آں قدر مسافت است کہ در زمین در نظر کسی کہ در دیدن او قصوری نباشد و بسیار تیز بین نباشد تا بآنجا تواند رسید۔ در صحاح و قاموس و مغرب اللغت و در بعضے از کتب فقہ بریں وجہ مذکور ساختہ اند و شیخ زین الدین در شرح شرائع ذکر کردہ کہ در دیدن مذکور پیادہ را از سوارہ فرق تواں نمود۔ و در بعضے از جائیہا از برائی ابتدا و انتہا علامتی گاہی مقرر می داشتہ اند بشکل مخروطی و ایں قدر مخصوص است بر زمینی کہ ہموار باشد۔ بنابرایں قدر مسافت مزبورہ را در زمین ہموار ملاحظہ باید نمود۔ و بحساب ذراع نیز بیان نمودہ اند تا در زمین ہموار و ناہموار ملاحظہ تواں نمود۔

و میلی کہ بحساب ذراع مشخص شود آں را میل ہاشمی گویند و آں مقدار چہار ہزار ذراع است و سبب نسبت او بہ ہاشم در کتاب مغرب اللغت و بعضے از کتب فقہ بیان نمودہ اند کہ میل را بحساب ذراع ملاحظہ نمودن و چہار ہزار ذراع مقرر داشتن از فرزندان ہاشم کہ جد حضرت پیغمبرؐ است واقع شدہ و ذراع کہ در بیان میل مذکور شد عبارت از ابتدائے ساعد است کہ آں را بزبان عربی مرفق گویند تا سر انگشتاں۔ و چوں گز را در قدیم ہمیں مقدار مقرر داشتہ بودند ذراع را

www.shiabookspdf.com

بمعنی گز استعمال نموده اند چنانچه مشهور است۔ و تعیین ذراع در کتاب معرب اللغت
و فقها نیز براین وجه واقع شده که مقدار شش قبضه است یعنی شش مشت که انگشتان
غیر انگشت شست باشد باید که متصل ساخته بآں ملاحظه نمایند و این مجموع بقدر
بست و چهار انگشت خواهد شد که از جانب پهنائے یکدیگر گذارند و شیخ جمال الدین
مطهر رحمة الله در قواعد بیان نموده و پهنای هر انگشت نیز در کلام فقها بواسطه
زیادتی ضبط بیان شده که پهنائی هر انگشتی مقدار هشت جو است که از جانب پهنا
میانه آنها را یکدیگر متصل سازند و بعضی شش جو گفته اند و در شرح لمعه مذکور است
که پهنائی هر جو بقدر هفت موئی است از اسپان یا بو فرسخ که بفارسی فرسنگ
گویند بحساب میل سه میل است چنانکه دوازده هزار گز باشد به گزے که مقدار آں
بیان شد صاحب قاموس گفته یک فرسخ سه میل هاشمی است یا دوازده هزار ذراع
لیکن از فقهائی امامیه رضوان الله تعالی علیهم چناں به نظر رسیده که ده هزار ذراع
است و در قواعد و شرایع و بعضی دیگر از کتب متداوله براین وجه است که فرسخی
سه میل است و هر میل چهار هزار ذراع برید چنانچه در صحاح مذکور است چهل و هشت
هزار گز است که چهار فرسخ باشد و موافق این است آنچه در شرایع و بعضے دیگر
از کتب فقه مذکور است پس قصر نمودن روزه و نماز باتفاق الطی که در محل خود مذکور
است نزد فقهائی امامیه آن است که هشت فرسخ باشد از این فرسخی که بیان
شد و چون هشت فرسخ بحساب میل بست و چهار میل است و بحساب برید دو برید

www.shiabookspdf.com

کلام فقہا بر ایں وجہ واقع شدہ کہ دو بریداست چنانچہ درکتاب شرائع بیان شدہ
و چون آنقدر بحساب ذراع نود و شش ہزار ذراع می آید گاہی بیان مسافت
مذکور را بدیں وجہ تفسیہ نمودہ لہذا مقدار نود و شش ہزار ذراع است چنانچہ
شیخ المتاخرین شیخ شہید در لمعہ دمشقیہ فرمودہ و چوں فرسخ در بیان قدر مسافتہا
بیشتر مذکور میگردد در کلام اکثر فقہا بیان چنیں شدہ کہ ہشت فرسخ و ہر فرسخی
دوازدہ ہزار ذراع و ہر ذراعی بست و چہار انگشت و بیانات مذکورہ ہمہ
بایکدگر در حساب موافق است ۔

رسالہ مقداریہ کی مقبولیت

رسالہ مقداریہ بہت مقبول ہوا۔ معلوم ہوتا ہے کہ لوگ اس کو ایک مستند حوالہ کی کتاب سمجھ کر اس کی نقلیں اپنے یہاں رکھتے اور وقت بوقت مطالعہ کرتے رہتے تھے۔ چنانچہ اس وقت اس رسالہ کے کئی قلمی نسخے موجود ہیں جن سے راقم الحروف نے استفادہ کیا ہے۔ ان میں سب سے اہم مخطوطہ خود میر محمد مومن کا لکھا ہوا یعنے مصنف کا اصل مسودہ ہے جو نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ اس کے سرورق پر سلطان محمد قطب شاہ کی حسب ذیل مہر ہے:۔

بندۂ شاہ نجف سلطان محمد قطب شاہ
۱۰۲۰ھ

اور خود کتاب کی لوح پر لکھا ہے ۔

"رسالہ مقداریہ در اوزان ۔ تصنیف میر مومن پیشوا رحمۃ اللہ و ایں نسخہ متبرکہ بخط مصنف است قدر دانستنی است"

www.shiabookspdf.com

اس عبارت کے ساتھ سلطان محمد کی وہ مشہور مہر (مہر سلیماں زخق گشتہ بیسہ مرا) بھی ثبت ہے جو اس کی اکثر تحریروں کے ساتھ پائی جاتی ہے۔

ان باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسالہ کا وہ اصل مسودہ ہے جو میر صاحب نے بادشاہ کے لئے لکھدیا تھا۔

(۲) اس نسخے کے ساتھ ایک ہی جلد میں اس رسالہ کا ایک اور نسخہ شریک ہے جو بعد کو لاہور میں نقل کیا گیا تھا۔

(۳) نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں اس رسالہ کا ایک تیسرا نسخہ بھی ہے جو خط نسخ میں ۱۲ ذیحجہ ۱۲۰۶ھ میں لکھا گیا ہے۔

۴ اس کا چوتھا نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں نظر سے گذرا جس کا کاتب محمد رفیع بن عصام الدین محمد ہے اور جس نے یہ کتاب ۳۰ رمضان ۱۰۵۳ھ میں نقل کی ہے۔ کاتب کا نام اسکے ساتھ کے دوسرے رسالہ پر درج ہے جو ایک ہی جلد میں منسلک ہے۔ ایک ہی وقت میں ایک ہی کاتب نے دونوں کتابوں کی نقل لی ہے۔ یہ قلمی نسخہ کتب خانہ کے مجامع فارسی کے نمبر ۳۱ پر محفوظ ہے۔

کتاب رجعت میر صاحب نے علم حدیث میں بھی ایک کتاب تالیف کی تھی۔ جس کی نسبت عبدالجبار خاں نے لکھا ہے۔

"آپ نے حدیث و ادب میں مولانا سید علی الملقب نورالدین الموسوی شستری سے اجازت و سند حاصل کی ہے اور آپ کی تصنیف سے کتاب رجعت ہے[1]۔"

---

[1] محبوب الزمن حصہ دوم ص ۹۹۵

www.shiabookspdf.com

افسوس ہے کہ کتاب رجعت کا کوئی نسخہ اب تک نظر سے نہ گذرا۔ لیکن یہ یقین ہے کہ میر صاحب نے یہ کتاب لکھی تھی کیونکہ قصص العلما میں آقا مرزا محمد بن سلیمان بن محمد تنکابنی نے بھی نورالدین کے ذکر میں لکھا ہے کہ:۔

"میر محمد مومن استرآبادی صاحب کتاب رجعت ازیں بزرگوار اجازہ دارد"[1]

میر صاحب نے جن بزرگ سے استفادہ کیا تھا ان کی نسبت مرزا محمد نے تفصیل سے لکھا ہے کہ:۔

سید علی بن سید علی بن ابی الحسن الحسینی الابراہیمی الموسوی ملقب بہ سید نورالدین مشتعلہ ذکاوت و فطانت و فضیلت و نقادت و زہادت و عبادت و زرانت است و میر محمد مومن استرآبادی صاحب کتاب رجعت ازیں بزرگوار اجازہ دارد۔ وایں بزرگوار اجازہ دارد از برادر و پدر خود سید اوحد شمس الدین و سید محمد صاحب مدارک و او از برادرے خود جمال الدین ابو منصور شیخ حسن بن شہید ثانی۔

و سید نورالدین فاضل و محقق بودہ...... متوطن مکہ شد۔ و تالیفات او در نہایت جودت ...... در بلاد شام بود و صاحب شام را با او احترام تمام بود۔ پس بمکہ معظمہ رفت۔ و عمرش از نود تجاوز کرد۔ و حال ایں کہ استعانت با حدے نمی کرد۔ بلکہ مردمان با و استعانت می جستند۔ و وفات او در سال ہزار شصت و دو (۱۰۶۲ھ) وقوع یافت۔ در شعر ید طولے داشت۔ مشہور دیار بود"[2]

---

[1] و [2] دیکھو قصص العلما ص ۶۶ ۔

www.shiabookspdf.com

اس طویل عبارت سے کئی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

(۱) صاحبِ تذکرہ نے سید علی نورالدین جیسے مشہور فاضل و محقق و مدقق کے ذکر میں میر صاحب کی شاگردی کے بیان کو اتنا اہم سمجھا ہے کہ معلوم ہوتا ہے وہ اس کے اظہار کے بغیر استاد کی فضیلت کو واضح نہ کر سکتا تھا۔

(۲) میر صاحب اپنے استاد کے تقریباً ہم عمر تھے کیونکہ استاد نے شاگرد کے انتیس سال بعد وفات پائی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ میر صاحب نے بڑی عمر میں معاصرانہ طور پر ان سے استفادہ کیا تھا۔

سلسلۂ اجازت

(۳) میر صاحب کے سلسلۂ اجازت کا بھی اس سے پتہ چل جاتا ہے۔ اور یہ چیز بہت اہم ہے۔ کیونکہ حدیث و تصوف میں جب تک اجازت و ارشاد کا سلسلہ نہ معلوم ہو محدث اور مرشد کے اقوال و افعال مستند نہیں سمجھے جاتے۔ اس طرح میر صاحب کا سلسلہ اجازت یہ ہے کہ :۔

میر محمد مومن ← سید علی نورالدین ← سید اوحد شمس الدین ← سید محمد صاحب مدارک ← جمال الدین ابو منصور شیخ حسن بن شہید ثانی۔

ہم نام مصنفین

میر صاحب کی دیگر تصنیفات کا کوئی پتہ نہ چل سکا۔ البتہ اس سلسلہ میں تحقیق و تلاش سے معلوم ہوا کہ میر محمد مومن نام کے کئی اور اصحاب مصنف و مولف گذرے ہیں جن میں سے دو کی کتابیں راقم کے مطالعہ میں آئی ہیں۔ چونکہ آئندہ نام کی وجہ سے شبہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہے اس لئے ان دونوں کی نسبت مختصر سے نوٹ یہاں درج کئے

www.shiabookspdf.com

جانتے ہیں۔

(۱) میر محمد مومن عرشی ابن امیر عبد اللہ الحسینی الترمذی ۔ انھوں نے ایک کتاب شکرستان ۱۰۶۲ھ میں لکھی تھی جس کا سنہ تالیف اس مصرع میں لکھا ہے۔ ع شکرستان ماشد و تاریخ۔ اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے[۱] جس کے خاتمہ پر مصنف کا نام اس طرح لکھا ہے:۔

سیادت و نقابت پناہ، حقائق و معارف آگاہ میر محمد مومن المتخلص بہ عرشی ابن قدوۃ السالکین قطب المحققین امیر عبد اللہ مشکین قلم الحسینی الترمذی۔

(۲) میر محمد مومن رضوی بن سید عبد المہیمن مسجدی ۔ انھوں نے ایک رسالہ زبدۃ العروض لکھا تھا۔ جس کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے[۲]۔ اور اس کا سنہ کتابت ۱۷ ذیقعدہ ۱۰۵۶ھ ہے۔ اس کتاب کے خاتمہ پر مصنف کا نام اس طرح لکھا ہے:۔

تمام شد ایں رسالہ مسمی بہ زبدۃ العروض بخوبی و مبارکی المصنف محمد مومن الملقب بہ رضوی بن سید عبد المہیمن الملقب بہ سید مسجدی ولد سید عبد الغفار موہانی باتمام رسید بتاریخ ہفدہم ذیقعدہ ۱۰۵۶ھ ۔ [۳]

فارسی نظم

میر محمد مومن ایک اعلیٰ پایہ کے محقق اور عالم ہونے کے علاوہ بڑے اچھے شاعر بھی تھے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ انھوں نے اپنی زندگی میں ادیب سے زیادہ

---

[۱] دیکھو کتب تصوف فارسی ۱۴۵۳۔ [۲] دیکھو کتب بلاغت فارسی ۱۰۱۔
[۳] زبدۃ العروض کی نسبت آئندہ مزید معلومات درج ہو۔

www.shiabookspdf.com

شاعر کی حیثیت سے کافی شہرت حاصل کر لی تھی۔ چنانچہ عالم آرائے عباسی میں ۱۰۲۵ھ میں یعنی ان کی وفات سے نو سال قبل لکھا گیا تھا کہ :-

"صاحب طبیعت۔ گاہے بہ نظم اشعار ملتفت شدہ۔ قصائد و غزلیات و رباعیات مرغوب دارد۔" ط۱۵۹

سلطان محمد قلی قطب شاہ خود شاعر ہونے کے علاوہ شاعروں کا قدردان اور اردو و فارسی شعر و سخن کا دلدادہ بھی تھا۔ اس کے عہد میں بھی میر صاحب نے قصیدے لکھے ہوں گے لیکن افسوس کہ ان میں سے کوئی اب تک نظر سے نہ گذرا۔ البتہ اس دور میں انھوں نے سلطان محمد کی پیدائش کے موقعہ پر جو قطعہ لکھا تھا وہ تاریخوں میں موجود ہے۔ یہ گویا ان کی وفات سے تینتیس ۳۳ سال قبل کا کلام ہے۔

سلطان محمد قطب شاہ کی تخت نشینی کے وقت میر صاحب نے جو معرکتہ الآرا قصیدے لکھے تھے ان کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس وقت ایک پختہ مشق شاعر تھے اور قصیدے بھی کافی تعداد میں لکھ چکے تھے۔

دیوان میر صاحب نے اپنی زندگی میں ایک اچھا دیوان بھی مرتب کر لیا تھا چنانچہ علی ابن طیفور ان کی شاعری کی تعریف کرتے ہوئے اس دیوان کا بھی ذکر کرتا ہے۔ اس کے الفاظ ہیں :-

"حضرت میر بے عدیل و نظیر، صاحب طبیعت بود۔ گاہے بنظم اشعار ملتفت شدہ قصائد و غزلیات خوب و رباعیات مرغوب نظم می نمود۔ و دیوانے دارد مملو از اشعار بلاغت شعار۔ و ایں چند بیت از انجملہ کہ حاضر بود بریں اوراق ثبت نمودہ ایم۔"

حدائق ورق ۱۰۰۸ ل۔

www.shiabookspdf.com

معلوم ہوتا ہے کہ علی ابن طیفور نے یہ دیوان خود دیکھا تھا۔ لیکن جو اشعار اس نے اپنی کتاب میں درج کئے ہیں۔ وہ صرف اپنے حافظہ سے لکھے ہیں۔ دیوان سے انتخاب کر کے نقل نہیں کیا۔

میر صاحب کے دیوان کا ایک نسخہ عہد نواب میر نظام علیخاں آصف جاہ ثانی تک بھی موجود تھا۔ چنانچہ غلام حسین خاں زین مصنف ماہنامہ نے اس کا مطالعہ کیا تھا۔ وہ لکھتا ہے:۔

"دیوانش بخط خوشنویس خاں قطب شاہی بہ نظر راقم ایں اوراق رسیدہ"[1]

اس سے ظاہر ہوا کہ مؤلف ماہنامہ نے جو دیوان دیکھا تھا وہ قطب شاہی زمانہ ہی کا لکھا ہوا تھا۔ افسوس ہے کہ اس حیات میر مومن کی ترتیب کے وقت دیوان مومن کی بہت کچھ تلاش کی گئی لیکن اب تک اس کا کوئی نسخہ نظر سے نہ گذرا۔ مجبوراً مختلف تاریخوں اور تذکروں سے میر صاحب کے جو کچھ اشعار ملے انہی کو جمع کر کے ردیف وار مرتب کر لیا گیا ہے۔ اور آئندہ صفحات میں ان کو شریک کیا ہے۔ چاہتے تاکہ اس وقت جو کچھ مل سکا وہی محفوظ ہو جائے اور اس کے مطالعہ سے میر صاحب کی شاعرانہ قابلیت اور خصوصیات کا اندازہ قائم کرنے میں مدد ملے۔

نمونۂ کلام | ہم نے میر صاحب کے کلام کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے (۱) قصائد (۲) قطعات (۳) غزلیات (۴) رباعیات۔ اور اسی ترتیب کے ساتھ اسکو یہاں درج کیا جاتا ہے۔

---

[1] ماہنامہ نسخہ نواب سالار جنگ بہادر ورق ۳۰۵ ب۔

www.shiabookspdf.com

قصائد

قصیدہ جو بہ تقریب عید قربان سنہ ۱۰۲ھ سلطان محمد قطب شاہ کی بارگاہ میں سنایا گیا

با محبت بار بستم عہد و پیمانِ نوی — کہنہ جانے می فشانم پیش جانانِ نوی
خستہ جانم کہنہ لیکن جانفشانی تازہ است — عہد سلطانِ نو است و عید قربانِ نوی
بہر دفع چشم بد در پیش چشمانِ خوشش — اے دریغا کاش بودی ہر دمم جانِ نوی
کہنہ عالم باز پر افشانیٔ سر کردہ است — چوں زلیخا از وصال ماہ کنعانِ نوی
قصۂ نوشیرواں شد ہمچو ایوانش کہن — مسند و ایوانِ نو بیند و سلطانِ نوی
عرصۂ میدان ہفت اقلیم تنگی می کند — کو فضا افگن پے شہ طرح ایوانِ نوی
تو دکانِ کہنہ بر چیں عقل از فرزانگی — دوستداری بہر ما بکشود دو کانِ نوی
دل براہِ دوست ہر دم وادئ طے می کند — کعبہ رو ہر دم کند قطع بیابانِ نوی
مصر شاہی را رواج افزوں ز عہد یوسف است — یوسفی گر رفت آمد یوسفستانِ نوی
چرخ اگرچہ آتشی در زد بعالم ناگہاں — باز جنت شد جہاں از فیض بارانِ نوی
گرچہ از حکم قضا جانِ جہاں بر باد رفت — یافت عالم از مسیح تازہ جانِ نوی
یادگار جد و عم سلطاں محمد قطب شاہ — آں کہ ہندستاں ز فیضش گشتہ ایرانِ نوی

www.shiabookspdf.com

وہ چہ ایراں آنجناں ایراں کہ آید در نظر ‏ رو بہر جانب کہ آری باغِ رضوانِ نوی
فروشان لازم شاہی کجا و شان او ‏ پادشاہی یافت در دورانِ او شانِ نوی
آسماں را مسندِ خورشیدِ تاباں کہنہ بود ‏ کہنہ مسند تازہ شد از زیبِ ایوانِ نوی
صد کہن قانون ز ہر دیواں کہ دیدہ شستہ است ‏ آنکہ آگہ گشتہ از قانونِ دیوانِ نوی
اے منجم طالعِ منحوسِ اعدایش ببیں ‏ تا مقرر گردوت تاریخِ طوفانِ نوی
اے قضا را از مکرم ذاتِ تو صد انتعاش ‏ تا رواں کرد است از حکمِ تو فرمانِ نوی
شے جہانِ جسم و جاں را از مقدس ذاتِ تو ‏ جانِ جانانِ نوی و شاہِ شاہانِ نوی
بسکہ می تابد ز تو نورِ سعادت بر جہاں ‏ مسلم و کافر بتو آوردہ ایمانِ نوی
چرخ آئیں بستہ عالم را بسی مہمانیت ‏ میزبانِ کہنہ دارد باز مہمانِ نوی
دہر در عہدِ تو اے دریائے مواجِ کرم ‏ نیست یک دم خالی از اکرام و احسانِ نوی
کو خضر تا بنگرد از لطفِ سرشارت بخلق ‏ جوئے شاہی را لبالب ز آبِ حیوانِ نوی
چرخ را تا آمدہ قانونِ دورانت بکف ‏ بر ہمہ قانون کشید و خطِ بطلانِ نوی
اے ز میدانِ وسیعِ عالمِ اوصافِ تو ‏ مرکبِ اندیشہ را ہر لحظہ جولانِ نوی
لطفِ تو از بہرِ دوراں نو بہارِ خرمی ‏ جودِ تو ایام را بارانِ نیسانِ نوی
از لطافتہائے ذاتت لطفِ حق گویا کہ کرد ‏ از وجودت ابتدائے خلقِ انسانِ نوی
چار ارکاں گر بود اصلِ مقدس ذاتِ تو ‏ می تواں گفتن کہ ہست آں چار ارکانِ نوی
پیرِ گردوں با ہزاراں دیدہ روشن نہ دید ‏ ہم چو تو روشن چراغے در شبستانِ نوی

www.shiabookspdf.com

ای زمانہ از کمیں ہیجائے تو روزِ مصاف — بستہ برہم داستانِ پورِ دستانِ نوی
یافت چوں اندیشہ ات در خاطرِ بدخواہ را — از طبیبِ دہر شد محسوبِ بحرانِ نوی
سرمہ شد خاکِ تلنگانہ ز فرخ پائے تو — ای فدائے خاکِ پاکت ہر زماں جانِ نوی
گر صفاہاں نو شد از شاہِ جہاں عباس شاہ — حیدرآباد از تو شد شاہا صفاہانِ نوی
دولتِ تو نعمتِ کامل بود از حق بہ خلق — ہر کہ قدرِ ایں نداند کردہ کفرانِ نوی
خواستم تاریخ فرخندہ جلوست عقل گفت — جملہ عالم نو بہاری شد ز سلطانِ نوی
مختصر کردم شہا مدحت کہ خواہد مدحِ تو — چوں فصیحِ خاوراں مداح و حسانِ نوی
از دعاگوئے چو مومن ہم دعا بہتر کہ ہست — او کہن داعی و تو شاہِ جہانبانِ نوی
باد یارب جاوداں ایں شاہی و اقبال و تخت — ہر دمت فتحِ نوی ہر لحظہ فرمانِ نوی
بدسگالت را بجاں صد زخمِ کاری ہر زماں — گہ ز ژوبیں گہ ز خنجر گہ ز پیکانِ نوی

www.shiabookspdf.com

قصیدہ

یہ قصیدہ بھی سلطان محمد قطب شاہ کی تخت نشینی کے وقت لکھا گیا

خلعت شاہی چو در بر کردہ شاہ دیں پناہ ۔۔۔ دہر بر گردوں رساند از شرف طرف کلاہ
نور می تابد شب و روز از زمین و آسماں ۔۔۔ از فروغ شمع رخسارِ شہ انجم سپاہ
آفتابِ اوجِ شاہی، ماہ برجِ خسروی ۔۔۔ آں کہ باشد بر فرازِ نہ سپہرش بارگاہ
خسرو روئے زمیں شاہنشہِ صاحبقراں ۔۔۔ شاہ با فتح و ظفر سلطاں محمد قطب شاہ
آنکہ باشد لطف عام او پناہ خاص و عام ۔۔۔ واں کہ باشد نور عدل او فروغ مہر و ماہ
از سجود خسرواں روئے زمیں پنہاں شدہ ۔۔۔ چوں بروں از بارگہ آید بصد اقبال و جاہ
آں کہ باشد در عدالت صد چو کسریٰ بندہ اش ۔۔۔ واں کہ باشد در سخا صد حاتمش دریوزہ خواہ
ہر کجا بارد سحاب ہمتش بارانِ فیض ۔۔۔ در بروں آید بجائے دانہ از شاخِ گیاہ
ہست در اقلیم حکم او مساوی کبک و باز ۔۔۔ ہست در میزانِ عدل او برابر کوہ و کاہ
اوست شاہ عالم و از ہر طرف می آورند ۔۔۔ خسروانِ بحر و بر در سایۂ لطفش پناہ
سایۂ چترِ بلند اقبال او بر فرق مہر ۔۔۔ پایۂ قصر رفیع ایوان او بر دوش ماہ

www.shiabookspdf.com

آنکه گر حفظش شود حامی نگردد تا ابد　　تخم مرغ بیوه زن از شدت گرما تباه
موج ساکن می‌شود در بحر چون جوهر تیغ　　گر کند بر روی دریا شحنهٔ ضبطش نگاه
چون با اقبال و ظفر بر مسند شاهی نشست　　خسرو مشرق شه مغرب بتوفیق اله
بهر تاریخ جلوس او مسیح عقل گفت　　پادشاه بی‌بدل سلطان محمد قطب شاه
تا بود در صدر جنت مامن اهل ثواب　　تا بود در قعر دوزخ مسکن اهل گناه
باد با احباب و اعدایش جهان خلد و جحیم　　باد از شمع رخش روشن چراغ مهر و ماه
شکر ایزد را که گر شاه جهانبانی گذشت　　شد جهان دار جوان ملک جهان را پادشاه
گر قباد از سر کلاه خسروانی بر گرفت　　کسری اینک می‌رساند بر فلک طرف کلاه
خیمهٔ اقبال دارا گر بهم پیچیده شد　　زد سکندر بر سر ایوان دولت بارگاه
شهریارے پای بر تخت جهانداری نهاد　　کاستانش می‌سزد خیل ملک را سجده گاه
خاک کویش سرمهٔ چشم امید جن و انس　　گرد راهش صیقل آئینهٔ خورشید و ماه
گر شود دارائی ملک جهان را مدعی　　بخت بیدار دل آگاه باشندش گواه
گر نسیم خلق او بر قبر مجنون بگذرد　　از زمین او نروید جز گل سوری گیاه
ابر رحمت با گردد شعلهٔ برق غضب　　گر شود لطفش گناه عاصیان را عذرخواه
عالمی او را دعاگو بند از دشمن چه باک　　شهسوارے را که از فوج دعا باشد سپاه
نام و وصفش دانی و سال جلوسش گر کنی　　جمع با صاحب کرم سلطان محمد قطب شاه
یا رب آسان کن برا در رسم جهانبانی چنان　　کاسمان را دارد از آئین بی‌راهی نگاه

www.shiabookspdf.com

باشدش تدبیر هر کارے موافق با قضا — حکم او را مانعے هرگز نگیرد پیش راه

دوستانش را مبادا کام جز بر راه راست — دشمنانش را مبادا جائے جز در قعر چاه

روزگار حشمتش را خالق عالم ضمان — آفتاب دولتش را خلق عالم در پناه

www.shiabookspdf.com

قطعات

قطعۂ تاریخ پیدائش سلطان محمد قطب شاہ

۱۰۰۱ھ میں سلطان محمد کی پیدائش (۲۲ ربیع الثانی روز چہارشنبہ) کے موقعہ پر میر صاحب نے یہ قطعۂ تاریخ لکھکر محمد قلی قطب شاہ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔

باز عالم ابتدائے کامرانی کردہ است
صد بشیر کامرانی می برد ہر سو خبر

دودمان ترکماں را خوش چراغے برفروخت
پرتو شہزادہ بر چرخ می تابد دگر

رونق عز و شرف سلطان محمد زان آمدست
ہر دو عالم یک صدف از بہر آں عالی گہر

خواستم تاریخ آں فرخندہ گوہر عقل گفت
اول کام است و فیروزی و اقبال و ظفر

چوں دعا بہر زمین نمی دانم ازاں می گویمش
سرور عالم شوی در ظل اقبال پدر

قطعۂ تاریخ پیدائش شہزادہ علی مرزا

بتاریخ ۲۸ شوال ۱۰۲۵ھ بمقام حیدرآباد

خدائے داد بقطب شہاں محمد شاہ
دو شاہزادہ کہ ہستند رشک شمس و قمر

دو نور بخش بعالم کہ چوں پدر ہستند
ز رحمت ازلی نیک بخت و نیک اختر

www.shiabookspdf.com

میان ہر دو چو آمد تفاوت دو سال
چو خواہی از پے تاریخ شان شوی رہبر

حساب سال یک از کام بخش جانہا جو
ز کام بخش بجا نہا حساب آن دیگر

دعائے ہر دو مرا خوش رسیدہ است از غیب
عجب خجستہ دعائے زہر دعا خوشتر

ہمہ باد دولت و اقبال شان بعمر خضر
بظل چتر ہمایون جان فزائے پدر

کدام شاہ بود آں ہمہ در کمال آمد
بہ فہم و فضل ارسطو، بہ دولت اسکندر

چو ذات اقدس او را ز مدح استغنا ست
مراد عائے دگر ہست بے سخن زیور

ز حادثات زمانہ پناہ ذاتش باد
خدائے جل جلالہ بحق پیغمبر

قطعہ در مدح سلطان محمد قطب شاہ

جو رسالہ مقداریہ کے دیباچہ میں درج ہے

محمد قطب شاہ آں شہریار عادل کامل
کہ منت از وجودش بر ہمہ خلق است یزدان را

فلک سر گرد قطب خویش می گردد بصد نازش
بایں نسبت کہ ہم نامت ایں قطب جہانبان را

زہے قطبے فلک قدرے کہ گردون با ہمہ دیدہ
گران مایہ درے چون او ندیدہ بحر امکان را

جمال با کمالش ماہ زیب و زینت دوران
نشانے زیں دو گوہر تا بود نہ چرخ گردان را

www.shiabookspdf.com

غزلیات

شادمانیست بندۂ غم ما — عالم دیگر است عالم ما
حبذا عشق و رستخیز بلا — اے خوشا روزگار برہم[1] ما
شکر ورد تو چوں کنیم[2] ہست — داغ بالائے داغ مرہم ما
شاہ اقلیم درد و غم ما ہیم — ملک ہجراں سواد اعظم ما
سایۂ عشق کم مبا داز و — سور شد داغدار ماتم ما
نمک آب[3] دیدہ خوش نمک[4] ایست — کم ز کوثر مگیر زمزم ما
ید بیضائے[5] وصل کو کہ فراق — گشتہ ثعبان آتشیں دم ما
حرفے[6] از ہم نشیں بگو باد و — روز وصل از زبان ابکم ما
غمگساری از و مجو مومن — غم ما از کجا و مرہم ما

(ح۔ع و فرشتہ و حدایق)

---

[1] درہم ما (فرشتہ و م۔ز) [2] کزو (فرشتہ) [3] آں دو دیدہ (فرشتہ) [4] نمکیں است (م۔ز)
[5] وصل (ح۔ع) [6] حرف اے ہم نشیں گو

www.shiabookspdf.com

خدایا[1] وارہاں از شور بختی دلفگاری را — گلستاں[2] کن بیک باران رحمت شورزاری را

شدم پر از غمت غافل مشو از روزگار من — که من بر باد شوقت داده ام خوش روزگاری را

دلا پیوسته با ناسازگاراں سازگاری کن — که باشد سازگار خود کنی ناسازگاری را

خماری بر خمارم می[3] دہد گردوں ز یک مستی — چه خوش بودی که دادی مستی ہم ہر خماری را

مرا بس ایں که دارم حکم بر اقلیم ناکامی — مسلم باد ملک کامگاری بختیاری را

ز شہد ناگوار چرخ کام عافیت سوزد — بحمد الله نصیبم کرد زہر خوشگواری را

به تلخی جاں[4] ده و کم تر حدیث در[5] د گو مومن — چه غم از تلخی ناکامی ما[6] کامگاری را

(ح ۔ ع و فرشتہ)

خوش آنکه برت شرح دہم مشکل خود را — وا کرده نمایم تو داغ دل خود را

در حشر کنم دعوی خوں بر تو که شاید — یکبار دگر زار کشی بسمل خود را

از لطف تو ویرانی مومن عجبی نیست — چوں بحر که آشفته کند ساحل خود را

لیلیٰ چو ز محمل نگرد جانب مجنوں — آراستهٔ ناز کند محمل خود را

فردا که ہمه حاصل خود را بنماید — من نیز نمایم دل بے حاصل خود را

(حدائق)

---

[1] خدارا (فرشتہ)۔ [2] فرشتہ میں اس مصرع کو حذف کر کے اسکی جگہ دوسرے شعر کا دوسرا مصرعہ لکھا گیا ہے۔

[3] وہم (ح ۔ ع) [4] مدہ (فرشتہ) [5] کام (فرشتہ)، [6] نا (ح ۔ ع)۔

www.shiabookspdf.com

عاشق آن قدر کجا دارد که گردد گرد دوست
مانی دانیم عاشق بلبل و پروانه را

ز پیچ زلف تو پیچیده در سرم دودی
که سوخت جان ملائک ز رشک مجمر ما

تا بشاگردی عشق تو قدم فرسودیم
بوعلی را نرسد دعوی استادی ما

زدم بمشق جنون تخته بر سر مجنون
که دست سعی مریزاد کارفرما را

یاد فردوس برین تنگ دلم می سازد
تا غمت تنگ گرفته است در آغوش مرا

زبان غمزه یا مرغ دلها صحبتی دارد
که ابجد می شمارد منطق الطیر سلیمان را

بحد دارد دلم پر شکوه لاف صبر و طاقت را
نیارم با کمال عجز این اظهار قدرت را
ز بیم آن که هر سو سر کشد صد شعله از شکوه
بصد خون جگر پنهان کند دل آه حسرت را
ز خونین داغهای من فلک را ذوقها بادا
که خوش آبی و رنگی داده[1] گلزار محبت را

[1] داده ام گلزار محبت را (ح۔ ع و ف)۔

www.shiabookspdf.com

نسیم لطف جانان کم شد ای آه سحرگاهی[1] مددکن تا بجوش آریم دریاهای رحمت را
کرم کن ای سحر دانسته رو گر یابی به بزم او نیاز نامرادی عرضه کن آن بی مروت را
چه عهدست بو عهد وصل جانان بهر جا بازی دریغا ما نه دانستیم ای دل قدر فرصت را
فدای رسم عادت سوز خود گردم که در عهدش عجب ویرانه دیدم سرای رسم و عادت را
مکن نسبت بغیرم[2] در وفا آزار دیگر کن سراپا غیرتم مپسند بر من این مذلت را
بشه مستی گر ز من بینیانی سر زد از آن[3] بگذر پریشان داشت طرح وضع صحبت مغز طاقت را
اگر این است موسم صحبت هجر آنکه من دیدم ببزمش خون خور و بیرون میا بگذار جرأت را

(ح-ع و م-ز-فرشته)

ب

سالها گشتیم در کوی کسی و ناکسی روی گرمی کس بما ننمود غیر از آفتاب

ت

عشق را گفتند قومی کار بیکاران ولی هرکرا دیدیم در کوی محبت کار داشت

گل از آتش اگر روید عجب نیست بہ زمین دوستی خوش سرزمینی ست

---

۱ باد (ف) - ۲ بعزم (ح-ع) - ۳ گوی (ح-ع) - ۴ ازاو (ف)

www.shiabookspdf.com

اگر دیدم قیامت ها عجب نیست — که کارم با قیامت آفرینی است

در مملکت عشق نه زورے نه جفائیست — آسودگی اینجاست بیایید که جا نیست

آنکه از درد دلم کرده خبردار اینست — مست نازے که مرا ساخته هشیار اینست
آنکه از نرگس پر عربده گرم نگاه — فتنه ز انشد سبب گرمی بازار اینست

بنازمت که پے قتل عاشقاں همه روز — میان عشوه و ناز تو عهد و سوگند ست
بکوئے عشق سراسیمه مانده ام مومن — که هر طرف نگرم راه جستجو بند ست

دوش دل با یار صحبتهائے دور از دور داشت — عالم اشراقیاں از صحبت ما نور داشت
کبریائے عشق را نازم که بر درگاه شوق — پادشاهان و گدایان را بیک دستور داشت

از خشک و تر دهر چه لذت چه ثمر یافت — آں را که دل سوخته و چشم ترے نیست
هر فتنه که دیدم همه از کوے تو برخاست — در دهر بغیر از تو گرفته گرے نیست

جز متاع دل عاشق که خریدار نیافت — بهر هر جنس بد و نیک خریدارے هست

www.shiabookspdf.com

پرسش خستۂ خود گر بکنی با کے نیست | غمگسارے چو غمت بر سرِ بیمارے ہست
(حدائق)

خوشم کہ درد دلِ من[1] عشق مدعا نگذاشت | مرا بہ پہلوئے شب ہائے تار وا نگذاشت
| مرا بہ بوالہوسی ہائے خویش وا نگذاشت[2]

چہ آفتی تو کہ در عشق تو ہمہ عالم | محبت تو دو کس باہم آشنا نگذاشت
چہ آفتی تو ندانم کہ در جہاں امروز[3] |

کمینہ مرتبۂ عشق عشقِ مجنون ست | محبتے کم ازیں داخل محبت نیست

یک روزہ بود صحبت عالم ہمہ یک روز | زاں روئے قیامت بہ زبانہا ہمہ فرداست

مُردیم و ہیچ کس بہ سرِ خاک ما نگفت | کاے مردہ شاد باش کہ فردا قیامت است

شدم از عشق تو دیوانہ و ایں می بایست | حسن پر شور ترا عشق چنیں می بایست
گفتۂ ہر کہ دم از عشق زند می کشمکش | جاں فدایت کہ مرا نیز ہمیں می بایست

---

[1] بردل (فرشتہ) [2] فرشتہ و محبوب الزمن۔ [3] حدائق

www.shiabookspdf.com

به بزم باده چه گویم که فتنه بار خواست　　چو حرف مستی آں چشم فتنه ساز گذاشت

دولت وصلے بخوابم[1] دست داد　　آسماں در خواب گویا بوده است

د

بتو ہر که بوده یک دم دل داغدار دارد　　که بغیر داغ چندے ز تو یادگار دارد
اثر ملاحت او من زخم خورده دانم　　که نمک فشاں ہمه شب بدلم گذار دارد

عالم شگفت و خاطر ما ناشگفته ماند　　گلزار مہر و باغ وفا ناشگفته ماند
شرمنده ام که غنچهٔ پژمرده دلم　　با صد ہزار سعی صبا ناشگفته ماند

شب جلوهٔ او غیرت صد حور و پری بود　　صد حور و پری بندهٔ آں جلوه گری بود
با جذب زلیخا نتوانست بر آمد　　یعقوب که مستغرق مہر پدری بود
مجنوں به ره عشق نکو رفت ولیکن　　از معرکه بیروں شدنش بے جگری بود

با ما حریف ہم سفرے نیست ہر کسے　　کیں کارواں در اول شب بار می کند

---

[1] بخواہم

www.shiabookspdf.com

ز دور پرتو حسنت به دل چنان تابد که آفتاب جهان تاب از آسمان تابد
توی که حسن ترا کمترین اثر اینست که آفتاب تو در مغز استخوان تابد

بیغمان چرخ را نازم چوں ہر جا رفتہ اند ہر کجا گرد ملالی بود بر ما رفتہ اند
از لطافت ہائے حسنت کار فرمایان ناز سرمہ را از تیرگی زاں چشم شہلا رفتہ اند

شعلۂ حسن ترا کار آں چناں بالا گرفت کاتشے در خرمن خورشید عالم تاب زد
ہر سحر گلشن بخوں غلطید و بلبل خوں گریست زاں شبیخونہا کہ حسنت بر گل سیراب زد

کے بودہ کاں دو چشم دو صد چوں نکردہ اند شہرے بناز و عشوہ دگرگوں نکردہ اند
اے دل بہ ہوش باش کہ در شرع عاشقی رفع قلم ز مردم مجنوں نکردہ اند

فلک نہ داد مرادم چنانچہ دل میخواست ولے ز ہر سر موئیت صد انتقام کشید

کردہ شوقے[1] بدلت خانہ مبارک باشد شمع من منصب پروانہ مبارک باشد

---

[1] شوخے بدلم - حدائق

www.shiabookspdf.com

بہ ہوائے سر کوئے کہ تو میدانی ومن .. شب بروں آمدن از خانہ مبارک باشد

(ید بیضا)

دلا بعادت پروانہ گرد دوست مگرد بیا دگرم بآتش در آئے بازی چند

گرہ ہائے دلم جز آہ آتشبار نکشاید کسے راہم چو من یارب گرہ از کار نکشاید
زصد لشکر ندیدم آں خرابی کز غمش دیدم الہی کاروانِ عشق جائے بار نکشاید

سودا و شورشِ دل دیوانہ تازہ شد با شمع باز نسبتِ پروانہ تازہ شد
زاں لعل بادہ نوش وزاں چشم مے فروش پیمانِ ما بساغر و پیمانہ تازہ شد

دل آشفتۂ عاشق فراغت بر نمی تابد خرابستان رسوای عمارت بر نمی تابد
سر مجنوں نخواہد کسو تنے جز موئے ژولیدہ تن شوریدہ کسوتہائے عزت بر نمی تابد

قسم بہ مہر و محبت کہ فتنہ را جاں داد کہ دادِ دوست کشی آں دو چشم فتاں داد
کسے کہ از دم چشم تو خون مادر خواست بنازمش کہ سرو دے بیاد مستاں داد

---

www.shiabookspdf.com

ش

نسیمے کا وردیا دصبا زاں جعد گیسویش ۹۰ وہد صد کاروانِ مصر چیں بر باد ریک دم

م

لذت ز درد ذوق ز محنت گرفتہ ایم ما داد دل خوشی ز ملامت گرفتہ ایم
ہمت گذاشت دامن خود را بما و رفت ما خوش باین کہ دامن ہمت گرفتہ ایم

بخود میلِ دلی از جانبِ دلدار فہمیدم الٰہی خیر باشد یاریٔ از یار فہمیدم
خدا را نگذری[1] راز تربت مومن کز مسکیں بوقت جاں سپرن حسرتِ بسیار فہمیدم

از دیدنت بہ فیض دو عالم رسیدہ ایم اے دوست ما ترانہ چو اغیار دیدہ ایم
صبر و سکوں کجاست بہ ملک نیاز و ناز از حیرت است اگر نفسے آرمیدہ ایم
خوبے چناں کہ تا رخ خوب تو دیدہ ایم دیرینہ ہمدماں ہمہ از ہم بریدہ ایم
ہرگز خیال وصل بدل نگذر آمدہ است عاشق بہ نا امیدی مومن نہ دیدہ ایم

معجز نار خلیل و فیض آب زندگی از دل پر آتش و از چشم پر نم یافتیم

---

[1] نگذری ۔ (حدائق)

www.shiabookspdf.com

ن

ز آہِ من جہانے رو نہد ہر دم براہ من   دلیلے نیست راہِ عشق را جز برق آہِ من
پس از عمرے کہ سویت یک نگاہی اتفاق افتد   زبیم خوئے تو از راہ برگردد نگاہ من

یک نفس مومن اگر از دوست غافل گشتۂ   زین گنہ تا یک نفس باقی است استغفار کن

بریز خون من اے ساقی و بساغر کن   چہ می شود تو ہم از خونِ ما لبے تر کن

خرد گہہ از رہ مہر و محبّت سر بر دبیرون   جنون شاید سرے زین راہ پے رہبر بر دبیرون
ز بے رحمی گرم صد بار خوں ریزد عجب دانم   کہ از دل حسرت آں دست و آن خنجر بر دبیرون

ھ

کم مبیں طفل نو آمرز دلم را در عشق   مصحف مہر و محبت ہمہ از بر کردہ
اے صید دست و پا زدہ عذر گنہ بخواہ   گستاخیٔ بخدمت صیاد کردۂ

نکشود مرا کار ز سعی دل افگار   کارے نکشاید ز دل زار شکستہ

---

www.shiabookspdf.com

زسینہ تار سدم بر لب و دہن نالہ — ہزار جا بہ نشیند زضعف تن نالہ
ز نالہ بے تو ہمین بیست کز دل تیز — بگوش میرسد از خاک پیرہن نالہ

بسمک البداۃ یامنک بدا بسم اللہ — اے بہ یاد تو زصد درد دوا بسم اللہ
ذکر تو در ہمہ حال دل مشتاق ترا[1] — آنچناں خوش ہمہ در آغاز دعا بسم اللہ
من و دل راسفر کعبۂ عشق آمدہ پیش — ہر کہ دارد سر ہمراہی ما بسم اللہ

ی

من چوں شوم بہ بزم طرب ہمدم کسے — دارم غم کسے کہ ندارد غم کسے
کردیم قطع یاری یاراں کہ پیش دوست — نامحرم است ہر کہ بود محرم کسے

گذشت عمر گرامی بہ غفلتے عجبی — بہ غفلتے عجبی و بسر عنتے عجبی
مقدمات کہ ترتیب یافت در ہمہ عمر — نتیجۂ ہمہ گردیدہ حسرتے عجبی

اے داغ تو چوں شدم سراپا آتش — ترسم کہ بسوزم چو دگر داغ نہی

---

[1] مشتاقاں را (حدایق)

www.shiabookspdf.com

رباعیات

دل پیش کسے رفت کہ بے ماش خوشست — غم خوش نبود ولے غم ماش خوشست
جاں می طلبد نمی دہم روزے چند — درجاں سخنے نیست تقاضاش خوشست

ایں عمر بباد نوبہاراں ماند — ایں عیش بسیل کوہساراں ماند
زنہار چناں بزی کہ بعد از مردن — انگشت گزیدنی بہ یاراں ماند

از چرخ بر زمیں بلا می ریزد — رنج و غم و غصہ جابجا می ریزد
گر حصۂ ما بپیش رسد دور نیست — بر عضو ضعیف دردہا می ریزد

غم نیست کہ دل جنوں فاشی دارد — کز بے خبری خوش انتعاشی دارد
سودائے ترا بہر دو عالم نہ دہد — دیوانۂ ما عقل معاشی دارد

گر مرد رہی ولا ز محنت نہ جہی — مردانہ ز کف دامن ہمت نہ دہی

www.shiabookspdf.com

گر زیستن خویش چو مرداں خواہی　　منت نہ کشی از کس و منت نہ نہی

ہم آشوب جاں ہم بلائے دلی　　تو از فتنۂ حسن خود غافلی
بجا ہم نگشتی نکو آشنا　　بہ او گرچہ عمریست ہم منزلی

خصوصیات کلام میر صاحب کا کلام اس قابل ہے کہ اس کی خصوصیات پر تفصیل سے نظر ڈالی جائے۔ اور ان کے پیشرو اور معاصر شعرا کے کلام کے ساتھ اس کا موازنہ کر کے فارسی شاعری میں اس کا درجہ معین کیا جائے۔ لیکن جس طرح مولوی حالی نے مرزا غالب کی حیات میں لکھا ہے کہ عہد حاضر میں اہل ہند فارسی کے ذوق سے اتنے دور ہو گئے ہیں کہ اس قسم کی محنت پر یہی مثل صادق آئے گی کہ "مرغی اپنی جان سے گئی اور کھانے والوں کو مزا نہ آیا"۔

لیکن حیات میر مومن کا مطالعہ کرنے والے ان کے کلام کے مطالعہ سے یہ ضرور محسوس کریں گے کہ میر صاحب کوئی معمولی درجہ کے سخنگو نہیں تھے بلکہ ان میں ایک استادانہ شان پیدا ہو گئی تھی۔

عبد الجبار خاں نے ان کے کلام کے نسبت یہ رائے ظاہر کی ہے :-

"کلام صاف وشستہ ہے۔ استعارہ وکنایہ سے پاک ہے۔ ہاں شاعرانہ تشبیہ و مبالغہ سے خالی نہیں ہے"[۱]

---

[۱] محبوب الزمن جلد دوم ص ۹۹۵

www.shiabookspdf.com

علی ابن طیفور میر صاحب کے کلام کو "بلاغت شعار" کہتا ہے[1]۔ عالم آرائے عباسی میں میر صاحب کے کلام کی نسبت "قصاید و غزل و رباعیاتِ مرغوب" لکھا ہے۔ اور اس کے ایک قلمی نسخہ میں میر صاحب کی استادی اور عروض دانی کے ثبوت کے طور پر ان کے رسالہ عروض کا ذکر کیا ہے کہ :۔

"تا غایت دراں علم کسے مثل آں رسالہ تالیف ننمودہ"[2]

ان تمام رایوں سے ظاہر ہے کہ میر صاحب کی استادی اور کلام کی مقبولیت ان کی زندگی ہی سے مانی ہوئی تھی۔ ان کے کلام سے بھی ظاہر ہے کہ وہ نہ صرف شاعر تھے بلکہ فن شعر پر محققانہ نظر رکھتے تھے۔ اور ان کی شاعری محض تکمیل ضابطہ یا فن دانی کی خاطر وجود میں نہیں آئی ہے بلکہ اس میں جگہ جگہ دلی تڑپ اور عاشقانہ دردمندی نمودار ہے۔

---

[1] حدائق ورق ۱۰۸ ا۔

[2] عجیب بات یہ ہے کہ عالم آرائے عباسی کے نسخۂ مطبوعۂ ایران میں رسالہ زبدۃ العروض کو میر صاحب کی تالیف ظاہر نہیں کیا ہے۔ لیکن مولوی قاسم علی بیگ صاحب اخگر کے کتب خانہ میں اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ راقم الحروف کی نظر سے گذرا جس میں لکھا ہے کہ :۔

"قصائد و غزل و رباعیات مرغوب دارد۔ و در علم عروض رسالہ تصنیف نمودہ کہ تا غایت دراں علم کسے مثل آں رسالہ تالیف ننمودہ۔ و در صلاح و تقویٰ درجۂ عالی داشت" الی آخرہ

ممکن ہے کہ یہ عبارت الحاقی ہو۔ رسالہ زبدۃ العروض کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۲۰۰ پر ملاحظہ ہو۔ اس کا بھی امکان ہے کہ میر صاحب نے عروض پر کوئی اور رسالہ لکھا ہو جو اس ...

www.shiabookspdf.com

اگرچہ کلام مومن میں حافظ کی طرح رندی و بے باکی نمایاں نہیں ہے لیکن سوز اور جذبۂ شوق کی گہرائیوں کی وجہ سے اس کا پڑھنے والا ایک خاص وجدانی فضا میں منتقل ہو جاتا ہے۔ اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ صاحبانِ دل اس کلام سے خاص طور پر متاثر ہوں گے۔

www.shiabookspdf.com

ساتواں حصّہ

تصرفات

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

میر مومن نے امیری اور فقیری دونوں حیثیتوں کو اپنے اندر اس خوبی سے جمع کر لیا تھا کہ اس کی نظیریں تاریخ عالم میں کم نظر سے گذرتی ہیں۔ دنیوی اعزاز و مراتب اور جاہ و جلال کی وجہ سے وہ عمر بھر حاجت مندوں اور ارباب سیاست و ارکانِ حکومت کی آرزوؤں اور امیدوں کا مرکز بنے رہے۔ لیکن وہ محض ایک بڑی سلطنت کے پیشوائے اعظم اور با اقتدار دربار کے وکیل مطلق ہی نہیں تھے۔ ان میں چند ایسی خوبیاں اور خصوصیتیں بھی جمع ہو گئی تھیں جو امیروں اور صاحب دولتوں کو شاذ و نادر ہی نصیب ہوتی ہیں۔ انھوں نے اس مقولہ کو پوری طرح ثابت کر دکھایا کہ ع

گر بہ دولت برسی مست نہ گردی مردی

اخلاق و عادات

ان کی سب سے اہم خوبی ان کے محاسن اخلاق میں پوشیدہ تھی۔ تواضع، انکسار، راست بازی اور دیانت داری ان کے کردار کا نمایاں جز تھا۔ ہر مورخ نے ان کی اس خصوصیت پر زور دیا ہے۔

مولف حدائق السلاطین لکھتا ہے :—

"بحسن اشفاق و مکارم اخلاق، و تقویٰ و پرہیزگاری، و امانت و دین داری، آراستہ بود۔ و باوجود کمال دانشمندی و کبر سن و اعتبارات بادشاہی بصفت تواضع و فروتنی و کثر نفسی و خوش خوئی اتصاف داشتہ دراں مبالغہ می نمود۔"

(ورق ۱۸۷ ا)

www.shiabookspdf.com

مولف عالم آرائے عباسی لکھتا ہے :۔

"بسیار فاضل ومتدین ونیکو اخلاق" (صفحہ ۱۵۹)

مولف محبوب الزمن نے لکھا ہے :۔

"میر موصوف باوجو وعہدہ وزارت وشان حکومت ہر کس وناکس کے سامنے نہایت تواضع وخاکساری وکسرِ نفسی سے پیش آتا تھا۔ غرور وتکبر کو اپنے پاس نہایت حقیر وناچیز جانتا تھا" (صفحہ ۱۹۹)

فیض رسانی

خوش اخلاقی اور منکسر مزاجی کے ساتھ دوسری اہم خصوصیت جس نے مخلوق خدا کو میر صاحب کا گرویدہ بنا دیا ان کی طبیعت کا وہ رجحان تھا جس کی وجہ سے وہ ہر کس وناکس کو کسی نہ کسی طرح فیض پہچانا چاہتے تھے۔ فیض رسانی کا یہ مادہ دو طرح سے جلوہ پیرا ہوا۔ پہلے تو یہ کہ وہ مسافر او مستحق کی مدد اور سرپرستی کرتے تھے۔ جس کے کئی ثبوت گذشتہ فصلوں میں گذر چکے ہیں مثلاً وہ ان کو ملازمت دلاتے' ان کے اعزاز میں اضافہ کراتے' غریب مسافروں کے قیام کے لئے خود اپنے صرفہ سے سرائیں بناتے اور ان کے کفن دفن تک کا خیال رکھتے۔

صاحب حدائق لکھتا ہے :۔

"واردان امصار و وافدان ہر دیار بوسیلۂ او از سلسلۂ قطب شاہیہ تمتع می یافتند"

صاحب عالم آرائے عباسی نے ان کی زندگی ہی میں لکھا تھا :۔

www.shiabookspdf.com

"و مستفیدین بہ دیار بوسیلۂ او از سلسلہ قطب شاہیہ انتفاع می یابند" (صفحہ ۱۵۹)

میر صاحب کی اس فیض رسانی کی نسبت محبوب الزمن میں لکھا ہے:۔

"رعایا کے حقوق کی بڑی حفاظت کرتا تھا۔ ان کی جان و مال کی نگرانی میں پوری مدد کرتا تھا۔ رعایا کیا امیر و کیا فقیر سب خوشحال و فارغ بال تھے۔ کسی کو کسی سے شکایت نہیں تھی .... میر کے زمانہ وکالت میں ایران و توران کے ہزار ہا علما و فضلا دکن میں آئے اور میر کے توسل سے عہدہائے جلیلہ پر مقرر ہوئے حجاج و زائرین بھی جوق جوق آئے۔ میر کی سفارش سے مالامال و فارغ البال ہو کر اوطان مالوفہ کو روانہ ہوئے۔ اور میر موصوف مقامات عظام میں ہزار ہا روپیہ بھیجتا تھا۔ کربلائے معلٰے و نجف اشرف و مشہد مقدس وغیرہ مقامات کے مجاورین و خوادم کے لئے وظائف مقرر کر دئے تھے۔ سالانہ کل وظائف معتمد آدمی کے ہاتھ سے روانہ کرتا تھا۔" (صفحہ ۹۹۱ تا ۹۹۲)

میر صاحب کی دوسری قسم کی فیض رسانی ان کی ذاتی درس و تدریس تھی۔ باوجود امیر اعظم اور مقتدر عہدہ دار ہونے کے انھوں نے اپنے علم و فضل سے تشنگان علم کو سیراب کرنا ترک نہ کیا۔ وہ آخر تک برابر روزانہ درس دیتے رہے اور اس طرح ان کے شاگردوں کا حلقہ بڑھتا گیا۔ حدائق میں لکھا ہے:۔

"در علوم منقول و معقول نقش مہارت بر صفحۂ ضمیر طلبۂ علوم می کاشت"
(ورق ۱۸۷ ب)

اسی تاریخ میں ایک اور جگہ لکھتا ہے:۔

"جمعے از طلبہ و فضلائے آں عصر در مجلس درس افادہ او حاضر شدہ مستفید می شدند"
(ورق ۱۸۸)

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کے شاگردوں اور درس و تدریس کا تذکرہ بھی اس سے قبل گذر چکا ہے۔ اس لئے یہاں مزید تفصیل کی ضرورت نہیں۔

زہد و تقویٰ

میر صاحب کی تیسری خوبی جو ان کو اہل دل اور اولیا مشہور کرنے کا باعث ہوی ان کی عبادت گذاری اور مذہبی دلچسپی تھی۔ مذہبی امور کی دلچسپی کے ثبوت تو ان کی تعمیر کرائی ہوی مسجدوں سے ملتے ہیں۔ اور ان کے عابد و زاہد ہونے کی نسبت تاریخوں کی شہادتیں کافی ہیں جو درج ذیل ہیں۔

(۱) "در صلاح و تقویٰ درجۂ عالی داشت" (عالم آرائے عباسی صفحہ ۱۵۹)

(۲) "عالم و فاضل و مرتاض و سرآمد اہل دعوت بود" (ماہنامہ ورق ۲۰۵ ب)

۳ "در پاک طینتان صاف اعتقاد بود ...... بحسن ..... تقویٰ و پرہیزگاری و امانت و دین داری آراستہ بود" (حدائق السلاطین ورق ۱۰۸ ب)

علم و فضل

زہد و تقویٰ اور اوقات نیک کے ساتھ ساتھ میر صاحب بہت بڑے عالم، محقق، فلسفی اور محدث بھی تھے۔ جس کے ثبوت سے ان کی تصانیف معمور ہیں اور جن کا تذکرہ گذشتہ فصل میں گذر چکا ہے۔ ہر عالم کا باعمل ہونا اور ہر عابد کا عالم ہونا ضروری نہیں ہے۔ لیکن میر صاحب میں یہ سب خصوصیتیں جمع ہو گئی تھیں۔

نجوم اور تسخیر اجنہ

یہی سب محاسن کیا کم تھے! لیکن میر صاحب نے تو روحانیات، تسخیر اجنہ اور علوم نجوم میں بھی مہارت پیدا کرلی تھی۔ اس طرح لوگ باطنی فیضان حاصل کرنے کے لئے بھی میر صاحب کے یہاں پہنچتے تھے اور ہر شخص بقدر اعتقاد

www.shiabookspdf.com

ن سے مستفید ہوتا تھا۔

ماہنامہ میں لکھا ہے :۔

"در فتح عزیمت و تسخیر جنات ید طولیٰ داشت ۔ سرآمد اہل دعوت بود"

(ماہنامہ ورق ۳۰۵ ب)

سحر باطل ستون

چنانچہ ماہنامہ میں مرقوم ہے کہ جب شہر حیدر آباد کی بنا ڈالی گئی اور محمد قلی کے دولت خانۂ عالی کی تعمیر ہونے لگی تو میر صاحب نے ایک پتھر کا ستون تیار کیا جس میں طلسم و تعویذ اور رقوم تکسیر کے ذریعہ سے بڑے بڑے جادو کو باطل کرنے کے اثرات پیدا کردئے گئے ۔ اس پتھر کو دروازۂ شاہی کے پیشگاہ میں نصب کرادیا تھا تاکہ اگر کوئی شخص کسی فاسد خیال یا مخفی ارادے کے ساتھ اس دروازے میں سے بادشاہ کے یہاں پہنچے تو اس کا سحر و عزیمت باطل ہوجائے ۔

جب اس پتھر کی خصوصیتوں کا عام طور پر علم ہوا تو شہر کے بیمار اور سقیم لوگ اس کے معائنے کے لئے آنے اور اپنی اپنی بیماریوں سے شفا پانے لگے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ طبیبوں کا بازار سرد ہوگیا۔ کہاجاتا ہے کہ تمام اطبائے شہر نے اتفاق کرکے ایک رات اس طلسمی پتھر کو وہاں سے اکھیڑا اور شہر کے باہر لیجا کر موضع الوال کی ایک باؤلی میں ڈالدیا۔

لیکن اس پتھر نے باولی میں بھی اپنا اثر دکھانا شروع کیا چنانچہ جو لوگ اس میں غسل کرنے جاتے اپنی بیماریوں سے بھی شفا پا جاتے تھے۔ آخر کار لوگوں کو معلوم ہوگیا کہ سحر باطل ستون اسی باولی میں پوشیدہ ہے۔ طبیبوں نے اس پتھر کو وہاں سے بھی نکال لیا۔ اور کسی نامعلوم

www.shiabookspdf.com

جگہ پوشیدہ کر دیا۔ لیکن ماہ نامہ کی تالیف کے وقت تک بھی لوگ صحت کی اُمید میں اس باؤلی پر غسل کرنے جاتے تھے۔[1]

اجنہ پر حکومت

کہا جاتا ہے کہ میر صاحب کو تسخیرِ اجنہ میں بڑی مہارت حاصل تھی اور اس مخلوق پر بھی اُن کی حکومت تھی۔ گلزارِ آصفی میں لکھا ہے کہ اگرچہ میر صاحب کے متعلق اس قسم کے بہت سے قصّے زبان زدِ خلائق ہیں لیکن کسی کتاب میں ان کا تذکرہ درج نہیں ہے۔ مولف گلزارِ آصفی کا بیان ہے کہ:۔

دربارۂ عملیات کہ زبان زدِ خاص و عام و مشہور انام است در ہیچ تاریخ بہ نظرِ ایں احقر نہ آمد۔ و نیز زبانی اعتصام الملک بہادر ادام اللہ عمرہٗ عرض یگی حضورِ پرنور کہ از جملہ سرآمد مورخانِ عہد اند متواتر با دراک و افہامِ عاصی ہمیں معنی در آمدہ در ہیچ تاریخ ذکرِ عملیات آنجناب بقلم نہ آوردہ لیکن بر زبانِ خلائق ایں دیار آنقدر مشہور و معروف است کہ مرتسمِ خاطر و مشہورِ انام کہ دل صداقت منزل با عتقاد کمترین و منقبین و محققین و غیر محققین علی العموم موافقین و مخالفین بتکذیب آں راضی نمی شود۔ یعنی ایں کہ کلام الجمہور در نفس الامر مانند حدیثِ متواتر بے شائبہ کذب بیقینِ کلی است بلکہ در ہیچ ادراک شبہ نیست۔ الغرض آنچہ حکایات زبانی ہزارہا خلائق متقدمین کہ آنہا از آبا و اجداد خود ہا ہمیں سلسلہ کہ بطناً

---

[1] یہ واقعہ ماہنامہ میں تفصیل سے درج ہے اور اس کی فارسی عبارت کا ترجمہ ہم نے یہاں قلمبند کر دیا ہے۔

www.shiabookspdf.com

بعد بطنِ استحقاق وثوق دارند۔ ونیز از بعضے بزرگانِ صداقت نشان کہ حکایات عجیب وغریب معائنہ شدہ ظاہراً بہ نظر وسماعت رسیدہ دلیل بر کرامت آنحضرت است[1]۔

اعتصام الملک کا بیان

اس طویل عبارت سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اعتصام الملک عرض بگی جو اُس زمانہ کے بہت بڑے تاریخ داں تھے ان کا بھی یہی بیان تھا کہ میر صاحب کے خرقِ عادات، کرامتوں اور تسخیر اجنہ کے قصے کسی تاریخ میں درج نہیں ہیں البتہ حیدرآباد میں عام طور پر ان کی اتنی شہرت ہے کہ کوئی شخص خواہ وہ میر صاحب کا معتقد ہو یا نہو ان کے صحیح ہونے سے انکار نہیں کرسکتا۔

چنانچہ صاحب گلزار آصفی نے قطب شاہی عہد یعنے میر صاحب کی زندگی کا ایک قصہ لکھا ہے جس میں میر صاحب کے تعلقات شاہ جنات کے ساتھ اور اجنہ کی دنیا پر ان کی جو حکومت تھی اس کا حال درج ہے۔ چونکہ اس قسم کی باتوں پر آج کل کم اعتقاد کیا جاتا ہے اس لئے ہم یہاں مولف گلزار آصفیہ کی اصل فارسی عبارت کا اُردو خلاصہ لکھدیتے ہیں:—

قید اجنہ سے رہائی دلانا

معزز لوگ بیان کرتے ہیں کہ سلطان عبداللہ قطب شاہ کے منصبداروں میں سے دو بھائی میر مظفر وزیر کے یہاں متعین تھے۔ اور رات دن اس کے یہاں حاضر رہتے تھے۔ ایک دفعہ بادشاہ سیر وشکار کی غرض سے موسیٰ ندی میں خیمہ زن ہوا۔ اور اہل لشکر بھی ندی کے کنارے اتر پڑے۔ جن میں

---

[1] گلزار آصفی مطبوعہ صفحہ ۶۰۸ —

www.shiabookspdf.com

یہ دونوں بھائی بھی تھے۔ لشکر کے لوگوں نے ندی میں جگہ جگہ چشمے کھود لئے تھے کیونکہ گرمی کا موسم تھا اور ندی میں پانی کی کمی تھی۔ اور ریتی کے یہ کنویں گز دو گز سے زیادہ گہرے نہ تھے۔ ایک روز وزیر کو دربار میں دیر تک ٹھہرنا پڑا۔ یہ دونوں منصبدار بھی ساتھ تھے۔ چھوٹا بھائی بہت بھوکا ہو گیا اور کچھ کھا پی کر دربار کو واپس ہونے کی غرض سے اپنے خیمہ میں آیا۔ درباری لباس اتارا ہی تھا کہ اس کے دامن سے سانپ کا ایک بچہ فرش پر گرا۔ منصبدار نے فوراً ایک لکڑی سے اس کو مار دیا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اسکے جسم میں سوزش پیدا ہو گئی اور پکارنے لگا کہ میں جل گیا میں جل گیا۔ آخر کار بے قراری کے عالم میں قریب کے ایک چشمہ میں کود گیا۔ اور جب اس میں غائب ہو گیا تو لوگوں نے بڑے بھائی کو خبر کی۔ وہ بہت پریشان ہوا اور وزیر سے پورا ماجرا کہہ سنایا۔ وزیر نے کہا اگر کوئی آدمی اس کو چھپا دیتا تو اس کا تدارک ہو سکتا تھا۔ یہ معاملہ عالم بے اختیاری کا ہے جس میں میں مجبور ہوں تم کو چاہیئے کہ میر مومن صاحب کی خدمت میں پہنچیں۔ میر صاحب اس وقت عبادت الٰہی کے لئے گوشہ نشین تھے۔ اس لئے ایک عریضہ لکھ کر ان کے دولت خانہ پر (جہاں اب پرانی حویلی واقع ہے) روانہ کیا۔ میر صاحب نے تین چھوٹی چھوٹی ٹھیکریاں لیں اور کچھ لکھ کر منصبدار کو عنایت کیں اور کہا کہ ایک ٹھیکری کو چشمے میں ڈالو۔ تمہارا بھائی نکل آئے گا۔ اگر دیر ہو جائے تو چار ساعت انتظار کرکے دوسری ٹھیکری ڈالو۔ یقیناً نکل آئے گا۔ اگر [illegible]

www.shiabookspdf.com

آثار ظاہر نہ ہوں تو کافی تاخیر کے بعد تیسری ٹھیکری ڈالدو۔

بڑا بھائی حسب ارشاد چشمہ پر آیا۔ پہلی ٹھیکری ڈالی۔ کچھ اثر نہ ہوا۔ دوسری بھی بیکار گئی۔ آخر تیسری ٹھیکری ڈالنے پر اس کا بھائی نظر آیا۔ لوگ اوپر نکال لائے۔ جب کچھ عرصہ بعد اس کو ہوش آیا تو اس سے واقعات دریافت کئے گئے۔ اس نے کہا کہ وہ سانپ کا بچہ شاہ جنات کا بھانجا تھا۔ میں جب گرمی سے بیقرار ہوکر چشمے میں کودا تو دو بدشکل قوی جوان مجھے پکڑ کر صحرائے لق و دق میں سے کھینچتے ہوئے ایک شہر میں لے گئے۔ وہاں کے بازار اور عمارتیں اور راستے نہایت پاک وصاف اور آراستہ ہیں۔ اور لوگ اپنے اپنے کام اور خرید و فروخت میں مصروف ہیں۔ جب مجھے بادشاہی محل میں لے گئے تو دیکھا کہ ہر شخص مستعد اور سامان جنگ سے تیار ہے۔ بادشاہ مرصع تخت پر شاہانہ لباس میں جلوہ فرما ہے۔ اور ارکانِ دولت اپنی اپنی جگہوں پر ہاتھ باندھے کھڑے ہیں۔ تخت کے قریب بادشاہ کی بہن سر برہنہ کھڑی کہہ رہی ہے کہ اے بھائی خدا نے تجھے بادشاہ بنایا ہے اس لئے انصاف سے کام لے اور میرے بچے کے خون کا بدلہ لیکر میرے دل کو ٹھنڈا کر اور خدا کو خوشنود۔

بادشاہ نے مجھے دیکھتے ہی حکم دیا کہ اس قاتل کو لیجا کر قتل کرو۔ حسب الحکم مجھے کشاں کشاں لے گئے اور تلوار چلانے والے ہی تھے کہ ہر چوبدار اور ہرکارے دوڑتے ہوئے آئے اور کہا کہ اس کی گردن نہ مارو۔ بادشاہ نے بلا بھیجا ہے۔

www.shiabookspdf.com

جب لوگوں نے مجھے بادشاہ کے روبرو پہنچایا تو میں نے دیکھا کہ وہ اپنی بہن کو سمجھا رہا ہے کہ اس شخص پر تیرے لڑکے کا خون کیونکر ثابت ہوتا ہے۔ جب کہ وہ ایک موذی جانور کی شکل میں اس کے دامن تک پہنچا۔ اس لئے اب معاف کر دے کیونکہ میر مومن صاحب اس کی سفارش کر رہے ہیں۔ بہن نے گریہ وزاری شروع کی اور کہا کہ اگر بدلہ نہ لیا تو میں بھی جان دیدوں گی۔ بادشاہ نے مجبور ہو کر حکم دیا کہ اچھا اس کو لیجا کر مار ڈالو۔ مجھے پھر کشاں کشاں لے گئے۔ میرا دل چاہتا تھا کہ مجھے جلد ہی مار ڈالیں تاکہ اس کشاکش سے چھوٹوں۔ دوسری دفعہ میرے مارنے کے لئے تلوار اٹھائی گئی تھی کہ ایک شتر سوار تیزی سے آیا اور شاہی حکم پہنچایا کہ اس انسان کو حاضر کریں۔ مجھے پھر اسی طرح بادشاہ کے روبرو لے گئے۔ اس وقت بادشاہ تخت سے نیچے اتر کر اپنی بہن کے سر پر ہاتھ رکھ کر سمجھا رہا تھا کہ اے بہن اس خیال سے باز آ کیونکہ میر مومن صاحب نے اس شخص کی دوبارہ سفارش کی ہے۔ لیکن بہن ہرگز راضی نہ ہوتی تھی اور جتنا سمجھایا جاتا وہ اتنی ہی بے التفاتی ظاہر کرتی۔ یہانتک کہ خبر آئی کہ شہر کی مشرقی جانب سے آگ بلند ہو رہی ہے۔ اور جناتوں کے چھوٹے بڑے سب مکان جل رہے ہیں۔

یہ سنتے ہی بادشاہ نے میرے محافظوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ میں اپنی اس کمبخت بہن کو کتنا سمجھاتا ہوں۔ نہیں سمجھتی۔ خود مرنا چاہتی ہے تو مرے نہ یہ کہ تمام خلقت جنات اور شہر تباہ ہو جائے۔ اس لئے اس شخص کو جلد لے جاؤ اور اسی چشمے میں ڈالدو۔ بادشاہ کا حکم سنتے ہی مجھے فوراً اس چشمے میں ڈالدیا۔ اس کے بعد کے حالات تو آپ

www.shiabookspdf.com

لوگوں کو معلوم ہیں۔

جب اس واقعہ کی خبر میر مظفر وزیر اور سلطان عبداللہ قطب شاہ اور عام لوگوں کو معلوم ہوئی تو سب لوگوں نے تعجب کیا کہ میر صاحب کو کتنی قدرت حاصل ہے! اور یہ واقعہ اب تک حیدر آباد کے خواص و عوام میں مشہور رہے حالانکہ یہ زمانہ پیشین میں وقوع پذیر ہوا تھا۔

میر محمد مومن کی تسخیر جنات کا یہ واقعہ گلزار آصفی کے صفحات ۶۱۳ تا ۶۱۵ پر مندرج ہے ہم نے نہایت اختصار کے ساتھ اس کا خلاصہ اُردو میں لکھا ہے۔ اس میں ایک بات تاریخی نقطۂ نظر سے غلط ہے۔ یعنے اس کی رو سے میر صاحب عہد عبداللہ قطب شاہ میں زندہ تھے۔ حالانکہ جیسا کہ اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے وہ سلطان محمد سے تقریبًا ایک سال قبل فوت ہو چکے تھے۔ ممکن ہے کہ مرور ایام کی وجہ سے عہد محمد قطب شاہ کے واقعہ کو لوگوں نے اس کے فرزند عبداللہ قطب شاہ کے زمانہ سے منسوب کر دیا۔ اور ایسا ہونا کوئی تعجب کی بات بھی نہ تھی کیونکہ سلطان محمد نے بہت کم عرصہ حکومت کی اور اس کے فرزند کا زمانہ حکومت نصف صدی سے زیادہ چلتا رہا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حیدر آباد کے لوگ اور خود مورخین بھی سلطان عبداللہ کے پیشرو سلطان محمد اور اس کے جانشین سلطان ابوالحسن تاناشاہ کے زمانوں کو بھول گئے اور اکثر و بیشتر ان دونو بادشاہوں کے واقعات کو سلطان عبداللہ ہی کے عہد سے منسوب کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ طویل ہونے کے علاوہ کئی امور کے لحاظ سے دکن کی تاریخ میں نہایت اہم اور مصروف عہد سمجھا جاتا ہے۔

www.shiabookspdf.com

تسخیر جنات کا ایک اور ثبوت

تسخیر جنات کا ایک اور واقعہ دائرہ کی تعمیر کے سلسلہ میں بیان کیا جاتا ہے۔ ایک روایت یہ ہے کہ دائرے کو مقدس بنانے کے لئے کربلائے معلیٰ سے جو خاک پاک منگائی گئی وہ میر صاحب نے اپنے ماتحت اجنہ ہی کے ذریعہ سے منگوائی اور دائرہ میں بچھوائی تھی۔

یہ واقعات تو میر صاحب کی زندگی سے متعلق تھے۔ لیکن ان کی اتنی شہرت ہوی کہ ان کی وفات کے بعد بھی لوگ ان کی قوتوں کے قائل رہے اور ان کی فیض رسانی اور کرامتوں کے دل سے معتقد۔ چنانچہ اس قسم کی بہت سی کرامتیں اب بھی حیدرآباد میں زبان زد خلائق ہیں

کرامتیں

اور چند خود گلزار آصفی میں بھی درج ہیں۔ چنانچہ ہم پہلے گلزار آصفی ہی سے میر صاحب کی ایک کرامت پیش کرتے ہیں جس کی نسبت لکھا ہے کہ یہ نواب میر عالم بہادر کا چشم دید واقعہ ہے۔ صاحب گلزار آصفی لکھتے ہیں:۔

میر عالم کا چشمدید واقعہ

یہ واقعہ میر عالم کی دیوانی کا ہے اور خود میر عالم کے علاوہ ہم سبھوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا ہے۔ میر شہسوار علی ایک پریشان روزگار سید صحیح النسب تھے جو ہمیشہ سبز پوش رہا کرتے تھے کیونکہ ذی مقدور لوگ محرم میں ماتمی سبز لباس انہی کو دیدیا کرتے تھے اور یہ اس کو سال بھر پہنتے رہتے۔ خود میر عالم ان کو پانچ روپیہ ماہوار دیا کرتے تھے۔ اگرچہ وہ اہل وعیال کے لئے کافی نہ ہوتے لیکن صاحب غیرت تھے اس لئے کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلاتے۔ وہ کہتے تھے کہ ایک وقت آدھی رات گئے دائرہ میر مومن صاحب کے راستہ سے اپنے مکان کو آرہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ دائرہ میں کوئی

www.shiabookspdf.com

نہیں البتہ ایک شخص بزرگ منش عربی لباس پہنے شان وشوکت کے ساتھ اپنے گنبد کے دروازہ پر کھڑا ہے مجھے دیکھتے ہی آواز دی کہ "میر شہسوار علی ادھر آ"۔

مجھے یقین ہو گیا کہ یہ خود میر مومن صاحب ہیں۔ بڑے اشتیاق کے ساتھ نزدیک گیا اور کہا کہ

"پیرو مرشد۔ خدا نے آج کی رات کو غلام کے لئے شب معراج بنا دیا ہے کہ آپ کے قدم میسر آئے"۔

انھوں نے فرمایا کہ "تمھارے اخراجات کیسے چل رہے ہیں؟"

میں نے عرض کیا کہ "قبلۂ عالم باوجود قدیم دوستی کے میر عالم ماہانہ پانچ روپیے دیتے ہیں۔ اس میں بڑی مشکل سے بسر ہوتی ہے"۔

فرمایا۔ "اگر تم کو ایک روپیہ یومیہ مل جائے تو کافی ہے؟"

میں نے عرض کیا۔ "اے حضرت۔ بس بہت ہے۔ پھر کبھی زمانہ کے شکوہ وشکایت میں منہ نہ کھولوں گا"۔

یہ سنکر اپنی جیب میں ہاتھ ڈالکر سلطان محمد قلی قطب شاہ بانی حیدرآباد کے وقت کا ایک روپیہ نکالا اور مجھے عنایت کرکے فرمایا کہ:۔

"اس روپیہ کو اپنے قلمدان یا صندوقچہ میں احتیاط و امانت کے ساتھ مقفل رکھو۔ اور لال کپڑے یا لال کاغذ میں باندھ کر الگ رکھنا تاکہ دوسرے روپیوں کے ساتھ نہ مل جائے۔ انشاء اللہ اس روپے کے ساتھ ہر روز دو روپے تمھیں ملتے رہیں گے۔ ان دو روپوں کو اپنے

www.shiabookspdf.com

خرچ میں لاتے رہو اور اس روپے کو بہت حفاظت سے رکھو۔ اگر میرا دیا ہوا یہ روپیہ کھو جائے تو پھر کوڑی بھی نہ ملے گی"۔

غرض مجھ پریشان حال کے ہاتھ میں روپیہ دیکر رخصت فرمایا۔ میں نے اسی طرح حسب ارشاد لال کپڑے میں باندھ کر اپنے کپڑوں کے صندوقچہ میں مقفل کر دیا۔ دوسرے روز جونہی کہ میں نے صندوقچہ کے خانہ میں ہاتھ ڈالا دو روپے اور نظر آئے جو سکۂ رائج الوقت کے تھے۔ میں نے ان کو لے لیا اور روز اسی طرح دو روپے لینا اور خرچ میں لا لینا۔ جب لوگوں نے میری مرفہ الحالی اور تبدیلی لباس کو دیکھا تو میرے متعلق میرے لڑکوں سے پوچھ گچھ شروع کی۔ اور میر عالم تک یہ خبر پہنچا دی۔ وہ مدار المہام تھے۔ مجھے بلا بھیجا اور میر صاحب کا دیا ہوا روپیہ دیکھ کر اس کو بوسہ دیا اور کہا کہ "لو مبارک ہو اس کو احتیاط سے رکھو"۔

جب تک شہسوار علی زندہ رہے وہ روپیہ ان کے یہاں موجود رہا ان کے انتقال کے بعد روپیہ کو بہت ڈھونڈا گیا لیکن پتہ نہ چلا۔ یہ معاملہ مولف گلزار آصفیہ کا چشم دید اور ان کے زمانہ میں مشہور آفاق تھا[۱]۔

ہمت یار جنگ کے جنون کا علاج

گلزار آصفیہ میں میر صاحب کی باطنی عاملانہ قوتوں کا دوسرا واقعہ ہمت یار جنگ کے جنون سے متعلق درج ہے لکھا ہے:۔

ایک واقعہ جو دانایانِ روزگار کے لئے باعثِ حیرت لیکن میرا چشم دید ہے

[۱] دیکھو گلزار آصفیہ ۶۱۶ و ۶۱۷ ۔

www.shiabookspdf.com

یہ ہے کہ ہمت یار جنگ ایک قدیم خاندانی امیر ہیں جو نمازی، متقی اور اوراد وظائف کے پابند اور عقلمند اور قلعہ ظفر گڑھ وابراہیم گڑھ کے قلعہ دار ہیں۔ ایک روز قلعہ میں اپنے مکان کے بالاخانہ میں بیٹھے ہوئے صحرا و سبزہ زار کی سیر و تماشا میں مصروف تھے کہ دفعتاً ایک سفید رنگ کی بکری نظر آئی جو زرتار جھول اور طلائی زیور سے آراستہ تھی اور ناز و کرشمہ کے ساتھ قلعہ کی دیوار کے نیچے پھر رہی تھی۔ وہ اس کے حسن و لباس پر فریفتہ ہو کر پا پیادہ قلعہ کے باہر آئے اور اس کے نزدیک پہنچے۔ وہ آہستہ آہستہ دور ہوتی گئی اور آخر کار یکایک گل و یاسمن کا ڈھیر بن گئی۔

یہ دیکھتے ہی نواب بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ لوگ پالکی میں ڈال کر قلعہ میں لے آئے۔ لیکن وہ ایک عرصہ تک بے ہوش رہے۔ اور جب ہوش آیا تو رونے لگے، کھانا پینا ترک کر دیا۔ اور بار بار اس جگہ جانے کا قصد کیا۔ یہاں تک کہ لباس کا بھی خیال نہ رہا۔ ان کے بھائیوں اور دوستوں نے قلعہ کے اطراف و جوانب کے ہندو اور مسلمان اہل دعوت اور عاملوں کو بلا کر رجوع کیا اور سفلی عملوں سے بھی دریغ نہیں کیا گیا۔ لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ بلکہ دیوانگی اور گریہ وزاری روز بروز بڑھتی گئی۔

آخر کار مجبور ہو کر ایک پالکی میں بٹھا کر رسیوں سے باندھا گیا اور شہر کو لے آئے۔ یہاں اہل دعوت و عملیات اور پیرزادوں اور فقیروں سے کام لیا گیا

www.shiabookspdf.com

اور پیچکاروں کے تجویز کئے ہوئے صدقے بھی دئے گئے غرض بہت کچھ خرچ کیا گیا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ آخرکار لوگوں کی رائے سے پالکی میں بٹھا کر میر مومن صاحب کی قبر پر لے گئے۔ جب گنبد کے قریب پہنچے تو نواب نے اندر داخل ہونے سے انکار کر دیا اور بھاگنے لگے۔ بہرحال بڑی مشکل سے پکڑ کر اندر لے گئے۔ نواب نے گریہ و زاری اور بے قراری شروع کی اور بھاگنا چاہا۔ لوگوں نے پکڑ کر میر صاحب کی قبر کے قریب بٹھایا۔ یکایک ان کے تمام بدن میں لرزہ شروع ہوا اور وہ پکارنے لگے کہ میں جاتا ہوں۔ مجھے یہاں سے لے چلو۔ کچھ عرصہ بعد بے ہوش ہو گئے۔ اور چار ساعت کے بعد جب ہوش آیا تو لباس طلب کیا اور کہنے لگے کہ مجھے برہنہ کیوں کر دیا گیا ہے۔ لوگوں نے قبر پر سے وار کر پانی دیا تو رغبت سے پی گئے اور اس کے بعد سے کبھی جنون کی حرکت ظاہر نہ کی۔[1]

ایک حبشی کا قصہ صاحب گلزار آصفیہ نے اپنا ایک اور چشم دید واقعہ لکھا ہے جس کا اردو خلاصہ یہ ہے:۔

محمد نعیم الدین خاں بہادر کے یہاں ایک حبشی جوان تھا۔ جس کی طبیعت یکایک اعتدال سے متجاوز ہوگئی اور لوگوں کو گالیاں دینا اور پتھر مارنا شروع کیا۔ بہت کچھ علاج کیا گیا لیکن کوئی فائدہ نظر نہ آیا۔ آخرکار میر صاحب کی قبر پر

---

[1] دیکھو گلزار آصفیہ صفحہ ۶۱۷ تا ۶۱۸ —

www.shiabookspdf.com

لے گئے۔ گنبد کے اندر لے جانے کی جتنی کوشش کی جاتی تھی اتنا ہی بھاگتا تھا۔ مجبوراً طاقت استعمال کرکے اس کو اندر لے گئے اور مزار کے قریب بٹھایا۔ اور قبر پر سے وار کر پانی پلایا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ صحتمند ہوگیا اور پھر دیوانگی کی کوئی حرکت نہ کی[۱]

ان قصوں کے سلسلہ میں صاحب گلزار آصفیہ نے لکھا ہے کہ :-

"الحال معمول است کہ ہر کس راکہ سایۂ جن یا شیاطین شدہ باشد و او حرکات جنون کند چند روز بر قبر شریف میر صاحب موصوف بردہ آب از بالائے قبر آنحضرت تصدق کردہ بنوشانند سایہ و آسیب میگزرد۔" ص۶۱۸

پانی کے کوزے اور صراحیاں

یہ تو ٹھیک سو سال پہلے کا واقعہ ہے۔ لیکن پوری ایک صدی گذرنے کے بعد بھی یہی عمل اب تک جاری ہے۔ چنانچہ اب بھی میر صاحب کی قبر کے اطراف پانی کے کوزے اور چھوٹی بڑی صراحیاں روزانہ دھری نظر آتی ہیں۔ اور لوگ بڑی عقیدت سے بیماروں کو پانی پلاتے ہیں۔ غرض میر صاحب کا یہ فیضان ان کی وفات کے بعد بھی (یعنے سوا تین سو سال سے) برابر جاری ہے اور شاید ہمیشہ جاری رہیگا۔

جدید مثالیں

مولف کتاب ہذا کے ایک دوست جو اس وقت جامعہ عثمانیہ میں پروفیسر ہیں اور ملک کے لائق اور فاضل ادیبوں میں سمجھے جاتے ہیں بیان کرتے ہیں کہ ان کے بزرگوں نے بچپن میں ان کو میر صاحب کی قبر پر لے جاکر سنگ مزار کو چٹوایا تھا۔ اور کہا تھا کہ

---

[۱] گلزار آصفیہ۔ صفحہ ۶۱۸ –

www.shiabookspdf.com

جو بچہ میر صاحب کی قبر ایک وقت چاٹتا ہے عمر بھر اس کا ذہن تیز رہتا ہے اور قوت گویائی بھی ترقی کرتی ہے۔

کچھ روز پیشتر مولف کتاب نے خود دیکھا کہ دائرہ میں ایک برات باجے تاشے کے ساتھ داخل ہوئی۔ لوگ ایک بچہ کو جو غالباً بسم اللہ کا دولہا تھا پھول پہنائے ہوے لے آئے۔ اور میر صاحب کی قبر پر سے وار کر پانی پلایا۔

میر صاحب کے حالات کی تلاش کے سلسلہ میں اکثر و بیشتر اصحاب نے بجائے تاریخی معلومات کی فراہمی کے کرامتوں اور تصرفات ہی کے قصے بیان کئے۔ اور یہ اتنے زیادہ ہیں کہ ان سب کو قلمبند کرنا موجب طوالت ہوگا اس لئے یہاں صرف اس امر کا اظہار کافی ہے کہ حیدر آباد کے اکثر قدیم الخاندان شیعہ اور سنی اصحاب میر صاحب کے بے حد معتقد ہیں اور دل سے ان کو ولی اور صاحب تصرفات مانتے ہیں۔ اور عجیب بات یہ ہے کہ اکثر سنی معتقدین خود میر صاحب کو بھی سنی ہی سمجھتے ہیں

فتح کا پھریرا

میر صاحب کے تصرفات کا بیان ختم کرنے سے قبل ان کے بنائے ہوئے ایک جھنڈے کا ذکر بھی ضروری ہے۔ یہ دبیز سفید کپڑے کا ایک گاؤدم لانبا پھریرا ہے جس کا طول پانچ گز اور عرض تین گز ہے۔ اور اب بھی بوسیدہ حالت میں میر صاحب ہی کی اولاد میں ایک صاحب میر محمد مومن عرف سید بادشاہ کے یہاں موجود ہے جو محلہ سلطان شاہی میں رہتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ ایک وقت جب قطب شاہی فوجیں جنگ میں متواتر شکست کھا رہی تھیں تو بادشاہ نے میر صاحب سے باطنی مدد کی استدعا کی۔ چنانچہ میر صاحب نے یہ پھریرا تیار کیا۔ اس میں حاشیہ پر اور درمیان میں بھی آیات قرآنی اور پنجتن پاک کے نام نہایت خوش خط ثلث میں لکھے ہوئے ہیں۔ اور بقیہ تمام جگہ تعویذوں اور ہندسوں سے پر کی گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب یہ پھریرا میدان جنگ میں نصب کیا گیا تو بادشاہ کو بہت بڑی فتح حاصل ہوئی۔

www.shiabookspdf.com

آٹھواں حصّہ

پس ماندگان

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کے اکلوتے فرزند میر مجد الدین محمد کا تذکرہ گذر چکا ہے[1]۔ وہ اپنے ضعیف باپ کی زندگی ہی میں انتقال کر چکے تھے۔ اس لئے میر محمد مومن کے حقیقی پس ماندگان اصل میں مجد الدین کی اولاد ہی تھی جس میں ایک دختر اور تین فرزند شامل تھے۔ دختر مجد الدین محمد کی غالباً پہلی اولاد تھی اور میر صاحب کی زندگی ہی میں مرزا بیگ فندرسکی کے بھتیجے مرزا حمزہ استر آبادی سے بیاہ دی گئی تھی۔ مرزا بیگ وہی سلحدار ہیں جنکی دی ہوی کتاب شرح گلشن راز پر سلطان محمد قطب شاہ نے اپنے قلم سے تحریر لکھی تھی[2]۔

مرزا حمزہ سلطان محمد کے عہد میں ۱۰۳۰ھ کے قریب استر آباد سے حیدر آباد آئے اور سلک مجلسیان شاہی میں شامل کئے گئے۔ چونکہ شرافت نسب کے علاوہ صفات راستی و امانت و دیانت سے متصف تھے[3] اس لئے میر صاحب نے بڑی سرپرستی کی اور ساٹھ ہزار ہون کی جاگیرات دلوا کر اپنی پوتی سے شادی کر دی۔ اور جہیز میں اتنی دولت دی کہ مرزا حمزہ امرائے سلطنت میں شامل ہو گئے۔ حدیقہ میں لکھا ہے کہ :-

"بتقریب دامادی غفراں پناہ میر مجد الدین محمد ولد میر مومن بہ مرتبۂ امارت رسید[4]"

جب رمضان ۱۰۴۰ھ میں شریف الملک ملا محمد تقی تفرشی سرخیل (سپہ سالار) شاہی فوت ہو گئے تو ۲۴ ذیحجہ ۱۰۴۰ھ کو سلطان عبداللہ نے مرزا حمزہ کو اس عہدہ پر فائز کر دیا۔ لیکن شاید مرزا حمزہ اور علامہ ابن خاتون میں صفائی نہ تھی انھوں نے یہ مشہور کیا کہ مرزا فن استیفا و قلمرانی و عملداری سے ناواقف ہیں۔

---

1. دیکھو اس کتاب کا پانچواں حصہ صفحات ۱۶۱ تا ۱۶۲۔ 2. دیکھو اس کتاب کے صفحات ۱۴۸ و ۱۴۹۔
3. دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۸۰۔ 4. دیکھو حدیقہ احوال ۱۰۴۰ھ۔

www.shiabookspdf.com

اسلئے دیانتدار اور راستباز ہونے کے باوجود برہمنوں کے زیر اثر آگئے ہیں۔ آخر کار تین ماہ دس روز کے بعد ۲ ربیع الاول ۱۰۱۲ھ کو ابن خاتون نے مرزا حمزہ کو معزول کر کے مرزا روزبھان اصفہانی کو سرخیل بنادیا۔[1]

لیکن بادشاہ (میر مومن صاحب کی قرابت کے خیال سے) مرزا حمزہ کا خیرخواہ اور قدردان تھا اسلئے اس نے اس نقصان کی تلافی کی خاطر مرزا کو فیروز خان ترک کی ایک لاکھ ہون کی جاگیرات عطا کردیں۔ کیونکہ فیروز خان اسی زمانہ میں فوت ہوا تھا۔ اسکے علاوہ مرزا کو اپنے مجلسیوں کے زمرہ میں بھی شریک کرلیا۔

۱۰۲۴ھ میں سلطان عبداللہ نے مرزا حمزہ کو اس وفد کے استقبال کیلئے روانہ کیا جو شہزادی خدیجہ سلطان شہر بانو بیگم کو سلطان محمد عادل شاہ کے ساتھ بیاہنے کیلئے بیجاپور سے آیا تھا۔ اسکے دو سال بعد ۱۰۲۶ھ میں خداوردی سلطان کو ولایت مرتضیٰ نگر سے واپس بلا کر مرزا حمزہ کو وہاں کا سرلشکر مقرر کیا اور سرداروں اور خاصہ خیل کے ساتھ روانہ کیا۔ کیونکہ مرزا پہلے بھی مرتضیٰ نگر میں رہ چکے تھے۔

سرخیلی جیسی خدمت کے بعد مرزا حمزہ کو قلعہ گولکنڈہ کی حوالہ داری سپرد کی گئی۔ یہ پہلی خدمت سے بھی اہم تھی۔ کیونکہ قلعہ گولکنڈہ قطب شاہیوں کی جملہ قوت اور دولت کا مرکز اور مخزن تھا۔ اور اس کا حوالہ دار ایک ایسا ہی شخص بن سکتا تھا جس کی دیانت اور وفاداری پر سلطنت کو پورا اعتماد ہو۔

افسوس ہے کہ یہ وفادار امیر اپنی آمد حیدرآباد اور شادی کے بارہ چودہ سال بعد ہی ماہ شوال ۱۰۲۸ھ میں مرض اسہال سے انتقال کر گئے۔ اور چونکہ میر صاحب کے پوتر داماد

---

[1] دیکھو حدیقۃ السلاطین صفحہ ۹۶۔

www.shiabookspdf.com

تھے اس لئے انہی کے دائرہ میں دفن کئے گئے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مرزا حمزہ لاولد فوت ہوئے۔ کیونکہ مورخ نے ان کے انتقال کے بیان میں ان کے بھتیجے کا اس طرح ذکر کیا ہے کہ گویا مرزا حمزہ کے وہی ایک وارث تھے۔ اس کے الفاظ ہیں :۔

"اعلحضرت خاقان پسر برادر اوراکہ از استہ آبادآمدہ بود درسلک سلحدار مخلد اران مقرر داشتند۔ وحوالہ داری قلعہ را بہ بعضے از ملازمان وغلامان رجوع فرمایند"

(حدیقۃ احوال سنہ ۱۰۴۰ھ)۔

مرزا حمزہ کی بیوی یعنے میر صاحب کی پوتری یا تو اپنے شوہر سے قبل ہی انتقال کر گئی تھیں۔ یا اگر ان کے بعد زندہ رہیں تو دو سال کے اندر ہی یعنے ۲۳ جمادی الاول سنہ ۱۰۵۰ھ سے قبل فوت ہوئیں۔ کیونکہ اس تاریخ کو سلطان عبداللہ قطب شاہ نے میر صاحب کی جاگیرات کو جب ان کے ورثا کے نام بذریعہ فرمان بحال کیا تو اس میں میر صاحب کے صرف نبیروں کا ذکر کیا ہے جس کی تفصیل آئندہ درج کی جائے گی۔ غرض مجدالدین محمد کی یہ دختر بھی جو ان کی اولاد اکبر تھی انہی کی طرح جوانمرگ ثابت ہوی کیونکہ سنہ ۱۰۵۰ھ سے قبل فوت ہونے کا یہ مطلب ہے کہ اس وقت اس خاتون کی عمر پینتیس سال بھی نہ ہونے پائی تھی۔

میر صاحب کے نبیرے میر محمد جعفر

میر مجدالدین کے بڑے فرزند کا نام میر محمد جعفر تھا۔ سلطان عبداللہ نے اپنے مذکورہ فرمان میں دو دفعہ انہی کا نام لیا ہے۔ اس فرمان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر محمد جعفر نے اپنے بہنوی مرزا حمزہ کے انتقال کے بعد

www.shiabookspdf.com

میر مومن صاحب کی جاگیرات اور املاک کی وراثت کی کارروائی اٹھائی اور بادشاہ سے استدعا کی کہ یہ تمام جائداد میر صاحب کے نبیروں کے نام پر بحال کی جائے۔ اس موقعہ پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سلطان عبداللہ کا وہ فرمان نقل کر دیا جائے جو میر محمد جعفر کی کوشش سے جاری ہوا تھا اور جس کے بعض اقتباسات ہم نے اس کتاب میں مختلف جگہوں پر نقل کئے ہیں۔[1]

فرمان عبداللہ قطب شاہ

فرمان جہاں مطاع آفتاب ارتفاع از دیوان ہمیوں خلافت مشحون بجانب کارکناں و دیسایانِ حال و مستقبل پرگنہ ابراہیم پٹن وغیرہ بعنایات وافرہ مستظہر بودہ بدانند کہ چوں سیادت و نجابت پناہ افاضت و افادت دستگاہ، قدوۂ اسوۃ المدققین، مرتضی ممالک اسلام، مقتدائے طوایفِ انام، خلاصہ اولادِ رسول، زبدۂ احفادِ بتول، میر محمد مومن مبلغے خطیر مال خود خرچ کردہ در موضع راوریال عرف مومن پور پرگنہ مذکور یک تالاب بستہ و در مصطفیٰ باد عرف میر پیٹھ دو قطعہ تالاب بستہ و باغ نارجیل و درختان مثمرہ نشاندہ دو مسجد کلاں احداث فرمودہ ملک و میراث برائے خود و باولاد و احفاد خود...... بعفران پناہ محمد قلی قطب شاہ عرض کردہ و عرض میر مرحوم بخاطر مبارک آوردہ سوائے ملک و میراث تالاب ہا وغیرہ ایشاں، شش دیہات بدل انعام بنام میر معزالیہ و باولاد و احفاد او مرحمت کردہ دادہ بودند بعد ازاں میر مرحوم رحمت خواست۔ میر جعفر وغیرہ نبیرہائے او بحضور عالی استدعا نمودہ بجا...... مبارک آوردہ حکم عالی متعالی صادر گشتہ کہ

[1] یہ فرمان مولوی میر عباس علی صاحب کے یہاں محفوظ

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کی جاگیرات سے متعلق عبداللہ قطب شاہ کا فرمان

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

دسبند تالاب ہا محصول باغ و دیہات وغیرہ از استقبال غرۂ جمادی الثانی سنہ احدی و اربعین الف سال بسال در وجہ انعام باولاد و احفاد بیہ مرحوم الیٰ ماتوالدو او تناسل مرحمت فرمودیم۔ و بارز مواضع مزبور را در وجہ انعام نبیرہ ہائے میر مذکور مجری دانستہ جاری و مضی و مستمر دارند۔ و محصول حاصلات دسبند تالاب ہا و ملک و میراث و مواضع مسطور متصرف میر محمد جعفر وغیرہ نبیرہ ہائے میر مرحوم واگذارند۔ و از کل تکلیفات دیوانی و کل قانون قدیمی و جدیدی اسمی و رسمی معاف دانستہ متعرض و مزاحم حال نگردند۔ و ہر کس از راہ طمع بخلاف مضمون ایں فرمان عنایت عنوان تبدیل و تحریف جایز دانستہ بمواضع مزبورہ انعام میر سابق الذکر مزاحم شود بغضب و سخط آفریدگار گرفتار آید۔ و از شفاعت شفیع روز جزا محمد مصطفےٰ صلعم بے نصیب و بے بہرہ گردد۔ فمن بدلہٗ بعد ما سمعہٗ فانما اثمہٗ علی الذین یبدلونہٗ و بہیچ وجہ من الوجوہ مزاحم نشوند۔ و ہر سال عذر فرمان مجدد نکنند و ہمیں فرمان ابدالآباد رواں دارند۔ و تعلیق نوشتہ گرفتہ آمد فرمان ہمایوں یاد دہند و بحکم فرمان عالی روند۔

بتاریخ ۲۲ رماہ جمادی الاول سنہ ۱۰۵۰ھ

موضع راوریال　　موضع مصطفےٰ آباد　　موضع مامرپلی　　موضع جرلہ پلی

پرگنہ ابراہیم پٹن　　عرف میر بیٹھ　　حویلی حیدرآباد

موضع اوپل　　موضع کنگرہ

حویلی حیدرآباد

www.shiabookspdf.com

اس فارسی عبارت کے نیچے تلنگی میں بھی لکھا گیا ہے۔ اور تاریخ و سنہ کے محاذی غالباً سلطان عبداللہ کے دستخط ہیں اور حاشیہ پر چار پانچ چھوٹی چھوٹی مہریں ہیں جن میں سے ایک غالباً عبداللہ قطب شاہ کی ہے اور دوسری شاہ کمال الدین الحسینی کی۔

غرض میر محمد جعفر نے اپنے والد اور دادا کے انتقال کے ۱۶ سال بعد ان کے ورثہ پر پوری طرح سے قبضہ حاصل کیا۔ فرمان سے اس امر کا بھی پتہ چلتا ہے کہ میر صاحب کے پس ماندگان غرۂ جمادی الثانی ۱۰۴۱ھ سنہ سے اس جائداد سے محروم ہو گئے تھے اس لئے بادشاہ نے ان کے قبضہ کو اسی تاریخ سے بحال قرار دیا ہے۔ اس کی کوئی وجہ معلوم نہ ہوی کہ میر صاحب کے انتقال کے صرف سات سال بعد ایسے کیا واقعات پیش آئے تھے کہ ان کی جاگیرات وغیرہ ان کے پس ماندوں کے قبضہ سے نکل گئیں۔ ممکن ہے کہ ان خاتون اور میرزا حمزہ کے ناخوشگوار تعلقات اسکا باعث ہوں۔

میر محمد جعفر کی لیاقت

میر محمد جعفر کو ان کے دادا اور والد نے اچھی تعلیم دی تھی۔ چونکہ یہ فرزند اکبر تھے اس لئے ان میں باپ اور دادا کی نیکیاں اور لیاقت کی جھلکیں ضرور نمودار تھیں۔ چنانچہ علی ابن طیفور بسطامی نے اپنی تاریخ حدائق السلاطین میں ان کا ذکر نہایت اچھے الفاظ میں کیا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ نیک اور خوش خو ہونے کے علاوہ اچھے ادیب اور لائق و فاضل بھی تھے۔ اور اپنے والد کے دیوان کو مرتب کر کے اس پر منشیانہ دیباچہ بھی لکھا تھا۔ تاریخ میں لکھا ہے۔

"و پسر او سید حمید ہ سیر فضیلت گستر سید جعفر بعد از فوت والد عالی قدر اشعار متفرقہ او را جمع ساختہ و دیباچہ منشیانہ براں نگاشتہ"[1]

---

[1] دیکھو حدائق السلاطین ورق ۱۹۱ ا۔

www.shiabookspdf.com

میر محمد جعفر کی اولاد

میر جعفر کی اولاد میں صرف ایک دختر کے متعلق معلومات حاصل ہوئیں جو میر جعفر ماژندرانی سے بیاہی گئی تھیں۔ ان کے ایک فرزند سید حسن تھے جنھوں نے ۶ رجمادی الاول سنہ ۱۰۶۰ھ سے قبل انتقال کیا تھا۔ اور اپنے ورثا میں ایک زوجہ سکینہ بانو (بنت میر مقصود علی ولد میر ہاشم) اور ایک سے زیادہ فرزند چھوڑے تھے جن میں سب سے بڑے سید جعفر تھے۔ ان لوگوں نے ۶ رجمادی الاول سنہ ۱۰۶۰ھ کو سید حسن نبسہ میر محمد جعفر کے ورثہ کی تقسیم کے سلسلہ میں ایک صلحنامہ لکھا تھا جو مولوی عباس علی صاحب (حال سجادہ میر محمد مومن) کے یہاں موجود ہے اور جس سے پتہ چلتا ہے کہ سید حسن کی زوجہ سکینہ بانو بنتِ میر مقصود علی ایک ہزار تین سو روپیہ شاہجہانی حاصل کر کے سید حسن کے متروکہ سے دست بردار ہوگئی تھیں۔

اس کاغذ کی پیشانی پر مفتی احمد بن محمد کی مہر سنہ ۱۰۶۰ھ کی اور حاشیہ پر حسب ذیل تین مہریں ثبت ہیں[1]۔

محمد انور (سنہ ۱۰۵۰ھ)　　محمد فاضل رضوی (سنہ ۱۰۱۴ھ)　　ہوالافضل (سنہ ۱۰۶۵ھ)

سید جعفر ولد سید حسن کے بعد غالباً میر مجد الدین محمد کے بڑے فرزند میر محمد جعفر کی اولاد کا سلسلہ منقطع ہوگیا اس لئے اب تک میر صاحب کی جس اولاد کا تذکرہ لکھا گیا ہے اس کا شجرہ ہم یہاں

---

[1] یہ کاغذ اس عبارت سے شروع ہوتا ہے "اقرار صحیح و معتبر شرعی نمود عصمت پناہ مسماۃ سکینہ بنت میر مقصود علی ولد میر ہاشم زوجۂ سید حسن متوفی بن میر جعفر ماژندرانی درحالت صحت نفس و ثبات عقل بدیں وجہ کہ ابراکرد و گذشت از ہر دعوئے و خصومتے و بحثے کہ داشت بر ورثہ سید حسن متوفی مذکور خصوصاً از دعوی حصہ ارث خود۔" وغیرہ

www.shiabookspdf.com

نقل کر دیتے ہیں۔

میر محمد مومن

میر مجد الدین محمد

دختر (زوجہ مرزا احمد استرآبادی) — میر محمد جعفر — میر محمد شفیع — میر محمد مقیم

میر محمد جعفر

دختر (زوجہ میر جعفر مازندرانی)

سید حسن

سید جعفر

میر محمد شفیع اور ان کی اولاد

میر صاحب کے دوسرے نبیرے میر محمد شفیع تھے۔ جن کی اولاد اب تک موجود ہے۔ چنانچہ حال سجادہ نشین حضرت میر مومن ان ہی کی نسل میں ہیں۔ ایک محضر سے پتہ چلتا ہے کہ ان کی زوجہ زہرا بیگم میر محمد رضائے معمائی کی دختر تھیں[1]۔ جن کے

---

[1] یہ محضر ۱۱۸۵ھ میں لکھا گیا تھا جس پر حسب ذیل اصحاب کی مہریں ثبت ہیں:۔
(۱) محمد عاقل یار خاں فدوی آصف الدولہ ۱۱۶۰ھ۔ (۲) محمد عزیز ۱۱۴۲ھ۔ (۳) تجلی علی ۱۱۸۰ھ۔ (۴) بدیع الزماں خاں ۱۱۸۲ھ (۵) محمد ذاکر ولد مرزا اسعد قلی بیگ ۱۱۲۹ھ

www.shiabookspdf.com

بطن سے اِن کے ایک فرزند سید محمد اور تین دختراں (یعنے فخرالنساء، خیرالنساء، اور شاہ بیگم) ان کے بعد بھی زندہ رہیں۔

محمد شفیع نے ابوالحسن قطب شاہ کے عہد میں اُس وقت انتقال کیا جب کہ مادنا دیوان کا دَور دَورہ تھا چنانچہ ان کے انتقال کے بعد میر صاحب کی جو جاگیرات ان کی اولاد کے قبضہ میں چلی آرہی تھیں وہ سب ضبط کرلی گئیں۔ اور اُس وقت خاندان میں کوئی ایسا بڑا آدمی باقی نہ رہا تھا جو پیروی اور کوشش کرکے یہ جاگیرات حاصل کرتا چنانچہ ۵ رمضان سنہ ۱۱۰۶ھ کو میر محمد شفیع کے ورثاء سید محمد (فرزند) شاہ بیگم، فخرالنسا بیگم اور خیرالنسا بیگم (دختران) اور زہرا شاہ (زوجہ) نے ایک محضر قلمبند کیا تھا جس میں لکھا ہے کہ :—

"بعد از پدرم ماہائے مقررین طفلان و یتیمان و بیوہائے بےکس و بے وسیلہ دیدہ مادھو زناردار از راہ تعدی ظلم صریح نمودہ ہمہ دیہات انعام را متعلق بت خانۂ خود کردہ و مساجد آں جد بزرگوار مطلق بے چراغ نمودہ"۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ (۶) رحمان قلی بیگ سنہ ۱۰۸۳ھ (۷) قائم روشن شاہ متولی پنجہ مبارک سنہ ۱۰۸۱ھ

(۸) سید امین خاں بہادر (۹) شاہ قطب الدین محمد ولد سید مخدوم۔

ان مہروں میں شاہ تجلی علی مشہور خطاط و مصور اور مولف تزک آصفیہ کی مہر خاصکر قابل توجہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاہ تجلی کے اس خاندان سے اچھے مراسم تھے چنانچہ حال سجادہ نشین صاحب میر مومن کے یہاں شاہ تجلی علی کا لکھا ہوا ایک قطعہ بھی نظر سے گذرا جس کا عکس ادارہ ادبیات اُردو میں محفوظ کرلیا گیا ہے۔

www.shiabookspdf.com

یہ ایک طویل محضر ہے اور اس میں سید محمد ولد میر محمد شفیع نے میر صاحب کی جملہ جاگیرات اور جائداد کی تفصیل پیش کی ہے اور لوگوں سے شہادت طلب کی ہے کہ اس محضر میں جو واقعات درج ہیں وہ صحیح ہیں یا نہیں۔ چنانچہ اس محضر کے حاشیہ پر متعدد شہادتیں اور مہریں ۱۰۹۷ھ اور ۱۰۹۹ھ کی ثبت ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:—

(۱) سید احمد ابن سید رحمت اللہ ۱۰۹۹ھ۔ (۲) بندۂ درگاہ یوسف بن ایتون ۱۰۹۷ھ۔
(۳) رفیع الدین منشی عالمگیر شاہ (۴) صدر الدین سید محمد محمود ۱۱۰۱ھ (۵) علی بیگ ولد حسین بیگ (۶) عبداللطیف بن محمود ۱۱۱۲ھ (۷) ہدایت اللہ ولد نعمت اللہ ۱۱۱۷ھ
(۸) خان زماں بندۂ عالمگیر بادشاہ ۱۰۷۳ھ۔ وغیرہ

میر سید محمد

اس محضر کے علاوہ سید محمد بن میر محمد شفیع کا لکھا ہوا ایک اور محضر بھی مولوی عباس علی صاحب کے یہاں موجود ہے۔ یہ ۲ شعبان ۱۱۴۰ھ کو لکھا گیا تھا جس میں سید محمد نے اس بات کی شہادت طلب کی ہے کہ وہ میر محمد مومن کے نبیرہ زادہ اور بیوبچی بیگ کے نواسہ زادہ ہیں۔ اس محضر پر حسب ذیل اصحاب کی شہادتیں درج ہیں:—

حاجی منصور فدوی محمد فرخ سیر بادشاہ غازی ۱۱۲۵ھ۔ محمد کاظم فدوی محمد فرخ سیر بادشاہ ۱۱۲۵ھ۔ مرزا مہدی خاں صفوی ۱۱۳۱ھ۔

غرض سید محمد نے اپنے اجداد کی جاگیروں کے حصول کی بے حد کوشش کی لیکن یہ نہ معلوم ہوسکا کہ ان کو اس میں کامیابی ہوئی تھی یا نہیں۔ البتہ اتنا یقینی ہے کہ انھوں نے بڑی

www.shiabookspdf.com

عمر میں ۱۱۸۵ھ سے قبل انتقال کیا کیونکہ اس سال ان کے فرزند میر محمد حسین نے ایک محضر لکھا تھا جس میں اس امر کی شہادت طلب کی تھی کہ میر محمد رضائے معمائی کی دختر زہرا بیگم ان کی دادی یعنے میر سید محمد کی والدہ تھیں اور اس محضر پر شاہ تجلی علی کی مہر بھی ثبت ہے جس کا ذکر ابھی گذر چکا ہے۔

میر محمد حسین اور میر کاظم علی

میر سید محمد کے دو فرزندوں میر محمد حسین اور میر کاظم علی کا ذکر ایک اقرار نامہ میں ملتا ہے جو یکم جمادی الاول ۱۱۸۷ھ کو لکھا گیا تھا۔ اس میں سید حسین ولد سید جلال داماد سید محمد بن سید لار محمد بن شاہ محمد بن ملا تیمی نے اس امر کا وعدہ کیا ہے کہ میر محمد حسین و میر کاظم علی ابنان میر سید محمد مرحوم اور مسماۃ خدیجہ بیگم ورثہ میر محمد مومن کو سال بسال عرس کے اخراجات دیا کروں گا۔ اس محضر کا تذکرہ اس کتاب کے صفحات ۸۲ و ۸۳ پر درج ہے۔

میر علی

میر محمد حسین کے ایک فرزند میر علی اور ایک دختر مخدوم بی بی تھیں۔ اور خود میر علی صاحب کے تین فرزند میر فتح علی، میر فضل علی اور میر جعفر علی اور تین دختران تھیں۔ میر جعفر علی ایک ماں کی بطن سے اور ان کے دوسرے بھائی اور بہنیں دوسری ماں کے بطن سے تھے۔ اور ان سب کا تذکرہ اور ورثہ کی تقسیم وغیرہ ایک اقرار نامہ میں درج ہے جو ۱۲۱۱ھ میں لکھا گیا تھا اور اس وقت مولوی عباس علی صاحب کے یہاں محفوظ ہے۔

میر فتح علی

میر علی صاحب کے فرزند کلاں اور جانشین تھے۔ میرن صاحب عرف تھا۔ ان کی بھی دو بیویاں تھیں۔ ایک کے بطن سے میر عباس علی اور دوسری سے زین العابدین عرف میر بادشاہ اور دو بہنیں زندہ رہیں۔

www.shiabookspdf.com

میر عباس علی

میر عباس علی میر فتح علی کے جانشین ہوئے ان کی والدہ مرزا بابر علی بیگ ولد مرزا بشیر بیگ ولد مرزا بابر علی بیگ کی دختر تھیں انھوں نے ۱۲۸۹ھ میں انتقال کیا ان کے انتقال کے وقت ان کے اکلوتے فرزند میر حیدر علی کی عمر صرف دو سال کی تھی۔

میر حیدر علی

یہ حال سجادہ نشین مولوی میر عباس علی صاحب کے والد تھے۔ مولوی عبدالجبار خاں نے محبوب الزمن میں جو لکھا ہے کہ حیدر علی کو خانخاناں کے یہاں سے کوئی منصب مقرر تھی اس کی نسبت میر عباس علی صاحب کا بیان ہے کہ یہ صحیح نہیں کیونکہ خانخاناں نے ان کو شرافت نسبی کی بنا پر اپنے فرزند شجاع الملک کا مصاحب بنایا تھا۔ ان کو صرف خاص مبارک سے فرمان کوٹ اور وردمان کوٹ جاگیرات کے صلہ میں ۴۴ روپے ماہوار ملا کرتے تھے جواب ان کے فرزند عباس علی صاحب کو بھی ملتے ہیں۔

فرمان کوٹ اور وردمان کوٹ دونوں جاگیریں میر مومن صاحب کے عود وگل کے اخراجات کے لئے آصفجاہی دور میں ان کی اولاد کے نام جاری ہوئی تھیں۔ اعتصام الملک کے عمل میں ان جاگیرات سے گیارہ سو تیس ۱۱۳۰ روپیے سالیانہ میر محمد شفیع کی اولاد کو ملتا تھا۔ بعد کو یہ جاگیریں داخل خالصہ کر کے ماہانہ منصب مقرر کر دی گئی جو اب تک جاری ہے۔

اس منصب کے علاوہ میر مومن صاحب کا جو عاشور خانہ مولوی عباس علی صاحب کے مکان پر ہر محرم میں استادہ ہوتا ہے اس کا معمول بھی صرف خاص سے پچاس روپیہ سالانہ جاری ہے۔ عاشور خانہ کے علم قدیم ہیں جن کی تصویر اس کتاب میں شامل ہے۔

میر عباس علی

میر حیدر علی مرحوم کے اکلوتے فرزند ہیں [illegible]

www.shiabookspdf.com



اوپر۔
عاشور خانہ میر محمد مومن
کے علم جو ان کے نبیرہ
میر عباس علی صاحب
کے یہاں اب بھی استاد
ہوئے ہیں۔

نیچے۔
مولوی میر عباس علی صاحب
(نبیرہ میر محمد مومن)
اور ان کے فرزند۔

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

تاریخ اور علم وفضل کا بھی اچھا ذوق حاصل ہے چنانچہ اپنے جدامجد کی اس حیات کی ترتیب میں مولف کی بڑی مدد کی اور اپنے یہاں کے جملہ تاریخی کاغذات سے استفادہ کا موقع دیا۔ ان کے یہاں میر صاحب کا مستعملہ ایک قرآن مجید اور صندل کا چنور محفوظ ہے اور یہ دونوں چیزیں قابل زیارت ہیں۔

میر مجدالدین کے دوسرے فرزند میر محمد شفیع کی اولاد کا شجرۂ نسب یہ ہے۔



www.shiabookspdf.com

میر محمد مقیم اور انکی اولاد یہ میر صاحب کے غالباً سب سے چھوٹے بیرے تھے اور ان کا ذکر میر محمد حسین ولد میر سید محمد بن میر محمد شفیع کے اس محضر میں درج ہے جو ۱۱۸۵ھ میں لکھا گیا تھا[1]۔ اس میں لکھا ہے کہ

"خلف الصدق میر صاحب (میر مومن) مغفور مذبور میر مسجدی محمد (میر مجدالدین محمد) قدس سرہٗ و فرزند ایشاں میر محمد مقیم وخلف صدق ایشاں میر محمد رضائے معمائی علیہ الرحمہ از بطن میر محمد رضائے معمائی مسطور دو دختہ۔ یکے فاطمہ بیگم لا ولد و دوم زہرہ بیگم" وغیرہ۔

اس محضر میں میر محمد رضا خلف میر محمد مقیم کے کسی فرزند کا ذکر نہیں ہے لیکن اس کتاب کی اثنائے تالیف میں ایک صاحب سید پادشاہ ساکن محلہ سلطان شاہی مولف سے ملے اور انھوں نے اپنے جو خاندانی کاغذات دکھائے ان سے پتہ چلتا ہے کہ میر محمد رضا کو ایک فرزند بھی تھے جن کا نام تھا میر محمد علی۔ چنانچہ سید بادشاہ خود کو انہی کی اولاد کہتے ہیں اور ان کے کاغذات کے مطابق میر محمد مقیم کی اولاد کا سلسلہ اس طرح ملتا ہے۔

میر محمد علی کے فرزند میر زین العابدین اور ان کے فرزند میر شمس الدین علی خاں میر شمس الدین علی خاں کی زوجہ مجید النسا بیگم تھیں جن کا سلسلہ نسب یہ تھا مجید النسا بنت میر ابراہیم ابن میر مومن ابن میر علی اکبر ابن میر ہاشم ابن میر سلیمان ابن میر حاجی محمد شاہ ابن سید اسحاق داصل حق

---

[1] اس محضر کی تفصیل کے لئے اسی کتاب کا صفحہ ۲۵۶ و ۲۵۷ ملاحظہ ہو۔

www.shiabookspdf.com

ابن میر اسمٰعیل ابن میر نجم الدین ابن میر شمس الدین ابن سید جعفر ابن میر عبدالواحد ابن میر اسحٰق ابن سید محمد علی ابن سید شمس یحییٰ ابن سید سلطان ابن میر علی شمشیر برہنہ ابن میر احمد سرّی ابن میر علی سرّی ابن سید واجدین ابن امام موسیٰ کاظم۔

میر مومن علیخاں میر شمس الدین علی اور مجید النساء بیگم سے ایک فرزند میر مومن علی خاں یادگار تھے جن کی دو بیویاں تھیں۔ ایک اولیا بیگم بنت میر محمد باقر ابن میر ببر علی اور دوسری عالی بیگم بنت میر محمد شریف ابن میر ابوطالب ابن میر محمد شفیع۔ زوجہ اول الذکر سے ایک فرزند میر حسین علی اور زوجۂ ثانی الذکر سے دو فرزند میر خیرات علی اور میر حیدر علی زندہ رہے۔ ان تینوں فرزندوں میں سے صرف میر خیرات علی کی اولاد کا پتہ چلتا ہے۔

میر خیرات علی میر خیرات علی کی بھی دو بیویاں تھیں۔ ایک جمال النسا اور دوسری سکندر بیگم بنت دردانہ بیگم بنت میر مراد علی خاں ابن میر ذوالفقار علی خاں ابن سید فتح علی خاں ابن اقتدار جنگ ابن میر موسوی خاں۔ زوجہ اول الذکر سے چار فرزند میر محمود علی، میر محسن علی، میر بہبود علی میر قنبر علی اور دو دختراں تھیں۔ اور دوسری زوجہ سے بھی تین فرزند محب علی عرف مصطفےٰ علی میر عباس علی اور میر برکت علی اور ایک دختر تھیں۔

میر برکت علی نجیب برکت علی نجیب ایک اچھے شاعر تھے۔ ان کا قلمی دیوان موجود ہے۔ وہ غزلوں کا ایک ماہوار گلدستہ "نازونیاز" عرصہ تک شائع کرتے رہے۔ نازونیاز کے ایک گلدستہ کے لئے حضرت غفران مکاں آصفجاہ سادس نے اپنی ایک غزل فصیح الملک مرزا داغ کے توسط سے روانہ کی تھی۔ چنانچہ مرزا داغ نے ان کے نام جو خط لکھا تھا وہ سید بادشاہ صاحب

www.shiabookspdf.com

خلف برکت علی نجیب کے یہاں موجود ہے اور چونکہ میرزا داغ کا ایک غیر مطبوعہ خط ہے اس لئے اسکی نقل درج ذیل ہے :۔

اعلیحضرت بندگان متعالی مدظلہ العالی دام اقبالہ — مورخہ ہشتم جمادی الآخر ۱۳۱۵ھ

شنبہ وقت ۱۲ بجے

جناب میر صفا کرم گستر مخلصان بلاغت نشان میر برکت علی صاحب نجیب سلمہ اللہ تعالی

میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ — نے اپنی غزل درج گلدستہ کرنے کیلئے

آپ کو مرحمت فرمائی۔ (تاکہ) اس سے گلدستہ (کو) فخر و عزت و وقعت حاصل ہووے۔

یہ طرح آپ کے گلدستہ کی ہے۔ جو پہلی طرح ہوی ہے اس کو بطور مناسب سپاسنامہ کے ساتھ آئندہ گلدستہ میں چھاپ کر مشتاقوں کو بہرہ مند فرمائیے۔ مترصد کہ غزل شاہی کی رسید مسمی محمد حسین ملازم حامل تحریر ہذا کے ہاتھ عنایت فرمائیے کہ سرکار میں پیش ہو گی۔ زیادہ شوق است و بس۔

راقم ہیچمداں

فصیح الملک داغ دہلوی

محبوب گنج

میر محمد مومن عرف سید بادشاہ

برکت علی نجیب کے دو فرزند سید ہدایت حسین اور میر محمد مومن اور ایک دختر تھیں۔ میر محمد مومن اپنے عرف سید بادشاہ سے مشہور ہیں۔ محلہ سلطان شاہی میں مقیم ہیں۔ معمر آدمی ہیں ان کو فرزند نرینہ نہیں ہے۔ ان کے یہاں ایک تاریخی پھریرا ہے جس کا ذکر اس کتاب کے

www.shiabookspdf.com

صفحہ ۲۴۶ پر درج ہے ۔ ان کے یہاں جو خاندانی شجرہ ہے اس میں حضرت میر محمد مومن پیشوا کے آباواجداد کے نام بھی درج ہیں لیکن خود میر صاحب کے والد کا نام غلط لکھا ہوا ہے[۱] ۔

میر محمد مقیم کی اولاد کا بیان ختم کرنے کے بعد انکا شجرہ درج کیا جاتا ہے ۔

- میر محمد مومن
  - میر مجدالدین محمد
    - میر محمد مقیم
      - میر محمد رضا
        - فاطمہ بیگم
        - زہرا بیگم
        - میر محمد علی
          - میر زین العابدین
            - میر شمس الدین علی خاں
              - میر مومن علی خاں
                - میر حسین علی
                - میر خیرات علی
                  - میر محمود علی
                  - میر محسن علی
                  - میر قنبر علی
                  - میر بہبود علی
                  - میر محب علی
                  - میر عباس علی
                    - دختر
                  - میر برکت علی
                    - سید ہدایت حسین
                    - میر محمد مومن عرف سید بادشاہ
                    - دختر
                  - تین دختران
                - میر حیدر علی

۱ے اس شجرہ میں میر صاحب کا سلسلہ نسب یوں لکھا ہے :- میر محمد مومن پیشوا ابن سید سلیمان ابن سید یعقوب ابن سید محبوب ابن سید سبحان ابن سید رحمان ابن سید سلطان ابن سید احمد ابن سید نور خدا ابن سید شمس ابن سید اسحاق ابن سید محمد عبداللہ ابن علی موسیٰ رضا ۔

www.shiabookspdf.com

میر صاحب کے دیگر اقربا

میر مومن صاحب کی اولاد سے متعلق جو کاغذات ان کے موجودہ سجادہ نشین مولوی میر عباس علی صاحب کے یہاں موجود ہیں ان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر صاحب کے ایک بھائی میر شاہ علی تھے جو میر صاحب کی اولاد کی طرح محلہ میر مومن میں دارالشفائے شاہی کی عمارت کے عقب میں رہا کرتے تھے۔ اور وہیں اس وقت ان کا مزار بھی واقع ہے جو ایک چار دیواری میں محصور ہے۔

میر شاہ علی برادر میر محمد مومن

میر شاہ علی بھی اپنے بھائی کی طرح ایک اہل اللہ بزرگ تھے اور ان کے کشف و کرامات کے قصے اب تک مشہور ہیں۔ ممکن ہے کہ ان کی اسی بزرگی کے خیال سے ان کو دائرہ میر صاحب کی بجائے انہی کے مکان یا جائے وفات میں دفن کر دیا گیا انھوں نے ۱۰۱۹ھ کے قبل ہی انتقال کیا تھا۔ ان کی اولاد سے متعلقہ کاغذات دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ان کی اولاد نرینہ غالباً اب باقی نہیں ہے کیونکہ ان کے فرزند میر قربان علی اور نبیرے میر عبداللہ نے ۱۱۴۸ھ سے قبل انتقال کیا تھا۔ میر عبداللہ کے فرزند میر سید حسین تھے جن کے ایک محضر مورخہ ۱۱۴۸ھ کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۳۵ پر گذر چکا ہے۔

میر مومن صاحب اور شاہ علی صاحب کی اولاد کے آپس میں اتنی یگانگت تھی اور شادی بیاہ کے ایسے رشتے ہوئے کہ آخر کو دونوں کی اولاد ایک دوسرے میں ضم ہو گئی چنانچہ اب میر عباس علی صاحب ہی میر شاہ علی صاحب کی درگاہ کے سجادہ اور وارث ہیں۔

www.shiabookspdf.com

نواں حصّہ

دائرہ

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

حضرت میر مومن کے دائرے کا ذکر اس کتاب میں بارہا آچکا ہے[1]۔ اور سچ تو یہ ہے کہ آج ان کا نام محض ان کے اسی دائرہ کی وجہ سے زندہ اور مشہور خواص وانام ہے۔ اور کیوں نہ ہوتا جب کہ سب جانتے ہیں کہ میر صاحب کا طبعی رجحانِ فیض رسانی اور خدمت خلق کا جذبہ اس کی تیاری و تعمیر کا باعث ہے۔ عبدالجبار خاں نے محبوب الزمن میں بالکل ٹھیک لکھا ہے کہ :-

مقصد

"میر موصوف ہمدرد قوم تھا۔ اُس زمانہ میں دیار و امصار سے اکثر اہل کمال اس ملک میں وارد ہوتے تھے۔ شہر میں مسافر خانوں وغیرہ مقامات میں جہاں موقع پاتے تھے فروکش ہو جاتے تھے۔ بمصداق اذا جاء اجلھم لا یستاخرون۔ ابھی کامیاب نہ ہوتے تھے کہ مسافر عدم ہوتے۔ ان بے چارے غربا کی تجہیز و تکفین پوری طور سے نہیں ہوتی تھی اور دفن و غسل کا برابر بندوبست نہیں ہوتا تھا۔"

غرض ایسے مسافروں اور غریبوں کی آخری منزل کے انتظام کا خیال میر صاحب جیسے نیک اور مخیر کے دل میں پیدا ہونا ضروری تھا۔ چنانچہ انھوں نے شہر حیدر آباد کی تعمیر کے ساتھ ہی ایک دائرے کی تعمیر کا بھی ارادہ کر لیا۔ یوں بھی وہ جانتے تھے کہ ایک معیاری اور باضابطہ شہر کے لئے ضروری ہے کہ ایک اچھا اور باموقع قبرستان بھی ہو۔ اس لئے انھوں نے شہر کی تکمیل کی خاطر یہ کام

---

[1] دیکھو صفحات ۵۰ - ۵۱ - ۲۳۰ - وغیرہ

www.shiabookspdf.com

نو دا انجام دیا۔

محل وقوع

معلوم ہوتا ہے کہ شہر کی تعمیر کے وقت جب میر صاحب نے دائرہ کے لئے زمین کا انتخاب کرنا چاہا تو پہلے شہر کی جانب مشرق وہ مقام پسند کیا جو اب دروازہ یاقوت پورہ کا بیرونی حصہ کہلاتا ہے۔ چنانچہ میر صاحبؒ نے وہاں کی زمین خرید بھی لی تھی۔

گلزار آصفیہ میں لکھا ہے:۔

"بیرون دروازہ یاقوت پورہ زمینے خریدہ وقف ساختند۔ بعد ازاں ایں زمیں دائرہ اندرون بلدہ کہ خود ہم درآنجا مدفون اندبخوش خریدی گرفتہ۔"

صفحہ ۶۱۱۔

موجودہ جگہ کا انتخاب ہر حیثیت سے موزوں تھا۔ اس کو صحیح معنوں میں نقاش کا نقش ثانی سمجھنا چاہیئے جو بالعموم نقش اول سے بہتر ہوتا ہے۔ بعد کے زمانوں میں حیدرآباد کی آبادی کا رُخ بدل جانے اور محمد قلی قطب شاہ کی بنائی ہوی اصلی ترتیب کے باقی نہ رہنے کے باعث یہ دائرہ آبادی میں محصور ہوگیا۔ جس کی وجہ سے اس کے محل وقوع کی خوبی متاثر ہوی۔ اور میر مومن صاحب نے جن خصوصیتوں کی بنا دپر اس کو منتخب کیا تھا ان کی اہمیت باقی نہ رہی۔

مقام کی موزونیت

غرض تاریخی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ میر صاحب کی نظر انتخاب کتنی اچھی تھی۔ انھوں نے دائرہ کے موجودہ مقام کو چند وجوہ کی بنا دپر پسند کیا تھا۔ مثلاً

سب سے پہلی وجہ یہ تھی کہ اس جگہ پہلے ہی سے دو بزرگوں یعنے حضرت شاہ چراغ

www.shiabookspdf.com

دائرہ میر محمد مومن کے دو منظر

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

اور حضرت نور الہدیٰ کی درگاہیں زیارت گاہ خواص و عوام تھیں۔ (ان دونوں کا ذکر آئندہ صفحات میں تفصیل سے کیا جائے گا)۔

دوسری وجہ یہ تھی کہ یہ مقام اس مشہور شاہراہ پر واقع تھا جو دارالسلطنت سے مچھلی بندر، سیکاکول اور قطب شاہی سلطنت کے سب سے بڑے یعنے مشرقی و جنوبی صوبوں کو جاتی تھی۔ اور اس لئے گذرگاہ عام پر واقع ہونے کی وجہ سے یہ مقام ہمیشہ آباد اور بارونق رہتا تھا اور گولکنڈہ سے نکلتے ہوئے یا گولکنڈہ کو جاتے ہوئے قافلوں اور لشکروں کی پہلی یا آخری منزل کا کام دیتا تھا۔

تیسری وجہ یہ تھی کہ محمد قلی قطب شاہ نے قلعہ گولکنڈہ کی فصیل سے جانب مشرق دُور دُور تک جو میدان اور زمینیں ایک عظیم الشان شہر کی تعمیر کے لئے منتخب کی تھیں یہ جگہ ان سب کے آخر میں جانب جنوب واقع تھی۔ اس طرح پوری آبادی سے علحدہ ہونے کے باوجود شہر سے قریب تر تھی۔

چوتھی وجہ یہ کہ حیدرآباد کے محلوں اور بازاروں کی اصلی ترتیب کے لحاظ سے یہ دائرہ اُن محلوں سے متصل تھا جو ایرانی امراء اور شہر کے عمائدین کے قیام کے لئے منتخب کیا گیا تھا۔

پانچویں مصلحت یہ تھی کہ ہمعصر سلطنتوں (احمد نگر، بیجاپور، بیدر، اور دہلی) کے سفیر اور امیر جن راستوں سے شہر حیدرآباد میں داخل ہوتے تھے ان کی آخری حد پر یہ مقام واقع تھا۔ یعنی اُس طرف سے آنے والے قبرستان پر سے گذرنے کی جگہ پہلے بادشاہی عاشور خانے محلات شاہی، جلوخانۂ پادشاہی (موجودہ چار کمان)، جامع مسجد اور چار مینار تک پہنچتے تھے۔

www.shiabookspdf.com

جس کی وجہ سے شہر کی رونق زندگی اور شان و شکوہ کا بڑا اچھا اثر پڑتا تھا۔ یہی اثر تھا کہ جب شہنشاہ اورنگ زیب غازی پہلی دفعہ شہر حیدرآباد میں داخل ہوئے تو ان کی زبان سے بے تحاشا نکل پڑا کہ

"ایں بلند بلند چیست ؟"

جس کے جواب میں ان کے ندیم خاص نعمت خان عالی نے عرض کیا کہ :۔

"بلند ہمت بودند عمارتہائے بلند ساختند"۔

غرض جب کئی امور کے لحاظ سے یہ مقام میر صاحب کو پسند آگیا تو انھوں نے اطراف واکناف کی زمینیں اپنی ذاتی رقم سے خریدیں اور بقول عبدالجبار خاں :۔

"اس زمین میں جو کچھ جھاڑی تھی اس کو کٹوایا۔ صاف وہموار میدان بنایا۔ اور کئی لاکھ ہون خرچ کر کے کربلائے معلیٰ کی خاک پاک کو چند جہازیں بھروا کر منگوایا اور اس میدانِ ہموار کو تا بقد آدم کھدوایا اور مٹی کو نکلوایا۔ اس مٹی خارج شدہ کی جگہ کربلائے معلیٰ کی خاک پاک کو ڈلوا کر اس میدان محفوظ کو معمور کر دیا"۔[1]

کربلائے معلیٰ کی خاک

یہ امر ایک حد تک یقینی ہے کہ میر صاحب نے کربلائے معلیٰ سے خاک پاک منگوائی تھی چنانچہ عبدالجبار خاں کے علاوہ غلام حسین خاں نے بھی

---

[1] محبوب الزمن صفحہ ۹۹۲ ۔

www.shiabookspdf.com

گلزار آصفی میں لکھا ہے کہ :-

"خاک پاک کربلائے معلیٰ طلبیدہ پاشیدہ"[1]

گلزار آصفی سے پہلے ماہنامہ میں بھی اس واقعہ کو ان الفاظ میں قلمبند کیا گیا تھا :-

"ہفتاد بار شتراں از خاک کربلائے معلےٰ بر جہاز ہا طلبیدہ در دائرہ گسترانید"[2]

اگرچہ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ میر صاحب نے خاک کربلا اپنے موکل جناتوں کے ذریعہ سے منگوائی تھی لیکن ماہنامہ کی روایت صحیح ہوگی کیونکہ میر محمد مومن جیسے صاحب دولت با اقتدار وزیر مطلق اور پیشوا کے لئے یہ امر مشکل نہ تھا کہ وہ بذریعہ جہاز ستر اونٹوں کے بار کی خاکِ پاک کربلا سے منگوا لیتے۔

دیگر ضروریات دائرہ کے لئے زمین کی خریدی، ہمواری، اور خاک پاک کی فراہمی کے علاوہ میر صاحب کو اور چند امور کا بھی اہتمام کرنا پڑا جن میں سرائے، مسجد، باؤلی، اور حوض کی تعمیر خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دائرہ کی شمالی سمت میں جہاں اب داخلہ کا بڑا دروازہ ہے اور نقار خانہ ہے دونوں طرف بڑی بڑی سرائیں بنائی گئی تھیں تاکہ میتوں کے ہمراہی اور زیارتوں کے لئے آنے والے لوگ ان میں ٹھہر سکیں اور اطمینان کے ساتھ مراسم ادا ہوں۔ لیکن اب ان سراؤں کے نشان بھی باقی نہیں ہیں۔

---

[1] دیکھو صفحہ ۶۱۱ — [2] ماہنامہ ورق ۳۰۶ ا -

www.shiabookspdf.com

وقفنامہ

بہرحال جملہ انتظامات کی تکمیل کے بعد میر صاحب نے اس پورے دائرہ اور اسکے ملحقات کو ایک وصیت نامہ کے ذریعہ سے وقف کر دیا۔ میر صاحب کا یہ وصیت نامہ رفاہ عامہ کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے لیکن افسوس ہے کہ تلاش کے باوجود اب تک کہیں نظر سے نہ گذرا۔ البتہ گلزار آصفی اور محبوب الزمن اور دیگر تاریخوں میں اس وقف کا تذکرہ درج ہے۔ چنانچہ لکھا ہے:۔

"تمام دائرہ وقف کردۂ میر مومن صاحب قبلہ است خرید و فروخت ندارد"[1]

غسالوں کی تعلیم و تربیت

دائرے اور اس سے ملحقہ عمارتوں کو وقف کرنے کے علاوہ غسالوں کی تعلیم و تربیت کے سلسلہ میں میر صاحب نے جو کام کیا وہ اپنی آپ نظیر ہے۔ لکھا ہے کہ:۔

سو غلام و کنیزک خرید کے ان کو بھی ضروری مسائل کی تعلیم دیکر آزاد کر دیا۔ اور ان کو سرکار کی طرف سے معاش و انعام مقرر کر دیا۔ غلام و کنیزک میں آدھے شیعہ اور آدھے سنی تھے۔ اب بھی بدستور غسالوں میں آدھے سنی اور آدھے شیعہ ہیں۔ گویا ہمارے قول کی تصدیق کا محضر ہے۔ اور یہ خدمت ان کے تفویض تھی کہ جہاں میت ہو وہ میت کا غسل اور کفن اپنے ہاتھوں سے کریں اور کسی سے کچھ سوال نہ کریں۔ اس وقت سے حیدرآباد دکن میں غسالی قائم ہوی۔ انہی کی اولاد بڑھتے بڑھتے

---

[1] گلزار آصفی صفحہ ۶۱۱ ۔

www.shiabookspdf.com

غسالوں کی ایک قوم ہو گئی۔" محبوب الزمن صفحہ ۹۹۳۔

صاحب محبوب الزمن کے اس بیان کی تصدیق تاریخ ماہنامہ سے بھی ہوتی ہے جس میں لکھا ہے کہ :۔

غلامانِ خود را مسائل غسل مذہب فریقین تعلیم دہانیدہ چاہ و حوض غسل اموات تیار ساختہ غسالاں را بامر تجہیز و تکفین در دائرہ متعین و مامور نمود۔ چنانچہ تاحال اولاد آنہا بر کار مامورہ مستعد اند[1]"

اسی طرح تاریخ گلزار آصفی میں بھی غسالوں کی نسبت تفصیل سے لکھا ہے۔ اور اس میں تو یہ بھی بتایا ہے کہ میر صاحب نے اپنے سو زر خرید غلاموں کو ہر دو مذاہب کے طریقہائے تجہیز و تکفین سکھا کر نہ صرف آزاد کر دیا بلکہ ان کے رہنے کے لئے دائرے کے قرب و جوار میں متعدد مکان اور دو کانیں بھی بنوادیں اور مدد معاش کے لئے زمینیں بھی دلوادیں تاکہ معاش سے بے نیاز رہ کر خدمت انجام دیں اور کسی کے آگے دست طلب دراز نہ کریں[2]۔

لیکن بعد کو جب کچھ تو زوال سلطنت قطب شاہیہ کے باعث اور کچھ غسالوں کی اولاد کی کثرت یا غفلت کی وجہ سے میر صاحب کے مقرر کئے ہوئے ذرائع آمدنی باقی نہ رہے تو ان غسالوں نے اجرت پر کام کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ آج سے سو سال پیشتر ہی سے یہ غسال اجرت پر کام کرنے لگے تھے۔ اور ان کی بوڑھی عورتیں مردوں کے کپڑے فروخت کرتی تھیں لکھا ہے :۔

---

[1] ماہنامہ ورق ۳۰۶ ا۔ [2] گلزار آصفی صفحہ ۶۱۱۔

www.shiabookspdf.com

"زنانِ عجائز کہن سالہ اینہا رخت بدنی و اسباب پارچۂ اموات را شوب دہانیدہ در چوک بلدہ می فروشند و غربا دیدہ و دانستہ برائے کفایت خرید می کنند"

گلزارِ آصفی صفحہ ۶۱۱ —

دائرے کے مشہور مقابر

یوں تو دائرے کی تیاری کے ساتھ ہی اس میں تدفین کا سلسلہ شروع ہو گیا ہو گا لیکن راقم الحروف کو اس میں کوئی کتبہ ۱۱۰۰ھ سے قبل کا نظر نہ آیا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تیاری اور کربلائے معلیٰ کی خاک پاک کی فراہمی میں کامیابی اس سنہ کے بعد ہی کے دس بارہ سالوں کے اندر حاصل ہوئی ہو گی۔ یہ ضرور ہے کہ ۱۱۰۲ھ تک اس قبرستان میں متعدد میتیں دفن ہو چکی تھیں چنانچہ میر ابو تراب اور سلطان احمد بن حیدر علی کی قبروں پر اسی سنہ کے کتبے موجود ہیں۔ بعد کو یہ دائرہ اتنا مقبول ہوا کہ صرف ڈیڑھ سو سال کے اندر اس میں چھ سات لاکھ میتیں دفن کی گئیں۔ چنانچہ میر صاحب کے نبیرے سید محمد نے اپنے اس محضر (مورخہ ۵ رمضان ۱۱۶۰ھ) میں جس کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۲۵۷ پر گذر چکا ہے لکھا ہے:—

"در مقبرۂ جدم قریب شش و ہفت لک مقابر سادات عظام و مشائخ کرام از عرب و عجم واقع است۔"

شاہ چراغ

دائرہ میں جو مشاہیر دفن ہیں ان کے ذکر سے پہلے ضروری ہے کہ حضرت شاہ چراغ کا مختصر تذکرہ لکھا جائے۔ کیونکہ شاہ چراغ صاحب کا مزار اسی جگہ پر واقع ہونے کی وجہ سے بھی میر صاحب نے اس مقام کو عام قبرستان بنانے کے لئے منتخب کیا تھا۔

www.shiabookspdf.com

شاہ چراغ صاحب کی نسبت گلزار آصفی اور محبوب الزمن میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ نجف اشرف سے حسب الحکم حضرت علی علیہ السلام وارد دکن ہوئے اور قلعہ گولکنڈہ سے چند میل کے فاصلہ پر اس جگہ قیام پذیر ہوئے جہاں اب ان کا مقبرہ واقع ہے۔ اس وقت شہر حیدرآباد کا وجود بھی نہ تھا بلکہ یہاں ایک چھوٹا سا گاؤں چیلم واقع تھا جو ویران جھاڑیوں اور جنگل کے درمیان واقع تھا۔ اور جس میں صرف چند برہمنوں کے مکان تھے شاہ صاحب نے اس موضع کے قریب اس گذرگاہ کے کنارے قیام کیا جو سیکاکول اور راجمندری وغیرہ بندروں کو جاتی تھی۔ اس وقت تک ادہر مسلمانوں کا گذر نہ ہونے پایا تھا۔ برہمنوں نے شاہ صاحب کی درویشانہ متوکل زندگی اور تصرفات کو دیکھ کر کوئی مزاحمت نہ کی بلکہ رفتہ رفتہ ان کے معتقد ہوتے گئے۔ آخر کار نلگنڈہ اور دیورکنڈہ کو آنے جانے والے مسلمانوں نے ایک آدہ رات یہاں منزل کرنی شروع کی۔ اور کچھ عرصہ میں شاہ صاحب کے اطراف چند مسلمان بھی جمع ہو گئے۔

جب شاہ صاحب نے وفات پائی تو پہلے ہی سے ایک معتقد کو تاکید کر دی تھی کہ میری تجہیز و تکفین میں عجلت نہ کرنا کیونکہ جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام نے ایک سوداگر کو متعین کر دیا ہے کہ وہ تمام ضروری اسباب کے ساتھ آئے گا اور میری تجہیز و تکفین کرے گا۔ تم لوگ بھی اس کام میں اس کے ساتھ شریک ہو جانا اور میرا سلام کہنا۔ غرض حضرت کی وصیت کے مطابق لوگوں نے انتظار کیا اور آخر کار ایک شتر سوار تجہیز و تکفین کا سامان لئے ہوئے آیا اور تجہیز و تکفین کر کے دوسرے روز علی الصباح روانہ ہو گیا لوگوں نے دریافت کیا تو وہی جواب دیا جو شاہ صاحب نے پہلے ہی سے کہدیا تھا۔

www.shiabookspdf.com

شاہ چراغ صاحب کا مزار بن جانے کے بعد سے یہ مقام مسلمانوں کی زیارت گاہ بن گیا اور آبادی بڑھنے لگی۔ شاہ صاحب کے مقبرہ کی تصویر اس کتاب میں شامل ہے۔

شاہ نورالہدیٰ

ایک عرصہ بعد جب کہ شہر حیدرآباد بھی بن چکا تھا حضرت سید نورالہدیٰ چند سیدوں اور اپنے بھائی کے ساتھ یہاں وارد ہوئے اور اس جگہ مقیم ہوگئے جہاں اب ان کا مقبرہ واقع ہے۔ ان کی آمد سے یہ مقام اور بھی آباد ہوگیا۔ انھوں نے بھی اپنی وفات سے قبل وصیت کی کہ مجھے غسل دے کر اور کفن پہنا کر منتظر رہیں یہانتک کہ ایک شخص گھوڑے پر سوار ہاتھ میں نیزہ لئے ہوئے بجلی کی سی سرعت سے آئے گا اور مجھے دفن کر جائیگا لیکن کوئی اس سے کچھ نہ پوچھے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ایک سوار آیا اور زمین پر ہاتھ رکھکر ایک بنی بنائی قبر برآمد کی اور اس میں نورالہدیٰ صاحب کو اتار کر فاتحہ پڑھی اور روانہ ہوگیا۔ لیکن زمین پر جہاں جہاں گھوڑے کا سم پڑا نشان زائل ہوگیا صرف ایک پتھر پر نشان باقی رہا۔ جو اب تک موجود ہے اور لوگ اس کی زیارت کرتے ہیں کیونکہ وہ سوار خود حضرت علی علیہ السلام تھے۔

یہ واقعات گلزار آصفی اور محبوب الزمن سے بطور خلاصہ درج کئے گئے ہیں۔

میر صاحب کی زندگی میں

یہ تو دائرہ کے بننے سے پہلے کے واقعات ہیں۔ دائرہ کی تعمیر کے بعد خود میر مومن صاحب کی زندگی ہی میں سیکڑوں لوگ اس میں دفن ہو چکے تھے۔ چنانچہ ہم پہلے ان لوگوں کا ذکر کریں گے جو عہد محمد قلی قطب شاہ میں اس دائرے میں دفن ہوئے۔

عہد محمد قلی کی قبریں

شیخ محمد صفی شیرازی سخن گو اور بذلہ سنج تھا۔ فن سیاق میں فرد فرید سمجھا جاتا تھا۔ محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں شیراز سے حیدرآباد آیا اور

www.shiabookspdf.com



اوپر۔ شاہ چراغ صاحب کا مزار واقع دائرہ میر مومن صاحب

نیچے۔ شاہ نور الہدیٰ صاحب کا مزار " " "

www.shiabookspdf.com

وقف نامہ

بہرحال جملہ انتظامات کی تکمیل کے بعد میر صاحب نے اس پورے دائرہ اور اسکے ملحقات کو ایک وصیت نامہ کے ذریعہ سے وقف کردیا۔ میر صاحب کا یہ وصیت نامہ رفاہ عامہ کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے لیکن افسوس ہے کہ تلاش کے باوجود اب تک کہیں نظر سے نہ گذرا۔ البتہ گلزار آصفی اور محبوب الزمن اور دیگر تاریخوں میں اس وقف کا تذکرہ درج ہے۔ چنانچہ لکھا ہے :۔

"تمام دائرہ وقف کردۂ میر مومن صاحب قبلہ است خرید و فروخت ندارد" [۱]

غسالوں کی تعلیم و تربیت

دائرے اور اس سے ملحقہ عمارتوں کو وقف کرنے کے علاوہ غسالوں کی تعلیم و تربیت کے سلسلہ میں میر صاحب نے جو کام کیا وہ اپنی آپ نظیر ہے۔ لکھا ہے کہ :۔

> سو غلام و کنیزک خرید کے ان کو بھی ضروری مسائل کی تعلیم دیکر آزاد کردیا۔ اور ان کو سرکار کی طرف سے معاش و انعام مقرر کردیا۔ غلام و کنیزک میں آدھے شیعہ اور آدھے سنی تھے۔ اب بھی بدستور غسالوں میں آدھے سنی اور آدھے شیعہ ہیں۔ گویا ہمارے قول کی تصدیق کا محضر ہے۔ اور یہ خدمت ان کے تفویض تھی کہ جہاں میت ہو وہ میت کا غسل اور کفن اپنے ہاتھوں سے کریں اور کسی سے کچھ سوال نہ کریں۔ اس وقت سے حیدرآباد دکن میں غسالی قائم ہوئی۔ انہی کی اولاد بڑھتے بڑھتے

---

[۱] گلزار آصفی صفحہ ۶۱۱ ۔

www.shiabookspdf.com

غسالوں کی ایک قوم ہو گئی"۔ محبوب الزمن صفحہ ۹۹۳۔

صاحب محبوب الزمن کے اس بیان کی تصدیق تاریخ ماہنامہ سے بھی ہوتی ہے جس میں لکھا ہے کہ :-

غلامانِ خود را مسائل غسل مذہب فریقین تعلیم وہانیدہ وچاہ وحوض غسل اموات تیار ساختہ غسالاں را بامر تجہیز وتکفین در دائرہ متعین ومامور نمود چنانچہ تاحال اولاد آنہا بر کار مامورہ مستعد اند"[1]

اسی طرح تاریخ گلزار آصفی میں بھی غسالوں کی نسبت تفصیل سے لکھا ہے۔ اور اس میں تو یہ بھی بتایا ہے کہ میر صاحب نے اپنے سوز رخرید غلاموں کو ہر دو مذاہب کے طریقہائے تجہیز وتکفین سکھا کر نہ صرف آزاد کر دیا بلکہ ان کے رہنے کے لئے دائرے کے قرب وجوار میں متعدد مکان اور دو کانیں بھی بنوادیں اور مدد معاش کے لئے زمینیں بھی دلوادیں تاکہ معاش سے بے نیاز رہکر خدمت انجام دیں اور کسی کے آگے دست طلب دراز نہ کریں۔[2]

لیکن بعد کو جب کچھ تو زوال سلطنت قطب شاہیہ کے باعث اور کچھ غسالوں کی اولاد کی کثرت یا غفلت کی وجہ سے میر صاحب کے مقرر کئے ہوئے ذرائع آمدنی باقی نہ رہے تو ان غسالوں نے اجرت پر کام کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ آج سے سو سال پیشتر ہی سے یہ غسال اجرت پر کام کرنے لگے تھے۔ اور ان کی بوڑھی عورتیں مردوں کے کپڑے فروخت کرتی تھیں لکھا ہے :-

---

[1] ماہنامہ ورق ۳۰۶ ا۔ [2] گلزار آصفی صفحہ ۶۱۱۔

www.shiabookspdf.com

"زنان عجائز کہن سالۂ اینہا رخت بدنی واسباب پارچۂ اموات راشوب دہانیدہ درچوک بلدہ می فروشند وغربا دیدہ ودانستہ برائے کفایت خرید می کنند"

گلزار آصفی صفحہ ۶۱۱ —

دائرے کے مشہور مقابر

یوں تو دائرے کی تیاری کے ساتھ ہی اس میں تدفین کا سلسلہ شروع ہوگیا ہوگا لیکن راقم الحروف کو اس میں کوئی کتبہ ۱۰۰۱ھ سے قبل کا نظر نہ آیا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تیاری اور کربلائے معلیٰ کی خاک پاک کی فراہمی میں کامیابی اس سنہ کے بعد ہی کے دس بارہ سالوں کے اندر حاصل ہوئی ہوگی۔ یہ ضرور ہے کہ ۱۰۱۲ھ تک اس قبرستان میں متعدد میتیں دفن ہوچکی تھیں چنانچہ میر ابوتراب اور سلطان احمد بن حیدر علی کی قبروں پر اسی سنہ کے کتبے موجود ہیں۔ بعد کو یہ دائرہ اتنا مقبول ہوا کہ صرف ڈیڑھ سو سال کے اندر اس میں چھ سات لاکھ میتیں دفن کی گئیں۔ چنانچہ میر صاحب کے نبیرے سید محمد نے اپنے اس محضر (مورخہ ۵ رمضان ۱۱۶۰ھ) میں جس کا ذکر اس کتاب کے صفحہ ۲۵۷ پر گذرچکا ہے لکھا ہے :—

"درمقبرۂ جدم قریب شش وہفت لک مقابر سادات عظام ومشائخ کرام از عرب وعجم واقع است"۔

شاہ چراغ

دائرہ میں جو مشاہیر دفن ہیں ان کے ذکر سے پہلے ضروری ہے کہ حضرت شاہ چراغ کا مختصر تذکرہ لکھا جائے۔ کیونکہ شاہ چراغ صاحب کا مزار اسی جگہ پر واقع ہونے کی وجہ سے بھی میر صاحب نے اس مقام کو عام قبرستان بنانے کے لئے منتخب کیا تھا۔

www.shiabookspdf.com

شاہ چراغ صاحب کی نسبت گلزار آصفی اور محبوب الزمن میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ نجف اشرف سے حسب الحکم حضرت علی علیہ السلام وارد دکن ہوئے اور قلعہ گولکنڈہ سے چند میل کے فاصلہ پر اس جگہ قیام پذیر ہوئے جہاں اب ان کا مقبرہ واقع ہے۔ اس وقت شہر حیدرآباد کا وجود بھی نہ تھا بلکہ یہاں ایک چھوٹا سا گاؤں چچلم واقع تھا جو ویران جھاڑیوں اور جنگل کے درمیان واقع تھا۔ اور جس میں صرف چند برہمنوں کے مکان تھے شاہ صاحب نے اس موضع کے قریب اس گذرگاہ کے کنارے قیام کیا جو سیکاکول اور راجمندری وغیرہ بندروں کو جاتی تھی۔ اس وقت تک ادہر مسلمانوں کا گذر نہ ہونے پایا تھا۔ برہمنوں نے شاہ صاحب کی درویشانہ متوکل زندگی اور تصرفات کو دیکھ کر کوئی مزاحمت نہ کی بلکہ رفتہ رفتہ ان کے معتقد ہوتے گئے۔ آخر کار نلگنڈہ اور دیورکنڈہ کو آنے جانے والے مسلمانوں نے ایک آدہ رات یہاں منزل کرنی شروع کی۔ اور کچھ عرصہ میں شاہ صاحب کے اطراف چند مسلمان بھی جمع ہوگئے۔

جب شاہ صاحب نے وفات پائی تو پہلے ہی سے ایک معتقد کو تاکید کردی تھی کہ میری تجہیز و تکفین میں عجلت نہ کرنا کیونکہ جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام نے ایک سوداگر کو متعین کردیا ہے کہ وہ تمام ضروری اسباب کے ساتھ آئے گا اور میری تجہیز و تکفین کرے گا۔ تم لوگ بھی اس کام میں اس کے ساتھ شریک ہوجانا اور میرا سلام کہنا۔ غرض حضرت کی وصیت کے مطابق لوگوں نے انتظار کیا اور آخر کار ایک شتر سوار تجہیز و تکفین کا سامان لئے ہوئے آیا اور تجہیز و تکفین کرکے دوسرے روز علی الصباح روانہ ہوگیا لوگوں نے دریافت کیا تو وہی جواب دیا جو شاہ صاحب نے پہلے ہی سے کہدیا تھا۔

www.shiabookspdf.com

شاہ چراغ صاحب کا مزار بن جانے کے بعد سے یہ مقام مسلمانوں کی زیارت گاہ بن گیا اور آبادی بڑھنے لگی۔ شاہ صاحب کے مقبرہ کی تصویر اس کتاب میں شامل ہے۔

شاہ نورالہدیٰ

ایک عرصہ بعد جب کہ شہر حیدرآباد بھی بن چکا تھا حضرت سید نورالہدیٰ چند سیدوں اور اپنے بھائی کے ساتھ یہاں وارد ہوئے اور اس جگہ مقیم ہو گئے جہاں اب ان کا مقبرہ واقع ہے۔ ان کی آمد سے یہ مقام اور بھی آباد ہو گیا۔ انھوں نے بھی اپنی وفات سے قبل وصیت کی کہ مجھے غسل دے کر اور کفن پہنا کر منتظر رہیں یہانتک کہ ایک شخص گھوڑے پر سوار ہاتھ میں نیزہ لئے ہوئے بجلی کی سی سرعت سے آئے گا اور مجھے دفن کر جائیگا لیکن کوئی اس سے کچھ نہ پوچھے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ایک سوار آیا' اور زمین پر ہاتھ رکھکر ایک بنی بنائی قبر برآمد کی اور اس میں نورالہدیٰ صاحب کو اتار کر فاتحہ پڑھی اور روانہ ہو گیا۔ لیکن زمین پر جہاں جہاں گھوڑے کا سم پڑا نشان زائل ہو گیا صرف ایک پتھر پر نشان باقی رہا۔ جو اب تک موجود ہے اور لوگ اس کی زیارت کرتے ہیں کیونکہ وہ سوار خود حضرت علی علیہ السلام تھے۔

یہ واقعات گلزار آصفی اور محبوب الزمن سے بطور خلاصہ درج کئے گئے ہیں۔

میر صاحب کی زندگی میں

یہ تو دائرہ کے بننے سے پہلے کے واقعات ہیں۔ دائرہ کی تعمیر کے بعد خود میر مومن صاحب کی زندگی ہی میں سیکڑوں لوگ اس میں دفن ہو چکے تھے۔ چنانچہ ہم پہلے ان لوگوں کا ذکر کریں گے جو عہد محمد قلی قطب شاہ میں اس دائرے میں دفن ہوئے۔

عہد محمد قلی کی قبریں

شیخ محمد صفی شیرازی سخن گو اور بذلہ سنج تھا۔ فن سیاق میں فرد فرید سمجھا جاتا تھا۔ محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں شیراز سے حیدرآباد آیا اور

www.shiabookspdf.com



اوپر۔ شاہ چراغ صاحب کا مزار واقع دائرہ میر مومن صاحب

نیچے۔ شاہ نور الہدیٰ صاحب کا مزار " " "

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

صفی شیرازی

بادشاہ کے بذل و نوال سے مستفید ہوا۔ دفتر حساب میں میر منشی کی خدمت پر فائز تھا۔ اسی عہد میں فوت ہوا اور دائرہ میر محمد مومن میں دفن کیا گیا[1]۔ اس کی قبر پر کوئی کتبہ نہیں ہے۔

دیگر اصحاب

عہد محمد قلی کی جن قبروں کے کتبے اب تک محفوظ ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ اس عہد میں حسب ذیل اصحاب دائرہ میں مدفون ہوئے۔

میر ابوتراب	۱۰۱۲ھ	خواجہ محمد علی	۱۰۱۴ھ
سلطان احمد بن حیدر علی	۱۰۱۲ھ	ابراہیم بیگ	۱۰۱۸ھ
محمد صالح	۱۰۱۴ھ	محمد صالح	۱۰۲۰ھ

عہد سلطان محمد قطب شاہ کی قبریں

یوں تو سلطان محمد کے عہد میں سیکڑوں اصحاب اس دائرے میں مدفون ہوئے لیکن ان سب میں قابل ذکر بی بی خدیجہ بنت میر سید علی استرآبادی شیخ آوند کی قبر ہے۔ یہ ایک سنگین گنبد میں واقع ہے جو دائرے میں داخل ہوتے ہی جانب مشرق نظر آتا ہے۔

بی بی خدیجہ

چند سال قبل اس گنبد کو صاف کر کے محفوظ کر لیا گیا ہے ورنہ اس سے قبل بہت گندہ حالت میں تھا۔ بی بی خدیجہ کی قبر مصفا سنگ سیاہ کی ہے جو نہایت

---

[1] محبوب الزمن میں صفی شیرازی کی تاریخ وفات سنہ ۹۷۴ھ لکھی ہے لیکن یہ صحیح نہیں کیونکہ اس سنہ میں دائرہ تو کجا خود سلطان محمد قلی کی بادشاہت کا بھی وجود نہ تھا۔ بلکہ اس وقت محمد قلی کی عمر صرف چند ماہ کی تھی۔

www.shiabookspdf.com

خوشخط ادعیہ و آیات قرآنی سے مملو ہے صاحب مزار کا نام اور سنہ وفات ان الفاظ میں لکھا ہے۔

"فوت عفیفہ صالحہ صائمہ ساجدہ بی بی خدیجہ بنت سید میر علی استرآبادی شیخ آوند
بتاریخ عاشر جمادی الاول ۱۰۳۱ھ"۔

اس سنگ مزار کی تصویر مولوی سید علی اصغر صاحب بلگرامی نے اپنی کتاب مآثر دکن کے صفحہ ۳۱ پر شائع کی ہے۔

بی بی خدیجہ کے اس گنبد کے علاوہ ان کی ایک عالیشان مسجد بھی اس گنبد کے جانب مشرق واقع ہے جس کا راستہ دائرہ کے باہر اس سڑک پر موجود ہے جو گولی پورہ کے دروازہ کی طرف جاتا ہے۔

علی گل استرآبادی میر صاحب کے ہموطن سادات میں سے تھے۔ مدت تک ایران میں درس و تدریس میں مشغول رہے۔ شعر و سخن میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ میر صاحب نے حیدرآباد بلا کر شاہی منصبداروں میں شامل کر دیا تھا۔ اور انہی کی زندگی میں ۱۰۳۲ھ میں فوت ہوئے اور دائرے ہی میں دفن کئے گئے۔[1]

کوکبی گرجی قباد بیگ کوکبی گرجی الاصل تھے۔ اگرچہ شاہ عباس صفوی کے غلام تھے لیکن علم و فضل اور شعر و سخن کی دولت سے مالا مال ہوئے۔ چنانچہ جب حیدرآباد آئے تو بادشاہ نے بڑی قدر و منزلت کی اور منصب مقرر کر دیا۔ کوکبی نے ۱۰۳۳ھ میں وفات پائی اور دائرہ میں

---

[1] محبوب الزمن صفحہ ۹۶۸۔

www.shiabookspdf.com

مدفون ہوئے[1]۔

دیگر اصحاب عہد سلطان محمد قطب شاہ میں دوسرے جو اصحاب دائرے میں مدفون ہوئے ان میں خود میر صاحب کے فرزند میر مجد الدین محمد بھی شامل ہیں۔ ان کے علاوہ اور بہت سے لوگ دفن ہوئے ہونگے۔ لیکن جن کی قبروں پر اب تک کتبے محفوظ ہیں ان کے نام یہ ہیں:۔

محمد رفیع ۱۰۲۹ھ اور ملا محمد اردبیلی ۱۰۲۵ھ

میر صاحب کے بعد یہ تو ان اصحاب کا ذکر تھا جو خود میر مومن صاحب کی زندگی میں فوت او دائرے میں مدفون ہوئے۔ اب ہم ایسے لوگوں کا ذکر کریں گے جو میر صاحب کی وفات کے بعد اس گنج شائگاں میں شامل ہوئے۔

عہد عبداللہ قطب شاہ میں یہ عہد بہت طویل تھا۔ اس لئے کوئی تعجب نہیں کہ اس زمانہ میں دائرہ معمور ہو گیا ہو۔ حدیقۃ السلاطین میں اکثر لوگوں کی وفات کے تذکرہ میں دائرہ کی تدفین کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے۔ ان سب میں مرزا حمزہ استر آبادی کا نام اہم ہے جو میر صاحب کے پوترے داماد تھے اور ۱۰۵۱ھ میں فوت ہوئے۔ ممکن ہے کہ یہ خود میر صاحب کے مقبرے میں مدفون ہوں۔ ان کی قبر کا پتہ نہ چل سکا۔

فکری اصفہانی خواجہ محمد رضا صفاہانی شیخ بیگ کے فرزند اور علم حساب و سیاق کے ماہر تھے۔ خوش مذاقی اور ظرافت طبع سے بھی متصف تھے۔ شاعری کی حیثیت سے بھی

---

[1] محبوب الزمن صفحہ ۹۵۰۔

www.shiabookspdf.com

شہرت حاصل کی۔ آخر میں ترک علائق کرکے اصفہان سے حیدرآباد آئے اور عبداللہ قطب شاہ کے دربار میں باریاب ہوئے۔ حکیم شفائی اور فکری اصفہانی میں معاصرانہ نوک جھونک چلتی رہتی تھی چنانچہ دونوں کے کلام میں ایک دوسرے کی ہجو یہ نظموں کو خاص جگہ حاصل ہے۔ غالباً سنہ ۱۰۶۰ھ میں فوت اور دائرہ میر مومن میں دفن ہوئے[1]۔

فطرت مشہدی

میر ابوتراب مشہدی صاحب استعداد اور ذکی الطبع شاعر تھے۔ ہندوستان کی سیر و سیاحت کرتے ہوئے عہد عبداللہ قطب شاہ میں وارد حیدرآباد ہوئے۔ شاہی دربار میں اعزاز و منصب حاصل کیا۔ مدت تک آرام سے بسر کرنے کے بعد سنہ ۱۰۶۰ھ میں فوت اور دائرہ میں مدفون ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ لوح مزار پر یہ رباعی کندہ کرائی گئی تھی۔

فطرت بتو روزگار نیرنگی کرد — نواغنت بمہر و خارج آہنگی کرد
آں سینہ کہ عالمے درو می گنجد — اکنوں ز تردد نفس تنگی کرد[2]

ہماری نظر سے دائرہ میں یہ لوح مزار نہیں گزرا۔

خداویردی سلطان

شاہجہاں کی ملازمت ترک کرکے بنگالہ سے حیدرآباد آئے۔ اور عبداللہ قطب شاہ کی بارگاہ میں آستان بوسی کی التجا کی۔ بادشاہ نے بڑی قدر و منزلت کی اور بقول مولف حدیقۃ السلاطین "درسلک وزرائے ذی اعتبار منتظم فرمودند"[3]

---

[1] محبوب الزمن میں سنہ وفات سنہ ۱۰۱۰ھ لکھا ہے لیکن خود عبداللہ قطب شاہ ۱۰۳۵ھ میں تخت نشین ہوا تھا۔
[2] محبوب الزمن جلد دوم صفحہ ۹۳۴۔ [3] حدیقہ صفحہ ۹۳۔

www.shiabookspdf.com

مجلس وزرا میں شریک ہونے کے بعد ہی محرم ۱۰۴۱ھ میں خداویردی سلطان کو عبداللہ قطب شاہ نے یولچی بیگ کے ہمراہ مرہری پنڈت سپہ سالار عادل شاہ کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا۔ لیکن مرہری نے قطب شاہی فوج سے خائف ہو کر اپنے بھانجہ زہری کے ذریعہ سے صلح کر لی چنانچہ ۱۵ صفر ۱۰۴۱ھ کو لڑائی کا یہ خطرہ ٹل گیا۔ تاہم چند ماہ بعد ہی مغلوں کے حملۂ دکن کے آثار نمایاں ہوئے جن کی بنا پر سلطان عبداللہ نے خداویردی سلطان کو اپنے دربار کے دیگر معزز و ممتاز سرداروں اور امیروں کے ساتھ قطب شاہی سلطنت کی نگرانی اور حفاظت کے لئے متعین کیا۔ لیکن ماہ ذیقعدہ تک جنگ وجدل کے یہ بادل بھی چھٹ گئے اور اسی مہینے میں خداویردی سلطان اور دیگر سپہ سالارانِ فوج اپنے اپنے متعینہ سرحدی مقامات سے دارالسلطنۃ کو واپس آئے اور میدان وسیع الفضائے داد محل میں اپنی فوجوں کے ساتھ بادشاہ کو سلام کرنے کی عزت حاصل کی۔ بادشاہ نے ہر ایک کو ان کے رتبہ کے مطابق خلعتیں عنایت کیں اور اپنے اپنے مکانات میں مقیم ہونے کی اجازت دی۔ مورخ لکھتا ہے کہ ان لوگوں کی واپسی کی وجہ سے شہر حیدرآباد از سر نو معمور ہو گیا۔

اس واقعہ کے چھ ماہ بعد جب صوبہ مرتضےٰ نگر میں کچھ بغاوت کے آثار نمودار ہوئے تو بادشاہ نے بتاریخ ۸ ربیع الثانی ۱۰۴۲ھ خداویردی سلطان کو وہاں کا حاکم منتخب کر کے روانہ کیا۔ یہ ایک بڑا اعزاز تھا جس پر خداویردی سلطان جتنا فخر کرتے کم تھا۔

مرتضیٰ نگر سے واپسی کے بعد بھی وہ بہت سرخرو رہے اور آخرکار ۱۰۶۱ھ میں وفات پائی اور دائرہ میں دفن کئے گئے۔

میر میراں | خداویردی سلطان کے بعد دوسری قابل ذکر شخصیت میر میراں (بخشی اسداللہ خاں

www.shiabookspdf.com

بخاری) کی ہے یہ اس مغل فوج کے سپہ سالار تھے جو اورنگ زیب کی سرکردگی میں پہلی بار قلعۂ گولکنڈہ کے محاصرہ کے لئے آئی تھی۔ لیکن جیسا کہ موسیٰ برج کے کتبہ سے ظاہر ہے کہ

"از قضا، ربانی غلولہ توپ بروجود میر میراں چناں خورد کہ درہماں مورچہ ہلاک گشتہ وبعد از فوت او بسہ روز صلح شد۔"

یہ کتبہ ۱۰۷۷ھ کا ہے۔ کیونکہ اس کے آخر میں لکھا ہے کہ "بنا برحکم ہمایوں اعلیٰ باندک زمانے ایں برج عظیم بسعی خاں مومی الیہ (موسیٰ خاں) در سال سنہ ہزار و ہفتاد و ہفت باتمام رسید۔" اورنگ زیب کا یہ اچانک حملہ گولکنڈہ جس میں میر میراں مارے گئے ۱۰۶۶ھ کا واقعہ ہے۔ اور دائرہ میں میر میراں کی قبر پر جو کتبہ ہے اس پر ۱۰۷۹ھ درج ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاید یہ کوئی دوسرے میر میراں تھے۔ چنانچہ عبداللہ قطب شاہ کے جلوس کی جو قدیم تصویر سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر موجودہ صدر اعظم دولت آصفیہ کے یہاں محفوظ ہے اس میں شاہی ہاتھی کے عقب میں دو امیر گھوڑے پر سوار دکھائے گئے ہیں جن میں سے ایک پر ابوالحسن تاناشاہ اور دوسرے پر میر میراں لکھا ہوا ہے۔ ممکن ہے کہ یہ میر میراں وہی ہوں جن کی قبر دائرے میں شاہ نورالہدیٰ صاحب کی درگاہ کے پہلو میں جانب مغرب واقع ہے اور جس پر وفات میر میراں کا سنہ ۱۰۷۹ھ درج ہے۔

میر زین العابدین

دائرے میں ایک قبر کے کتبے سے پتہ چلتا ہے کہ میر زین العابدین نے ۱۰۸۲ھ میں انتقال کیا لیکن یہ نہ معلوم ہوسکا کہ یہ زین العابدین سید مظفر کے بھائی تھے یا شاہ ابوالحسن حاجب بیجاپور کے فرزند زین العابدین تھے جو ۱۰۸۵ھ میں ملا غواصی

www.shiabookspdf.com

کے ساتھ سفیر بنا کر گولکنڈہ روانہ کئے گئے تھے۔[۱]

میر محمد جعفر ولد میر محمد رضا استر آبادی

انھوں نے بھی ۱۰۸۳ھ میں وفات پائی اور دائرے میں ان کی قبر کا کتبہ اب تک محفوظ ہے۔ یہ میر صاحب کے اعزہ میں سے تھے ان کے والد محمد رضا استر آبادی کے حالات اس کتاب کے صفحات ۱۳۶ تا ۱۳۸ میں درج ہیں۔

وہ علامہ شیخ محمد ابن خاتون کے مد مقابل تھے۔ لیکن سیاسی میدان میں ان سے شکست کھا گئے اور ۱۰۴۵ھ میں خدمت پیشوائی سے معزول کر دئے گئے۔ تاہم بادشاہ ان کی بڑی عزت کرتا تھا چنانچہ اپنے بھیرے بھائی شاہ خوندکار کی جگہ پر ان کو بیٹھنے کی اجازت دی تھی۔ حدیقۃ السلاطین کے الفاظ ہیں:۔

"چوں جناب میر محمد رضا از ملازمان قدیم الخدمۃ ایں دولت خانۂ عالیہ است بعد
از عزل امر معلے شد کہ بر جانب چپ اورنگ خسروی بجائے شاہ خوندکار پسر
شاہ محمد قرار گیرد" (احوال ۱۰۴۵ھ)

لیکن اس اعزاز کے ساتھ انکا دربار میں قیام کرنا غالباً علامہ ابن خاتون کی سیاسی مصلحتوں کیلئے ناگوار گذرا اور میر محمد رضا آخر کار حیدر آباد سے ہجرت کر جانے پر مجبور ہو گئے لیکن تاریخ میں اس ہجرت کی وجہ پیرانہ سالی بیان کی گئی ہے اور لکھا ہے کہ میر نے بادشاہ سے مشہد مقدس کو ہجرت کر جانے کی اجازت چاہی اور ۱۰۵۰ھ میں فرزندوں اور جملہ اقربا کے ساتھ حیدر آباد سے روانہ ہوئے

---

[۱] حدیقۃ السلاطین صفحہ ۱۳۹۔

www.shiabookspdf.com

لیکن راستہ ہی میں بمقام لاہور ۱۰۵۱ھ میں وفات پائی۔

معلوم ہوتا ہے کہ باپ کی وفات کے بعد میر محمد جعفر حیدر آباد واپس ہو گئے تھے اور یہیں بتیس ۳۲ سال بعد انتقال کیا اور دائرے میں مدفون ہوئے۔

دیگر اصحاب

اس عہد کی دوسری قبروں میں سید علی (متوفی ۱۰۷۳ھ) اور سیّد ناصر الدین الحسینی مرتضائی (تاریخ ولادت غرہ ذالحجہ ۱۰۳۶ھ اور تاریخ وفات رجب ۱۰۵۹ھ) کے کتبے قابل ذکر ہیں۔

عہد ابوالحسن قطب شاہ میں

میر صاحب کے دائرے میں ابوالحسن تاناشاہ کے چودہ سالہ عہد میں بھی سیکڑوں اصحاب مدفون ہوئے ہوں گے لیکن چند قابل ذکر ہیں جن میں سب سے پہلے مولنٰا الفتی یزدی ہیں۔

الفتی یزدی

سادات یزد سے تھے۔ عالم و فاضل ہونے کے علاوہ جید شاعر بھی تھے۔ ۱۰۴۲ھ میں ہندوستان آئے اور خان زماں کی سرپرستی حاصل کی چنانچہ اسی کے ساتھ گجرات آئے۔ اور ۱۰۴۵ھ میں گجرات سے حیدر آباد پہنچ کر سلطان عبداللہ قطب شاہ کے دربار میں ملازمت حاصل کی۔ بادشاہ نے ان کی بڑی قدر و منزلت کی اور انھوں نے بادشاہ کے حالات میں ایک مختصر کتاب "روائح گلشن قطب شاہی" لکھی جس کو حسب ذیل سات حصوں میں تقسیم کیا۔

(۱) بادشاہ کے اخلاق۔ (۲) محلات و عمارات شاہی۔ (۳) حیدر آباد کی آبادی۔ (۴) جشن ہائے سالانہ۔ (۵) لشکر فیروزی اثر۔ (۶) سبب

www.shiabookspdf.com

تالیف کتاب[1]۔

بقول عبدالجبار خاں یہ کتاب "قلیل اللفظ کثیر المعنیٰ ہے اور اس کی عبارت رنگین اور معانی شیریں ہے" انھوں نے اس میں کے بعض مقامات کی منظوم اور منثور عبارتیں بھی بطور نمونہ شائع کی ہیں۔ اور لکھا ہے کہ سلطان عبداللہ نے اس کتاب کے صلہ میں الفتی کو سات ہزار ہون عطا کئے تھے۔ چونکہ الفتی ظریف الطبع اور لطیفہ گو تھے اس لئے حیدرآباد کے اکثر مشاہیر و امراان کے بڑے قدردان اور مداح تھے۔ عبداللہ قطب شاہ کے دربار میں چونکہ خاص رسوخ تھا اس لئے اکثر لوگ ان کی سفارش سے کامیاب بھی ہوتے تھے۔ انھوں نے ابوالحسن تاناشاہ کے ابتدائی عہد میں انتقال کیا۔ اور دائرے میں مدفون ہوئے لیکن ان کی قبر کا پتہ نہیں۔

اوحدی شیخ معین الدین محمد بلبانی سادات حسینی سے شیخ ابو علی دقاق کی اولاد میں تھے۔ صاحب علم و ہنر اور اہل وجد و حال میں سے تھے۔ محبوب الزمن میں لکھا ہے کہ احمد نگر ہوتے ہوئے حیدرآباد آئے اور سلطان عبداللہ قطب شاہ نے ان کی بڑی عزت کی۔ اور منصب عمدہ پر ممتاز فرمایا۔ آخر وہ ۱۰۷۹ھ میں[2] حیدرآباد میں فوت ہوئے اور میر کے دائرے میں

---

[1] افسوس ہے کہ مولف ہذا کی نظر سے یہ کتاب نہیں گذری۔ عبدالجبار خاں نے محبوب الزمن صفحہ ۱۶۰ میں اس کا ذکر کیا ہے اور ساتویں راحہ کا عنوان نہیں لکھا۔ [2] محبوب الزمن میں صفحہ ،، ، پر تاریخ غلط چھپ گئی ہے کیونکہ سلطان عبداللہ کا عہد ۱۰۳۵ھ اور ۱۰۸۳ھ کے درمیان گذرا ہے۔

www.shiabookspdf.com

دفن کئے گئے۔ قبر کا پتہ نہیں۔

دوسری قبریں
اس عہد کی دوسری قبروں میں ایک خدیجہ خاتون (متوفی ۱۰۸۵ھ) اور دوسری حاجی محمد مہدی مازندرانی کے کتبے قابل ذکر ہیں۔

قطب شاہی عہد کے بعد
یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ دائرہ میر محمد مومن صرف عہد قطب شاہیہ ہی میں مقبول خاص و عام رہا بلکہ اس سلطنت کے خاتمہ کے بعد بھی اس کی مقبولیت اور احترام باقی رہا۔ چنانچہ قطب شاہی عہد کے بعد ہی اس میں

نعمت خان عالی
مرزا محمد نعمت خاں عالی جیسے بلند پایہ شاعر و بذلہ سنج دفن کئے گئے۔ یہ فتح گولکنڈہ کے وقت اورنگ زیب کے ساتھ تھے اور محاصرہ کے تفصیلی حالات قلمبند کئے ہیں۔ ۱۱۲۱ھ میں فوت ہوئے اور میر صاحب کے دائرے میں مدفون۔ عام طور پر مشہور ہے کہ ان کی قبر مقبرۂ میر مومن کے دروازہ سے بالکل متصل واقع ہے لیکن معتبر روایت یہ ہے کہ نعمت خان عالی اس مسجد کے صحن میں دفن ہیں جو دائرے میں جانب جنوب مغرب واقع ہے۔

عہد آصفی میں
شاہان آصفیہ کے زمانہ میں بھی دائرے کی مقبولیت روز افزوں رہی چنانچہ اس سلطنت کے اکثر مشاہیر اس میں مدفون ہوئے۔ مشہور شاعر

عبدالولی عزلت
عبدالولی عزلت جو سورت میں پیدا ہوئے تھے اور ہندوستان کے اکثر مشہور مقامات کی سیر و سیاحت کرنے کے بعد حیدرآباد چلے آئے تھے رجب ۱۱۸۹ھ میں دائرے ہی میں دفن کئے گئے ان کی قبر کا اس وقت کوئی پتہ نہیں چلتا

www.shiabookspdf.com

غلام علی

عہد نظام علی خاں آصف جاہ ثانی کے مشہور مورخ، شاعر، خطاط اور مصور تھے۔ ان کا ذکر اس کتاب میں صفحہ ۲۵۰ پر بھی گذر چکا ہے۔ میر محمد مومن کی اولاد سے ان کے تعلقات تھے۔ تزک آصفیہ ان کی مشہور تاریخ ہے جس کے صلہ میں ان کو تقریباً ایک لاکھ روپے وصول ہوئے تھے۔ اور خود آصف جاہ ثانی نے ان کی دختر کی شادی میں شرکت کر کے ان کی عزت افزائی کی تھی۔ انھوں نے ۱۲۱۵ھ میں وفات پائی اور دائرہ میں مدفون ہوئے۔ ان کی قبر کا بھی پتہ نہیں۔

میر عالم

نواب ابوالقاسم میر عالم پہلے مملکت آصفیہ کی طرف سے سرکار انگریزی کے پایہ تخت کلکتہ میں سفیر تھے اور بعد کو عرصہ تک مدارالمہامی کا کام انجام دیا۔ تدبر و سیاست اور رفاہ خلق کے کاموں میں بڑی شہرت حاصل کی۔ تالاب میر عالم اور بارہ دری حیدر آباد میں ان کی مشہور تاریخی یادگاریں ہیں۔ ان کو شعر و سخن اور علم و فضل سے بھی خاص شغف تھا۔ چنانچہ حدیقۃ العالم ایک مشہور تاریخ انہی کے نام سے منسوب ہے۔ انھوں نے ماہ لقابائی چندا کا ایک سراپا فارسی میں لکھا تھا جو اپنی نوعیت کی ایک خاص نظم سمجھا جاتا ہے۔

میر عالم نے ۱۲۲۳ھ میں انتقال کیا۔ ان کی خواہش تو یہ تھی کہ عاشور خانہ پنجہ شاہ کے صحن میں دفن ہوں چنانچہ وہاں ایک قبر بھی تیار کرالی تھی لیکن نواب آصف جاہ ثالث نے حکم دیا کہ میر صاحب کو میر صاحب کے دائرے ہی میں دفن کیا جائے۔ چنانچہ وہ وہیں دفن ہیں اور ان کی قبر پر کتبہ اور روشنی کا انتظام حال ہی میں نواب میر یوسف علیخاں سالار جنگ بہادر کی توجہ سے تکمیل کو پہنچا ہے۔

www.shiabookspdf.com

میر دوراں میر ابوالقاسم کے فرزند سید رضی میر دوراں تھے۔ اپنے والد کی زندگی ہی میں ۱۲۱۶ھ میں انتقال کیا اور انہی کی قبر کے پائینی جانب جنوب مغرب مدفون ہوئے ان کی قبر پر بھی ایک کتبہ موجود ہے۔

مختار الملک کا خاندان نواب سر سالار جنگ اعظم مختار الملک کے نام سے کون ہے جو واقف نہیں۔ ان کے عہد وزارت میں دائرے کے انتظامات بھی باضابطہ طور پر عمل میں آئے۔ یہاں اِن کے خاندان کے مقابر ایک علیحدہ محصورہ مقام پر واقع ہیں۔ اس جگہ ان کے دادا، والد اور چچاؤں اور خود ان کی اولاد کی قبریں نہایت سلیقہ سے بنی ہوی ہیں۔ اور ان پر ناموں کے چھوٹے چھوٹے کتبے بھی درج ہیں۔

عماد السلطنۃ مختار الملک کے فرزند نواب میر لائق علی خاں عماد السلطنۃ کی قبر بھی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ عماد السلطنۃ بھی وزیر اعظم تھے۔ اور اپنی ذہانت و ذکاوت اور حافظہ و فراست کی وجہ سے دکن کے مدار المہاموں کی فہرست میں خاص طور پر ممتاز سمجھے جاتے ہیں۔ انھوں نے ۱۳۰۶ھ میں عنفوان شباب میں انتقال کیا اور دائرے ہی میں اپنے خاندانی مقبرہ میں مدفون ہوئے۔ اس مقبرہ کی تصویر اس کتاب میں شامل ہے۔

حسام الملک خانخاناں نواب مختار الملک کے مقبرے کی طرح نواب خانخاناں کے خاندان سے متعلقہ قبریں بھی ایک علیحدہ چار دیواری کے اندر واقع ہیں۔

شہاب جنگ حیدر آباد کے ایک اور نامور وزیر شہاب جنگ بھی اِسی دائرہ میں اپنے اعزہ و اقربا کے ساتھ آسودہ ہیں۔

www.shiabookspdf.com



اوپر ۔ میر عالم کا مزار واقع دائرہ میر مومن

نیچے ۔ سر سالار جنگ اعظم اور ان کے خاندان کے مزار واقع دائرہ میر مومن

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

دیگر مشاہیر عہد آصفی کے دیگر مشاہیر میں شاہ یار الملک، اعتصام الملک عوض بیگی، محبوب یار جنگ ناظم الملک اور مرزا محمد علی خاں المعروف بہ شیر جنگ اور انکے اعزہ و اقربا کی قبریں بھی قابل ذکر ہیں جو اسی دائرے میں زیارت گاہ خواص و عوام ہیں۔

گذشتہ ربع صدی میں اور جو مشہور اصحاب میر محمد مومن کے دائرے میں مدفون ہوے ان میں سے چند کے نام یہ ہیں۔

سید علی نقی صاحب قبلہ ۱۳۵۴ھ۔ میر بہادر علی صاحب صفی ۱۳۵۷ھ۔ کامیاب جنگ ۱۳۱۶ف۔ حکیم سید ظہور علی ۱۳۴۹ھ۔ حکیم سید نثار حسین ۱۳۳۸ ہجری امداد جنگ ۱۳۱۳ھ۔ شمشیر جنگ ۱۳۵۰ھ۔ فتحیاب جنگ ۱۳۵۲ھ۔ حکمت جنگ ۱۳۵۶ھ۔

موجودہ حالت اعلیحضرت سلطان العلوم آصفجاہ سابع کے عہد میں میر مومن صاحب کے دائرے کے دن پلٹ گئے۔ خود اعلیحضرت نے چار سال قبل بروز شنبہ ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۵۶ھ دائرہ کا معائنہ کیا جس کے بعد سے دائرے کی رونق اور صفائی میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ بعض کتبوں میں خود اعلیحضرت کے لکھے ہوئے قطعات تاریخی نظر سے گذرتے ہیں۔ جن میں سے نواب مختار الملک کی اور مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری کی جواں مرگ دختر کی تاریخہائے وفات خاصکر قابل ذکر ہیں۔

یہ دائرہ محکمہ امور مذہبی سرکار عالی کے زیر نگرانی ہے اور اس کے انتظامی امور کے لئے ایک مجلس مشاورت مقرر ہے جس کے اراکین میں نواب عنایت جنگ، نواب شہید یار جنگ، مولوی

www.shiabookspdf.com

سید محمد حسین جعفری، مولوی میر محمد حسین فاضل، مولوی میر صادق علی، نواب احمد علیخاں، مولوی میر جعفر علی اور میر عباس علی صاحب سجادہ میر مومن وغیرہ قابل ذکر ہیں اور اس مجلس کے معتمد مولوی سید محمد تقی صاحب جنت میں جن کے جوش عمل اور پر خلوص خدمات نے دائرے کی حالت کو بہت بہتر بنادیا۔ انہی کی سعی سے یہ تاریخی مقام اپنی شایان شان عظمت کا حامل بنتا جارہا ہے۔ ان کو دائرے کے امور سے جو دلچسپی ہے اس کا ایک عملی ثبوت یہ "حیات میر مومن" ہے جو ان کی فرمایش اور اصرار کی وجہ سے مولف کی دوسری زیر ترتیب کتابوں میں سب سے پہلے منظر عام پر آرہی ہے۔

www.shiabookspdf.com

دسواں حصّہ

ضمیمے

اِس حصّے میں کتاب کے مختلف حصص سے متعلق وہ معلومات درج ہیں جو ان حصوں کی طباعت کے بعد مولف کے علم میں آئیں۔ آخر میں کتاب کے ماخذوں کی فہرست اور اشاریہ بھی شریک کردیا گیا ہے۔

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

کتاب رجعت

میر محمد مومن کی تصنیف و تالیف کے سلسلہ میں صفحہ ۱۹۸ پر لکھا گیا تھا کہ "کتاب رجعت کا کوئی نسخہ اب تک نظر سے نہ گذرا" لیکن نو ابواب چھپ جانے کے بعد اتفاق سے نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں ایک دوسری کتاب کے ساتھ اس کا قلمی نسخہ بھی نکل آیا جس کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ میر صاحب نے رجعتِ امام کے موضوع پر یہ کتاب تصنیف کی تھی۔ اس نسخہ میں ۶۰ ورق ہیں اور ہر ورق میں ۲۶ سطریں۔ یہ پوری کتاب عربی میں ہے اور اس کا آغاز اس طرح کیا گیا ہے :-

آغاز

الحمد علی نعمائہٖ۔ والشکر علے آلایہ۔ والصلوٰۃ والسلام علے نبیہ۔ محمد وآلہ۔ فقد سالنی بعض من لایسعنی ردّہ تالیف مختصر مشتمل علے مسائل الرجعۃ۔ فاستخرجت لہ من کتب المتقدمین من اصحاب المعول علیہا بعض الاخبار المنقولۃ عن اصحاب العصمۃ صلوات اللہ علیہم فی الرجعۃ فذکرت فی اولہ من احادیث باب التسلیم لہم و الردّ الیہم عما ورد عنہم صلوات اللہ علیہم کما قال اللہ تعالےٰ فی محکم کتابہٖ فما اشمأزت قلوبکم وانکرتموہ فردّوہ الی اللہ والے رسولہ والے اولے الامر منکم۔ وباللہ توفیق۔

موضوع و طرزِ ترتیب

پوری کتاب میں رجعت ائمہ سے متعلق آنحضرت کی مختلف حدیثیں پیش کی ہیں اور راویوں کے نام احتیاط سے درج کئے ہیں۔ اس طرح امام مہدی موعود علیہ السلام کی دوبارہ آمد کو بذریعہ احادیث ثابت کیا ہے۔ روایت نقل کرنے کی ایک مثال

www.shiabookspdf.com

یہ ہے :-

روی عن محمد بن الحسین ابی الخطاب عن صفوان بن یحییٰ عن داؤد بن فرقد عن زید الشحام عن ابی عبد اللہ علیہ السلام -

یہ کتاب مکہ معظمہ میں کسی صاحب نے اواخر محرم ۱۰۸۲ھ میں نقل کی تھی ۔ چنانچہ اس کے اختتام پر لکھا ہے :

خاتمہ کی عبارت

فرغ من تالیفہ مولفہ العبد الفقیر الی اللہ الغنی محمد مومن الحسینی الاسترآبادی فی آخر شہر رجب الاصم من شہور عام تسع وستین بعد الالف فی مکہ المشرفہ زادہا اللہ شرفاً وتعظیماً ۔ الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی محمد وآلہ اجمعین ۔ تمہ بالخیر والظفر ۔

اواخر محرام الحرام ۱۰۸۹ھ بعد الالف ۔

—— ۲ ——

میر صاحب کے دست گرفتہ اصحاب

اس کتاب کے دوسرے حصہ (صفحہ ۵۷) اور تیسرے حصہ (صفحہ ۷۲) اور چوتھے حصے (صفحہ ۱۳۳ تا ۱۴۶) میں ایسے صاحبان علم وفضل کا تذکرہ گذر چکا ہے جو میر صاحب کی سرپرستی اور امداد کی وجہ سے حیدرآباد کے دربار میں رسائی پا سکے اور جن میں بعضوں کا عروج تو محض میر صاحب کی نظر عنایت کا نتیجہ تھا ۔ ایسے ہی اصحاب میں سے چند یہ بھی ہیں :-

عشرتی یزدی

شرفاء سادات یزد سے تھے ۔ دکن کی شہرت سن کر عین عالم شباب میں یہاں چلے آئے اور چونکہ اعلیٰ درجہ کے خوش نویس ہونے کے علاوہ شاعر اور نیک کردار بھی تھے اس لئے میر محمد مومن نے سرپرستی کی چنانچہ عشرتی ایک عرصہ تک ان کے سایۂ عاطفت میں خوشحال

www.shiabookspdf.com

فارغ البال رہے۔ نستعلیق خط نہایت عمدہ لکھتے تھے۔ اور اپنی خوش کلامی کی وجہ سے مقبول و معروف تھے۔ میر صاحب کی وفات کے تین سال بعد غالباً ۱۰۳۷ھ میں وفات پائی[1] محبوب الزمن میں ان کے کلام کا نمونہ درج ہے۔

علی گل استر آبادی

بڑے عالم و فاضل تھے۔ انکا ذکر صفحہ ۲۸۰ پر بھی گذر چکا ہے۔ محبوب الزمن میں لکھا ہے:-

"آپ ایران سے میر مومن استر آبادی کی خدمت میں حیدر آباد دکن میں وارد ہوئے میر موصوف نے ہم وطنی کے لحاظ سے آپ کی بڑی عزت و آبرو کی۔ اور بادشاہی منصبداروں میں معزز عہدے پر ملازم کرایا[2]"

ادائی یزدی

میر مومن ادائی سادات یزد سے تھے۔ عالم و فاضل و ادیب کامل تھے۔ فلسفہ و معقول میں اتنی شہرت حاصل کی تھی کہ علمائے ظاہر نے الحاد و دہریت کا الزام لگایا۔ آخر کار تنگ ہو کر ادھیڑ عمر میں ہندوستان کا سفر کیا۔ چندے سورت میں مقیم رہے اور آخر کار حیدر آباد آئے اور اپنے ہم نام میر مومن استر آبادی کی تائید سے سلطان محمد قلی قطب شاہ کی بارگاہ میں منصب عمدہ پر فائز ہوئے۔ اور آخر عمر تک قطب شاہی دربار میں خوش و خرم رہے۔ ۱۰۳۰ھ میں میر صاحب سے چار سال قبل وفات پائی۔ نمونہ کلام محبوب الزمن میں درج ہے[3]۔

---

[1] محبوب الزمن صفحہ ۸۴۹ ۔ [2] محبوب الزمن صفحہ ۶۷۶ ۔

[3] محبوب الزمن صفحہ ۱۷۸ ۔

www.shiabookspdf.com

—(۳)—

میر مومن کی شخصیت

اس کتاب کے چوتھے حصے میں میر صاحب کی شخصیت اور ان کے اثر و اقتدار کے متعلق تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں حکیم مسیح کاشی کا یہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے۔ حکیم رکن الدین مسیح کاشان میں پیدا ہوئے وہ حکیم نظام الدین علی کے فرزند تھے۔

مسیح کاشی

فن طب کے علاوہ سخن سنجی میں بھی اپنی آپ نظیر سمجھے جاتے تھے۔ شاہ عباس ان کی بڑی تعظیم و توقیر کرتا تھا۔ چنانچہ چند مرتبہ ان کے مکان پر بھی قدم رنجہ فرمایا تھا۔

لیکن آخر کار حکیم ایک مناظرہ میں ناراض ہو کر ہندوستان چلے آئے۔ یہاں جہانگیر نے بڑی قدرومنزلت کی۔ دلی سے الہ آباد ہوتے ہوئے حیدرآباد کی سیر کے لئے آئے۔

حیدرآباد میں میر محمد مومن علما و فضلا کے بڑے مشتاق اور منتظر رہتے تھے وہ حکیم صاحب کی آمد کی خبر سنکر ان کی فرودگاہ پر آئے۔ مسیح نے رسم تواضع باشتباہ گلاب شیشۂ شراب میر مومن صاحب پر افشاں کیا۔ یہ بات میر صاحب کے زہد و تقویٰ کے منافی تھی۔ وہ خفا ہو کر اٹھ گئے۔

میر صاحب کی خفگی سے مسیح کاشانی اتنا ڈر گئے[۱] انھوں نے ایک ساعت بھی حیدرآباد میں قیام کرنا نامناسب خیال کیا اور فوراً بے نیل و مرام بیجاپور کی طرف روانہ ہو گئے۔

—۴—

قصبۂ مومن پیٹھ

اس کتاب کے تیسرے حصہ (صفحات ۶۳ تا ۱۰۶) میں میر صاحب کی جاگیر دل

۱؎ محبوب الزمن صفحہ ۱۰۰۸

www.shiabookspdf.com

اور دیہات کا تفصیلی حال درج ہے لیکن اس اثنا میں ایک اور بڑے گاؤں مومن پیٹھ کے معائنہ کا موقع ملا جو حیدرآباد سے تقریباً ۵ میل پر جانب مغرب واقع ہے۔ اس میں ایک مسجد کئی عاشورخانے اور ایک عیدگاہ قدیم زمانہ کی بنی ہوی ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ کہیں کوئی کتبہ موجود نہیں۔ میر صاحب کے ایک گاؤں میر پیٹھ (قریب ظل اللہ گوڑہ) کی طرح اس میں بھی ایک برج ہے جو دیکھ بھال کیلئے بنایا گیا تھا۔ یہ گاؤں اس پختہ سڑک پر واقع ہے جو سدا سیو پیٹھ سے وقار آباد کو جاتی ہے۔ وقار آباد سے اس کا فاصلہ تقریباً ۵ا میل ہے۔

مومن پیٹھ میں مسلمان بھی کثیر تعداد میں آباد ہیں۔ وہاں کے باشندوں سے تبادلہ خیال کرنے سے معلوم ہوا کہ قطب شاہی زمانہ میں مومن نامی کوئی بزرگ تھے جنھوں نے یہ گاؤں بسایا تھا۔ چونکہ اس گاؤں میں کپڑا بننے والے وہ مسلمان آباد نہیں ہیں جن کو مومن کہتے ہیں اس لئے ممکن ہے کہ یہ گاؤں میر مومن ہی کا بسایا ہوا ہو۔

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

اشاریہ

ابراہیم بیگ - ۲۷۹ -
ابراہیم پٹن - ۹۹ تا ۱۰۲، ۲۵۲، ۲۵۳ -
ابراہیم عادل شاہ نورس - ۱۱۳ -
ابراہیم قطب شاہ - ۲۴ تا ۲۶، ۳۵، ۳۶
ابن خاتون - ۳۴، ۳۷، ۴۲، ۵۹، ۷۴، ۱۲۸، ۱۳۰، ۱۳۷، ۱۳۹، ۱۵۵ تا ۱۵۷، ۱۷۲، ۱۷۶، ۱۷۷، ۲۴۹، ۲۵۰، ۲۵۴، ۲۸۵ -
ایّن صاحب - ۹۳، ۹۶ -
ابوالحسن بیجاپوری - ۲۸۴ -
ابوالحسن تاناشاہ - ۳۸، ۶۷، ۲۳۹، ۲۵۷، ۲۸۴، ۲۸۶ -

ابوطالب امیر - ۶۷ -
اَپّل - ۹۷، ۹۸، ۱۰۱، ۲۵۳ -
احمد بن محمد مفتی - ۲۵۵ -
احمد نگر - ۳۵، ۲۷۱، ۲۸۷ -
احوال حیدر آباد - ۸۴ -
اردو شہ پارے - ۳۸ -
اسمٰعیل بن عرب شیرازی - ۴۷ -
اسمٰعیل جرجانی - ۱۸۹ -
اسمٰعیل مرزا - ۲۳، ۱۱۷ -
آصف الدولہ - ۲۵۶ -
آصف جاہ اول - ۶۷ -
آصف جاہ ثانی - ۲۰۲، ۲۸۹ -
آصف جاہ ثالث - ۲۸۹ -
آصف خاں - ۱۴۴ -

اعتصام الملک - ۲۳۴، ۲۳۵، ۲۶۰، ۲۹۱ -
اعتماد راؤ - ۱۴۶ -
اعظم جاہ - ۱۰۲ -
اغزلو سلطان - ۵۹، ۶۲، ۱۱۸، ۱۲۷ -
افضل الدولہ - ۵۱ -
اکبر، جلال الدین - ۱۱۳ -
اکنّا - ۶۰ -
الفتی یزدی - ۲۸۶، ۲۸۷ -
المیا - ۱۴۳ -
الوال - ۲۳۳ -
امداد جنگ - ۲۹۱ -
امین الملک - ۴۰، ۵۷ -

www.shiabookspdf.com

ابن جنگ ۔ ۶۵ ۔

ابن خاں، سید ۔ ۲۵۷ ۔

اوحد شمس الدین سید ۔ ۱۹۸، ۱۹۹ ۔

اوحدی، شیخ معین الدین ۔ ۲۰۷ ۔

اورنگ زیب ۔ ۴۸، ۵۶، ۸۸، ۸۹، ۲۶۳، ۲۸۴، ۲۸۸ ۔

ب

بابا شرف الدین ۔ ۱۰۴ ۔

باغ محمد شاہی ۔ ۱۱۵ ۔

باقر خاں ۔ ۱۴۰، ۱۴۱ ۔

بیر علی بیگ ولد بشیر بیگ ۔ ۲۶۰ ۔

بدر الدین زنجانی ۔ ۱۸۹ ۔

بدیع الزماں خاں ۔ ۲۵۶ ۔

برکت علی نجیب ۔ ۲۶۳، ۲۶۵ ۔

برہان ماثر ۔ ۲۹، ۲۷، ۳۵، ۳۶، ۴۲ ۔

بلقیس زماں ۔ ۳۵ ۔

بنڈہ راوربال ۔ ۱۰۱ ۔

بہادر علی صفی ۔ ۲۹۱ ۔

بہاء الدین عاملی ۔ ۱۵۶ ۔

بہرام وگل اندام ۔ ۳۸ ۔

بھاگ متی ۔ ۴۵ ۔

بھونگیر ۔ ۹۷ ۔

بیجاپور ۔ ۴۴، ۱۴۴، ۲۵۰، ۲۷۱ ۔

بیدر ۔ ۲۷۱ ۔

پ

پداریڈی ۔ ۱۴۳ ۔

ت

تاریخ دربار آصف ۔ ۸۵ ۔

تاریخ طبری ۔ ۱۹۲ ۔

تاریخ ظفرہ ۔ ۴۷، ۴۸ ۔

تاریخ عالم آرائے عباسی ۔ ۲۰، ۴۲، ۵۸، ۵۹، ۶۳، ۱۷۶، ۲۲۵، ۲۳۰، ۲۳۲ ۔

تاریخ فرشتہ ۔ ۲۵، ۲۷، ۳۱، ۳۳، ۵۷، ۵۹، ۶۰، ۲۱۱ تا ۲۱۶ ۔

تاریخ قطب شاہی ۔ ۱۸، ۲۵، ۵۶ تا ۵۸، ۶۱، ۱۱۰، ۱۱۱ ۔

تاریخ گولکنڈہ ۔ ۵۶ ۔

تجلی علی، شاہ ۔ ۲۵۶، ۲۵۷، ۲۸۹ ۔

تذکرۂ علماء ۔ ۲۱، ۲۲ ۔

تزک آصفیہ ۔ ۲۵۷، ۲۸۹ ۔

تقی الدین محمد صالح ۔ ۴۷ ۔

تقی نفرشی ۔ ۲۴۹ ۔

تمیمی، ملا ۔ ۶۳، ۶۵، ۶۶، ۸۲ ۔

ج

جعفر علی خاں ۔ ۲۹۲ ۔

جمال الدین ابو منصور شیخ حسن بن شہید ثانی ۔ ۱۹۸، ۱۹۹ ۔

جمال الدین مطہر حلی ۔ ۱۸۹، ۱۹۱، ۱۹۵ ۔

www.shiabookspdf.com

جمشید قلی قطب شاہ ـ ۳۵، ۳۷ ـ
جوامع الادویہ ـ ۱۸۹، ۱۹۱، ۱۹۳ ـ

چ

چار منار ـ ۳۳، ۴۷، ۵۰، ۲۷۱ ـ
چچلم ـ ۲۷۷ ـ
چرلہ پلی ـ ۱۰۵، ۲۵۳ ـ
چمپا پیٹھ ـ ۸۷ ـ

ح

حاجی منصور ـ ۱۶۴، ۲۵۸ ـ
حافظ خاں ـ ۵۳ ـ
حالی ـ ۲۲۴ ـ
حدائق السلاطین ـ ۱۷ تا ۲۴، ۴۲،
۶۴، ۶۹، ۱۲۰،
۱۲۲، ۱۲۴، ۱۵۶، ۱۶۲ تا
۱۶۶، ۱۷۰، ۱۷۳، ۱۷۸،
۱۷۹، ۲۰۱، ۲۱۱، ۲۱۲،
۲۱۶، ۲۱۸، ۲۲۰، ۲۲۲،
۲۲۵، ۲۲۹ تا ۲۳۲،
۲۵۴ ـ
حدیقۃ السلاطین ـ ۱۷، ۱۸، ۳۶،
۷۲ تا ۸۱، ۱۱۰، ۱۱۱،
۱۱۵، ۱۲۸، ۱۳۲، ۱۳۴،
۱۳۵، ۱۳۷ تا ۱۴۵، ۱۵۶،
تا ۱۵۸، ۱۶۲، ۱۶۳،
۱۷۱، ۱۷۵ تا ۱۷۷، ۲۴۹،
۲۵۱، ۲۸۲، ۲۸۵ ـ
حدیقۃ العالم ـ ۱۸، ۳۵، ۵۶، ۷۲ تا
۷۴، ۸۷، ۱۲۷ تا ۱۲۹،
۱۷۵، ۲۱۱ تا ۲۱۴، ۲۸۹ ـ
حسن بیگ شیرازی ـ ۱۴۶ ـ
حسین ابن محمود شیرازی ـ ۷۰ تا ۸۱،
۹۳، ۹۵، ۱۳۵، ۱۷۴ ـ
حسین بیگ قبچاقی ـ ۱۷، ۱۱۸، ۱۱۹،
۱۲۱، ۱۲۳، ۱۲۶ تا ۱۲۸، ۱۳۳،
حکمت جنگ ـ ۲۹۱ ـ
حکیم شفائی ـ ۲۸۲ ـ
حمزہ استرآبادی، مرزا ـ ۱۳۸، ۱۲۹،
۱۴۸، ۱۶۱، ۲۴۹ تا ۲۵۱،
۲۵۴، ۲۵۶، ۲۸۱ ـ
حیات بخشی بیگم ـ ۵۹ تا ۶۲، ۶۵،
۸۴، ۱۰۹، ۱۱۳ ـ
حیات محمد قلی قطب شاہ ۳۶، ۴۳ تا ۴۸،
۵۸، ۵۹، ۶۱، ۱۴۶، ۱۴۷ ـ
حیات نگر ـ ۶۵، ۸۴ ـ
حیدرآباد ـ ۴۱ تا ۴۳، ۴۶، ۵۰، ۲
۵۷ تا ۶۵، ۷۲ تا ۷۴،
۸۴، ۸۶، ۸۸، ۸۹، ۹۷،
۹۸، ۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۶، ۱۱۳،
۱۱۴، ۱۱۸، ۱۱۹، ۱۲۱، ۱۲۶ تا
۱۲۹، ۲۳۳، ۲۳۵، ۲۴۶،
۲۵۰، ۲۵۳، ۲۷۰، ۶۰۱،

www.shiabookspdf.com

۲۷۲، ۲۷۷، ۲۸۰، ۲۸۲،
۲۸۳، ۲۸۵، ۲۸۷ تا ۲۹۰۔
حیدر علی - ۲۷۶، ۲۷۹۔
حیدر علی، میر - ۸۳، ۲۶۰، ۲۶۱۔
حیدر مرزا - ۲۲، ۲۳، ۱۱۷۔
حیدر نواز جنگ، پسر - ۲۸۴

خ

خان خاناں، حسام الملک - ۲۶۰، ۲۹۰۔
خان زماں بندۂ عالمگیر شاہ - ۶۸،
۲۵۸، ۲۸۶۔
خانم آغا - ۳۷۔
خدابندہ - ۳۲، ۶۰، ۶۱، ۱۱۳۔
خداویردی سلطان - ۱۴۴، ۲۵۰،
۲۸۲، ۲۸۳۔
خدیجہ بی بی - ۲۷۹، ۲۸۰۔
خدیجہ بیگم - ۶۷۔
خدیجہ خاتون - ۲۸۸۔
خدیجہ سلطان شہر بانو - ۲۵۰۔
خواجہ افضل - ۱۳۹ تا ۱۴۲، ۱۴۴۔
خواجہ محمد علی - ۲۷۹۔
خواندکار شاہ - ۲۸۵۔
خیرات خاں ۱۴۵۔
خیرالدین - ۵۲۔
خیرالنسا بیگم - ۶۷، ۸۵، ۹۹۔

د

دابل، بندر - ۱۱۸۔
داد محل - ۴۸، ۲۸۳۔
دارالشفا - ۳۳، ۵۲، ۵۳۔
داغ فصیح الملک، مرزا - ۲۶۴۔
دین ویال - ۱۰۲، ۱۰۴۔
دیورکنڈہ - ۲۷۷۔

ر

راجمندری - ۱۴۱، ۱۴۲، ۲۷۷۔
راوریال عرف مومن پور ۹۹ تا ۱۰۵،
۲۵۲، ۲۵۳۔
رحمان قلی بیگ - ۲۵۷۔
رسالہ مقداریہ - ۱۹، ۲۰، ۱۸۷،
۱۸۸، ۱۹۶، ۲۱۰۔
رفیع الدین - ۶۸، ۲۵۸۔
روائح گلشن قطب شاہی - ۲۸۶، ۲۸۷۔
روزبہان اصفہانی - ۱۴۶، ۲۵۰۔

ز

زبدۃ العروض - ۲۰۰، ۲۲۵۔
زین العابدین، شیخ - ۱۹۴۔
زین العابدین مازندرانی - ۱۱۹، ۱۲۰۔
زین العابدین، میر - ۲۸۴۔

س

سالار جنگ - ۱۹، ۴۹، ۹۳، ۹۵،
۱۴۸، ۱۵۴، ۱۷۹، ۱۹۶،
۱۹۷، ۲۰۲، ۲۸۹، ۲۹۵۔
سبحان قلی - ۳۵، ۳۷۔
سروراؤ - ۱۴۶۔

www.shiabookspdf.com

سکینہ بانو۔ ۲۵۵۔
سلطان احمد۔ ۲۷۶، ۲۷۹۔
سلطان نگر۔ ۶۵۔
سید آباد۔ ۶۳، ۶۵، ۶۹، ۷۰،
۸۱، ۸۴، ۹۰ تا ۹۴،
۹۷، ۱۸۳۔
سید ابراہیم۔ ۱۳۶۔
سید احمد۔ ۶۸، ۲۵۸۔
سید بادشاہ۔ ۲۴۶، ۲۶۲، ۲۶۴، ۲۶۵۔
سید تقی شاہ میر۔ ۳۵، ۳۶۔
سید جعفر۔ ۱۶۶، ۲۵۵، ۲۵۶۔
سید حسن۔ ۲۵۵، ۲۵۶۔
سید حسین۔ ۶۶، ۶۷، ۸۲، ۸۳، ۱۸۳۔
سید علی۔ ۱۳۶، ۲۷۹، ۲۸۰، ۲۸۶،
سید محمد۔ ۱۹، ۶۷، ۸۲، ۸۴،
۸۵، ۸۷، ۹۹، ۱۶۳،
۱۶۴، ۲۵۷، ۲۵۸، ۲۶۰۔
سید محمد مدارک۔ ۱۹۸، ۱۹۹۔
سید مظفر۔ ۲۸۴۔
سیف خاں۔ ۳۵، ۳۶۔
سیکاکول۔ ۱۷۱، ۲۷۷۔

ش

شاکر بیگ۔ ۶۷۔
شاہ بیگم۔ ۶۷، ۸۴، ۹۹۔
شاہ جہاں۔ ۱۴۴، ۲۸۲۔
شاہ چراغ۔ ۲۷۰، ۲۷۶، ۲۷۸۔
شاہ راجو۔ ۳۸۔
شاہ علی۔ ۵۳، ۲۶۶۔
شاہ قاضی۔ ۱۵۳، ۱۵۴، ۱۷۲۔
شاہ محمد۔ ۳۷، ۴۰، ۴۲، ۱۳۹،
۱۵۷، ۲۸۵۔
شاہ یار الملک۔ ۲۹۱۔
شجاع الملک۔ ۱۴۱، ۲۶۰۔
شرح شرائع ۱۴۹، ۱۹۵، ۱۹۶۔
شرح لمعہ۔ ۱۹۵، ۱۹۶۔
شرف الدین سماکی۔ ۲۰، ۲۱۔
شریف الملک ملا نقی۔ ۱۴۳، ۲۴۹۔
شفیق لچھمی نارائن۔ ۴۸۔
شکر اللہ گوڑہ۔ ۹۳، ۹۴، ۹۶۔
شکرستان۔ ۲۰۰۔
شمس الدین۔ ۹۴ تا ۹۶۔
شہربانو بیگم۔ ۲۵۰۔
شہسوار علی۔ ۲۴۰ تا ۲۴۲۔
شہید یار جنگ۔ ۲۹۱۔
شیخ ابو علی۔ ۱۸۹۔
شیخ شہید عاملی۔ ۱۸۹، ۱۹۶۔
شیر محمد خاں۔ ۱۴۱

ص

صادق علی، میر۔ ۲۹۲۔

www.shiabookspdf.com

صحاح جوہری - ۱۸۹ تا ۱۹۵ -
صدرالدین سید محمد محمود - ۶۸، ۲۵۸ -
صدیق علی - ۸۷ -

ط

طبعی - ۳۸ -
طہماسپ صفوی - ۱۲ تا ۲۳، ۱۱۷ -

ظ

ظل اللہ گوڑہ - ۸۶ تا ۸۹ -
ظہور علی، حکیم سید - ۲۹۱ -

ع

عاقل یار خاں - ۲۵۶ -
عباس صفوی - ۱۰، ۵۹، ۶۰، ۶۲،
۶۴، ۱۱۴، ۱۱۸،
۱۱۹، ۱۲۱، ۱۲۷،
۱۸۷، ۲۰۰ -
عباس علی - ۵۳، ۶۶، ۶۰، ۸۳،
۹۳، ۱۰۶، ۱۳۶،
۱۶۳، ۱۸۲، ۱۸۴، ۲۵۲،
۲۵۵، ۲۵۸، ۲۶۰، ۲۶۱،
۲۶۶، ۲۹۲ -
عبدالجبار خاں - ۱۷۴، ۱۷۵، ۱۷۷،
۲۲۴، ۲۶۰، ۲۶۹، ۲۷۲،
۲۸۷ -
عبدالرحمٰن شریف - ۸۷ -
عبدالرشید - ۷۴، ۸۸، ۹۰، ۱۰۰،
۱۰۲ -
عبداللطیف - ۶۸، ۲۵۸ -
عبداللہ قطب شاہ - ۱۹، ۲۴، ۳۴، ۳۷، ۳۹،
۴۰، ۴۲، ۶۳، ۶۹، ۷۴،
۷۹، ۸۱، ۸۵، ۸۷، ۹۰ تا ۱۰۰،
۱۲۹ تا ۱۳۵، ۱۳۷، ۱۳۹،
تا ۱۴۵، ۱۵۱ تا ۱۵۷،
۱۷۱، ۱۷۴، تا ۱۷۷، ۲۳۵،
۲۳۹، ۲۴۹، ۲۵۱، ۲۵۲،
۲۵۴، ۲۸۱ تا ۲۸۷ -
عبداللہ میر - ۲۰۰ -
عبدالمہیمن - ۲۰۰
عبدالولی عزلت - ۲۸۸، ۲۸۹ -
عثمان علیخاں آصف جاہ سابع - ۲۹۱ -
عرب شیرازی - ۱۵۴ -
عشرتی یزدی - ۲۹۶ -
عظیم حسینی - ۶۷ -
علی ابن طیفور - ۲۲، ۶۹، ۱۵۶، ۱۵۸،
۱۶۲، ۱۶۵، ۱۶۶، ۱۶۸،
۲۲۵، ۲۵۴ -
علی ابن عزیز اللہ - ۲۶، ۲۰۱، ۲۰۲ -
علی اصغر، سید - ۹۵، ۹۶، ۱۷۵،
۲۸۰ -
علی بیگ - ۶۸، ۲۵۸ -
علی گل - ۲۸۰ -
علی مرزا - ۱۳۰، ۱۳۱، ۱۳۳ -

www.shiabookspdf.com

علی نقی، سید۔ ۲۹۱۔

عماد السلطنۃ۔ ۲۹۰۔

عنایت جنگ۔ ۲۹۱۔

عنبر پیٹھ۔ ۹۷۔

غ

غالب۔ ۲۲۴۔

غلام حسین خاں۔ ۱۸۲، ۱۸۳، ۲۰۲، ۲۷۲۔

غلام علی آزاد۔ ۱۷۹۔

غواصی، ملا۔ ۶۶، ۲۸۴۔

غیاث الدین منصور۔ ۲۱۔

ف

فتح علی۔ ۲۵۹، ۲۶۱۔

فتحیاب جنگ۔ ۲۹۱۔

فتحی خاں۔ ۳۵۔

فخر الدین۔ ۲۱۔

فخر النساء۔ ۶۷، ۴۰، ۹۹۔

فرخ سیر۔ ۱۶۴۔

فرشتہ۔ ۲۰، ۲۵، ۳۲، ۳۹، ۴۵، ۵۹، ۶۰۔

فرہاد خاں۔ ۵۴۔

فصیح الدین محمد۔ ۱۴۲۔

فکری اصفہانی ۲۰۱، ۲۰۲۔

فیروز خاں۔ ۲۵۰۔

فیضی۔ ۵۴۔

ق

قاسم بیگ۔ ۱۴۶۔

قاسم علی بیگ۔ ۷۳، ۲۲۵۔

قاضی محمد سمنانی۔ ۵۶۔

قاموس فیروز آبادی۔ ۱۸۹ تا ۱۹۴۔

قانون رئیس الحکما۔ ۱۸۹، ۱۹۰۔

قائم روشن شاہ۔ ۲۵۷۔

قباد بیگ کوکبی۔ ۲۸۰۔

قدیر بیگ۔ ۸۶، ۹۴۔

قزلباش خاں۔ ۱۴۴۔

قصص العلماء۔ ۱۹۸۔

قطب الدین محمد۔ ۲۵۷۔

قطب الدین نعمت اللہ۔ ۶۰، ۱۳۵۔

قنبر علی۔ ۱۱۸، ۱۲۸۔

ک

کاظم علی۔ ۶۷، ۸۳۔

کالا چبوترہ۔ ۱۱۹۔

کامیاب جنگ۔ ۲۹۱۔

کتاب رجعت۔ ۱۹۷، ۱۹۸، ۲۹۵، ۲۹۶۔

کتاب کنز المیامن۔ ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۸۷۔

کتب خانہ آصفیہ۔ ۱۹۷، ۲۰۰۔

کرمن گھٹ۔ ۸۷، ۸۸۔

کیمکوٹ۔ ۱۴۰۔

کشن پرشاد۔ ۸۶، ۸۸، ۱۰۳۔

www.shiabookspdf.com

کلب علی۔ ۴۷۔
کلکتہ۔ ۲۸۹۔
کمال الدین حسینی۔ ۲۵۴۔
کمال الدین مصطفیٰ خاں۔ ۳۵، ۴۱۔
کمان سحر باطل۔ ۴۱۔
کنگرہ۔ ۱۰۱، ۱۰۳، ۲۵۳۔
کولاس۔ ۱۴۵۔
کوہ مولا علی۔ ۹۳، ۹۶، ۱۰۴، ۱۰۵۔
کیمیائے سعادت۔ ۱۴۸۔

گ

گلزار آصفی۔ ۲۰، ۴۸، ۵۱، ۵۶،
۱۷۳ تا ۱۷۵، ۱۸۳،
۲۳۴، ۲۳۵، ۲۳۹،
۲۴۲، ۲۴۴، ۲۴۵،
۲۷۰، ۲۷۳ تا ۲۷۷۔
گلشن راز۔ ۱۵۰۔
گولکنڈہ۔ ۴۲ تا ۴۷، ۵۲، ۳۵، ۴۰،

۴۳، ۴۸، ۵۰، ۱۱۸،
۱۲۰ تا ۱۲۲، ۱۴۳، ۱۵۰،
۲۷۱، ۲۸۴، ۲۸۵ تا
۲۸۸۔

م

ماثر دکن۔ ۳۷، ۴۸، ۹۵، ۹۷،
۱۶۵۔
مادنا دیوان۔ ۴۷، ۶۸، ۶۹،
۲۵۷۔
مامڑپلی۔ ۱۰۳ تا ۱۰۵، ۲۵۳،
ماہ لقا بائی۔ ۲۸۹۔
ماہنامہ۔ ۳۳، ۹۴، ۲۰۲،
۲۳۲ تا ۲۳۴، ۲۷۳۔
مجد الدین محمد۔ ۱۲۹، ۱۳۸، ۱۴۲،
۱۴۸، ۱۶۱، تا ۱۶۷،
۱۷۰، ۱۷۱، ۱۸۰، ۱۸۱،
۲۴۹، ۲۵۱، ۲۵۶،

۲۶۲، ۲۸۱۔
مجید صدیقی۔ ۸۷، ۹۳۔
مچھلی بندر۔ ۲۷۱۔
محبوب الزمن۔ ۲۰ تا ۲۲، ۲۴،
۲۷، ۱۵۹، ۱۶۱،
۱۷۴ تا ۱۸۰، ۱۹۷،
۲۱۶، ۲۲۴، ۲۳۰،
۲۶۹، ۲۷۲، ۲۷۴،
۲۷۵، ۲۷۷، ۲۷۸،
۲۸۲، ۲۸۷۔
محبوب علی خاں۔ ۵۱۔
محبوب یار جنگ۔ ۲۹۱۔
محل کوہ طور۔ ۵۰۔
محمد اردبیلی۔ ۲۸۱۔
محمد اصفہانی۔ ۴۷۔
محمد امین۔ ۳۴، ۵۵، ۵۶۔
محمد ابن شہرستانی۔ ۴۰، ۴۱،

www.shiabookspdf.com

۵۷ تا ۵۹، ۶۱، ۷۰،
۷۴ -
محمد انور - ۲۵۵ -
محمد باقر - ۶۷ -
محمد بن سلیمان - ۲۱، ۱۹۸ -
محمد نقی سید - ۱۰۲، ۱۰۴، ۲۹۲ -
محمد جعفر - ۶۹، ۹۹، ۲۵۱ تا ۲۵۶،
۲۶۱، ۲۸۵، ۲۸۶ -
محمد حسین - ۶۷، ۸۳، ۱۸۳،
۲۵۹ -
محمد حسین جعفری - ۷۰، ۲۹۲ -
محمد حسین فاضل - ۲۹۲ -
محمد ذاکر - ۲۵۶ -
محمد رضا استرآبادی - ۳۴، ۱۳۶ تا ۱۳۸، ۱۷۷،
۲۸۵، ۲۸۶
محمد رضا اصفہانی - ۲۸۱، ۲۸۲
محمد رضا معمائی - ۲۵۷، ۲۵۹، ۲۶۲ -
محمد رفیع - ۱۹۷، ۲۸۱ -
محمد شفیع - ۱۶۴، ۲۵۶، ۲۵۷،
۲۶۰ تا ۲۶۲ -
محمد صفی شیرازی - ۲۷۰، ۲۷۹ -
محمد طاہر - ۱۴۵ -
محمد عادل شاہ - ۲۵۰ -
محمد عزیز - ۲۵۶ -
محمد علی - ۶۷ -
محمد علی خاں شیر جنگ - ۲۹۱ -
محمد فاضل - ۲۵۵ -
محمد قادری - ۵۳ -
محمد قطب شاہ - ۱۹، ۳۴، ۴۲،
۴۵ تا ۵۷، ۶۰ تا ۶۵،
۶۷ تا ۸۱، ۸۷، ۹۸،
۱۰۱، ۱۰۷، ۱۰۹ تا ۱۱۹،
۱۲۱، ۱۲۳، ۱۲۹ تا ۱۳۴،
۱۳۷ تا ۱۳۹، ۱۴۲،
۱۴۴، ۱۴۶ تا ۱۴۸،
۱۵۰ تا ۱۵۸، ۱۶۳، ۱۷۰،
۱۷۵، ۱۷۷، ۱۸۸، ۱۹۰،
۱۹۶، ۱۹۷، ۲۰۱، ۲۰۳،
۲۰۶، ۲۰۹، ۲۱۰، ۲۳۵،
۲۴۹، ۲۷۵، ۲۸۱ -
محمد قلی قطب شاہ - ۱۷، ۲۴ تا ۲۹
۳۱ تا ۳۷، ۴۵ تا ۶۰،
۶۲، ۶۳، ۷۲، ۷۳، ۸۷،
۹۶، ۹۸، ۱۰۱، ۱۰۳،
۱۰۹، ۱۱۰، ۱۱۳ تا ۱۱۸،
۱۲۱، ۱۳۰، ۱۳۳، ۱۳۸،
۱۵۵، ۱۶۴، ۱۸۷، ۱۸۸،
۲۰۲، ۲۰۹، ۲۳۳، ۲۴۱،
۲۵۲، ۲۷۰، ۲۷۸ -
محمد کاظم - ۱۴۶، ۲۵۸ -

www.shiabookspdf.com

محمد مقیم ۔ ۲۵۶، ۲۶۲، ۲۶۵ ۔
محمد مہدی مازندرانی ۔ ۲۰۸ ۔
محمود گاواں ۔ ۴۱ ۔
محی الدین ۔ ۱۴۸ ۔
مختار الملک ۔ ۱۸۴، ۲۹۰، ۲۹۱ ۔
مہذب الاسماء ۔ ۱۸۹ ۔
مرتضیٰ نگر ۔ ۱۴۰ تا ۱۴۲، ۱۴۵،
۲۵۰، ۲۸۳ ۔
مرزا اسمٰعیل ۔ ۱۵۱، ۱۵۲ ۔
مرزا بیگ ۔ ۱۳۰، ۱۴۸، ۱۵۰،
۲۴۹ ۔
مرزا احسن ۔ ۱۶۵ ۔
مرزا شریف ۔ ۷۶، ۱۳۵، ۱۶۶،
مرزا محمد ۔ ۱۵۱، ۱۹۸ ۔
مرقع ادارۂ ادبیاتِ اردو ۔ ۱۹، ۲۰ ۔
مرہری پنڈت ۔ ۲۸۳ ۔
مشہد مقدس ۔ ۲۳۱، ۲۸۵ ۔
مصطفےٰ آباد ۔ ۲۵۲، ۲۵۳ ۔
مصطفےٰ خاں ۔ ۳۵، ۴۱ ۔
مصطفےٰ نگر ۔ ۱۴۱ ۔
مصلح الدین ۔ ۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۰،
۱۰۶ ۔
مظفر علی ۔ ۶۵، ۷۶، ۱۳۴، ۱۳۵،
۱۳۷، ۱۶۷، ۱۷۷ ۔
معانی حسین ۔ ۶۷ ۔
معز الدین ۔ ۵۳ ۔
معز الدین محمد ۔ ۱۴۵ ۔
معصوم خاں ۔ ۶۷ ۔
مقصود علی ۔ ۲۵۵ ۔
ملک آدم ۔ ۱۴۶ ۔
ملک الماس ۔ ۱۴۶ ۔
ملک عنبر ۔ ۱۴۶ ۔
ملک یوسف ۔ ۱۴۶ ۔
منصور خاں ۔ ۱۳۹ ۔
موسیٰ برج ۔ ۲۸۴ ۔
موسیٰ خاں ۔ ۲۸۴ ۔
موسیٰ ندی ۔ ۵۰ ۔
مومن پور ۔ ۲۵۲، ۲۵۳ ۔
مہدی خاں صفوی ۔ ۱۶۴، ۲۵۸ ۔
میبدک ۔ ۸۶ ۔
میر ابوتراب فطرت ۔ ۲۷۶، ۲۷۹،
۲۸۲ ۔
میر ابوطالب ۔ ۶۷ ۔
میر پیٹھ ۔ ۶۴، ۷۲، ۸۵ تا ۹۷،
۱۰۰، ۱۰۴، ۱۰۵، ۲۵۲،
۲۵۳ ۔
میر جعفر مازندرانی ۔ ۲۵۵ ۔
میر جملہ ۔ ۵۰، ۵۱ ۔
میر حسین ۔ ۵۲، ۵۳ ۔
میر دوراں ۔ ۲۹۰ ۔
میر شاہ میر ۔ ۳۵، ۳۶ ۔

www.shiabookspdf.com

میر عالم۔ ۲۴۰ تا ۲۴۲، ۲۸۹، ۲۹۰۔

میر عبداللہ۔ ۵۲، ۵۳۔

میر علی۔ ۲۵۹۔

میر قاسم۔ ۱۴۶۔

میر محمد حسین۔ ۲۵۹۔

میر مظفر۔ ۲۳۵۔

میر مومن رضوی۔ ۲۰۰۔

میر مومن عرشی۔ ۲۰۰۔

میر مومن شیرازی۔ ۱۵۴۔

میر میراں۔ ۲۸۳، ۲۸۴۔

میر ہاشم۔ ۲۵۵۔

میر یزدی۔ ۱۴۶۔

ن

نارائن راؤ۔ ۱۴۶۔

نارکٹ پلی۔ ۱۰۶۔

ناصر الدین حسینی۔ ۲۸۶۔

نبی باغ۔ ۱۱۵۔

نجف اشرف۔ ۲۳۱، ۲۷۷۔

نرہری پنڈت۔ ۲۸۳۔

نظام الدین احمد۔ ۴، ۷، ۹، ۱۲۸، ۱۳۲، ۱۴۲، ۱۵۷، ۱۶۳، ۱۷۶۔

نظام علی خاں۔ ۲۰۲، ۲۸۹۔

نعمت اللہ۔ ۶۸، ۲۵۸۔

نعمت خان عالی۔ ۲۰۲، ۲۰۸۔

نلدرگ۔ ۲۶۔

نلگنڈہ۔ ۲۷۷۔

نورالدین موسوی۔ ۲۱، ۲۲، ۱۹۷ تا ۱۹۹۔

نورالہدیٰ۔ ۱۷۱، ۲۷۸، ۲۸۴۔

و

وجہی۔ ۴۴، ۶۶۔

ویٹوجی۔ ۱۴۴۔

ھ

ہدایت اللہ۔ ۶۸، ۲۵۸۔

ہرمز۔ ۱۱۰۔

ہمت یار جنگ۔ ۲۴۲۔

ی

ید بیضا۔ ۲۳، ۲۴، ۱۷۹، ۲۱۹۔

ینگناکنٹہ۔ ۹۴۔

یوسف بن اتیون۔ ۶۸، ۲۵۸۔

یوسف علی خاں، سید۔ ۶۷۔

یوسف صاحب۔ ۵۶۔

یولچی بیگ۔ ۱۴۲ تا ۱۴۵، ۱۶۳، ۱۶۴، ۲۵۸، ۲۸۳۔

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com

www.shiabookspdf.com